یہ رسالہ مسمی بہ

مجربات اکبری

جسکو

حکیم سید محمد اکبر صاحب نے بکمال محنت فن طب مین

تالیف و ترتیب فرما کر ہر مرض کے نسخے مجرب و آزمودہ لکھے

ترجمہ اوسکا

بزبان اردو عام فہم حسب الایماے جناب منشی نول کشور صاحب جناب حکیم

واحد علی صاحب ہانی نے فرما کر حق ترجمہ جناب منشی صاحب موصوف کو عنایت کیا

اب واسطے نفع عام کے

مطبع منشی نول کشور مقام لکھنؤ مین طبع ہوا

سنہ ۱۸۶۷ع

فہرست مجربات اکبری

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ترجمہ مجربات اکبری کا

سب تعریف ثابت ہی واسطے خداوند حکیم کی ایسا حکیم کہ ہدایت کی اوسنی ہمکو طرف راہ مستقیم
کی اور درود نامحدود نازل ہوجیو اوپر رسول کریم کی کہ جنکی وصف مین اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیم
نازل ہی یعنی تحقیق کہ تو پیدا کیا گیا اوپر اخلاق بزرگ کی اور اوپر آل عظام اور اصحاب کرام کی
کہ مخصوص ہین ساتہہ لطف عام کی اب بعد تعریف خدا کی کمتر بندونکا محمد اکبر بیٹا حاجی
میر محمد مقیم کا عرض رکہتا ہی کہ چند ترکیبین جو صاحبان تجربہ سی سنکر صفحہ کاغذ پر لکہی تہین
وہ سب پراگندہ پڑی تہین بسبب بی ترتیبی کی بروقت ضرورت نکالنا کسی مطلب کا باعث
رنج ومحنت ہوتا تہا اسواسطی یہ دل مین آیا کہ ہر ایک ترکیب کو جو ساتہہ ہر ایک مرض کی مخصوص
ہی ایک جگہ منتظم کیجیی تا بلا محنت بروقت حاجت مفید مطلب ہو ساتہہ مدد اللہ مہربان کی کہ دنیا
مین بجز ذات اُسکی کوئی دوسرا موجود نہین اور یہ مختصر شامل ہی اوپر ایک مقدمہ اور کئی بابون
اور فصلون کی مقدمہ فائدونکی ذکر مین **فائدہ** ترکیب کہانی ہلیلہ مین یعنی ہڑ کی سات تہہ

رعایت فصلون سال کی جیسا کہ جیٹھہ اور اساڑہ کی مہینی مین ساتہ مویز منقی کی کہاوی آور ساون
آور بہادون کی مہینی مین ساتہ نمک سنگ یعنی لاہوری نمک کی آور کنوار اور کاتگ کی مہینے
مین ساتہ مصری کی آور اگھن اور پوس کی مہینی مین ساتہ سونٹھہ کی آور ماگھہ آور پہاگن کے
مہینی مین ساتہ پیپل کی آور چیت آور بیساکہ کی مہینی مین ساتہ شہد کی لیکن مصری اور سونٹھہ اور
منقی اور شہد کو ہموزن ہڑ کی لینا چاہیی اور نمک بقدر مزہ کی اور پیپل تین عدد ساتہ ہلیلہ
کی کافی ہی جو شخص ساتہ ترکیب مذکورہ کے ہلیلہ یعنی ہڑ کو کہاوی نفع بہت پاوی اور فائدہ
عظیم اوٹہاوی لیکن ہمیشہ نہ کہانا چاہیی اسواسطی کہ ہلیلہ معدہ اور کبد کو ضعیف کرتا ہی خصوص
بیچ بخار کی ہلیلہ زردہی پرہیز لازم ہی کہ اُس سی خوف اسہال کبدی کا ہی **فائدہ** ساون کے
مہینون کے ناموں مین زبان فارسی و عربی و ہندی مین حمل عربی فروردین پارسی بیگہ بیساکہ
ہندی ثور عربی اردی بہشت پارسی برکہہ جیٹھہ ہندی **جوزا** عربی خورداد پارسی مہن اساڑہ
ہندی **سرطان** عربی تیر فارسی کرک ساون ہندی **اسد** عربی مرداد فارسی سنگہ بہادون
ہندی **سنبلہ** عربی شہریور فارسی کنیا آسن و آسوج و کنوار ہندی **میزان** عربی مہر فارسی تلا
کاتگ ہندی **عقرب** عربی آبان فارسی برچیک اگھن ہندی **قوس** عربی آذر فارسی
دہن پوس ہندی **جدی** عربی دی فارسی مکر ماگھہ ہندی **دلو** عربی بہمن فارسی کنبہہ پہاگن
ہندی **حوت** عربی اسفندارمذ فارسی مین چیت ہندی **فائدہ فلزات** یعنی دہات
کی مارنے اور صاف کرنیکی بیان مین طریقہ صاف کرنیکا یہ ہے کہ اول روغن تل کا لیوین
اور گرم کرین کسی دہات کو پگہلا کر یا گرم کر کی درمیان روغن مذکور کی ڈالین پہر اُس
دہات کو نکالکر بطریق مذکور تین مرتبہ تیل مین بجہاوی پہر اسیطرح تین مرتبہ دہی مین سرد
کرے پہر اُس گای کی پیشاب مین کہ جسنی بچہ نہ جنا ہو تین مرتبہ سرد کری پہر کانجی کی پانی مین
تین مرتبہ سرد کری پہر پانی مین کلتہی جوش کی ہوئی تین مرتبہ سرد کری اور چاہیی کہ جس برتن
مین پانی بہرا ہوا اسکو آگ پر رکہین لیکن جو چیز کہ پگہلنی والی ہو مانند رانگہ یا سیسہ کی چاہیے کہ

اسکو پگہلا دین اور جو برتن کہ آگ پر چڑہاتے ہین اسپر ایک مٹی کی چینی ڈہانک کی درمیان مین
ایک سوراخ کر دیوین بعد اسکے رانگہ یا سیسہ پگہلی ہوی کو سوراخ کی راہ سی برتن مین چہوڑ دیوین
اور فائدہ اس ترکیب سی یہ ہی کہ بروقت ڈالنی دہات کی پانی مین اچہلنی نپاوی کہ بدن کے
جلجانی کا خوف ہی ورنہ کچہ احتیاج ڈہانکنی برتن کی نتہی غرض دہات کو پانی مین سرد کرنا ہے
جسطور سی ہو سکی لیکن جو چیز کہ پگہلنی والی نہو مثل تانبا اور فولاد اور مانند اسکی چاہیی کہ تانبا یا فولاد
خالص لیکر باریک ورق یعنی پتر تیار کرین پہر اسکو بطریق مذکورہ آگ مین گرم کر کی تین تین مرتبہ
ہر ایک پانی مین بجہاوین اور طریقہ دہات مارنی کا یہ ہی کہ پہلی دہات کو خوب صاف کرین جیسا کہ
اوپر مذکور ہوا بعد اسکی درمیان ہینگ یا املی کی پتی یا دودہی کہ بوٹی مشہور ہی اس دہات کو رکہین
جیسا کہ مشہور ہی بعد اسکی ٹاٹ مین لپیٹ کی اندر گڈہی کی کہ مقدار تین گز کی مربع ہو رکہین اور
اوپر نیچی اوسکی جنگلی اُپلی رکہکر چار پہر تک آگ دیوین جسوقت کہ سرد ہو راکہہ آہستہ آہستہ ہٹا کر رانگہ کو
کہیل ہوگیا ہو نکال لین اور سب دہاتونکو موافق اس ترکیب کی مارین طریقہ پارہ کی مارنی کا
اول دو تولہ پارہ لیکر تین چار مرتبہ کپڑی مین رکہکر نچوڑین اور صاف کرین بعد اوسکی مٹی کی برتن
مین ساتہ عرق تلسی کی انگلی سی ملاوین یہانتک کہ پارہ دانہ دانہ ہو جاوی بعد اسکی چمگادڑ نر کہ
بڑ باگل مشہور ہی اُسکو لا کر کمر مین کچا تاگا کہ عورت نابالغ نی کاتا ہو باندہین اور سات مرتبہ اس افسونکو
اوپر پارہ کی پڑہکر چمگادڑ کی حلق مین ڈالین افسون یہ ہی اُونی مُونی چہونی باندہون پون
پانی دہرتی آسمان باندہون جنگل اور پانی بحر باندہون راکس بہوکس کرت سورج باندہون داہنے
نرسنگ بائین ہنونت دہائی راجا رام چندر کی جو ہنونت کا باندہا چہوٹی تو مورا باندہا چہوٹے
بعد اسکی منہ چمگادڑ کا مضبوط سیوین تاکہ پارہ باہر نہ نکلی بعد اسکی چمگادڑ کو گل حکمت کرین یعنی
اسپر چکنی مٹی چڑہاوین پہر اسکو آفتاب مین خشک کرین جسوقت کہ خشک ہو جاوی ایک مٹی کے
برتن مین رکہکی سر پوش کر کی کنارونکو مٹی سی بند کر دین اور ایک گز مربع گڈہی مین ساتہ
جنگلی اُپلونکی جلاوین یہان تک کہ ہڈیان چمگادڑ کی خاک ہو جاوین اور یہ بات عرصہ پانچ روز یا

ایک ہفتہ مین ہوگی اگر آگ گل ہو جاوی تو اور اپلی سلگاوین تاکہ تمام گوشت و پوست و ہڈیان
جلکر خاک ہو جاوین بعدہ برتن سے نکالکر مٹی دور کرکے پارہ کی خاک کو احتیاط سی کہین تانبے
کو چرخ دیکر تہوڑا خاک مذکور سے اوپر اسکی ڈالین سونا ہو جائیگا اور اگر اوپر رانگہ کی ڈالین شاید
کہ کوئی چیز بن جاوی فائدہ بیچ بیان صاف کرنی گندہک کی پہلی مٹی کی برتن مین گائیکا دودہ
ڈالین اور اوسکی منہ پر کپڑا باندہین اور اوپر اوس کپڑی کی گندہک رکہکر گرد اگرد اسکی آٹے
یا مٹی سے بقدر دو انگل کی اونچی دیوار اٹہاوین اور اوس دیوار پر لوہی کا توا رکہین اوسی
اوپر کو اپلی سلگاوین ایک ساعت تک تاتمام گندہک کپڑی سی چہنکر دودہ مین ٹپکی بعدہ گندہک
کو دودہ سی نکالکر کام مین لاوین اور طبیبون نی کہاہی کہ گندہک کو بدون صاف کئی ہوئے
کام مین نہ لانا چاہیے فائدہ ترکیب شنگرف کی کہ بہونک تین گنا لاتی ہی معمولی بہوک سے
اور قوت باہ کو بہت مفید ہی شنگرف قسم اول کہ منتہی ناک مشہور ہی ایک ڈلی دو تولہ کی لیوین
اور بسکہپرہ سفید کہ بوٹی گہاس کی قسم سی ہی پاو سیر لیکر باریک کرین اور زمین قند کو کوٹ کے
عرق نکالین سفوف بسکہپرہ کو اس عرق مین سانین شنگرف کو درمیان رکہکی غلولہ باندہین اور
ایک موٹا کپڑا غلولہ پر صاف پیٹہین اور ہر طرف سی سیدیوین اور روغن معصفر یعنی بروہنکا تیل
کہ ہندی مین کوکہتی ہین وزنی تین سیر لاکر اسکو تانبی کی برتن مین رکہکی غلولہ کو اسمین ڈال
دیوین بعدہ سرپوش کرکی ماش کی آٹی سی مضبوط بند کرین اور ایک پتہر اوپر سرپوش کی رکہین
بعد اسکی نیچی آگ جلاوین اسطرح سے کہ آگ زیادہ نہ بہڑکی یعنی دو تین لکڑیون سی آنچ کری ایک پہر
تک بعد اسکی آنچ تیز کرین تین پہر تک اور دہوان اوسکا باہر نہ نکلنی پاوی ایک شور بڑا دیگ سے
نکلی گا اوس سی نہ ڈرین بعد چار پہر کی اتار لیوین تمام روغن گاڑہا ہو جایگا ڈلی شنگرف کی
علیحدہ کرکی مقدار ایک چاول کی ہمراہ پان کی چباکر کہاوین بہوک زیادہ ہوگی قبض دفع ہوگا
بنجوف ہی قوت باہ بہت ہوگی کم زور کو موٹا اور زوردار کرتا ہی اور دو ہفتہ کہاوین ایک سال
تک اثر اسکا باقی رہتا ہی اور روغن گاڑہا مانند چوہ کی ہوتا ہی وہ بہی واسطے بہوک اور امراض

کہنہ کے مجرب ہی یعنی تہوڑا ساتہ پان کی کہاوی مفید ہی فائدہ شنگرف سی پارہ نکالنی کی
بیان مین اول شنگرف کو ساتہ عرق لیموکی چار پہر گہسین پس اگر شنگرف تہوڑا ہی تو گولی باندہ
کی درمیان شیشہ کپڑ روٹی کیی ہوئی کی رکہکر مثل جوہ کانسہ آب مین ٹپکاوین اور اگر شنگرف بہت ہو
تو باریک پیس کی مثل نان باریک تیار کر کی درمیان گہڑی مٹی کی کہ بہت بڑا ہو رکہکر منہ اوسکا
ساتہ مٹی اور گوبر کی ملاکر لیپ کر دیوین اوپر اوس گہڑی کی ایک ہنڈیا مٹی کی الٹی لگا دیوین
یعنی اوندہا دیوین اس طرحسی کہ منہ ہر دو ظرف کا آپس مین ملجاوی اور مٹی اور چونہ سی گرد اوسکی
خوب بند کر دیوین بعدہ سات مرتبہ کپڑ روٹی گرد منہ ہر دو برتن کی بعد ایک دوسری کی لگا کر
خشک کرین پہر چولہہ پر چڑہا کر نیچی اوسکی چار پہر آتش کرین جیسا کہ واسطی کہانا پکانی کی آنچ کرتی
ہین اور ہی کپڑا چند تہ پانی سی تر کر کی گرد مٹی کی اور ہانڈی کی لپیٹین اور پانی سی تر رکہین کہ
سوکہنی نپاوی اور نفع اسکا یہ ہی کہ پارہ اوڑ نجاوی بعد چار پہر کی مٹکا اوتار کر سرد کرین پہر
مٹکی کا کہولین جو کچہ پارہ کہ اوپر مٹکی کی چپٹ گیا ہوگا وہ سب چہوڑا کر جمع کرین اور جو کچہ نیچے
ظرف کی رہگیا ہو اسکو بہی جمع کرین اور کام مین لاوین فائدہ طلق یعنی ابرک سی پارہ
نکالنی کی بیان مین اول ایک برتن مٹی کا چہوٹا پانی سی بہرین اور اوس برتن کو درمیان
ایک بڑی گڑہی کی رکہین اور اوس چہوٹی برتن کی منہ پر کپڑا باندہین اوپر کیٹری کی برگ کو نیچہ
بچہاوین اور ابرک رکہکر پہر برگ مذکور رکہین کہ ابرک درمیان مین ہوی پہر اوس دیگ کو چولہہ
پر چڑہا کر نیچی اوسکی آگ جلاوین تمام پارہ پانی بہری ہوی برتن مین ٹپک جاویگا فائدہ مہرا
یعنی حریرہ یا لپٹی بنانی کی بیان مین چنانچہ معمول اطبای ہند کا ہی واسطی نرم کرنی اور پکانی
ورم کی نہایت فائدہ دیتا ہی چاول چہہ تولہ کوٹین جیسا کہ فرنی بناتی ہین ایک سیر دہی مین
ڈالکر پکاوین مثل کہیر کی ہو جاوی اگر بجای چاول کی آٹا جو کا ڈالین وہی عمل کرے گا
فائدہ ست توبان نکالنی کی بیان مین توبان بقدر ضرورت لیکر جو کوب کرین اور ایک مٹی
کی برتن مین ڈالکر تہ مین برابر بچہاوین اس ترکیب سی کہ ہر ایک ٹکڑا اوسکا ساتہ دوسری کے

ملا رہی پہر اوس برتن کی منہ کو ساتہ سرپوش مٹی کی بند کرین اور اطراف اوسکی ساتہ آٹے
یا مٹی کی خوب بمضبوط بند کرین بعدہ چولہہ پر رکہکی نیچے اوسکی چراغ جلاوین اسطرح کہ پاو بہر تیل
چراغ مین سماوی اور بتی ایسی بناوین کہ پاو بہر تمام رات مین جل جاوی باقی نرہی اس چراغ کو
نیچے دیگچی کی اسطرح رکہین کہ درمیان بتی اور دیگچی کی فاصلہ ڈہائی انگشت کا رہی تمام شب
رکہا رہے صبح کو سرپوش کہولین تمام جوہر اسکا چڑہ کر اطراف دیگچہ اور سرپوش کی چمٹ
رہیگا اوسکو چہوڑا کر کام مین لاوین واسطی سستی اور بند کرنی پسینہ کی مثل آب حیات ہے
بمقدار رتی ماشہ ہمراہ پانی کی استعمال کری بشرطیکہ دن جاڑی کی ہون اور مزاج سرد ہو اور
اوپر ہاتہ پیر کی بہی ملین جو شخص کہ گرم مزاج ہو اسکو کہانا نہ چاہیے فقط ملنا کافی ہی طریقہ
دوسرا یہ ہی کہ بطریق معمول کی لبان دیگ مین رکہکر اوپر اوسکی تہالی کانسی کی رکہین اور
اطراف ماش کی آٹی سی بند کرین درمیان تہالی کی پانی بہردین نیچے اوسکی نرم آگ جلادین
ایک پہر تک پہر جو کچہ کہ مانند چوہ کی نیچے تہالی کی چمٹی اسکو عمل مین لاوین مجرب ہی اور واسطی
سستی قضیب کی ملنا اور کہانا بہی مفید ہی **فائدہ پلاس پاپڑہ کا روغن نکالنی کے**
بیان مین کہ واسطی علاج نامردونکی مفید ہی پلاس پاپڑہ جسقدر ہو پانی مین ایکساعت تر رکہین
پہر پوست اوسکا جدا کر کی مغز کو خشک کرین ایک برتن مٹی کا لیکر درمیان اوسکی برمہ سے
سوراخ کرین نیچے اوسکی ایک ہانڈی چہوٹی سوراخ کی مقابل مین رکہین مثل تہال خستر کی پہر وہ
مغز دیگ مین ڈالین سرپوش کر کی چارونطرف اوسکی بند کرین تین مرتبہ اور ہر مرتبہ خشک
کرتی جاوین بعدہ ایک گڈہا مربع نیم گز کا زمین مین کہودین درمیان اوسکی ایک چہوٹا گڈہا
اور کرین اس چہوٹی گڈہی مین ایک چہوٹا برتن رکہدین اور بڑی گڈہی مین بڑا برتن کہ جس مین
دوا ہی رکہدین سوراخ نیچے کا مقابل مین چہوٹی برتن کی رہی بعدہ گرد برتن کی جنگلی اپلے
بہردین کہ تمام گڈہا بہر جاوی پہر آگ دیوین جسوقت کہ سرد ہو دواکو احتیاط سی نکالین اسطرح سے
کہ راکہ چہوٹی برتن مین کہ جسمین روغن جمع ہی گرنی نپاوی اسکو اوپر قضیب کی ملین حشفہ چہوڑ کے

یعنی الت کا سر چھوڑ کی ترکیب مارنی تانبی کی کہ مثل کاغذ کی سفید ہو پہلی جہاں درخت انگول
کی خشک کرین اور بہی جڑ موٹی اوسکی زمین سے نکالین اور درمیان اسکی کہول کرین تہوڑی سی
چھال خشک کر کی پیس کے اوس خول مین بہرین اوپر اوسکی تانبی کا تیر رکہین پہر اسپر چھال خشک
مذکور بہرین اور سبکو ساتہ گل حکمت کی لپٹین اور ساتہ آگ میگنی بکری کی مثل گج پٹ کی دیوین
یعنی گز بہر کی مربع مین جنگلی اپلی بہر کر آنچ دیجاوی تا تانبا کہیل ہوجاوی بعدہ اوس تانبی کو باہر
نکالکر نگاہ رکہین واسطی ہر مرض کی ساتہ دوائون بہتر کی جو مناسب ہی دینا چاہیی اور جاننا چاہیے
کہ انگول ایک بڑا درخت ہی دو قسم پر ہوتا ہی ایک کا نہتا انگول یعنی خاردار مقصود اسی درخت
سی ہی دوسرا بی کانٹی یہ کسی کام نہین آتا پہلی جاننا چاہیے کہ تانبی کو خوب صاف کری جسطرح تانبی کا
صاف کرنا مشہور ہی اور بہتر صاف کرنا تانبی کا یہ ہی کہ تانبی کو مثل قلعی کی صاف کری تین تیز
مرتبہ دہی اور تیل مین سرد کری اسواسطی کہ تانبا جلد نہین پگہلتا ہی اگر تہوڑا سنکہیا پارہ مین
ملا دیوین تو جلد گلجاتا ہی **فائدہ** پارہ قائم کرنی کی طریقہ مین پہلی روغن سر ہپوکہ اور پارہ
ہموزن لین دونو کو اکساعت آپسمین ملا کر مٹی کی گہریہ مین رکہکر بعد اسکی ایک گہریہ لوہی کی
لیوین اور اوسکو نمک سانبہر سی بہر کر درمیان اس نمک کی وہ گہریہ گلی رکہین پہر سرپوش لوہی کا
اوپر ظرف لوہی مذکور کی رکہین اور چاہیی کہ نمکم سرپوش کا بہی نمک سانبہر سی بہرین یعنی نیچی اوپر
اوس گہریہ کی کہ جو گہریہ لوہی مین ہی نمک پر ہوئی پس چہ پہر آتش دیپک یعنی ایک بتی کی کرین
تیار کر کی اپنی کام مین لاوین **طریقہ** نکالنا روغن سر ہپوکہ کا پہلی درخت مذکور کی پتی اور جڑ لیکر
اندر شیشہ کی رکہین اور اوس شیشہ پر خوب لیپ مٹی کا دیوین اور بطور ڈول ختبر روغن اوسکا لیوین
طریقہ جلانا دندان فیل کا یعنی ہاتہی دانت کا پہلی ہاتہی دانت کو سوہن سی برادہ کر کی مٹی کے
برتن مین رکہکی اوسپر تین مرتبہ گل حکمت کرین بعدہ ایک گڈہا گول بقدر ایک گز کی گہرا کہود کر
اوس برتن کو رکہکر جنگلی اپلون سی بہر کر آتش دیوین چنانچہ مشہور ہی **ترکیب** بنانی شمس یعنی
سونا بنانی کی شنگرف یکتولہ کہ ایک ڈلی ہو ہرتال طبقی یکتولہ پس یکماشہ ادسی ہرتال سی لیکر

پیسکر ڈلی شنگرف پر لیپ کرین اور دہوپ مین رکہین تا خشک ہووی پہر ایک انڈا کڑکنات سے یعنے
سیاہ مرغی کا تہوڑا انڈیکا سر ایکطرف سی توڑ کر سپیدی اوس سی دور کر کی زردی باقی رکہہ کے
وہ ڈلی شنگرف کی معہ ہرتال انڈیکی اندر کر دیوین اور کسی چیز سی ہلا دیوین کہ زردی ڈلی مین لپٹجاوے
اور دوسرا انڈا خالی کر کی مانند ڈہکنی یعنی سرپوش کی اوپر اوس انڈیکی پہنا دیوین کہ انڈیکو چہپا لیوے
اور وہ انڈا بہی اگر مرغی کڑکنات کا ہو تو بہتر ہی اور اس انڈی کی بہی زردی نکالکے پہلی اس انڈی مین
کہ ڈلی رکہی ہی ڈال دیوین اور بقدر چوڑائی اور لنبائی بیضہ کی کپڑا چکنی مٹی سی لت کر کے انڈی پر
لگا کر خشک کرین اسطرح تین لیپ کپڑی کی کرین اور خشک کرین پہر تین عدد جنگلی اپلی لا کر چہوٹے
چہوٹی ٹکڑی کر کی وہ انڈا کپڑ وٹی کیا ہوا بیچ کنڈونکی جگہہ محفوظ مین رکہکر آگ دیوین اور بعد چار گہڑی
کی باہر لا دین پہر شنگرف کی ڈلی نکالکر ایک ماشہ ہرتال عرق لیمو مین پیسکر ڈلی مذکور پر لیپ کرین
خشک کر کی بدستور آگ دیوین اسیطرح پہر بارہ ماشہ ہرتال بارہ مرتبہ مین خرچ ہووی بعد اسکی بردن
لیپ کرنی ہرتال کی شنگرف کی ڈلی کو انڈی مین رکہکر بطریق مذکور ایک سو ایک دفعہ آگ دیوین
جسوقت اپلے تمام ہوجاوین ایک رتی اس مین سی لیکر چاندی خرچ دی ہوئی پر چہوڑین سونا ہوجاویگا
اور اپنی دل مین یاد رکہین کہ وقت آگ دینی کی بدبو جلنی زردی بیضہ کی مانند بدبو کباب کی باہر
آتی ہی جب تک کہ وہ بدبو دور نہو جاوی تب تک بیضہ کو آگ سی باہر نہ لاوین اور چاہیی کہ انڈیکو
اپلو نمین اسطرح سے رکہین کہ انڈا اوپر زمین کی ہو اور انڈی کی نیچی کنڈا نرکہین اسواسطی کہ شنگرف
بہاری ہوتا ہی نیچی تہ مین بیٹہ جاتا ہی اگر نیچی بیضہ کی آگ ہوگی تو نہی خوف ہی کہ شنگرف جل جاویگا
حاصل کلام کا یہ ہی کہ نیچی بیضہ کی آگ نہو تو بہتر ہی اور چار و نطرف اور اوپر آگ ہونا چاہیی اونہین
تین عدد کنڈونسی طریقہ کہانی پارہ کا کہ شکم مین قائم رہی اور نفع دیوی پس پارہ جسقدر کہانا
منظور ہو لیکر کاغذ یا برگ پان پر رکہین اور یہ منتر تین بار پڑہین اور اوپر اوسکی پہونکین اور ہر بار اول
اور آخر درود شریف ملا دین پہر اوسکو کہا جاوین قبل پارہ کہانی کی چاول پکا کی دہی ملا کر کہالیوین
ہمراہ گہی یا بدون گہی کی اور ساتہ اوسکی پارہ کہاوین جسطرح کہ مذکور ہوا اور بعد پارہ کہانیکی تہوڑی دیر تک

منہ

منہ بند رکھین اور بات نکرین اسواسطے کہ پارہ منہ سے نکل نہ پڑے ساٹہ دوز تک اسیطرح
کہاوین نفع ظاہر ہوگا جب تک کہ جی چاہے استعمال کرین پہلے آدہے تولہ سے شروع
کرین جب کہ موافق مزاج کے ہوجاوے آہستہ آہستہ زیادہ کرین لیکن ایام جاڑے مین
کہانا چاہیے نہ گرمیون مین اور جس شخص کے مزاج مین سردی اور تری زیادہ ہوگی اوسکو
بہت نفع ہوگا بخلاف گرم مزاج کے کہ اوسکو نقصان ہوگا اور جوان آدمی کو کہانا نچاہیے
پس جاننا چاہیے کہ پارہ تین سوز تک پیٹ مین رہتا ہے بعد اسکے پاخانہ کی راہ سے نکل جاتا
اور چاہیے کہ پارہ قسم اول سے ہو اور پارہ کہانے کے وقت گہی اور مسکہ بہت استعمال کرے
اسواسطے کہ پارہ کسیطرحکا نقصان نکرے اور کہٹائی اور بادی کی چیزون سے پرہیز رکہے
منتر مذکور یہ ہے اُتم پارا توڑا جتی سانول پربت پہاڑ سے پیون پارا جہرے نہ پڑے
نہ گرے نہ پہوٹے اللہ محمد رسول اللہ آدم صفی اللہ رچا کرے جہان رکہے تہان رہے
بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ فائدہ طریقہ نکالنا نمک مولی سے اور چرچرے سے اور قسم
کی گہاس سے جسقدر کہ منظور ہو مولی اور چرچرہ تازہ لاوین اور خشک کرین اور جلاکر خاک
اوسکی لین ایک کپڑا اگاڑہا چار کونے اوسکے لکڑیو مین باندہ کے لٹکادین جیسا کہ مشہور ہے
پہر خاک مذکور اسمین ڈالین تہوڑا تہوڑا پانی اوسپر ٹپکاوین نیچے اوسکے ایک برتن رکہین جو
پانی ٹپکے اوس برتن مین جمع آوے جبکہ تمام پانی ٹپک آوے اسکو قلعی دار تانبے کے
برتن مین جوش کرین یہان تک کہ پانی سب جلجاوے اور نمک بندہکر رہ جاوے اسنے
کام مین لاوین اسیطرح جس چیز کا چاہین کہار نکال لین اور جو کہار کہ جس مرض کو مفید ہو
نام اوسکا ساتہ بیان اوس مرض کے لکہا جائیگا اور اگر پانی ٹپکے ہوے کو پہر کپڑے پر چہوڑ
اور ٹپکاوین تو چاہیے کہ کسی لوٹے مین بہر کر ٹونٹی سے نہ بہت قریب سے نہ بہت دور سے
چہوڑین یکبارگی نہ چہوڑنا چاہیے شمس یعنی سونا بنانیکی ترکیب چہال درخت ارجن کی خاک
اور خاک بانسہ سرخ کے برابر لیوین تہوڑا اوس سے ساتہ مغز گہیکوار کے چار پہر کہرل کرین پہر اور

تختی سیپی کے کہ چیلے سے پتلے بنائے ہوئے ہین طلا کرین دونو طرف اور تختیونکو تہ بر تہ رکھکر مٹی کے
برتن مین رکہین ایک رکابی مٹی سے اوسکو چہپا دین اور گل حکمت کرکے خشک کرین آنچ
دیوین جبکہ سرد ہو باہر لاوین پہر دونو خاک مذکور بیچ مغز گہیکوار چار پہر کہرل کرین اوس تختہ پر طلا کر
اور مٹی کے برتن مین رکہکے بطریق مذکور آنچ دین لیکن آنچ لگ پٹ کی ہو پہر اسی طرح پر
آنچ دیوین اور آنچ لگ پٹ اوسے کہتے ہین ایک بانس لنبا اور ایک بانس چوڑا اور ایک
بانس گہرا زمین کو کہود کر آنچ دیوین اور آنچ کج پٹ وہ ہے کہ ایک گز کا لنبا اور ایک گز کا
چوڑا اور ایک گز کا گہرا گڈہا کہود کر آنچ دیجاوے اور بیچ آنچ لگ پٹ کے تختی سیپ مذکور کی
سالم رہتی ہے اور بعد اوسکے ریزہ ریزہ ہوتی جاتی ہے اور گہٹنے لگتی ہے پس چاہیے کہ جو
ریزہ علحدہ ہو جاوے اوسکو بہی آنچ دینے مین ملا لیا کرین دستور چاندی کی گہریہ بنانے کا
دو تولہ پارہ ایک تولہ دودہ درخت برگد کا بعد اسکے پارہ کو گہریہ مین رکہکر اوپر دودہ مذکور کی ڈالین
نیچے اوس گہریہ کی چراغ چار بتیونکا جلاوین ساتہ تیل تل کی دو پہر تک اور چاہیے کہ گہریہ اوپر تپائی لوہے
کی ہو اور چراغ اسطرح رکہین کہ لو بتی کی نیچے گہریہ کی ہو درمیان مین فاصلہ تین انگل کا چاہیے
یہ قمر ہی یعنی چاندی ہی طریقہ مارنی طلق یعنی ابرک کا ڈیڑہ تولہ ابرک لیکر ٹاٹ کی تہیلی مین
باندہکر اسقدر ملین کہ مثل لعاب منہہ کی ہو جاوی اور ڈیڑہ تولہ قند سیاہ اور ڈیڑہ تولہ شورہ قلمی
اس مین ملا کر اسمین حل کرین اگر ضرورت جانین چند قطرہ پانی کی بہی ڈالین پہر اُن تمام کو
چار حصہ کرین چار عدد جنگلی اُپلی لیکر ہر ایک کی درمیان مین بقدر ضرورت کہود دین اُن چار حصہ
دوا کو چار عدد کنڈون مین رکہین اوپر ایک دوسرا کنڈا صاف کر کی مثل سرپوش کی بند کرین
پہر بقدر ایک ہاتہ کے گہرا گڈہا کہود دین اور اوس گڈہی مین جنگلی اُپلی بہرین جسقدر کہ سماوین
اور درمیان اُن اُپلون کی وہ چار عدد اُپلی بنائی ہوئی چارون حصہ دوا کی رکہین اور آگ دیوین
چار پہر تک جسوقت سرد ہوی باہر نکالین اور ڈیڑہ تولہ قند اور شورہ ساتہ ابرک کی ملاکر بطریق مذکور
آگ دیوین اسیطرح تین چار مرتبہ آگ دیوین اور ہر مرتبہ قند اور شورہ نیا ملاتی جاوین بعد اسکے

ابرک سفید ہوجاویگی نکالکر اپنی کام مین لاوین انداز کہانیکا دو رتی واسطی ہر مرض کی ساتہ دوائیون
مناسب کی کہلاوین **طریقہ** تجلی کرنی پارہ اور گندہک کا دونو یعنی ظرف لوہی کی بقدر ضرورت لیکر
مین ہروز کہرل کرین بدون ملانی اور چیز کی سیاہ رنگ ہوجاویگی مثل کاجل کی صورت پارہ کی معلوم
ہوگی اسکو تجلی کہتی ہین **فائدہ** ترکیب بنانی نورہ کی یعنی وہ دوا کہ جس سی بال گرجاوین اور جلد
سخت نہو اور اکثر یہ دوا عورتون کی کام آتی ہی چونا کہ جس مین پانی نہ پڑا ہو چار دام یعنی چہہ تولہ
ہرتال ڈیڑہ تولہ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ مثل سرمہ کی پیسین پہ ایک برتن مین چونہ کو رکہین اوپر
اوسکی پانی ڈالین کہ جوش آوی جبکہ سرد ہونی لگی یعنی شیر گرم ہو ہرتال پسا ہوا اوسمین ملادین اور
ساتہ لکڑی کی خوب حل کرین اور جس جگہ کی بال دور کرنا منظور ہو لیپ کرین بعد لیپ کی دقت پا کرین
اور ناخون سی حرکت کرین اسواسطی کہ بال اپنی جگہ سی اوکہڑتا ہی یا نہین اگر بال اوکہڑنی لگے
تو فی الفور گرم پانی سی دہو ڈالین اور اوپر اوسکی تل کا تیل ملین اور جاننا چاہیی کہ اگر اوس دوا مین
کپور کچری نیم دام یعنی نو ماشہ کافور چینیہ تین ماشہ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد باہم ملاوین تو نورہ کو خوب خوشبودار
کریگا اور چہپا نہ ہی کہ نورہ جسوقت بناوین اوسیوقت کام مین لاوین اسواسطی کہ دیر تک رکہی رہنی سے
جوہر ہرتال اور چونیکا اوڑجاتا ہی اور وہ دوا بیکار ہوجاتی ہی **فائدہ** بہتر کرنا بچہناگ کا دودہ گاے کو
جوش کرین اس مین بچہناگ کو لٹکادین جسوقت دودہ خوب جوش کری ہلاوین کہ زہر دودہ مین
آجاوی **طریقہ** اصلاح یعنی سودہنا جمال گوٹہ کا مغز جمال گوٹہ باریک کپڑی مین باندہکی ٹہری مٹی
کی برتن مین گوبر گائیکا کہ پانی مین گہولکر اوس مین رکہا ہو تاگا باندہکی اوسکو لٹکادین نیچی اوس کے
آگ جلادین دوپہر آنچ کرین پہر اوسکو نکالکر پانی سی دہوکر دوا میں ملاوین **فائدہ عرق گندہک**
کی بیان مین کہ گرم ہی بہوک زیادہ کرتا ہی بائی توڑتا ہی اگر ساتہ گلاب کی کہاوین بلغم کو
دفع کری اگر ہمراہ عرق بیدمشک کی پیوین زیادتی صفرا کی کم کری اور معدہ کو قوت دیوی اور پٹہ
کو مضبوط کری اگر بہ او سفید داغ کی اور داد کی ملین دور کری اگر لونگ یا دارچینی یا جایپہل کو بیچ اس
عرق کی تر کرکی خشک کرکی کہاوین قوت باہ اور ہاضمہ بہت ہوی اور تمام مرض بلغم و خون و فالج

وتشنج و درد معدہ و لقوہ کو فائدہ دیوی یہ خواص کتاب حکیم صالح ہروی سی لکھی گئی اگر تھوڑا
واسطی درد دانتونکی لگاوین فوراً درد جاتا رہی لیکن یہ ضروری کہ جو دانت اچھی ہین اُسپر اُس دوا
کا اثر نہ پہونچی کہ خوف ٹوٹ جانیکا ہی اور اس عرق گندھک کا ملنا واسطی کھجلی کی ہمراہ تیل یا روغن
تیل کی مفید ہی **فائدہ** پانی ناک مین کھینچنے کا صبح کو آہستہ آہستہ ناک مین پانی کھینچے لیکن زیادہ
بائیس تولہ سی نہو جس روز کہ بارش اور ہوا ہو موقوف رکھے نفع یہ ہی کہ مرض خشکی و گرمی دماغ
کی دور ہوجاوین اور گرم مزاج کو وقت سیری شکم کی کھینچنا نہین چاہیے نہار منہ چاہیی واسطے
برابری کرنے سردی پانیکی ساتھ گرمی معدہ کی بلغمی مزاج کو حکم نزلہ کا رکھتا ہی اور سرد دنون مین
کھینچنا اچھا نہین اگر ضرورت ہو پانی نیم گرم کر کے کھینچین اندھیرا آنکھہ مین جو صفرا اور خشکی سے
ہوتا ہی دور ہوجاتا ہی زکام گرم کو بھی نفع ہی اور بعضون سی سُنا ہی کہ بھونک بھی بڑہاتا ہے
اور بھولنا معدہ کا دور ہوجاتا ہی **فائدہ** پارہ سرتی کھانا چاہیی کہ ستائیسوین ہر مہینی کو دو رتی
سی چار رتی تک تالو پر بال مونڈ کی ملین اور بلغمی مزاجکو ساتھ لعاب کنوچہ کی اور صفراوی مزاج کو
ساتھ لعاب اسبغول کی ملین اور کہتی ہین کہ خوشی لاتا ہی اور جوانی قائم رہتی ہی میری نزدیک جلایا
ہوا پارہ لیشر غش کہ سرسام بلغمی ہی و نسیان و زکام بلغمی کو مفید ہی **زندہ کرنا سونا مارے**
ہوئیکا ایک تولہ سونی ماری ہوئی کو گھریہ مین رکھکی ایک رتی سیسہ ڈالکر آنچ تیز کرین **زندہ کرنا**
جستہ ماری ہوی اور سوا اوسکی چھوٹا ماء الحیات کہ گھی اور سہاگہ اور شہد ہی اسقدر خاک جست پر ڈالین
کہ وہ چھپ جاوی غلولہ کر کی لوہی کی چمچی مین رکھکی آگ پر پگھلاوین زندہ ہوجاویگا **زندہ کرنا**
قلعی ماری ہوئیکا خاک قلعی کی لوہی کی چمچی مین رکھکی تھوڑا تیل تل یا سرسونکا تھوڑا نوسادر ڈالکی
آگ پر رکھین زندہ ہوی **بنانا گھریہ بنانیکا** مٹی کمہار کی گھر کی آدہ سیر گوگل ڈیڑھ تولہ گڑ دو
تولہ نمک سانبھر سوا دو تولہ پرانی روئی یا کپڑا تھوڑا سا گوبر گائیکا تھوڑا سا **بنانا گھریہ لوہا پگھلانیکا**
کمہار کی گھر کی مٹی پرانی اینٹ نمک سانبھر آدمی کی سر کی بال اور بال بکری کی اور بان اور
پرانی روئی یا کپڑا دہان کی بھوسی کچی اور بھونی گھریہ موسونکی کمہار کی گھر کی مٹی اور

ہٹی اور بان پُرانی چارپائی کی غنیمی سی کترکے اور بال بکری کی روئی پرانی طریقہ افیون
چہوڑانیکا جابہیل ایک حصہ کوبل درخت رنڈ دو حصہ باہم پیسکے گولیان بناوین اوسقدر کہ
جسقدر کہ افیون کہاتا ہو وقت کہانی افیون کی اس گولی کو کہلا دیوین طریقہ دوسرا اسفید گنیر
کی جڑ ساڑہی دس ماشہ مانند صندل کے گہسین اور بابچی گہسی ہوئی اگیس ماشہ اسپند جلانیکا
ساڑہی تین تولہ کندر کے پتی سات تولہ اور میتہی چودہ تولہ کوٹ پیس کے ساڑہی تین ماشہ کی گولی
بناوین جو کوئی ساڑہے دس ماشہ افیون کہاتا ہو ساڑہی دس ماشہ اس گولی سی کہلاوین طریقہ
صاف کرنی افیون کا کہ کہانی مین نقصان نکری افیون بہتر گرم پانی مین جلد ملجاوی ایک سیر
اور گای کا دودہ چار سیر دودہ گایکا گرم کرکے افیون اس مین ملا کی کپڑی سی چہان کی قوام
کرین جبکہ قوام پر پہنچے گائیکا گہی یا روغن بادام پاؤ سیر گرم کرکی قوام مین ملادین کہ سب روغن
جذب ہوجاے بعد اوسکی زعفران ڈیرہ تولہ عود قماری تین تولہ داخل کرکی خوب ملاوین اور
بقدر گہنگچی سرخ کی گولی باندہی اور اگر بجای عود کی عنبر اشہب ملاوین تو بہتر ہی اور بعضی افیون
کو ادرک مین بناتی ہین سوم مرتبہ افیون کو ادرک کی پانی مین پیس کی بارہ روز تک رکہین پہر ٹکیہ
باندہ کی مٹی کی برتن مین رکہکی سرپوش بند کرکی اتوار کی دن نیچی زمین کی دفن کری دوسرے
اتوار کو نکالکی اپنے کام مین لاوین بہت مفید مطلب ہی طریقہ سفید کرنی بہنگ کا کہ سبزی
اوسکی سفید ہوجای بہنگ سبز کو برتن سوراخ دار مین ڈالکر نیچی اوسکی گندہک کی دہونی دیوین اور
ہاتہ سے ہلاتے جاوین کہ سب بہنگ کی پتی مین بخار لگی کہ بہنگ مثل سفید شکر کی ہوگی طریقہ
دوسرا بہنگ سبز دو سیر شاہی لوبان دو ماشہ بچ سفید یکماشہ صندل سفید پسا ہوا دو ماشہ سبکو
ایک ہی مین پیسکی ملاوین بہنگ سفید ہوجاوگی طریقہ کہانی بہنگ کا تہوڑا تہوڑا کہاوی آہستہ
آہستہ زیادہ کرے یہان تک کہ مدت بہت مین ازروی عادت کی اوس مقدار کو پہنچے کہ بغیر عادت
اگر اوس مقدار کو کہاوی تو باعث ہلاکی جان و نقصان کا ہوی مگر اوس کہانی والی کو کچہ نقصان
نہین کرتی اور فائدہ بخشتی ہی بہتر اس مین یہ ہی کہ پہلے ہر ایک زہر کو بالکل مار ڈالین بعد کہانے

کی عادت کرین دوسری مرتبہ کم کم مارین اور عادت کرین یہان تک کہ بدون ماری ہوی کہانا
شروع کرین عمر کو دراز کرتا ہی اور سب امراض دور کرتا ہی اور قوت باہ لاتا ہی مگر اسکے ہمراہ گہی
زیادہ کہانا چاہیے طریقہ کہانی ہرتال کا اگر ہمیشہ کہاوی تو دو برس مین قولنج مدت کا اور عرق
انزال اور دُبلا ہونا اور کم کہانا اور بدہضمی اور سستی کو دور کرے اور بدن کو موٹا کری طریقہ کہانیکا
یہ ہی کہ بقدر ایک مسور یا ایک ماش کی شروع کری دو ہفتہ تک اسیقدر صبح کو کہاوین بعد اسکے
ہر ہفتہ مین بقدر ایک مسور بڑہاوین یہان تک کہ مدت دو سال مین ڈیرہ تولہ تک پونہچے اس سے
زیادہ نکہاوی اور ہرتال زرد حجری ہو نہ ورقی یعنی طبقی نہو واسطے کہانیکے خاص ہی بعضون نے
واسطے احتیاط کی زنگی ہڑ کو کہ مصلح اوسکی ہی برابر اوسکی یعنی ہرتال کی پیس کی کہانی ہین اور ایک
ہی برابر سے شروع کرتی ہین دو برس مین سات ماشہ تک بڑہاتی ہین اوسیقدر پر ٹہہر جاتی ہین
اگر آخر کو زنگی ہڑ کم کرتی جاوین آہستہ آہستہ یہان تک کہ ہرتال خالص کہانی لگین نفع اوسکا
بہت ہوگا اور وقت کہانی کی دودہ اور غذائین بری نکہاوین مٹہائی کہاوین طریقہ
کہانی سنکہیا کا آہستہ آہستہ بمقدار ایک ماش کی وانی کی شروع کرین یا کم اوس سے اور مدت
سال مین دو ماشہ تک کہائین پرہیز اوسکا مثل پرہیز ہرتال ہی اور نفع اوسکا بہی مثل اوسکی ہے

باب امراض سر کی بیان مین فصل پیچ صداع یعنے دردسری اگر

مادی ہی پاک کرین اگر بدون مادہ ہی تعدیل کرین وہ دوا کہ درد نیم سر کو مفید ہی اطریفل کشنیز
ایک تولہ ایارج فیقرا تین ماشہ باہم ملاکر وقت خواب نوش کرین دیگر دودہ گای کا ایک سیر
پانی دو سیر چہوہارا چار عدد خوب جوش کرین کہ پانی جل جاوی وقت جوش کی کفگیر سی ملا جاتی درد
سر کو دفع کری نوش کرین شقیقہ کہ وقت گرمی آفتاب کی زیادہ ہوتا ہی دور ہوگا وہ طلا
کہ درد سر کہنہ کو دور کرے سونٹہ دارچینی مجکن کی پہول چہال جڑ ارنڈ کی افیون زعفران برنج
ساٹھی کچلہ سب برابر لیوین وباریک کرین کچلہ کو پانی مین گہسین پہر سر پر طلا کرین اور خشک
ہونی نہ دیوین طلا دوسرا املی پانی مین پیسکر پیشانی پر طلا کرین درد سر گیا ناکہ عرصہ سے

لاحق ہوجاتا رہے وہ تیل کہ جو اس باب مین مفید ہی پرما کہ صندل سفید پہل کنول گتہ ملٹھی
ہرایک ساڑہی تین ماشہ شیرہ آنولہ کا ایک سیر تیل تلی کا ساڑہی چار تولہ دوا کوٹ پیس کے
شیرہ اور تیل مین جوش کرین جبکہ روغن باقی رہے اگر تازہ آنولہ ہو عرق اوسکا کوٹ کر
لیوین اگر خشک ہو جوش دیکر پانی اوسکا لین اور تیل سر پر ملین مجرب ہی وہ دوا کہ دردسر
کو دور کرے ادرک یا سونٹھہ اور شہد تھوڑی پانی مین شیرہ نکال کی تین قطرہ ناک مین ٹپکا دین یا
اور منہ طرف سورج کی کر کی بیٹھی دوا دوسری شقیقہ یعنی ادہ سیسی کو مفید ہی سمندر پہل پانی
مین پیسکی دو قطرہ صبح کو ناک مین ٹپکا دین اور مریض اسکو ناک مین انتہا تک کہینچے اگر درد دہنی
طرف ہو بائین سوراخ مین ٹپکا دین اور اگر درد بائین طرف ہو داہنی سوراخ مین یکبار دو تین قطرہ
ٹپکا دین کفایت کرتا ہی دوا دوسری گہوسلا چڑیونکا پانی مین پیس کی سر پر طلا کرین
دو تین قطرہ ناک مین ٹپکا دین دوا دوسری سونٹھہ جرا رند صندل سفید تینونکو پانی مین پیسکے
سر پر طلا کرین دوا دوسری آدہی سیسی کو باندہ دیوی تپی مدار کی قدری تیل بہی چرب
کرکے کچہ گرم کرکے ہاتہ سے ملین دو تین قطرہ دونو سوراخ نال مین ٹپکا دین چھینک بہت
آوینگی درد شقیقہ دفع ہو جائیگا اگرچہ پرانا ہو دوا دوسری اسبند تیل تلی مین بہونکے
اوس تیل کو سر پر ملین اور دہوپ مین بیٹھین یا اسبند گیارہ ماشہ لیکر آدہ سیر تلی کی تیل مین
ڈالکی خوب ملا دین بعدہ تیل کو کام مین لیجا دین دوا دوسری زعفران سینڈی ہر دو تھوڑی
لیکر پیسکر ناس دیوین آدہی سیسی جاتی رہیگی اگر بہت مدت کی ہوگی سعوط یعنی ناک مین دوا کا
پانی کہینچنا کہ دماغ کو پاک کری پانی ناک سی بہت نکالی چنبیلی کی پہول تین عدد تیل مین ملکے
ناک مین ٹپکا دین وہ دوا کہ نزلہ کو موقوف رکھی تنبا کو قسم سورنی یا بغدادی یا فرنگی سادہ
تین ماشہ زعفران ایکماشہ لونگ سات عدد پیسکی مہین کپڑی مین چہان کی ناک مین کہینچیں
سونگھنی کی دوا کہ پانی بہت نکالی ویرقان کو فائدہ دیوی سنبدالی کو سونگہین وہ دوا
کہ ایک لحظہ مین زکام کو شگفتہ کرے اور پانی کو سوکھی نوسادر و چونا باہم ملا کی سونگہین یک

ایک ساعت کی بعد وہ دوا کہ خشکی اور گندی دماغ کو دور کری تازگی دل و قوت باصرہ کو نفع
دیوی ٹکیہ آدہی الائچی بری دو دانہ الائچی چہوٹی دو دانہ زعفران مرچ سیاہ چوتہائی گہاس گرد دار
مشہور ہی باریک پیسین دونو سوراخ ناک مین دو تین قطرہ ٹپکاوین پہلی نکلنی سورج کی تین روز عمل مین
لاوین وہ دوا کہ دماغ کو قوت بخشتی ہی اگر گوشت مرغ کا پکا کر ہمیشہ کہاوی دماغ و دلکو قوت
زیادہ کرتا ہی و عقل بہی زیادہ ہوتی ہی اور کہانا گوشت تیتر کا قوت دماغ زیادہ کرتا ہی کہانا
زعفران کا قوت دل و دماغ کو دیتا ہی اندازہ اسکی کہانیکا یونی دو ماشہ سی ساڑہی تین ماشہ
تک ہے سونگہنا امرود کا قوت دل و دماغ گرم کو دیتا ہی بالچہر ساڑہی تین ماشہ ہر روز ساتہ پانی سرد
کی کہاوی قوت دماغ سرد کو دیتا ہی لونگ مقوی دماغ سرد ہی اگر سماق ساتہ پانی سرد کی صبح
کو کہاوین قوت دماغ ہوتی ہی سونگہنا پہول گلاب تازہ کا قوت دینی والا دماغ سرد کا ہے
سونگہنا اور پینا مشک کا قوت دماغ زیادہ کرتا ہی بقدر ایک قیراط یعنی ایک جو کی سونگہنا
چنبیلی کا قوت دینی والا دماغ سرد کا ہوتا ہی اور ریاح غلیظ جو دماغ مین ہوتی ہی بجا دیتا ہی دوا
دوسری مغز سر بکری سیاہ کا بارہ روز گہی مین بہون کی ساتہ شکر سفید کی کہاوین اور مغز اسکو
سر پر ملین جو دماغ کہ خالی ہوگا اپنی اصل پر آجاویگا **فصل** سر مین زخم و آبلہ ہونیکی بیان مین
اسکو سعفہ کہتی ہین دوا اسکی کو پل ازندکوٹ کی نمک ملا کی سر پر ملین اور ضماد کرین اور نقل یعنی
بیج میتہہ مُہ جای اوس دوا کا کہ جس مین برگ جیت و برگ نیب پڑا ہو سر پر لگانا مفید ہی مرچ
تیل مین جلا کی پیس کی زخم سر اور داد سر پر لگاوین بہت مفید ہی اور واسطی مرض مذکور کی مفید
ہی کمیلہ پتی مہدیکی مردار سنگ مازو پوست انار ہلدی ہر ایک ساڑہی دس دس ماشہ کوٹ کر
کی موم سفید ڈیڑہ تولہ کو بیچ چہہ تولہ گل روغن کی اور چہہ تولہ سرکہ مین ملا کر آگ مین پگہلاوین اور
دوا کو ملا کر مرہم بناوین اور ملین عارضہ دفع ہوجاویگا **دوسری دوا** پنواڑ کی بیج جسقدر منظور ہو
لیکر بتہ گہیکوار کو اندر سی خالی کر کی بیج پنواڑ کی اوس مین بہرین برابر کر کی اوپر اسکی کپڑا دوہرا
پانی مین تر کر کی لپیٹین اور تین روز بیچ جگہ سرد کی رکہین بعد اسکی بیج نکال کی ساتہ دہی کی

ملاکی سر پر ملین تین چار گھڑی توقف کرین بعد اسکی گرم پانی سی دھووین ایک روز مین دو مرتبہ یہ عمل کرین عنایت خدا سی دو تین روز مین سب مرض سر کی دور ہوجاوینگی فائدہ چھلکا انار کا دھنیا خشک مردار سنگ ہلدی ہر جلا کی سب مہین پیسکی اوپر زخم کی چھڑکین دوا دوسری گھوڑی کی سم جلا کی تلی کی تیل مین ملا کی ملین تیل تلی کا سا تیل سرسون کی کہ پہلی سی اوس تیل مین اچار انبہ کا رکھا ہوا ور سر کی ملین اگر کسی دوا سی اچھا نہوا ہو اس سی صحت ہوجائیگی دوا دوسری کچلہ ملاس یا پڑہ زیرہ سفید تینونکو تیل مین جلاوین پتھر سی پیسین کہ مثل مرہم ہووی کام مین لاوین سر کی زخم کیواسطی بہت مجرب ہی دیگر رائی آدھی بھنی ہوئی آدھی کچی باریک پیسکی تل کی تیل مین ملا کی ایکدن مین دو تین مرتبہ اوپر زخم سر کی ملین **فصل صرع** یعنی مرگی و ام الصبیان مین کہ ایک قسم مرگی کی ہی دل گھوس کو لیکر سات ٹکڑی کرین ہر ٹکڑا اتوار کو بھونکر کھاوین سات اتوار و تک سات ٹکڑی کھاوین صرع پرانی دور ہوجاویگی گھوس جانور مشہور ہی چوہے بڑی بدن پر اوسکے بہت بال ہوتی ہین **دیگر** گوشت گلہری کا تھوڑا سا بھونکر کھلاوین مرگی دور ہوجاتی ہی **دیگر** ملاس یا پڑہ تھوڑا پیس کی ناکمین ٹپکا دین صاحب مرگی ہوش مین آجاویگا **دیگر** جدوار یعنی نربسی دو رتی یا چار رتی موافق سن و سال کی ماکی دودہ مین پیس کی دیوین لڑکی مرگی والیکو صاحب اختیارات نی خود دیکھا ہی کہ ایک لڑکیکو چودہ رات دن ام الصبیان لاحق رہی ایکساعت خالی اس سی نہین رہا دوا مذکور سی صحت ہوئی **دیگر** شاخ مونگی کی آگ مین سرخ کرکی درمیان دونو بھؤون کی داغ دیوین مجرب ہی اس سی کوئی علاج بہتر نہین ہی **دیگر** گدہی کا کان اتوار کی دن کاٹی اوسکی خون مین کپڑا ترکی رکھین وقت ضرورت تھوڑا اوس کپڑی سی پانی مین دھوکر لڑکی کی حلق مین ٹپکاوین اگر تازہ خون دیا جاوی تو بہتر ہی اور خون خرگوش کی کان کا بھی اسیطرح فائدہ رکھتا ہی **دیگر** گوشت نیولیکا بھونکر کھلاوین **دیگر** دو ٹکڑی بند کی جو انگرکھو نمین لگی رہتی ہین کشمل کی خون مین ترکرین اور ناک کی آگی مرگی والیکی اوسکا دھوان کرین اس طرح سی کہ دھوان ناک کی اندر جاوی چھینک آویگی کپڑا ناک سی کریگا اوسیوقت اچھا ہوجاویگا **دیگر** اتوار کی دن جسوقت

ہندو مردے کو جلا چکی اوس اگ مین روٹی پکالیوین پہر اوس روٹی کو لیکر گہر کو آوین پہچی پہر کبہی
پہر اوس روٹی کو تہوڑا تہوڑا مرگی والی کو کہلاوین چند روز مین دفع ہوجاویگی دیگر مرگی لڑکون
کی اور بڑون کی تین روز مین جاتی رہی آدمی کی سر کی ہڈی کہ جلی ہو خوب مثل سرمہ کی پیسین مقدار
سات ماشہ کی تین روز صبحکو کہلاوین یقین ہی کہ پہر یہ عارضہ نہوگا اگر خدانخواستہ ہو تو سر مکہی کی
سات عدد لاوین پانی مین پیس کی ناک مین ٹپکاوین ساتہ مدد اللہ کی مرگی نہوگی دیگر مست ہاتہی
کی کان کی نیچی کا عرق لاکر روئی ترکر کی رکہہ چہوڑین بروقت ضرورت پانی سی ترکر کی دو تین قطرہ
ناک مین ٹپکادین دیگر تافسیا کہ گوند ایک گہاس کا ہی سفید رنگ اور کڑوا اور بہت تیز تیسری
درجہ مین گرم و خشک اور آٹا جو کا سرکہ انگوری کی ساتہ ملاکر خمیر کر کی سونگہاوین **وہ معجون** کہ طبیبون
گیلانی نی واسطی بادشاہ محمد ہاشم کی کہ مرض صرع اونکو لاحق تہا بنائی گئی تہی پوست ہڑ کابلی سونٹ
سونٹہ مصطگی عود فاوانیا یعنی عود صلیب کہ ایک جڑ ہی بہت سخت اوسکو گلی مین لٹکانی سی مرگی
دفع ہوجاتی ہی ہر ایک تین مثقال یعنی ساڑہی تیرہ ماشہ اسطوخودوس ساڑہی چار ماشہ زنگی ہڑ آملہ
ہر ایک سوا دو تولہ دارچینی چودہ ماشہ روغن بادام ساڑہی بائیس ماشہ شہد تین گنا بدستور معجون
بناوین بعد چالیس روز کی کہاوین خوراک ساڑہی چار ماشہ **فصل** سکتہ کی بیان مین نیل کہ مشہور
ہی قسم اول برابر اوسکی مگر کہ لکڑی مشہور ہی لیوین کوٹ پیس کی بقدر مرچ سیاہ کی گولی باندہین مریض
بیہوش کو تین گولی ساتہ شیرہ ادرک کی کہلاوین اگر بسبب بیہوشی کی نہ کہا سکی تو شیرہ ادرک مین
پیس کی تالو اور حلق مین چہوڑدین اور ملین بفضل الہی جبکہ ہوش مین آوی پہر کہلاوین **فصل**
بیداری یعنی نیند نہ آنی کی بیان مین افیون بمقدار مونٹہ کی کہلاوین یا سنگہاوین نیند آدمی کی
اور بادام اور خشخاش کہلاوین اور تیل بادام اور کدو کا سر پر ملین اور ناک مین ٹپکاوین اور سفید پیاز کا
پانی اور ادرک کا پانی ایک جگہ کر کی کہلاوین نیند لاتا ہی ہر دو پانی دو تولہ تک ہون اگر حرارت
نہو اور پوست خشخاش کا مقدار تین ماشہ پانی مین چار پہر تر کرین اوس پانی کو پیوین اور اوسکا ثفل
پیسکر تالو پر لگاوین نیند لاویگا **ٹوٹکہ** جسکو نیند نہ آتی ہو چراغ جلاکر بازار مین جسطرح کوئی چیز گم ہو

ڈہونڈہتا ہی اسطرح جاکر ڈہونڈہی جبکہ کوئی پوچہی کہ کیا ڈہونڈہتا ہی جواب دیوی کہ نیند ڈہونڈہتا
ہون اوسیوقت چراغ گل کر دیوی پہر اپنی مکان پر چلا آوی بحکم خدا مریض کو نیند آویگی **فصل** دوران
سر کی بیان مین صندل سفید نو ماشہ گلاب مین پیس کی تین دن پلاوین ہاتہ پیر کو ساتہ پانی جڑ
رینڈی کی تر رکہین **فصل نسیان** یعنی بہول جانیکی بیان مین مصطگی شکر صبح کو کہاوین اور اگر
بابونہ سونٹہ ہر ایک سات ماشہ ہمراہ منقی کی ملاکر سات ماشہ کہاوین مفید ہی **دیگر** پستہ سونٹہ منقی
ناگرموتہ لوبان سب برابر کوٹ کی دو مثقال یعنی نو ماشہ کہاوین اور کچہ محنت کیا کرین اور غذا
کم کہایا کرین جو کچہ سنیگا یاد رہیگا اور اس معجون کو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نی کہائی ہی دیگر علاج
بہول جانی تیزی ذہن اور ذکا کا اگر پونی دو ماشہ بہلانوان ہر روز کہاوی واسطی نسیان کی بہت
مفید اور تمام بیماری بارد دماغی کو بہت مفید ہی اگر ساڑہی تین ماشہ دارچینی ہر روز کہاوی نسیان
دور ہوتا ہی ذہن تیز ہوتا ہی **دیگر** اگر سات ماشہ سونٹہ ہر روز کہاوی قوت حافظہ زیادہ ہوتا ہی
فصل زیادتی نیند مین جسکو سبات کہتی ہین تخم کاہو اجواین افیون نفاح ہر ایک ساڑہی تین
ماشہ ساتہ جوشاندہ خشخاش کی پیشانی پر طلا کرین سو رحاصل رہیگا کالی مرچ کو گہوڑی کے
منہ کی لعاب مین گہس کی وقت سونیکی آنکہ مین لگاوین ہرگز نیند نہ آویگی کالی مرچ نمک سنگ
ہلدی تینونکو کوٹ پیس کی چند روز برابر کہاوین غلبہ نیند کا دفع ہوجاویگا **فصل** ناک کی امراض
مین دوا اکسیر پہوٹنی کی گدہی کی لید نچوڑ کی چند قطرہ ناک مین ڈالین خون ناک کا بند ہوجاویگا
دیگر سریس کو پگہلاوین دو تہی کپڑون پر طلا کرین ایک کو ناک کی سر سی تالو تک کہینچ دیوین
دوسرےکو کان کی لو سی دوسری کانکی لو تک لپیٹین اسطور پر کہ پہلی بطن دماغ کو لپیٹ لیوی جبکہ
خون بند ہوجاوی تین چار قطرہ گائی کی گہی کی ناک مین ٹپکا دیوین پہر اون کپڑونکو پانی سی تر کرکے
چہوڑا لیوین **دیگر** پہٹکٹائی پانی مین پیسکر تالو پر ضماد کرین ماش کا آٹا پانی مین ملاکی تالو پر
ضماد کرین **فائدہ** جس شخص کو تپ خونی سمجہکر بند کرین کہ بند کرنا خون کا دن بحران کی منع ہے
مگر جسوقت کہ خوف غشی کا ہووی **دیگر** زکام و نزلہ دفع کرنیکی دوا کالا دانہ نوسادر ہر ایک نو ماشہ

سونٹھ دس ماشہ سرکہ انگوری مین ملاکر کپڑا تر کی سونگھین **فصل** آنکھہ کی امراض مین جاننا چاہیے
کہ آنکھہ افضل سب اعضا سی ہی جبکہ آنکھہ مین درد ہووی بدون تنقیہ کی ہوی آنکھہ مین دوا نہ لگانا
چاہیے اور طب اکبر مین کہ کتاب بنائی ہوئی میری ہی ساتھ تفصیل کی اسکو بیان کیا ہے
اس جگہ چند دوا مین واسطی ضعف بینائی کی اور رمد اور سفیدی آنکھہ کی اور مانند اوسکی کہی جاتی ہین
نسخہ سرمہ سیاہ یکتولہ سنگ بصری آدہا تولہ لونگ سولہ عدد چھوٹی الائچی سولہ عدد کہ پوست نہو
سبکو گلاب مین کہرل کرین مقدار چنی کی گولی باندہین وقت حاجت کی آنکھہ مین لگاوین آنکھہ
کی بہت مرضونکو مفید ہی مانند خارش و ڈہلکا وغیرہ کی **دوا** کہ بینائی کو قوت دیوی آنکھہ کی اور
مرضونکو بہی مفید ہی نمک سنگ سفید ہلدی اوسقدر کہ سنگ کو زرد کر دیوی باہم ملاکر پیسین آنکھہ
مین لگاوین **دیگر** کہ بینائی گئی ہوئی کو پہیر لاتی ہی جالہ اور پہولی و شروع نزلہ کو فائدہ دیتی ہے
پہلا نوان یکعدد پہٹکری مقدار دو چنی افیون مقدار ایک چنہ لیمو کاغذی دو عدد اول پہلانونکو جلاوین
کہ دہوان اوس مین نرہی و کولا ہو جاوی پہر تینو دوا کو اندر توی کی کہ خوب صاف ہو رکہکر تہوڑا تہوڑا
عرق لیمو ملاکر دستہ لوہی سی گہسین کہ عرق دونو لیمو کا صرف ہو جاوی ظرف چینی مین رکہین وقت
ضرورت عرق لیمو مین گہسکر آنکھہ مین لگاوین آنکھہ کو نبد رکہین ڈہیلی آنکھہ کو کہجاوین کہ پانی خوب
نکل جاوی **دیگر** درد آنکھہ کا جس قسم کا کہ ہووی دفع ہو جاوی زیرہ سفید پہٹکری برابر کوٹ کر
مغز کہیکوار مین ملاکر پوٹلی کرین آنکھہ مین پہیرین ہر ساعت و اگر رات کو یہ دوا کپڑی پر لگاکر
آنکھہ پر رکہکر سو رہین صبحکو یہ پوٹلی استعمال کرین کم تین روز سی فائدہ ہو جاوی **دیگر** دوا کہ جمیع
امراض آنکھہ کو مفید ہی دماغ کو پاک کری و خیالات و کل چشم کو مفید ہی ہر روز کہاوی ہلیلہ کابلی
بارہ تولہ املہ چوبیس تولہ کشتہ لوہا چہہ تولہ ملہٹی بارہ تولہ پیپل تین تولہ بنسلوچن تین تولہ نمک سنگ
تین تولہ سب کو باریک پیسین و برابر سب دوا کی شکر ملاوین اور گہی سی چرب کرین ساتھ شہد خالص
کی ملاوین بقدر ڈیڑہ تولہ کم و زیادہ موافق حال مریض کی کہلاوین اس ترکیب کو دوا دس
امرت کہتی ہین **دیگر** ہلیلہ تین تولہ بہیڑا چہہ تولہ آملہ بارہ تولہ مصری دس تولہ ملہٹی ڈیڑہ تولہ

پیپل ڈیڑہ تولہ نمک سنگ ڈیڑہ تولہ بنسلوچن ڈیرہ تولہ سب کو پیسین گہی سی چرب کرین شہد خام
مین گولی باندہین اور کہلاوین بوزن نو ماشہ کی اس ترکیب کو دہنیا امرت کہتی ہین وہ دوا
کہ آنکہ کو روشن کرتی ہی تمام حریکٹ آنکہ سی دور ہوجاتی ہی مغز گٹہلی ہڑ کا اور مغز گٹہلی بہیڑا اور آملہ
دارچینی سنگ بصری ملہٹی برابر لیوین اور پیسین ساتہ گلاب کی ملاکر گولی بناوین وقت سونی کی
پانی مین گہسکر آنکہ مین لگاوین دیگر سرمہ سانپ اور بچہو کا آنکہ کو روشنی دیتا ہی اور تیلی جو بیٹ
جاتی ہی اوسکو اچہا کرتا ہی گای کا دودہ بہت لیکر جوش کرین جبکہ آدہا رہ جای ڈری برتن مین
بہرین اور ایک سانپ کالا اوس مین ڈالدین اور چار بچہو کو جل کی اوسمین چہوڑ دین اور
منہ اوس برتن کا بند کر کے گل حکمت کردین اکیس روز یکجا رکہہ چہوڑین بعد اوسکی منہ برتن کا کہولکر
ہڈیان سانپ کی باہر پہینکے اوس دودہ سی مسکہ نکال کر رکہین بعد اوسکی ایک مرغ لاکر بارہ دن
سقمونیا باہم مسکہ کہلاوین کہ پیٹ اوسکا چلی دوسری روز وہ مسکہ آٹی مین ملاکر مرغ مذکور کو
کہلاوی اور جو بیٹ کہ وہ مرغ کری اوسکو جمع کری وقت ضرورت آنکہ مین لگادی دیگر
ہڑ کی گٹہلی کا مغز و کالی مرچ و پیپل و آنولہ دارچینی سنگ بصری و ملہٹی وزن برابر پانی مین پیس کے
بقدر سرخ یعنی گہونگچی کی گولی باندہین اور سایہ مین خشک کرین وقت ضرورت ایک گولی
پانی سرد مین گہسکر وقت سونی کی آنکہ مین لگاوین صبح کو پانی سرد سی دہوئین دیگر تجربہ ایک
شخص کا کہ بسبب بیماری آنکہ کی اندہا ہوگیا تہا بعد ایک مدت کی دیکہا صاحب نظر ہی اور
لکہتا ہی جب دریافت کیا معلوم ہوا کہ ایک مدت تک پتی سنبہالو کی خشک کر کی برابر اوسکی تماکو خشک
ملاکر بقدر تین تولہ کی ہر روزہ کہاتا تہا کہ اوس سی روشنی حاصل ہوئی دیگر سفوف قوت دینی والا
بینائی کا مجرب صاحب مرزا شکوہ کا ہر شب کو وقت سونی کی سات ماشہ سونف ساتہہ سات ماشہ مصری
کی کوٹ پیسکی کہاوین کمزوری بینائی سی پناہ مین رہی ساتہہ فضل خدا سی ہرگز بیماری چشم نہوگی دیگر
سفوف آملہ تازہ سایہ مین خشک کر کی دودہ گای مین جوش کر کی پہر خشک کری اور سفوف بناکر
کری سات روز ۳۰ ماشہ ساتہہ شہد کی کہاوی، دیگر درخت مدار کی جڑ کی خاک کو پانی مین پیس کے

گرد آنکہ کی متواتر ملین پلکونکی گرجانی اور خارش آنکہ کو فائدہ دیتی ہی دیگر سفید پیازکا پانی اور شہد
برابر ملاکر وقت سونی کی آنکہ مین لگاوین تمام بیماریونکو نفع دیتا ہی دیگر کہجلی آنکہ کو مفید ہے
ایلوا رسوت پوست ہلیلہ زرد و شیاف ماشیا کہ نسخہ مرکب ہی برابر آنکہ مین لگاوین دیگر جوشاندہ
قنطوریونکا کہ پانی نزلہ کو منع کرتا ہی دیگر قنطوریون دقیق تین درم کہ وہ ایک گہاس ہی روم سے
آتی ہی تربد ساڑہی سات ماشہ بسفایج دو تولہ مویز منقی ساڑہی دس ماشہ سبکو دو سیر پانی مین جوش
کرین جبکہ تہائی حصہ باقی رہی ساتہ چار ماشہ ایارج فیقرا کی کہ نسخہ مرکب ہی ہر ہفتہ مین ایک مرتبہ کہاوین
دیگر ترجمہ عبارت عربی کا ایک عورت تہی کہ بینائی اوسکی ضعیف ہوگئی تہی راہ چل نہین سکتی تہی پس
اوسکو حکم کیا صاحب کتاب نی کہ سات روز مسکہ سر پر ملی اور مہندی لگاوی اپنی سر اور بدن مین اور
کہاوی روٹی گیہونکی اور دودہ گائیکا قند یا شکر ڈالی مطابق اسکی کیا گیا اور بینائی اوسکی درست
ہوگئی اور ملنا مسکہ کا اوس شخص کو کہ جسکو ضعف بصر بسبب خشکی کی ہی فائدہ بہت کرتا ہی دوا کہ پانی
اتری ہوئی کو فائدہ دیوی بیٹ سانڈہ کی آنکہ مین لگاوین اور بہتر علاج اسکی شروع مین گل دینا ہے
دونو کنپٹی پر جسجگہ رگ کودتی ہی کان کی قریب دیگر واسطی نزول الماء کی نرملی کہ کتہک بہا کہتی ہین
شہد مین پسکر آنکہ مین لگاوین دیگر امراض آنکہ کو نہایت مفید ہی جست ماری ہوئی اور پہٹکری بہونی
ہوئی کو ہموزن لیکر پیسین اور آنکہ مین مانند سرمہ کی لگاوین دیگر کہ ڈہلکہ کو منع کرتا ہی ہلیلہ سیاہ یعنی
زنگی ہڑ پانی یا گلاب مین پسکر آنکہ مین لگاوین دیگر شیرہ کوار یکقطرہ آنکہ مین ٹپکاوین اور سووین ڈہلکہ
اور سرخی اور گرمی دور ہوتی ہی دیگر پہولہ اور جالہ اور دہندلہ دکہائی دینا دور کرتا ہی اور ایک لحظہ
مین آنکہ مثل آئینہ کی روشن ہوجاتی ہی مجرب ہی بڑی کٹائی کی جڑ لیموکی عرق مین گہسکی آنکہ مین کہینچین
دوا دمعہ کی یعنی ڈہلکہ اور نزلہ اور پہولہ اور دوسری مرضونکو بہی مفید مرچ سیاہ لیوین اور پوست
سیاہ کہ اوپر ہی چہیلکر دور کرین اور مغز تخم سرس بہی ہموزن مرچ سیاہ کی لیوین ہر دو کو علیحدہ علیحدہ
باریک پیسین اور ہمراہ شہد خالص کی ملاوین خواہ بطور معجون کی رکہین خواہ گولیان بنائین مانند شہد
یا پانی کی حل کرکی آنکہ مین لگاوین دوا کہ آنکہ کی سرخی دور کرتی ہی ہلدی کو پیسین اور روئی این مین

آلودہ کر کی آنکہہ کی پلک پر رکہین دیگر کندر ساتہ گلاب یا پانی کی پیس کی صبح شام آنکہہ مین کہینچین دو تین
روز مین ناخنہ دور ہوجاویگا وہ دوا کہ مسافر کی آنکہہ بسبب گرمی آفتاب کی درد کرتی ہی کام مین لاتی
ہین ترپھلا ہلیلہ زرد دو تولہ اور دو تین نیم کی پتی باہم انکو کوٹین اور ملاوین بعدہ چکنی مٹی مین رکہکر
آگ مین جلاوین جسوقت کہ مٹی سرخ ہوجاوی اسوقت دوا مذکور کو اوس مین نکالکر رکہہ چہوڑین بوقت
حاجت تہوڑی آنکہ مین لگاوین تاریکی اور غبار جاتا رہی اور نفع ظاہر ہوگا فائدہ اگر کوئی شخص
ہمیشہ ہر روز سوفی کی سلائی آنکہہ مین کہینچی روشنی آنکہ کی زیادہ ہوگی آزمودہ ہی وہ دوا کہ آنکہہ کی
درد کو دور کرتی ہی درخت کٹائی کی پتی کا پانی آنکہہ مین لگاوین درد فوراً تہہر جاوی اور اگر اوسکی پتی کی
ٹکیہ بناکر آنکہ پر باندہی تو بہی صحت پاوی دیگر آنکہہ کی سبل اور چیپڑ کو دور کرتی ہی مغز ہلیلہ عورت کی
دودہ مین پیسکر ہر روز آنکہہ مین لگاوین فائدہ پتی کپاس کی دہی مین جوش کرکی پشت آنکہ پر باندہی
رمد کو دور کری دیگر ترجمہ عربی عبارت کا سرمہ عجیب بیچ منع کرنی آنسو بہنی اور رطوبت آنکہ کو مجرب
ہی بشرطیکہ رمد ہو ہلیلہ کابلی لاوین اور پوشیدہ خمیر اور بریان ہی کیا جاوی اینٹ پر تنور مین یہانتک
کہ خمیر بریان ہووی بعدہ گٹہلی ہلیلہ کی نکالکر ایک دانگ زعفران کی ہمراہ آنکہ مین کہینچین اور وہ اثر
عجیب رکہتا ہی اور مجرب ہی دوا ڈہلکہ کی چاکسو چہیلا ہوا کپڑی سی چہانکی دو حصہ سنگ بصری
اور مولی کف دریا اور مونگا اور ببول اور طوطیا اور سونا مکہی اور ناگرموتہا چہوٹا ست ابرخوب پیسکر
ساتہ چاکسو کی ملاکر مثل سرمہ کی آنکہہ مین لگاوین پانی نکلنا بند ہوجاویگا دیگر میل کا لگانا تین روز
تین تین مرتبہ آنکہ مین ڈالین دیگر واسطی ناخنہ آنکہہ کی پانی کرفس اور سماق کا آنکہہ مین ڈالین دیگر
ناخونہ کو کاٹین زعفران ساتہ پانی کی پیس کی آنکہہ مین لگاوین دیگر نوسادر سر اوسکا مانند قلم کی باریک
کاٹین اوس سرسی ناخنہ کو آہستہ آہستہ چہووین یعنی حرکت دین اگر دو تین مرتبہ چندروز مین
تمام ناخنہ جاتا رہیگا دیگر ناخونہ اور ڈہلکہ اور پہولہ کو مفید ہی نیم کی لکڑی ایک بالشت لیکر سر و اسکا
چلمین درمیان مین اوسکی تہوڑا تانبا اور جستہ اور کوڑی زرد اوسمین رکہین اور جما دیوین پہر کانسہ کی تہالی مین
نمک بہری تہوڑی پیسکی رکہین اور اوس لکڑی ہی گسین کہ جسمین کوڑی لگی ہی اور عرق لیمو کا

تهوڑا تهوڑا ڈالتے جاوین پهر گولی بنا کر رکهین بوقت بنانی گولی کی پتہ روہو مچهلی کا بهی داخل کرنا بهتر ہی
وہ دوا کہ آنکه کی پهولی کو دور کری مصری ساته دوده عورت لڑکی والیکی پیسکی آنکه مین لگاوین
دیگر کہ ضعف بصر کو نافع ہی زعفران عورت کی دوده مین پیسکر آنکه مین لگاوین بہت فائدہ ہوتا ہے
دیگر کڑوی کدو کا بیج کا مغز ساته تیل تل کی ملا کر آنکه مین لگاوین پهولی پرانی اور نئی جاتی رہے
دیگر نر بسی پانی مین پیس کی آنکه مین لگاوین دیگر شہد خالص تین تولہ اور پیشاب کالی بکری کا
ڈہائی پاو تہلا کو پیسین اور سات شہد و پیشاب کی ملاوین چار پہر رکهین پهر تانبی کی سلائی ہوا کر
آگ مین سرخ کر کی بیچ اسکی سات مرتبہ بجہاوین پهر سلائی کو دہو کر رکهین کبهی کبهی آنکه مین کهینچین
لیکن سلائی صاف ہو کہ آنکه نہ چهیلی دیگر دوا کہ جالیکو کاٹتی ہی سنگ بصری نیلہ تهوتها بہونا ہوا
مصری پهٹکری پیپل سب دوا برابر لیکر پیسکر سرمہ بناوین بارہ سنگها عورت کی دوده مین گهسکر آنکه
مین لگاوین اور چنبیلی کا پهول مین تهوڑی مصری ملا کر گولی بناوین آنکه مین لگاوین دیگر دوا کہ ڈہلکی کو
مجرب ہی جسکو ڈہرہو جیر کہ منہ سی گرتا ہی پانی مین پیسکی ناک کی سوراخ مین دو تین قطرہ ڈالین اوس سوراخ
مین کہ آنکه سی اوس جانب پانی نہ آتا ہو نسخہ دیگر میر معین الدین امانت خان اکثر بناتی تهی اور سب
مرضون آنکه کو مفید تها سرمہ اصفہانی تین تولہ سنگ بصری ایک تولہ موتی دو تولہ میرو چہہ ماشہ
سونی کی ورق چار ماشہ سونگا سوا تولہ سوا سونی کی آٹه روز پہلے ساته پانی ہڑ کی پهر گلاب کے
بیچ سنگ سماق کی گهسین نوین روز موتی کی ورق داخل کر کی گهسین کہ نو روز تمام ہو جاوین اور کسی
چیز مین نکال رکهین اور سلائی سی آنکه مین لگائین شرط یہ ہی کہ وقت پیٹ بهری اور نشہ کی نہ لگاوین
دیگر بال زائد کہ ہندی مین پربال کہتے ہین دفع ہو جاوی خون گهتی کی بچی کا اور خون کهٹمل کا اور رال کے
ملین مجرب ہی دیگر وہ دوا کہ سبل کو مفید ہی اور سبل اوسکو کہتی ہین کہ آنکه سرخ ہو جاتی ہی اور
کهجاتی ہی اور اگر دوا اسکا اسمین جلد نہین ہوتا ہی ہڑ بہیڑا آنولہ ہر ایک ڈیڑہ ڈیڑہ تولہ عرق لینا
کا کہ پهول اسکا سفید ہوتا ہی دوده بکری کا عرق بهنگرہ سیاہ کا ہر ایک ڈیڑہ ڈیڑہ تولہ تہلا اندر کر کو
دو تین پہر پانی مین جوش کرین جس وقت کہ تین پاو رہی چہانکر ہڑ بہیڑا آنولہ ملٹهی مجیٹهہ ستاور مغز کنول گٹہ

خس جرائتہ مرچ سیاہ سوختہ ہلدی ست گلوچ کا دہنیا چہال نیم کی ہر ایک ڈیڑہ تولہ باریک کرکے
ڈیرہ سیر گاہی کی گہی مین ملاوین جوشاندہ تر پہلا کا اور دودہ اور عرق بانسہ اور بہنگرہ مذکور کو اضافہ
کر کی دیگچی مین جوش کرین جسوقت کہ دودہ جلجاوی اور روغن رہجاوی احتیاط سی رکہین صبح کو
پہلی روز سوا تولہ اور دوسری روز ڈیڑہ تولہ تیسری روز تین تولہ کہاوین پہر تین تولہ ہمیشہ کہاتی
رہین اور تہوڑا آنکہ مین بہی لگاوین دس روز مین نفع تمام ظاہر ہوگا عجائب ہی جاری مین کہانا
چاہیے قبض کو بہی دفع کرتا ہی **فصل رتوندہی** کی بیان مین ہر صبح تین تولہ گاہی کا گہی کہلاوین
کالی مرچ اور لونگ گہوڑی کی منہ کی لعاب مین پیس کی آنکہ مین لگاوین دیگر خون تازہ گدہی کا
آنکہ مین ٹپکاوین اور پپیل دہی مین پیس کی آنکہ مین لگاوین دیگر جگنی راکو جو چمکتی ہی اتوار کے
رات کو ساتہ بنگلی پان کی کہلاوین پپیل رات کو درمیان بکرہ کی جگر کی رکہکی آگ مین جلاوین پہر
پپیل مذکور کو نکالکر آنکہ مین لگاوین **فصل پہٹر کنی آنکہ مین** کانہل جاتہل روغن چنبیلی مین مسکر
آنکہ مین لگاوین وہ دوا کہ پانی اور بہر بال اور ڈہلکہ اور جالہ اور باد چشم کو نفع دیوی جست تین تولہ
لوہی کی برتن مین پگہلاکر عرق ساگ تہوہر کا اوپر جست کی ٹپکاوین جبکہ جست خاک ہوجاوی اور رنگ
اوسکا زرد مائل بسفیدی ہو باریک پیسکی آنکہ مین لگاوین وہ دوا کہ سفیدی آنکہ کو اگرچہ موٹی ہو
اور زیدی کو چہپا لیا ہو مجرب ہی مغز بنولہ کا تیل نکالین کف دریا آٹہ رتی ڈیڑہ تولہ روغن مذکور مین
ملاکر آنکہ مین لگاوین دیگر انولہ سات ماشہ پانی مین بہگوکر پانی اوسکا آنکہ مین ٹپکاوین **فصل رمد**
کی بیان مین کہ سفیدی آنکہ کی ورم کری کہ جسکو یونانی وردنیج کہتی ہین لڑکونکو بہت ہوتی ہی اور
آنکہ کی پلک کی اندر سوج جاتا ہی اصل علاج فصد اور جلاب ہی موافق مادہ کی اور یہ دوا لودہ پہٹکری
مردار سنگ ہلدی زیرا ایک ایک ٹانگ افیون دو رتی مرچ چار عدد نیلا تہوتہا تین تولہ سب باریک
پیسکے کپڑی مین پوٹلی باندہ کی سرد پانی مین یا پوست کی پانی مین ڈالکر آنکہ پر پہیرین چنانچہ مشہور ہے
مجرب لیکر لوہی کی توی پر گہستی ہی پس کہ مثل مسکی کی ہوجاوی اوپر آنکہ کی لگاوین اگر گریکو پیس کر
آنکہ پر لگاوین بہتر ہی ایک لیمو کاغذی لیکر چہری سی سوراخ کرکی اور تخم اوسکی دور کرین تہوڑی افیون

پانی مین حل کرکی اس مین ڈالی کہ تہ کو پہنچی اور تہوڑی سی پانی بہی اس مین ڈالین کہ نیچی ہو نچی پہر لیمو کو
آگ پر رکہین کہ جوش ماری پہر پارچہ باریک اوپر منہ لیمو کی بچہا کی اوس جانب نیم گرم آنکہ پر رکہین
ایک قطرہ آنکہ کی اندر جانی دیوین اگرچہ لیمو جلتا ہو پانی بہت برلا ویگا جلد سرخی جانی رہی گی
اور ورم بہی جاتا رہیگا دیگر پہٹکری بہونی ہوئی گہی سات مرتبہ پانی سی دہو کر ملا کر پلک آنکہ مین
لگاوین دانہ کہٹی انار کی خشک پانی مین افیون قدری دونی اسکی پہٹکری ملا کر جوش کرین کہ گاڑہا
ہووی گولی باندہ کی رکہین وقت ضرورت گلاب مین یا پانی مین گہسکی آنکہ مین لگاوین درد آنکہ کا کہ
بسبب سبل باد کی ہووی دور ہوجاوی نیم کی پتے املی کی پتی سرس کی پتی ہلدی پہٹکری افیون
ہر ایک پونی دو ماشہ کوٹ کی پوٹلی باندہین پانی مین رکہین ساعت بساعت آنکہ مین پہیرین
سوجن آنکہ کو دفع کری آنکہ اٹہنی کو رفع کری بڑی ہڑ سنگ بصری برابر پانی یا گلاب مین گہسین
اوپر پلک چشم کی لگاوین دوا واسطی درد آنکہ کی مجرب ہی افیون پہٹکری بہونی ہوئی اوپر
توی لوہی کی رکہکی دستہ لوہی سی گہسین تہوڑا عرق لیمو کا ڈالین کہ سیاہ ہو جاوی پشت چشم پر ضماد
کرین دیگر سرخی آنکہ اور درد کو ایک پہر دور کری ہلدی لودہ پہٹکری ہر یک چہ چہ ماشہ نونک
یکعدد شیرہ املی کہ جس مین سونا چاندی بجہاتی ہین اور ملتی ہین دوا کو کوٹ کی اوس پانی مین ملا کر
پوٹلی باندہ کر ساعت بساعت آنکہ مین پہیرین کہ قطرات آنکہ مین جاوین دیگر سرخی اور سوزش آنکہ
کو دور کری پتی انار کی پیسکی ٹکیہ آنکہ پر باندہی اور گلاب کی ساتہ بہت مفید ہی دیگر سونٹہ صندل
سرخ زرچوبہ ہڑ زرد برابر گلاب مین پیسکر اوپر آنکہ کی طلا کرے تہوڑا آنکہ مین جانی دیوے

باب بیماری زبان جڑ دانتون ورم وسختی زبان وکہرکہری ہونا زبان کا

کہ اسکو ہندی مین چہر کہتی ہین مغز کرنجوہ زیرہ سفید توا کہیر دانہ الائچی کلان کونپل نیب کی چہال
گوندنی آنبہ ہلدی ہر ایک دو ماشہ پانی مین پیسکر چنہ برابر چونہ ملا کی کہلاوین صبح کو اگر حرارت ہو
آملہ پانی مین تر کرکی پانی اوسکا بعد اسکی یا قبل اسکی پلاوین آملہ کو میس کی بدن پر ملین دیگر مغز کرنجوہ

نمک

نمک سنگ عرق لیمو مین پیسکر زبان پر رکہین تو لعاب زبان سے بہت نکلیگا دیگر پہٹکری
باریک پیسکر اوپر پر ملین منہ کہلا رکہین رطوبت نکل جاوی دیگر پتی انجیر کی ڈہائی عدد ملٹہی نو ماشہ
پیچ انغری نو ماشہ سبکو پانی مین پیسکر غرغرہ کرین دیگر تربہلہ کہیر کی لکڑی چنبیلی معہ پتی و لکڑی جوش
کرین اور غرغرہ کرین دیگر بودہ گیرو مرچ سیاہ ہر یک چہار ماشہ پہٹکری تین ماشہ نیلہ تہوتہہ
دو ماشہ باریک کرکی زبان پر ملین صبح و شام بکرم خدا دو مرتبہ مین صحت ہوجاوی گی دیگر
لیمو کو دو ٹکڑی کرین تخم اسکی دور کرین گوگل باریک کرکی اندر لیمو کی ڈالین آگ پر رکہین جبکہ
گرم ہوجاوین دیگر سرخی و دانہ ہای زبان کو فائدہ کری ریوت ساتہ عرق لیمو کی ملا کر زبان
پر ملین دیگر قلاع یعنی جوشش دہان کہ جسکو نی نادہ کہتی ہین نفع کری دانہ الایچی فوفل یعنی سپاری
کتہہ دہنیا خشک جلائی ہوئی پہٹکری جلی ہوئی سب برابر کوٹ کر منہ مین چہڑکین دیگر ورم سخت زبان
کو دور کری ملٹہی نو تولہ چہوہارہ چہہ تولہ انجیر خشک تیس عدد سب کو پیسین اور بیچ ڈیڑہ من پانی کی
پکاوین جبکہ آدہا رہی ملاوین غرغرہ کرین دیگر سستی اور ڈہیلا ہونا زبان کو مفید ہو ایک شخص
کو بسبب ڈہیلا ہونی زبان کی بولنا بند ہوگیا دارچینی ماما بالچہڑ ہر ایک نو ماشہ تیج پات اجواین زراوند
طویل تخم کرفس تخم اسپست مصطگی ہی سالیوس دو قوانیسون ہر یک ساڑہی تین ماشہ موتی کہربا
ہر یک سات ماشہ کوٹ پیسکی گولی بناوین خوراک ایکدرم پانی یا پرانی شراب کی ہمراہ وہ دوا
کہ دانتون کو مفید ہی ریوت پانی یا گلاب مین ملا کی تہوڑا سرکہ ڈالکی طلا کرین اگر منہ خشک ہو
اور درد پیدا ہو روغن گل نیم گرم کرکی غرغرہ کرین وہ دوا کہ دانتونکو جلادی اور درد کو دور کری
نمک سنگ کٹ ہر ایک ساڑہی تین ماشہ سونٹہہ دہنیا بہونی ہوئی زیرہ سفید بہونا ہوا کسیس کتہا
مرچ مصطگی ہر یک نو ماشہ کوٹ پیسکی منجن کرین وہ دوا کہ دانتون کی واسطی مفید ہی اور مضبوط کرے
مازو خار زدار نمک سیندہا باریک کرکی منجن کرین موچرس ڈیڑہ تولہ مرچ سیاہ دس عدد مرجان دہرتی
باریک پیسکی دانت پر جماوین پچاس روز تک بہت خوب ہی وہ دوا کہ کیڑا دانت کا نکال ڈالے
تخم پیاز آگ مین جلادین دہواں اوسکا نزکل کی راہ سی آہستہ آہستہ دانت پر کہینچین دیگر سپاری جہالیہ

کتھہ سفید نمک لاہوری ہر ایک ساڑھی سات تولہ مصطگی ڈیڑہ تولہ مرچ پپل ہر ایک دو تانبا سپاری
کوٹنی کی برتن مین آگ پر رکھکی جلاوین تمام دوائونکو باریک پیسین منجن بناوین دیگر مازو پھٹکری
ہر یک ڈیڑہ تولہ کتھہ سفید نیلہ تھوتھہ نو نو ماشہ نیلہ تھوتھہ کو بھونی تا سفید ہو جاوی بعد تمام دوائونکو
باریک پیسکی منجن بناوین اور جلد نہ بیچاوین منجن کہ خوزہ کو سفید ہی تتلی کی پتی خشک سات ماشہ
زنگار ہرتال طبقی ہر ایک ڈیڑہ تولہ سبکو پیس کی سرکہ تیز مین ترکرین مٹی کی سکوری مین رکھین اور
گل حکمت کرکی آگ مین رکھین جبکہ مٹی اوسکی سرخ ہوجاوی دوا کو نکالکر دو رتی سی چار رتی تک
دانتون پر چھڑکین ترکیب مسی کی یوحین پوست انار کا ہر یک آدہ سیر مازو پاو سیر پھٹکری ایک سیر
چارونکو مثل سرمہ کی پیسین اور دانتون پر ملین دیگر دانتونکی دردکو دور کری تیرج سندروس کوڑی
جلائی ہوئی گلاب کی پہول کوٹ پیس کی منجن کرین جنبش اور درد دانتونکا جاتا رہی دیگر پہل پاکر
مثل کسیس کے ہوتا ہی پانی مین ڈالکی جوش کرین نیم گرم کلی کری ویساہی فائدہ کری جنبش دانتونکی
کہ بسبب چوٹ یا مثل اوسکی ہو فائدہ کری جڑ دانتونکی مضبوط کری پھٹکری بھونی ہوئی سپاری
بترج مرچ آنولہ نمک برابر کوٹ پیس کی ملین سپاری کو جلا لیوین آدہی آنولونکو بھی بھون لیوین وہ
دوا کہ دانتونکی جڑ کی خون کو موقوف کری عود یعنی اگر کو جلاوین خاک اوسکی لیکر برابر اوسکی پھٹکری
بھونی ہوئی ملاوین اور ملین تھوڑا سا نمک بھی شریک کرین وہ دوا کہ ورم اور دردکو دور کری
سونٹھ اور سونا مکھی اور بایبڑنگ اور کسیس کتھہ ہر ایک ڈیڑہ تولہ نیلہ تھوتھہ بھونا ہوا پانچ ماشہ کوٹ
پیسکے لگادی وہ دوا کہ دانتونکو صاف کری پان کھانی پر رنگ مسی دیوی سونا مکھی نو ماشہ نیلہ تھوتھہ
ڈیڑہ تولہ دونو پیس کی لوہیکی برتن مین رکھین اور سر لکڑی مین پیسہ چپکا کر عرق لیمو کا ڈال کر ادسے
خوب گھوٹین یہان تک گھوٹین کہ ڈیڑہ سیر عرق لیمو کا خرچ ہووی کیا پس اسی ترکر کی خشک کرین
جس وقت کہ تھوڑا اوسی دانتون پر ملین اور پان کھاوین رنگ مسی ظاہر ہووی دیگر چھوٹی بڑی
مائین پھٹکری شہد دہنیا بھونی ہوئی کتھہ سب باریک کرکی دانتون پر ملین اوپر پانی پیوین خون
دانتونکا بند ہوجاوی دیگر کہ رنگ مسی کا دیوی شنگرف سونا مکھی نیلہ تھوتھہ ہیرا کسیس کتھہ ہر ایک

ڈیڑہ تولہ لیکر سبکو کوٹین اور پیسین عرق لیمو مین بہر کر تر کرکی خشک کرین تہوڑا ادسی دانتون پر
ملین اوپر اوسکی پان کہاوین دانت رنگین ہوجاوی دیگر درد دانتونکا دور ہوجاوی پہٹکری جلائی
ہوئی اور مسی ملاکر ملین دیگر دانتونکو صاف کرتاہی کتہہ پپڑیا کتہہ اور کشمیری کتہہ سونٹہہ نیلہ تہوتہہ
ہونا ہوا سب کوٹ پیس کی ملین دیگر جو دانت کہ ہلتی ہین مضبوط ہوجاوین اور درد دور ہوجاوی
پہٹکری بہونی ہوئی اور نمک ملاکر دانتون پر ملین دیگر درد دانتونکا جاتا رہی بابڑنگ کوٹ کر
پوٹلی باندہی دانت کی نیچی دباوین لعاب باہر پہینکین دیگر ترپہلہ ترکٹہ مازو پہل کتہہ لودہ کہ سب نو
دوا ہین ہر ایک ایکتولہ نیلہ تہوتہہ بہونا ہوا چہہ ماشہ سب باریک پیسین دیگر گٹہلی زرد آلو نمک دونو کو
باریک کرین سرکہ مین طلاوین دانتون پر ملین یا سرکہ ساتہ نمک کی منہ مین لین بہی فائدہ کرتاہی
درد خواہ گرمی خواہ سردیسی ہو دیگر ایک ساعت مین درد کو دفع کری منقی دو عدد یا تین عدد تہوڑی
روئی مین لپیٹ کر پانی سی ترکرکی تہوڑا اچہل کی جس دانت مین درد ہو دباوین وہ دوا کہ درد
دانتون اور کیڑی کو مفید ہی اور کیڑونکو باہر لاوی بابڑنگ کوٹین پانچ چہہ پوٹلی باندہین پانی مین
جوش کرین پس ایک پوٹلی لیکر دانت کی نیچی دباوین جبکہ سرد ہووی دوسری دباوین کیڑی اندر
پوٹلی کی جمع ہونگی دیگر مسی سفید چہوٹی الائچی سونٹہہ لعبت بربری نیلہ تہوتہہ ہر ایک ایک تولہ
مصطگی رومی کباب چینی پہٹکری ہر ایک تین ماشہ آنولہ پانچ عدد بیخ کنیر سفید کی ڈیڑہ تولہ اول
نیلہ تہوتہہ کو گہی مین بہونین بعدہ سبکو کوٹ پیس کی دانتون پر ملین درد اور جنبش کو نفع دیوے
جاننا چاہیی کہ مسی دوا مشہور ہی اکثر عورتین دانتون پر ملتی ہین ترکیب اوسکی بعضی کبود اور بعضے
سفید ہی لیکن اس جگہ سفید مطلوب ہی دیگر یہ درد دانت کو دور کری اور جڑ کو مضبوط کری گوشت
مسوڑونکا جو گل گیا ہو نکال لاوی نیلہ تہوتہہ کٹ ہر ایک ڈیڑہ تولہ نمک لاہوری سات ماشہ
کتہہ سفید تین ماشہ زیرہ بہونی ہوئی تین ماشہ دہنیا بہونی ہوئی سات ماشہ سونٹہہ دو ماشہ مرچ دو ماشہ
مصطگی سیس کہو پکہری کباب چینی ہر ایک دو ماشہ سب دوایونکو کوٹ پیسکی نیلہ تہوتہہ کو آگ پر بہون
لیا جاوی سب ایکجا کرکی صبح شام ملین چار گہڑی تک پانی دانت سی نہ لگاوین اور یہ منجن دانتون کے نفع

مضبوطی کو سفید اور بی نظیر ہی دیگر درد دانتونکو فی الفور دور کرتا ہی مجرب ہی عرق گندہک کا
تہوڑی روئی مین آلودہ کرکی درد والی دانتون پر رکہین اور احتیاط کرین کہ دوسری دانتونکو
عرق نہ لگنی پاوی اور جاننا چاہیی کہ یہ عرق دانتونکو آہستہ آہستہ بوسیدہ کرتا ہی اور گرادیتا ہی
لیکن بہت دنون مین مگر درد دانتونکا دور کرنیمین حکم تیغ بران کا رکہتا ہی اگر اوس جگہ بسبب درد
دانتون کی ورم سوزہ اور گلی رگا ہوا ہو اوسکو بہی دور کرتا ہی دیگر درد دانتونکا اور ورم اوسکا
اور دانتونکی جڑ سی خون جاری ہونا دور کرتا ہی اور منہ کی جوش کو نفع دیوی کٹ دار ہلد ہلدی مجیٹہ
مارہی کنگلی بوہیل موتہ لودہ باریک پیس کی دانتون پر ملین منجن کہ دانتونکو جلا دیوی اور گرنے
سی باز رکہی مصطگی دارچینی الایچی کپور کچری کپور چینی سونٹہ مرچ کتہہ نیلہ تہوتہہ جڑ ابابیل زیرہ دہنیا
ہر ایک ایکتولہ نمک سنگ دو تولہ کوٹ پیس کی منجن کری منجن کہ دانت کو مضبوط کری اور منہ مین
خوشبو لاوی چنانچہ دلیر خان فی واسطی نواب بائی کی بنایا تہا فائدہ کیا مصطگی کسیس تخم مین پہل
سونٹہ بریان سنگ جراحت بریان سہاگہ بریان سنگ سرمہ نمک سیندہا ہر ایک ڈیڑہ تولہ مرچ سیاہ
دہنیا بریان کتہہ سفید زیرہ بریان ہر ایک ڈیڑہ تولہ ناگرموتہ چہہ تولہ سبکو کوٹ پیس کی مسواک کی
دانتون پر ملین پانی سی غرغرہ کرین منہ کو صاف کرین پان کہاوین وہ دوا کہ دانت کیڑ
کہائی ہوی کو فائدہ دیتی ہی نوسادر افیون دانت پر رکہین اوپر اوسکی موم پگہلا کر چند مرتبہ رکہین
دیگر کلونجی کوٹ پیس کی سرکہ مین ملاکی دانت کی نیچی دبادین کیڑا مر جاویگا دیگر پہل بہت کٹائی کا
میتہی ولکڑی وجڑ کونکی عرق اوسکا منہ مین لین اور کلی کرین ہر روز صبح کو درد اور گندگی اور کرم خوردگی
جاتی رہیگی دیگر درد دانتونکا جو سردی سی ہو دور ہوگا اس دوا کا نام تریاق الانسان ہی کالی مرچ
عاقرقرحا ہینگ نمک برابر کوٹ پیس کی شہد مین گولی باندہ کی سایہ مین خشک کرکی ایک گولی
دانت کی نیچی دبادین دیگر شحم حنظل کو گای کی گہی مین جوش کرین سلائی کی منہ پر روئی لپیٹین اور
جو کف کہ اوپر اوس گہی کی آوی سلائی ہی لیکر دانت پر رکہین دیگر لیمو کی بیج کوٹ کی نیچی
دانت کی دبادین منجن کہ گوشت بڑہی ہوی کو نفع کری نیلہ تہوتہہ پیس کی مثل مسی کی دانت پر ملین

احتیاط رکھین حلق مین نجاوی اور داڑہی کی بالون مین نہ لگی جبکہ ملنی سی پانی منہ مین بہر جاوی
گرا دیوین پہر کلی کر کر پان کہاوین دیگر واسطی مضبوطی دانت کی نمک دریا پیس کی مدار کی دودہ
مین بہگوئین اور خشک کرین تین مرتبہ بعد اوسکی نمک کو مٹی کی برتن مین رکہین پہر اوس برتن کو
آگ پر رکہکر آگ جلاوین اس طور پر کہ نمک بہن جاوی لیکن جلی نہین پہر سرد کرین کتھہ نو تولہ
توتیا چہہ تولہ پہٹکری چہہ تولہ سبکو باریک کر کی ملاوین پہر تہوہڑ کی پتی کی دودہ سی سب دواکو تر کرین اور
خشک کرین پہر پیسین اور ناریل کی پوست مین رکہہ چہوڑین ہر صبح تہوڑا اوس سی اور پر دانتونکی ملین

باب علاج مین بیماری گردن اور گلی کے

خنازیر کہ ورم ڈہیلا گلی مین ہوتا ہی علاج اوسکا بڑی کتابونسی ڈہونڈنا چاہیی مگر یہ دوا مفید ہے
منڈی تین تولہ پانی مین تر کرین صبح ملکر کی چہانکر پیوین کئی مہینی تک اگر مریض چہوٹا ہو ڈیڑہ تولہ
سی دو تولہ تک دیوین وہ دوا کہ آواز پڑی ہوی کو فائدہ بخشتی چاول گڑ مین پکا کر کہلاوین وقت
سونیکی شکم سیر ہو کر کہاوین تہوڑی دیر کی بعد دو چمچہ پانی گرم پیوین اور سو رہین پہر سرد پانی نہ پیوین
دو تین روز ایسا ہی کرین وہ دوا کہ حلق مین اٹکی ہوی ہڈی کو نیچی لیجاتی ہی اسپند ہمراہ پانی گرم
کی دیوین دیگر تخم سرس کوٹ پیسکی ایک حصہ دو حصہ شہد مین ملا کر ہانڈی مٹی مین کہ جسمین پانی
نہ چہوا ہو سرپوش کر کی ماش کی آٹی سی مضبوط بند کر کی چودہ روز آفتاب مین رکہین پہر منہ کہولین
اور ہر روز یکتولہ اوس سی کہاوین اور بادی اور ترشی اور مثل اوسکی سی پرہیز کرین بعنایت الہی
ایکہفتہ مین دفع ہووی مجرب ہی ہر چند کہ یہ دوا بہت بدبودار اور گندہ ہوتی ہی لیکن نفع اسکا زیادہ
اس سی ہی دوائی کہ خنازیر کو دور کرتی ہی اور مجرب ہی ایلوا عربی بول نسوت جو تری گاو میں ہر یک
ساڑہی تین ماشہ پتہ قنفذ یعنی کچہوہ دریائی کا کافور ہر یک چار رتی زعفران یونی دو ماشہ پہکٹکی سات
ماشہ سبکو کوٹ پیس کی کپڑی مین چہانین اور چار رتی سنبولہ کی پانی مین ملا کر ناس لین تین روز تک
اسیطرح کرین چند روز کی بعد پہر ناس لین چند روز موقوف رکہین خنازیر تحلیل ہو جاویگا دوائی کہ سلسیند

کی کہانسی سی گلا بند ہوتا ہی اسکو فائدہ کرتی ہی گل چراغ کا کہ جسکو ٹیم کہتے ہین جلا ہوا پان مین رکہکی کہانا آ
تی آویگی گلا کہل جاویگا اور اگر سیند ورکی کہانسی سی تہوڑا زمانہ گذرا ہو تو سیندور بجنسہ اُسیطرح نکلیگا

باب امراض منہ اور زبان اور لب اور گلی کے بیان مین

فصل منہ کی امراض مین **دوائی** کہ منہ کی بدبو دور کرتی ہی سماق یعنی ترک کوٹ پیس کی دانتون پر ملین **دیگر** منہ اور زبان اور لب کی زخم کو اکیروزمین دور کرتی ہی اور پہوڑہ اور دانہ کو بہی بہت مفید ہی نیلہ تہوتہ کوٹ کتہہ پاپڑیہ تینو کو باریک کر کی ملین لیکن چاہیے کہ نیلہ تہوتہ کو بہون لیوین تا سفید ہوجاوی **دیگر** کہ منہ کی بدبو دور کرتی ہی پودینہ کی پانی سی منہ کو متواتر دہو دین **دیگر** سکنجبین اور دہنیا اور ہڑ سیاہ تینو کو پیسکر نہار کہاوین **دیگر** مشک قسط الایچی ملٹہی باہم برابر پیسکی گولیان بناوین اور ایک گولی منہ مین رکہین **دیگر** شراب کی بو کو منہ سی دور کرتی ہے پانی کپاس کی نبولہ کا کہ نیم پختہ ہو اور پکا نہو اُسکو سایہ مین خشک کر کی رکہہ چہوڑین بروقت حاجت چباوین بو دور ہوجاویگی **دیگر** اگر لہسن سارا درست ہمراہ مسکہ کی حلق مین لیجاوی بعدہ یہی دوا کہ شراب کی بو کو دور کرتی ہی چابی بو لہسن کی مطلق جاتی رہی گی **دیگر** کہ خشک ہونی لب کو مفید ہی گہی اور نمک باہم ملا کر اوپر ناف کی رکہین **دیگر** مغز تخم تربز پیسکر اوپر لب کی ملین **دیگر** کہیرہ کا سب کاٹ کر باہم ملین جو کف کہ اُس سی نکلی تازہ تازہ لب پر ملین **فصل** کان کی امراض مین دوا کان کی درد کی شیرہ ادرک تلی کا تیل شہد نمک سنگ سبکو ہموزن لیکر باہم ملا کر گرم کر کی کان مین ٹپکاوین **دیگر** پتی مدار کی کہ زردی مائل ہو ہر دو طرف گہی ملکی توی پر رکہین جسوقت گرم ہو دو قطرہ نیم گرم کان مین ٹپکاوین **دیگر** رسوت ہمراہ دودہ کی پیسکر نیم گرم کان مین ٹپکاوین درد اور خارش دونو دور ہوجاونگی **دیگر** ایلوہ ہمراہ روغن چنبیلی کی حل کر کی نیم گرم کان مین ٹپکاوین **دیگر** مینہی کی دانونکو دودہ مین تر کر کی بلاوین اور کان مین بہی ٹپکاوین خارش و درد بہنی کو بہت مفید ہی اور بہتر دودہ کا نمین ڈالنی کیواسطی عورت کا دودہ ہی **دیگر** مہا ورساتہ دودہ لڑکی کی یا پیشاب کے

ملاکی کان مین ٹپکاوین درد موقوف ہوگا دیگر کہ آواز کان اور پیپ کے بہنی کو باز رکہتی ہی سنبہالو
ہی جہنبیلی کی پتی مار کی پتی بہنگرہ کی بہسن جڑ کیلہ کی پتی تلسی کی جڑ سہجنہ کی بہٹ کٹائی ادرک پتی کریلہ
کی سب چیزونکا شیرہ علیحدہ علیحدہ نکالکر برابر لیوین اور تمام چیزونکی دوگنا تیل تلی کا ملاوین اور سات روز
تک رکہہ چہوڑین ہر روز اوسکو کسی چیز سی ہلاتی جاوین بعدہ ساتوین روز نرم آگ پر جوش کرین یہانتک
کہ شیرہ سب جلکر خالص تیل رہجاوی پس ہر روز دو مرتبہ چند قطرہ کان مین ٹپکاوین دیگر شہد خالص
کان مین ٹپکاوین پیپ بند ہوجاویگا دیگر لودہ باریک پیس کے تہوڑا کان مین ڈالین تختگی اور پیپ
اور گندگی کان کی دور ہوگی دیگر مرغ خانگی کی انڈیکی سفیدی کان مین ٹپکاوین درد دفع ہوگا
دیگر مور کا پر گای کی گہی مین کوٹین اور سرکہ ہندکا اور کوے کا پانی ہر ایک آدہ سیر لیکر تمام کو
ایکجا جوش کرین اسطرح کہ سوای روغن کی کچہ نرہی پس کان مین ٹپکاوین درد دور ہوگا دیگر تہوہر کی
جڑ نگری ٹکڑی کرکی روغن مین ڈالین پس کان مین ٹپکاوین درد سر کا دفع ہوگا دیگر عجیب دوا ہی
کہ درد کان کا فی الحال دفع ہوتا ہی تازی مچہلی کو آگ پر رکہین جو روغن کہ اوس سی نکلی اوسکو تین روز
تک صبح کو کان مین ڈالین کہ سب تدبیرونسی نفع زیادہ ہوگا دیگر کان بہرہ ہونیکو دور
کرتی ہی عورت کی دودہ مین گیرو ملاکر چند قطرہ متواتر کان مین ڈالین دیگر کان کی ناسور اور پیپ
نکلنی کو نفع کرتی ہی چہوٹا گہونگہ جاندار پاؤ سیر تہرل مین باریک کرین برابر اسکی تیل سرسونکا
ملاوین اور چوگنا ہر دو کا یعنی چار سیر پانی ڈالین بعدہ اوسکو پکاوین کہ روغن رہجاوی چند قطرہ
کان مین ٹپکاوین اور اگر گہونگہ روغن مذکور مین بغیر پانی بہونکر کان مین ٹپکاوین تو بہی مفید ہی اگر
روغن سرسونکا نہ ملی تو روغن تلی کا ملالیوین دیگر کان کا میل دور ہوتا ہی گہرچ پانی مین پیسکر دو تین
قطرہ کان مین ٹپکاوین **باب دل کی دوا مین** جاننا چاہیے کہ دل بڑا عضو ہی دوا اسکی بہت جلد
چاہیے جسطرحکا کہ اس مین مادہ ہو چند دوا اسکی یہان لکہی جاتی ہی **دوائی** کہ تپاک دل جو بسبب گرمی
کی ہو دور کرتی ہی دہنیا پانی مین بقدر حاجت تر کرکی تمام شب ہوا مین رکہین صبح اوسکا پانی لیکر
مصری ملاکی پیوین دیگر کہ بعض دلکو جو بسبب سردی کی ہو فائدہ دیتی ہی پکہر معل تین ماشہ

کوٹ پیس کی شہد مین گولی باندہکر کہاوین دیگر جہ ہول اور ناتوانی مع لکو ہکو کرتی ہی گلاب تین تولہ مصری
چار ماشہ دونو کو چاندی کی برتن مین ڈالکی آگ پر رکہین جبکہ پانی جل جاوی اُتار کے سرد کرین پس نوش
کرین دیگر تاکہ دل اور سبت باد اور مالیخولیا کو مفید ہی چندن نیل بری ریوند خطائی آنبہ ہلدا اسگند
ہڑ بہیڑہ آنولہ تمر ہندی ملہٹی سونٹہ جڑ اندراین کی اصل بید الایچی چہوٹی کاکولی گہر کاکولی اجہر کنول
بانرنگ دار چینی مدہاکہہ عناب ناگیسر چوب دیودار مید مہا تیرج مغز املتاس منقی جاپہل مجیٹہ
مدہار احترک پہالسہ دہنیا چہوارہ پارہ پہکر مول زیرہ سفید پیپل موتہہ تالیس تر ترنیک تربالا کہہ سار
یعنی مغز چوب کہر تخم کنج بداری کند جوانسہ سبکو برابر کوٹ پیس کی شیرہ بانسہ و شیرہ ترنج مین تر کرین اگر
پنج نملی شیرہ لیمو مین تیار کرین اور ہموزن سب چیزون کی مصری ملاوین اور تہوڑا شہد بہی بقدر
معجون بنانی کے ہو داخل کر کی گوندہین بعدہ دو تین ماشہ سی کہانا شروع کرین دس ماشہ تک بڑہاوین
ہر روز آدہ ماشہ زیادہ کرین اور دہی اور تیل اور ساگ اور مچہلی سی پرہیز کرین دیگر کہ ہول دل کو
مجرب ہی کوی کا گوشت پکا کر کہاوین

باب امراض سینہ اور پہیپہڑہ مین

فصل امراض پہیپہڑہ مانند کہانسی اور ضیق النفس یعنی دمہ کی دوائین کہانسی کی عادت کالی
مرچ پوست انار احمود بانسہ کی پتی کٹائی کی جڑ ببول کی چہال سنچار سفید نمک سنگ نمک سانبہر نمک
ایک ایک ٹانگ افیون دو ماشہ سبکو کوٹ پیس کے مقدار چنا کی شیرہ ادرک مین گولی باندہین پس گولی
منہ مین رکہین اور پانی اُسکا نگل جاوین کہانسی سردی اور تری کی دور ہو جاویگی دیگر جو اکہار
ڈیڑہ ٹانگ مرچ تین ٹانگ پیپل چہہ ٹانگ انار دانہ بارہ ٹانگ پرانا گڑ آٹہ تولہ سبکو پیس کی غلولہ
باندہین ایک صبح کو ایک شام کو منہ مین رکہین اور پانی اُسکا نگل جاوین اور اگر بجای انار دانہ
کی پوست انار یا ہلیلہ داخل کرین بہت مفید ہی دیگر ہر قسم کی کہانسی دفع ہووی لکا کر اسکی کوٹ
پیس کی مقدار مرچ کی گولی باندہکر منہ مین رکہین دیگر واسطی مرض پہیپہڑہ کی کہ یہ مرض بچونکو اکثر ہوتا ہے

اس سی دم چڑہتا ہی اسکو دبہ کہتے ہین علاج اسکا جلاب دینا ہی اور یہ ضماد بہی مفید ہی صمغ عربی
کتیرا ایلوہ چہ ماشہ مور چہ ماشہ سبکو پیسکی گہیکوار کے پانی مین ملاکر سینہ پر ضماد کرین دیگر واسطے
کہانسی کے درخت مدار کی پتی مرچ نمک سانبہر برابر پیس کے بقدر مرچ کی گولی باندہین ایک گولی
کہاوین جو کہانسی سردی سی ہو اسکو مفید ہی اور دمہ اور تاپ تلی کو بہی فائدہ مند ہی دیگر درخت
مدار کی پہول کہ کہلے نہون ایک حصہ مرچ چار حصہ دونو کو ملاکر گولی باندہین دیگر مدار کے پہول کہ
جنکا منہ بند ہو آدہ سیر اجواین پاؤ سیر کالا گڑ پاؤ سیر سبکو باہم پیسکے سایہ مین خشک کرین صبح کو ایک
تہیلی بہر کہاوین ترشی اور بادی سی پرہیز کرین کہانسی اور دمہ اور باؤ گولا بلکہ سب امراض بلغم و سینہ
دور ہوجاوینگی دیگر مدار کی پتی تازی نکلی ہوئی ہمراہ بنگلہ پان مصالح دار کی کہاوین اسطرح کہ فصل
جاڑون مین پہلی روز ایک پتا دوسری روز ڈیڑہ پتا تیسری روز دو پتا چوتہی روز ڈہائی پتا پانچوین روز
تین پتا بس چالیس روز تک ہر روز تین پتا کہاوین کہانسی و دمہ وغیرہ سب دور ہوجاویگا لیکن ترشی
اور شیرینی اور روغن سے پرہیز رکہین دیگر دمہ کو مفید ہی ریوند چینی ایلوہ سہاگہ سبکو برابر پیسکر شیرہ کسوندی
مین بمقدار چنا کی گولی باندہین صبح شام ایک ایک کہلاوین غذا کبوتر کا گوشت اور مثل اسکے کہاوے
دیگر جرجرہ بجای تنباکو حقہ مین رکہکر کہینچین دیگر السی باریک کرکی دو چند شہد یا قوام مصری مین ملاکر
کہلاوین یا تین تولہ السی قوام مصری مین جوش کرکی کہلاوین دیگر سیپی کو جلاکر شیرہ ادرک مین
پیسین اور بمقدار چنا کی گولی باندہکر کہلاوین دیگر درخت پیا بانسہ خاردار معہ جڑ اور پتی لاکر سایہ مین
خشک کرین اور کوٹ پیس کی رکہ چہوڑین ہر صبح کو تہیلی بہر کہاوی ضیق اور کہانسی دفع ہوگی
دیگر برم راکس سایہ مین خشک کرکی پیسکی رکہ چہوڑین اور مقدار آدہ ماشہ یا کم و زیادہ موافق مزاج کے
گڑ مین دیوین بلغم کٹکر باہر نکل آویگا جاننا چاہیے که دوا اندرکو گڑ مین رکہکر گولی بنادین ورنہ کہاوین
دیگر نقطہ یہ گا یتگا گل جاوین اور غذا گائی کی گوشت کا کباب بناوین ایکروز مین ضیق دور ہووے
دیگر ایلوہ مرچ دونو برابر لیکر کوٹ پیس کی ادرک کی شیرہ مین ملاکر بمقدار کالی مرچ کی گولی باندہین ہر صبح ایک
گولی کہاوین دیگر نیلہ تہوتہا ایکماشہ گڑ مین ملاکر گولی باندہکر نگلجاوین اگر ضرورت جانین تو تہوڑا پانی

اکسیر ہووین سات روز تک اس دواکو کہاوین تین روز تک گرمی اور بیقراری اور دست اور قی ہوگی
پس چاہیے کہ جو شخص اس دواکو کہاوی حتی الوسع بیقراری کو سنبہالی اور جسوقت کہ زیادتی قی اور دست
سی بہت بیقرار ہووی اس وقت کہچڑی مونگ چاول کی بہت گہی کی ہمراہ کہاوی بعد تین روز کے
کسی طرح کی بیقراری نہوگی اگر ضیق بیس برس کا ہوگا تو جاتا رہیگا دیگر تربی کٹائی کی جڑ کو ٹکڑا ٹکڑا
کر کی پاؤسیر پانی مین جوش کرین جسوقت تمام پانی جلکر مقدار پیالہ قہوہ خوری کی رہی اسوقت اُتار لیوین
او پلا کی پیوین ضیق اور کہانسی دور ہوجاویگی دیگر بکری کی گردن کی چربی کا روغن اور روغن چنبیلی کا
برابر لیکر آگ پر جوش کرین تاکہولتا ہووی اس اور سینہ کی ملین اور سینہ کو نرم کرین اسواسطے کہ اخلاط کثیف
نرم ہوکر کہانسی کی ساتہ باہر آوین دیگر خاک جنگلی کبوتر کی ہڈیونکی مقدار دو گولی کی ہمراہ پان کی کہاوین
ضیق دور ہووی دیگر درخت چرچرہ کا نمک تہوڑا تہوڑا دیوین سینہ سی بلغم دور کرتا ہی اور ضیق اور
کہانسی دور ہوتی ہی اور طریقہ ان درختون سی نمک نکالنی کا مقدمہ مین مذکور ہوا اور خاک تہوہر کی
سب خاکونسی بہتر ہی اور یہ بہی ہوسکتا ہی خاک تہوہر اور درخت چرچرہ کی دونو باہم ملا کر دیوین دیگر
پرانی کہانسی کو دور کرتی ہی اور بلغم کو سینہ سے بطریق قی کی دفع کرتی ہی بہٹ کٹائی کو دو ٹکڑے
کرین ایک ٹکڑہ نمک ملا کر کہاجاوین پستہ کا پہول منہ مین رکہین اور مغز تخم مین بہل پیس کی پہانک
ہر روز کہاوین دیگر مغز گہیکوار دس سیر اجواین پاؤسیر پہلی مغز گہیکوار کو مٹی کی برتن مین بچہاوین
اُسپر اجواین بچہاوین اسیطرح تہ بتہ رکہین پس سرپوش بند کر کی ماش کی آٹی سی مضبوط بند کرین اور ایک
نیچی اُسکی نرم آنچ کرین بعدہ سرد کر کی گہیکوار اور اجواین کو سایہ مین خشک کر کی ایکماشہ ہر روز کہاوین
خلط غلیظ سینہ سے باہر کرتا ہی اور قبض کو بہی دفع کرتا ہی دیگر جو ہیکا پتہ گُڑ مین لپیٹ کی کہلاوین
دو تین روز مین ضیق دفع ہووی اگر جنگلی جو یا ہو تو بہتر ہی اور قبل اس دوا کی کہانیکی بدپرہیزی خوب کرین
تا مرض خوب زیادہ ہو بعد اوسکی دوسری روز دوا شروع کرین غذا سات روز تک گیہونکی روٹی
خشک بی نمک کہلاوین دیگر ضیق النفس یعنی تنگی دم کو مفید ہی مکڑیکا جالا انڈی وغیرہ سی پاک کر کے
گُڑ مین گولی باندہکر کہاوین لیکن گرمی بہت کریگا دیگر ضیق النفس یا کہانسی پرانی جو کسی دوا سی جاتی ہو

فائدہ کرتی ہی درخت انکول کی باند رنگی چہال رائی تل لہسن پرانا گڑ ہر ایک ڈیڑہ تولہ لیکر کوٹ پیس کے
گولی باندہین ایک گولی کہلاوین قی بہت آویگی اور آخر قی مین بلغم غلیظ لعاب مثل چیکلی کے نکلیگا
پہر تک قی جاری رہیگی پہر تہوڑی عرصہ تک ٹہر ٹہر کے قی آویگی شام کو بالکل موقوف ہوجاویگی
چوتہی روز کمزوری اور حرارت اور پیٹ کا درد بہت اور پیاس شدت سی ہوگی پانچوین روز قریب ہلاکت
ہوجاویگا اگر بچ گیا تو صحت ہی اگر مر گیا مر گیا غذا سات روز تک چنا کی روٹی بی نمک و بیروغن کہاوے
پہر چودہ روز تک کہچڑی کم نمک اور بیروغن کہاوی دیگر پوست انار کو جلا کر ہڑ اور نمک اور بہیل ملا کے
گولی باندہکر منہ مین رکہین اور پانی اوسکا نگلجاوین کہانسی دور ہوگی دیگر اسپغول ہر صبح پہیلی بہر کہاوین
اسیقدر شام کو بہی کہاوین بیست دنون تک ضیق بیس برس کی دفع ہوگی چنانچہ ایک مہینے مین کمی
ظاہر ہوگی رہتی چار مہینے مین مرض بالکل جاتا رہیگا پہر احتیاطاً ایک سال تک استعمال کرین دیگر مرچ سیاہ
سجی بہونی ہوئی چنا پوست دور کیا ہوا سب کو برابر کوٹ پیسکی شیرہ ادرک مین گولی باندہین اور کہاوین
کہانسی کو مفید ہی دیگر ضیق النفس کو فائدہ کرتی ہی سہاگہ بریان ایک تولہ باریک کرکے چار تولہ شہد
مین ملاوین سوتی وقت دو تین انگلی کہاوین دو تین روز مین صحت ہوگے دیگر
بارہ سنگہ جلا ہوا کہ سفید ہوگیا ہو ایکماشہ پیسکر شہد مین گولی باندہکر کہاوین دوسری روز دوماشہ اسیطرح
ہر روز ایکماشہ بڑہاتی جاوین ایکتولہ تک اگر زیادہ کرنی سی حرارت ہو تو اسیقدر ترکیب سی ایکماشہ
کم کرین دیگر چہوٹا گڑوا کدو کا گودہ نکالین اجوائن سجی نمک سیاہ نمک سنگ سبکو برابر لیکر کدو مذکور مین
بہرین پہر مغز مذکور کو بہر کر سرپوش کرین گل حکمت کرکے آگ مین جلاوین کہ تمام کدو جلجاوی بعدہ
جلی ہوئی دوا کو نکالکر روز ایک چٹکی کہلاوین دیگر دوماشہ تہوہڑ کا دودہ آٹی مین ملاکر اسکی ٹکیہ بناوین
اور بہونین اور وقت کہانیکے تین روز قبل نرم غذا دیوین چوتہی روز آدہا اس دوا کا مرد جوان صاحب
قوت کو کہلاوین جبکہ چہہ سات دست آوین دہی اور خشکہ دیوین اگر اس سی موقوف نہوں تو دہی
خشکہ زیادہ کہلاوین بعدہ نصف دوا باقی کو بہی کہلادیوین تین روز تک شوربا کبوتر کا خشکہ کی ہمراہ
کہلاوین پانچ چہہ روز غذا نرم دیوین درمیان دوا کہانی مین چند روز پرہیز ہوا سی لازم ہی یعنی محفوظ

گھر مین مشہین بہت آدمی اس دوا سی مرض ضیق النفس والی اچھے ہو گئے اللہ کی مرضی دیگر کہانسی
یا ضیق کہ بسبب نزلہ یا رطوبت کی ہو نفع کرتی ہی اگر مادہ بہت ہو پہلے پاک کر لیوین کہ نزلہ مین قی
ہونا باعث آفت کا ہوتا ہی اجواین سفید دو حصہ افیون ایک حصہ بہیدانہ کی لعاب مین پیسکر مقدار باجرا
کی گولی باندہین وقت سونیکے ایک گولی کہلاوین موافق قوت اور طبیعت مریض کی دیگر کہ
ضیق اور پرانی کہانسی کو فائدہ دیوی منقول قرابادین معصومی سی ہے شحم حنظل بہنگرہ مرچ سیاہ
دیودار گندہک صاف کی ہوئی سونٹہہ سبکو برابر کوٹ پیس کی سفوف کرین ایک درم ہمراہ شہد کے
پانی کے دیوین دیگر سرد کہانسی کو فائدہ دیوی لونگ نمک سانبہر ہر ایک تولہ لیکر آدہا ہر ایک کے
بریان کرکے سبکو کوٹ پیس کی پانچ یا سات حصہ کرین ایک حصہ پانی کی ہمراہ صبح کو کہادین دیگر
کہانسی خشک و ترکہ ہوای ناپاک سی ہوتی ہی بغیر نزلہ کی کہ قی اور ضعف لاتی ہی اور باعث ہلاکی کی ہوتی ہی
اور ٹرونگی ہوتی ہی یہ دوا فائدہ کرتی ہی ملہٹی چہیلی ہوئی نو ماشہ سپستان تین دانہ پستہ ساڑہے
تین ماشہ نشاشتہ ساتہ ماشہ سونٹہہ تسارہی مین ماشہ شکر دش درم یعنی تین تولہ سبکو کوٹ پیس کی آدہ پانی مین ڈالکر رات
تر کرین صبحکو جوش کرین جسکہ ڈیڑہ پاؤ پانی رہجاوی چہانکر مصری اور نشاشتہ داخل کرکی مثل حریرہ کی پکا دین بعدہ مرتبہ
پسی ہوئی ملاکر نیم گرم مثل قہوہ کی پیوین تین روز تک جسقدر کہ کہانسی ہوگی دفع ہوجاویگی اگر مریض
بچہ ہو دوا موافق اُسکی دیوین دیگر ضیق اور کہانسی بلغمی کو مفید ہی اور ہمراہ کہانسی کی مادہ سینہ سے
لاتی ہی پہٹکری پیپل ہر ایک ایکتولہ لیوین پہلے پہٹکری کو بہون کی پیپل کو بہی ساتہ اسکی ملا لیوین
تا یہ بہی پک جاوی جسوقت پہٹکری لاوہ ہوجاوی اوتار کر باریک کرتے نو پڑیہ باندہین موافق
ضرورت کی جو مناسب ہو اور ایک پڑیہ کہلانی سے کف بہت آتا ہی اور کہانسی اور ضیق پرانی کو
بہت مفید ہی لیکن طبیبون نی پہٹکری کی کہلانی مین کم اجازت دی ہی حق یہ ہی جب تک دوسری
دوا سی مطلب بر آوی پہٹکری کو استعمال نکرین اور وقت زیادتی رطوبت کی ہو نیا درست ہی کیونکہ
یہ خشک ہی خشکی سینہ کو مفید ہوگی **فصل** دودہ کی زیادہ کرنیوالی دواؤن کی بیان مین نمک سنگ
زیرہ سفید دانہ الائچی بڑی پیپل ہر ایک ساڑہی تین ماشہ کوٹ پیس کی پیالہ بہر گای کی دہی مین ملاکے

ہر صبح

هر صبح ایک ہفتہ تک کہاوین دودہ زیادہ ہوگا دیگر سفید زیرہ پودہ برنج ساٹہی ہر ایک ساٹ ماشہ گوشت
بہیس کی گای کی دودہ مین جریرہ پکا کر کہلاوین دودہ زیادہ ہوگا دیگر گرنج گای کی دودہ مین جوش
کرین اور گاے کا گہی ملا کر کہاوین جاننا چاہیے کہ جو دوا کہ منی زیادہ کرتی ہی وہی دودہ بہی زیادہ
کریگی **فصل** دودہ کی کم کرنی مین آٹا گہون اور باقلہ کا ہمراہ پانی اور گہی ملا کر عورت کی چہاتی پر ضماد
کرین اگر گرم مزاج ہو لعاب اسپغول کو طلا کرین **فصل** چہاتی کی پہوٹا کرنی اور سخت کرنے
اور کہڑے رکہنے کی تدبیر مین جو عورت کہ اول اوسکو حیض ہو وہ خون لیکر چہاتی پر ملین چہاتیان
اسیطرح رہینگی **دیگر** لٹکی ہوئی چہاتی کو کہڑا رکہے گنجائی بڑی برسات مین ہوتی ہی چالیس عدد ایک
برتن مین رکہکی آدہ سیر نمک اوس مین ڈالین اتنے عرصہ تک کہ نمک اور گنجائی ایک ہو جاوی بعد
چکنی مٹی ملا کر سات روز چہاتیون پر ضماد کرین **دیگر** سنگ مقناطیس یعنی چنبک کا پتہر اسگند زیرہ سفید
سبکو برابر لیکر کوٹ پیسکی چاول ساٹہی مین خمیر کرکی چہاتیون پر ضماد کرین لیکن پہلی ضماد کرنی کی چند سوئی
چبوئین کہ کچہ تہوڑا خون نکل آدے ضماد کرکی چہاتیونکو مضبوط باندہین اور چاہیے کہ دن رات مین دو تین مرتبہ
دوا اونکو ضماد کرین یعنی صبح کو دوپہر کو اور سوتی وقت اور سوئی کا چبونا ایک مرتبہ کافی ہی **دیگر** گٹ دار چینی
گوند کبر کا سبکو برابر لیکر بہیس کی گای کا مسکہ ملا کر ضماد کرین چند مرتبہ مین سختی آجاوےگی چاہیے کہ سینہ بند مضبوط
باندہ رکہین **دیگر** چہلکا انار شیرین کا ایک سیر سرسونکا تیل تین سیر پانی بیس سیر سبکو ملا کر جوش کرین
جبکہ پانی جلکر خالص روغن رہجاوی نیمگرم چند مرتبہ چہاتی پر ملین اور یہ روغن سستی ذکر کو بہی مفید ہی **فصل**
جس عورت کی چہاتی چہوٹی ہو اور ظاہر نہوتی ہو تو اوسکی تدبیر مین چربی بیل اور گاے کی برابر ملا کر جوش کرین اور نیمگرم چہاتی پر
ملین چہاتی ظاہر ہوگی **دیگر** اسگند پیپل دارچینی سبکو برابر لیکر باریک کرکی بہینس کی مسکہ مین ملا کر نیمگرم چہاتی پر ضماد کرین

باب امراض جگر و تلی و پیٹہہ و پسلیون اور دوسرے امراض بادی مانند لقوہ و فالج و لرزہ و نہو وغیرہ کے

فصل تسکین دینی درد مین **دوای** کہ سردیکی دردونکو تسکین دیتی ہی لوبان پانیکی ساتہ پیسکر عضو پر ملین اور
اگ کی سینکین فوراً درد دفع ہوگا **دیگر** ایک شخص کو داہنی جانب جگر مین درد اٹہتا تہا سر معدہ پر پہنچتا تہا اور

بیقراری سی رات دن گذرتا تھا ہر چند وہ شخص جلاب لیتا اور قی کرتا تھا مگر کچہ نفع نہوتا اور ہر ہفتہ مین
دو تین مرتبہ اس مرض مین مبتلا ہوتا تھا ایک فقیر نی کہا کہ انڈی کی سفیدی زردی کو دور کرکی
لیوین شہد ڈیڑہ تولہ پیاز کا پانی ڈیرہ تولہ لعاب میتھی کا ڈیڑہ تولہ مین ملا کر پیووی اور غذا ار دی اور
وہ پیازہ کہاوی چند مرتبہ اس دوا کو کیا صحت پائی دیگر چار دانہ کہ اکثر امراض کو نافع ہی یعنی
تخم سنوار باچی ہر ایک تین عدد تخم ہالون ہموزن ایک دوا کی ادویہ مذکورہ سبکو پاک کرکی باہم
ملاوین بغیر کوٹنے کی نہار صبح کو ہتیلی بہر کہاوین ہمراہ پانی کی بغیر چابنی کی اور اگر واسطی قوت باہ کے
استعمال کرین تخم باچی دور کرکی تینون تخم کو کہاوین کافی ہی دیگر دوا کہ مرض استسقا کو مجرب ہے
منڈوہ کہ غلہ مشہور ہی آٹا اوسکا ہمراہ پانی پتی کچنار کی خمیر کرکی روٹی بی نمک پکاکر ساتہ گہی بہت کے
کہاوین اور بجای پانی کی ہر کام مین یعنی نہانی اور وضو کرنی اور پینی مین پانی کچنار کی پتی کا استعمال
کرین دو ہفتہ کی عرصہ مین اس دوا کا اثر تمام ظاہر ہوگا **فصل** بیماری تاب تلی مین دوائین کہ تاب
تلی کو گلاتی ہین اور یہ مرض تاب تلی کا بہت برا ہوتا ہی عرق گندہک آملہ سار کا مقدار چار رتی کے
ہمراہ پانی کی ملا کی پیوین اور شروع ایک رتی سے کرین آہستہ آہستہ بڑہاوین چار رتی سی زیادہ
نکرین کہ نہایت درجہ چار رتی ہے دیگر سونٹھہ پیپل مرچ آنبہ ہلد جواکہار چیتہ کمیلہ سبکو برابر پیس کے
شیرہ کنوار مین مقدار بیر جنگلی کے گولی باندہین ایک گولی ہر صبح نہار کہاوین تاب تلی کٹ جاویگی
دیگر نوشادر سوا دو ماشہ ہمراہ پانی مولی کی پیوین اور مولی اور تل برابر گرم کرکی تلی پر ضماد کرین
تین روز مین گل جاویگی مجرب ہی دیگر سہاگہ بہونا ہوا ایک حصہ رائی تین حصہ دونو باریک کرکے
تہوڑا تہوڑا کہاوین تاب تلی دور ہوگی دیگر انجیر چار عدد سرکہ مین تر کیے ہوے ہر صبح کہاوین
اور تاب تلی کو انگوٹھی سی ملتی جاوین اسطرح پہ کہ تہوڑا درد ہووی دیگر لیموں کا پانی ڈیڑہ تولہ سفید پیاز
کا پانی ڈیڑہ تولہ ہر دو باہم ملا کر پیوین ہر صبح چودہ روز تک اسطرح عمل کرین اور سوای نرم جیسے
مثل کہچڑی اور دال اور خشکہ اور قلیہ وغیرہ کی کوئی دوسری چیز نکہاوی دیگر سورن کہ اسکو زمین قند
کہتی ہین ہر روز نو ماشہ لیکر تین چار ٹکڑی کرین اور ہر ٹکڑی کو گہی مین تر کرکی نگلجاوین جو درد و ز یمک

اسطرح

اسیطرح کرین اور بادی اور ترشی سی پرہیز کرین پُرانی تاب تلی گل جاویگی دیگر لہسن کو کوٹ کے
چہ تولہ شیرہ نکالین اور چہ تولہ گہی اور ساڑہی چار تولہ گڑ اور تہوڑا گیہونکا آٹا ملاکی حریرہ بناوین
پس شیرۂ لہسن مذکور کو پہلے پیوین اگر دو روز مین مرض تاب تلی دفع ہوگا دیگر جو نیا پانی پہنچا ہوا انگ
پیسکر شہد مین ملاوین پس تلی پر ضماد کرین اور اوسپر رینڈیکا پتا باندہین دیگر تپ تلی اور تپ جو تہائی
کو مفید ہی اور باؤ گولہ کو دور کرے سونٹھ ستوہ سہاگہ بہونا ہوا نمک سیندہا ہیرا ہینگ شب رنگ
لیکر کوٹ پیس کی جڑ درخت سہجنہ کی شیرہ مین بقدار بیر کی گولی باندہین ہر روز صبح ایک و شام ایک
دیوین دیگر سہاگہ بہونا ہوا ایلوہ ہر دو برابر لیکر ہمراہ گڑ کی گولی باندہین موافق حاجت کی کہ جسقدر
کہ چاہین پس ہفتہ تک دیوین بلکہ ایک مہینی تک اگر متواتر نہوسکی تو ایک یا دو روز درمیان
دیکر کہاوین ہر روز تین چار مرتبہ دست آوینگی اور تمام امراض ضیق اور شکم کو مفید ہی اور چاہیے
کہ وقت شب بعد کہانا کہانیکے بعد ایکساعت کی دوا مذکور کو کہاوین بعد اوسکی کوئی چیز نکہاوین
مگر تہوڑا پانی گلاب کا اور ترشی اور بادی سی پرہیز کرین دیگر اجواین زنگی ہڑ بہیڑہ ہر ایک پاؤ سیر
بائبڑنگ آدہ پاؤ سہاگہ نو ماشہ نمک پہٹکی ڈیڑہ تولہ سیانا گوہ چار سیر مغز گہیکوار ایک سیر سجی نو ماشہ لوہیکا
میل ہمہ سیر سبکو کوٹ پیس کی چہ سیر پانی مین ایک برتن مین رکہکر ایک گڈہا کہ نیچی اوسکی لید خشک
بہری ہو اس مین برتن کو رکہکر اوپر بہی لید سے بند کردین چودہ روز تک چہوڑدین بعدہ لید
اوپر کی دور کر کی دو ہفتہ تک بقدر پیالہ قہوہ خوری نکالکر ہر صبح پیوین اور برتن کو اوسی گڈہے
مین رہنے دین سختی تاب تلی کی دور ہوجاویگی بفضلہ تعالی دیگر اجواین آدہ سیر پوست ہلیلہ کلان
آدہ سیر لوہیکا میل تین پاؤ پہلی ہڑ اور لوہیکو تہوڑا کوٹ کی ایک چکنی برتن مین کہ جسمین
پانی نہ ٹپکتا ہو رکہین اوسپر بارہ سیر پانی ڈالکر سرپوش مضبوط بند کرین بعدہ ایک گڈہی مین کہ
لید اوسمین بہری ہو چنانچہ اوپر مذکور ہوا رکہیں ۲۰ روز دفن کرین بعد اوسکی باہر نکالکر صاف کر کے
شیشہ مین رکہین ڈیڑہ تولہ صبح و شام یا کم و زیادہ نوش کرین تاب تلی دفع ہوجاویگی دیگر اجواین
سوا سیر سونٹھ آدہ سیر تج خراسانی ڈیڑہ پاؤ عاقرقرحا تین تولہ پہٹکی نو ماشہ جو چیز کہ لائق کوٹنی کی ہو

جو کو بکر کی تش عرق سونف کی عرق کسنیچین صبح اور شام موافق عمر کی تین تولہ پیوین تمام امراض بلغم
اور پیٹ پہولنی کو بہت نافع ہی دیگر سیہ کہ جانور مشہور ہی مانند کوی کی ہوتا ہی گوشت اوسکا
ہمراہ مصالح کی پکاکر کہلاوین سختی تلی کی دور ہوگی اگر بارہ زیادہ ہوگی دیگر سجی مقدار چہ ماشہ کے
اگر جوان آدمی ہو اگر چہوٹا ہو دو تین ماشہ لیکر باریک کر کی گڑ مین ملاکر اکیس روز تک کہلاوین
ترشی اور بادی سی پرہیز کرین تاپ تلی دفع ہوجاویگی دیگر آدمی کا پیشاب ہر صبح تہوڑا تہوڑا پلاوین
دیگر حرونجی اور بہلانوان کہلاوین بشرطیکہ موافقت کری دیگر سختی تلی کو دور کرتی ہی اگرچہ تمام
پیٹ مین پہیلی ہو علاج یہ ہی کہ سیدہی ہاتہ کی رگ اسیلم پر ٹپی یا کپڑا یا کاغذ جلاکر داغ دین تہوڑی
مدت اس مین سی پیپ اور پانی ٹپکیگا نفع عجیب ہوتا ہی اگر سختی داہنی طرف ہو بائین جانب داغ
دیوین اگر بائین طرف ہو داہنی جانب داغ کرین اور اسیلم رگ ہی کہ درمیان چہنگلیہ [illegible] کی پاس
کی انگلی کی کہ جسکو خنصر اور بنصر کہتی ہین دیگر نوشادر سہاگہ شورہ قلمی کالی مرچ سب برابر لیکر تہوڑا مغز
کہیکوار شامل کر کی مریض کو کہلاوین دوسری روز تہوڑا مغز کہیکوار زیادہ لیوین تیسری روز اس سی
زیادہ لیوین سات روز اسیقدر کہلاوین مجرب ہی دیگر اجواین بقدر برداشت طبیعت صبح و شام
کہلاوین دیگر نسوت ترپہلا بہلانوان سبکو برابر لیکر ہموزن انکی نمک سنگ پیسکی تہوہر کی دودہ
مین گولی باندہین پہر ایک شاخ تہوہر کی خالی کر کی اسمین گولیونکو بہرین بعدہ گل حکمت کر کی آگ مین
جلاوین جبکہ خوب جل جاوی نکالکر موافق حال مریض کی کہلاوین **فصل** سیفت کی بیماری مین دوا ہی
کہ درد کمر کو دور کرتی ہی اور قوت لاتی ہی سونٹہہ مغز تخم ارنڈ کا ہر ایک نو تولہ گہی گائیکا اور مصری ہر ایک
اٹہارہ تولہ دودہ گائیکا آدہ سیر پہلی سونٹہہ اور مغز ارنڈ کو گہی مین بریان کر لیوین پہر دودہ ملاکر جوش
کرین جسوقت گاڑہا ہو جاوی مصری ملاکر رکہہ چہوڑین موافق حال مریض کی کہلاوین **فائدہ** مرض بند کشادہ مین
دوا ہین کہ سب مرضونکو نفع کرتی ہین اور درد کمر کو بہی مفید ہین اگر ہو گیا ہی دیگر دسمول جوش کر کی کہلاوین درد کمر دور ہوگا

باب اول دواؤنکے ذکر مین کہ جو امراض بادی کو مفید ہین

مانند لقوہ و تشنج و عرق النسا و استرخا و جہولہ وغیرہ کی دوائی کہ لقوہ اور درد کمر کو دور کرتی ہے
چہال درخت سہجنہ کی سوا تین تولہ لہسن بونی دو تولہ میتہی اور گوڑ ہر ایک ساڑہی آٹہ تولہ گیہون کی بہوسی
سترہ تولہ دودہ گائیکا ڈیڑہ سیر گہی بقدر ضرورت سبکو ملا کر مانند کہیر کی پکاوین اور کہلاوین دیگر
گیہون کو مدار کی پتی جوش کی ہوئی پانی مین پکا کر خشک کر کی کہلاوین دیگر چہال جڑ سفید کنیر کی
اور گہنگچی سفید کی دال اور دہتورہ سیاہ کی پتی ہر ایک سات ماشہ جسکی ٹکیہ باندہکر پاو سیر تیل تلی مین
پکاوین یہان تک کہ وہ ٹکیہ جلجاوی اور دہوان موقوف ہوجاوی پس روغن کو باحتیاط نکال کہین
فالج اور جہولہ پر ملین دیگر جس شخص کی ہاتہ پیر رہگئی ہون اور کہنچ گئی ہون اسکو سفیدی بہلی و انکا اندہ
مغز رینڈیکا کہاوی دوسری روز دو کہاوی اسیطرح سات روز تک بڑہاتی جاوین بہت نافع ہے
دیگر اجواین باریک جسکی تلی کی تیل مین ملا کر ہاتہ پیر ملین گرفتگی اعضا کی دور ہوگی دیگر کرنج کی پتی
پانی مین جوش کر کی بہپارہ دیوین پہر اوسی پتی کو اعضا پر باندہ دیوین ہوا سی محافظت کرین دشنا
اور کمر اور ورم زانو کو فائدہ ہوگا دیگر اسبند کو تلی کی تیل مین جلا کر پیسین کہ ایکذات ہوجائی اعضا پر
ملین اور بعضی اسبند کو سرسون کی تیل مین جلاتی ہین اور تہوہڑ قوم یعنی تہوہڑ بہی داخل کرتی ہین کیسا
ہی درد شدید ہو دور ہوتا ہی اور جہولہ ماری ہوئی کو فائدہ بخشتا ہی دیگر درد گولہ اور درد زانو کو
مفید ہی میتہی اجواین ہالون کلونجی سب برابر لیکر ایکجا کرین صبحکو جسقدر کہ تین انگلیون مین آوی موافق
برداشت کی کہاوی کچہ کوٹنی کی احتیاج نہین دیگر جس شخص کی ہاتہ پیر بیکار ہوگئے ہون فائدہ دیتی ہے
تیل السی کا و تیل سرسونکا و تیل رینڈیکا و تیل تلی کا ہر ایک آدہ پاو عرق دہتورہ معہ پتی و جڑ دہل کا ایک سیر
سب ملا کر نرم آگ پر جوش کرین جبکہ عرق جلکر خالص تیل رہجاوی عضو پر ملین اور اوپر اوسکی مدار کا پتا
یا دہتورہ کا پتا یا ارنڈ کا پتا باندہ دیوین دیگر عرق النسا یعنی رینگن کو مفید ہی سونٹہ ستوہ پاو سیر باریک
پیس کی ایکتولہ پارہ مین ملاوین یہان تک دونو ایک جزو ہوجاوین پس اوس سی تہوڑا لیکر عضو پر
ملین دیگر رینگن کو مجرب ہی مہندی اور صابون دونو ملا کر ضماد کرین دیگر رینگن سخت کہ قریب ہلاکت ہو
اور کسی دوا سی صحت نہوتی ہو اور نیند بہی موقوف ہو پوستہ بقدر برداشت کی پانی مین تر کر کے

پانی اوسکا پیوین که تهوڑا نشه کریگا دوائی که تمام امراض بادی اور بلغمی کو فائده دیوی اور تاب لی
کو گهلا دیوی شیره ادرک آده سیر مغز گهیکوار آده سیر شهد آده سیر دارچینی نو ماشه سبکو ملا کر شیشه مین رکهکر
دهکنی بند کر کی رکهین اور شب کو نزدیک آگ کی رکهین بعد ایک هفته کی بقدر ایک پیاله قهوه خوری کے
پیوین اگر تیزی آفتاب کی هو تو دو هفته تک دهوپ مین لی ور اثر اسکا ایکسال تک خراب نهین هوتا
دیگر مرض بلغمی اور بادیکو مانند تلوار کی کاٹتا هی دوده گایکا تین سیر مصری آده سیر مغز گهیکوار ڈیڑه سیر
دارچینی تین توله پهلی مغز گهیکوار کو دوده مین ڈالکر تین جوش دیوین بعده مصری اور دارچینی ملاکر جوش کرین
تاکه قوام حلوه کا هووی بعد اوسکی گهی گایکا آده سیر داخل کرین هر صبح تین توله یا کم و زیاده کهاوین
دیگر که جهوله اور درد اعضا اور رعشه پر مفید هی جانکو بهت نافع هی پیپل پوتی دو توله نربابت چار توله
سیاه رتن جوت هر ایک چار توله مالکنگنی پوتی دو توله جمال گوٹه پوتی تین توله سبکو باریک پیسکر بمقدار چنے
گولی باندهین دهوپ مین خشک کرین پهلی روز ایک گولی دوسری روز دو گولی تیسری روز تین گولی
کهاوین پهر تین گولی ایک هفته تک دیوین غذا گیهونکی روٹی اور گهی اور برنج ساٹهی اور مونگ کی دال گوشت
اور شیرینی اور بادی سی پرهیز کرین دیگر امراض بادی اور بلغمی کو مفید هی کچله اندراین کی جڑ
کالی مرچ هر ایک تین توله کوٹ پیس کے پاو سیر قوام شکر مین ملا کر رکهین اور بقدر چنی کی گولی
باندهین اور ایک گولی پانی کی همراه کهاوین اور طریقه کچله کے پکانے کا مشهور هی که اول کچله کو
پانی مین تر کرین بعده ناخن سے اوسکا باریک پوست چهیلکر خشک کر کی کوٹین اور دوا مین ملاوین
واسطے درد سر دهی کی جو بهت پرانا هی مجرب هی اور بهوک بهی بڑهاتا هی دیگر کچله کهانیکا طریقه
یه هی که پهلی کچله کو بهونین اور پیسکر رکهین هر روز بینتالیس روز تک اٹهوان حصه ایک کچله کا کهاوین
بعد اوسکی ساتوان حصه ایک کچله کا بینتالیس روز تک کهاوین پهر چهٹا حصه پهر پانچوان حصه پهر
چوتها حصه پهر تیسرا حصه پهر نصف حصه پهر تهائی ایک کچله کی پهر تین چوتهائی ایک کچله کی پهر سارا
ایک کچله ان سب حصونکو بینتالیس روز کهانا چاهیے چنانچه ایکسال مین کچله موافق مزاج کی معتاد
هو جاوی پهر اگر چاهین ایک کچله اور بڑهاوین ورنه ایک هی همیشه کهاتا رهی کافی هی اور پرهیز کی نهین

بهوک اور امراض بادیکو دفع کرنی مین بی نظیر ہی **فصل** درد بهوک مین بهوک ایک درد ہی کہ پہلوکی نیچے
بسبب بادی کی ہوتاہی دوا اوسکی یہ ہی درخت مدار کی جڑ کا پوست ایک حصہ کٹ اور سہجے
چوتہائی حصہ ہر روز لڑکیکی پیشاب مین پیسین اور بهوک پر لگاوین اور آفتاب مین ٹہیرا گر آفتاب نہو
تو جنگلی اپلی سلگالیین **دیگر** کالی مرچ سات عدد گای کی پتہ مین رکہکر تین روز سایہ مین خشک کرین
پتہ غلیظ ہوجاویگا بهوک پر ملین او پہوکی پرانی روئی رکہکر باندہ دیوین **دیگر** جائفل مصری سونٹہ یون
برابر لیکر پیسین اور نو ماشہ مقدار کہلاوین جاننا چاہیے کہ بهوک جو ساتہ تپ کے ہو علاج اوسکا بہت
احتیاط سی سمجہکر کرنا چاہیے اسواسطی کہ استعمال سب دواؤنکا در ذات الجنب اور در ذات الریہ مین
کہ درد پہلو اور درد سینہ کو کہتی ہین نہایت منع ہی اور مضر ہی **دیگر** ریت رومی گرم کپڑے مین
رکہکر آگ کی گرمی دیکہا کر جس جگہ درد ہو باندہ دیوین بشرطیکہ وہان ورم نہو

باب دواؤن بهوک لانیوالی وامراض معدہ وامعا ومقعد و کر جلابکی دواؤن مین

فصل بهوک لانیوالی دواؤن اور قبض شکم کی بیان مین ہڑ بہیڑہ چیتہ سنا مکی نمک لاہوری سبکو برابر
کوٹ پیسکی سفوف کری **دیگر** بهوک لاوی اور دستونکو بند کری انار دانہ دو تولہ مصری سوا چار تولہ
مرچ سیاہ دانہ الائچی دار چینی ناگیسر سونٹہ پیپل ہر ایک ساڑہی تین ماشہ سبکو باریک کرکی کہاوین
بقدر چار ماشہ یا کم و زیادہ کہاوین **دیگر** بهوک لانی اور دستونکو بند کرنیمین مشہور ہی ساتہ حب چترک کی
چیتہ تین تولہ مرچ عاقرقرحا ہر ایک ڈیڑہ تولہ ہنگوت چار عدد گڑ سب دواؤن کی برابر لیکر پیسکی گولی
باندہین تخم ہنگوت اسطرح ہو کہ ہنگوت گڑ کی ہمراہ تر کپڑے مین باندہین تاکہ نرم ہو صبح کو پوست اوسکا
دور کرین اور اندر کا مغز لیکر دوا مین شریک کرین **دیگر** ہینگ کی معدہ کی قوت دینیوالی دار چینی سونف
مصطگی بڑی الائچی مصری سبکو کوٹ پیسکی بعد کہانی کی دہ تین ماشہ کہاوین اگر لڑکا ہو ایک ماشہ
کہلاوین **دیگر** خاک جڑ دار چینی کی سونٹہ شہد باہم ملاکر معدہ پر لگاوین درد معدہ رفع ہوگا **دیگر** شنگرف
ڈیڑہ تولہ لیکر کسی مٹی کی برتن مین نرم آگ پر رکہین اور تین سیر ادرک کی شیرہ نکالکر قطرہ قطرہ

شنگرف پٹپکاوین کہ تمام شیرہ جذب ہوجاوی نکالکی رکہہ چہوڑین پان کی ہمراہ مقدار ایک
چاول کے کہاوین دونی بہوک ہوجاویگی **دوائی** کہ بہوک لاتی ہی اور قوت باہ زیادہ کرتی ہی
ایک پیسہ لیکر برابر اوسکی قلعی لیوین پہلی قلعی کا پتر باریک بناکر پیسے پر لپٹین اسطرح پر کہ وہ پیسہ
مانند کہریہ کی ہوجاوی اندر اوسکی درخت سرس کی مانند کی چہال بانٹی ہی تین تولہ اوس کہریہ کی نیچے
بچہاوین اسیقدر چہال اوپر کہریہ کی رکہین کہ سب چہال نیچے اوپر کی آٹہ تولہ وزن ہو درمیان کہریہ
کے رکہین پہر اوسکا گولہ باندہ کی منہ اوسکا بند کرکی ایک کپڑ مٹی اوپر سی کرین بعدہ ایک گڈہا گز بہر
طول عرض کا جنگلی اپلونسی پر کرکی وہ گولہ مذکور درمیان رکہکر شبکو آنچ دیوین صبح کو قلعی اور پیسہ کو نکالکر
کہ وہ کہیل ہوگیا ہوگا ہمراہ پندرہ عدد لونگ کی ملاکر ایک رتی اوس سی موافق حال اور فصل کے
کہلاوین **دوائی** کہ کہانیکو ہضم کرے اور قبض کو دفع کری کمیلہ پاو سیر زعفران پیپل کالی مرچ آنولہ ہر ایک
بنسلوچن چہوٹی الائچی ہر ایک ڈہائی ماشہ اصل شہد مکہی کا تین پاو مصری آدہ پاو گلاب تین پاو
تیل بادام کا دو ماشہ پہلی کمیلہ کو صاف کرکی چار پہر تنہا کہرل کرین جیسا کہ دستور ہی معجون بناوین
اور صاف کرنا کمیلہ کا دو طرح پر ہی ایک وہ ہی کہ بزہ اوسکی چنکر لاوین کہ خاک آلودہ نہو دوسرا یہ ہی
کہ کمیلہ کو پانی مین ڈالین جو کچہ پانی پر آوی اٹہا لیوین اس صورت مین ضائع بہت ہوتا ہی مقدار
سات ماشہ کی قدری پانی کی ہمراہ معجون مذکور کو کہلاوین **دیگر** واسطی قبض شکم اور پیٹ کے
کیڑونکے اور بواسیر اور کہانسی کی سفید ہی شنگرف میٹہا تیلیہ جائفل پیپل مرچ تخم دہتورہ سہاگہ بہونا ہوا
ان سبکو برابر لیکر عرق برگ دہتورہ مین ایک پہر پیسکر مقدار چہوٹی مرچ کی گولی باندہکر کہلاوین انشاء اللہ تعالی
فائدہ ہوگا **دوائی** کہ جس شخص کا پیٹ بڑہ گیا ہو مثل استسقا کی صورت ہوگئی ہو شہد ڈیڑہ تولہ
چار تولہ پانی مین ایکمدت تک پلاوین **دوائی** کہ بہوک لاتی ہی لاہوری نمک نمک سیاہ ہلیلہ زرد
چترک تنتریک دہنیان سبکو برابر لیکر پیسکی عرق لیمو مین گولی باندہکر کہلاوین **دیگر** لونگ دار چینی
چہوٹی الائچی بڑی مرچ پیپل دہنیان بابرنگ اجواین ترپہلا تنتریک چوک نمک سونچل انار دانہ نمک سفید
نمک سانبہر نمک دریا جواکہار اجمود سونف کنکول سرخ سبکو برابر لیکر عرق لیمو مین گولی باندہین

دیگر سونٹھ پیپل کالی مرچ تربہلا پنچ اجواین سونف نمک سیندھا نمک سانبھر سبکو برابر پیسکی سفوف کرین
دیگر پیپل مول دہنیان زیرہ سیاہ نمک سیاہ پوست لیمو کاتالیسر ناگیسر ہر ایک سات ماشہ تج
دانہ الایچی چہوٹی ہر ایک دس ماشہ نمک دریا سوا دو تولہ املبید ساڑہی چار تولہ انار دانہ چودہ ماشہ
سبکو سفوف کرکی کہلاوین دیگر قبض شکم کو دور کرتی ہی سونٹھ نمک سیندہا قدری چیتہ پیپل موبز منقی
کہ دانہ اوسکا دور کری ہموزن سب دواؤن کی لیکر باہم ملاوین دیگر کہ بہوک بہت لاتی ہی بجاے
اکسیر کی ہی پارہ ڈیڑہ تولہ نرمہ کی پہول سو عدد سہاگہ چار ماشہ پہلی پارہ کو عرق گہیگوار ٹہ ہی کو تو ہی ہین کہ
اوسکو جنگلی بیگن کہتی ہین دو روز تر کرین تیسری روز پارے کو باہر نکالکر ایک گاڑہی کپڑے مین
دو تین مرتبہ چہانین تاکہ تری اوس مین نرہی بعدہ آفتاب مین خشک کرین پہر پارہ اور سہاگہ کو ناریل
کی گولے مین نیم کی لکڑی سی حل کرین یہان تک کہ سب پہول حل ہو جاوین مقدار مینی کی چار رتی
بقدر مرچ کی گولی باندہین اگر گولی نہ بندہی تہوڑا گلاب داخل کرکی باندہین بعد کہانا کہانیکی دو گولی
کہاوین ترشی اور بادی سی پرہیز رکہین جاننا چاہیے کہ پہول نرمہ کی منہ بندہی یعنی بی کہلی ہون تو
بہتر ہی دوائی کہ بہوک لاتی ہی اور آلایش شکم خوب نکالتی ہی ہڑ بہیڑہ آنولہ نمک سیاہ سناہکی
ہر ایک برابر لیکر عرق لیمو مین گولی باندہین وقت حاجت بقدر ایک تولہ کم و زیادہ گرم پانی کے
ہمراہ سوتی وقت کہاوین دیگر کہ بہوک لاتی ہی اور بادی شکم دور کرتی ہی اور جو مرض کہ سردی
سی ہو اوسکو بہی دور کرتی ہی مرچ سیاہ پیپل عاقرقرحا ہر ایک دس ماشہ سونٹھ کباب چینی سونف
ہر ایک ڈیڑہ تولہ ہینگ چہ ماشہ سبکو کوٹ پیسکی عرق لیمو مین قرص بناکر اوپر توی کی کہ نیچی آگ ہو
رکہکر سرخ کرین بقدر حاجت استعمال کرین دیگر بہوک زیادہ لاتی ہی نمک سانبہر نمک سیندہا نمک
سونچل نمک پان کاچ لون نمک کہاری نمک گجراتی نمک کو کنی جوا کہار سب برابر لیکر نوشادر
سب دواؤنکی برابر باریک کرکی چینی کی پیالہ مین رکہین اور عرق لیمو کاغذی کا اسمین ملاوین اسقدر
کہ دو انگل اوپر ہو سر باندہکر آفتاب مین رکہین پہر عرق اسیقدر ڈالین اور خشک کرین جبکہ تین مرتبہ
خشک کرچکین مٹی کی برتن مین رکہکر گل حکمت کرین لیکن ایک برتن دوسرا اوسکی منہہ پر رکہ بند کرکے

کہ منہ دونونکا ملجاوی نیچی اوسکی آنچ تیز کرین دوپہر تک اور کپڑا چند تہ پانیمین ترکرکی اوپر کی برتن
پر رکہتی رہین جبکہ کپڑا گرم ہوجاوی دوسرا سرد کرکی رکہین بعد دوپہر کی برتن کو اُتار لیوین اور
جو کچہ اوپر کی برتن مین آکر جمیٹ جاوی جہوڑ لیوین تہوڑی دارچینی اور جائفل اور مانند اوسکے
ملاکر تہوڑا کہلاوین دیگر دوائی کہ نام رکہا گیا ہی ساتہ گولی گندہک کی کہ واسطی بہوک لانیکی نفع کثیر
رکہتی ہی گندہک دودہ مین صاف کرین مرچ بابرنگ اجمود جواکہار ہر ایک تین تولہ کالا نمک پیپل
سمندر پہین ہر ایک ڈیڑہ تولہ سفید ہا نمک تین دام یعنی ساڑہی چار تولہ پوست ہلیلہ زرد چہہ تولہ سبکو
کوٹ پیسکی عرق ادرک مین پیسین بعد خشک ہونی کی لیموکی عرق مین ایک رات دن گہسین اور
گولی بقدر جنگلی بیر کی بناوین دیگر گولی کہ بہوک لگاتی ہی اور معدہ کو صاف کرتی ہی بلغم اور ریاح
سی زنگی ہڑ چار ماشہ ہلیلہ زرد پانچ ماشہ سونٹہہ باجہڑ دس ماشہ مصطگی دس ماشہ نمک ہندی دس ماشہ
ایلوا اسواد دو تولہ سبکو ملاکر گولی باندہین سفوف کہ بہوک لگاتی ہی اور معدہ اور آنتونکو قوت بخشتی ہے
اور دستونکو فوراً بند کرتی ہی انار دانہ پاؤ سیر سونٹہہ زیرہ سفید ہر ایک تین تولہ نسوت کالی زیرہ تیز پات
ہلیلہ زرد بہیڑہ ہر ایک ڈیڑہ تولہ نمک سنگ چار تولہ سبکو کوٹ چہان کی باریک کرین بقدر ایک تولہ قبل
کہانیکی یا بعد کہانی کی استعمال کرین دوائی کہ بہوک خوب لگاتی ہی آنا سماق کا آملہ اجوائن سونٹہہ
تج پیپل کالی مرچ الائچی زیرہ کرمانی لونگ سبکو برابر کوٹ پیس کی دوگنا اسکی مصری ملاکر صبحکو
ہتہیلی بہر کہاوین دوائی کہ پیاس کو کم کرے پتی نیم کی کوٹ پیسکی غلولہ باندہین بعدہ غلولہ کو آگ
مین ڈالین جبکہ گرم ہوجاوی پانی مین بجہاوین چند مرتبہ اوس پانیکو پلاوین دیگر پتی کنیر کی چندن
کلیسر تل ہر چہار برابر لیوین ہمراہ کانجی کی پیسین اوسکے سر پر طلا کرین **فصل** ہلہک یعنی ہچکی مین مسکہ ڈیڑہ تولہ
کلونجی تین ماشہ پہلی کلونجی کو پیسکر مسکہ کی ہمراہ ملاکی کہلاوین بعد اوسکی تہوڑی عرصہ کی کہانا
کہلاوین ہر قسم کی ہچکی دفع ہوگی دیگر کالی مرچ اکیس دانہ سونف نو ماشہ کاسنی نو ماشہ ہر دو پیسکی
کہلاوین دیگر مسکہ تین تولہ مصری ڈیڑہ تولہ دونو باہم ملاکر کہلاوین خشک کہانسی دور ہوگی دیگر
ماش سیاہ بجای تنباکو حقہ مین بہر کر کہینچین دیگر جڑ اکہی کا دہونہ لڑکی والی عورت مین پیس کی

ناک

ناک مین دو تین قطرہ ٹپکاوین دیگر بہوسی چنہ اور بہوسی ارہر کی بجای تنباکو حقہ مین بہر کر پیوین دیگر
کالی مرچ تنہا یا ہمراہ اجواین کی جلاوین دہوان اوسکا ناک مین لین دیگر جو شخص کہ اس مرض مین
مبتلا ہوا وسکو یکبارگی ڈراوین جسطرح ممکن ہو ہچکی دور ہو جاویگی اگر بعد کہانا کہانیکی ہچکی لاحق ہو
بہترین تدبیر قی ہے اور دم کا روکنا بہی مجرب ہی دیگر خاک مور کی پر کی اور خاک برانہ ٹاٹ
کی باہم ملاکی ہمراہ پانی کی دیوین ہچکی فوراً موقوف ہو جاویگی مقدار انتہا کی چار ماشہ دونون ہون چہینک
لاتی ہی اور مفید ہی دیگر ریشہ یعنی بال ناریل کی جلاوین اور پانی مین ڈالکر ایکساعت چہوڑ دین پہر
تہوڑا پانی لیکر قدر ہینگ اوسمین پیسین اور صاف کرکی کہلاوین کلی انار کی پتی تلسی کی دو نارنگ
پیسکے دو تین قطرہ ناک مین ٹپکاوین ہچکی بند ہو جاویگی **فصل** بای گولہ اور ڈکار کی بیان مین نمک سنگ
پیپل سونٹھ مرچ کالی زیرہ اجمود ہینگ بریان سب برابر لیکر پیسین پہلے کہانیکے یا بعد کہانیکی کہلاوین
باد گولہ دفع ہووی دیگر کہ ڈکار دور کرتی ہی نمک مولیکا یکماشہ پانیکی ہمراہ مفید ہی اور طریقہ نمک مولی
کی نکالنی کا پہلی مذکور ہو چکا ہی دیگر پہولنا پیٹ کا اور سختی اور قبض اور بواسیر کو مفید ہی نرکچور کو گولی
بقدر چنے کی گولی باندہین وآنولہ گفدست کوٹکے صبح کو پانیکی ہمراہ کہاوین بعد چار گہڑی کی دو گولی کہلاوین
بعد دو چار گہڑی کی دو گولی اور کہلاوین یہان تک کہ تمام دن مین سولہ یا بیس گولی کہلاوین اسیطرح
تہوڑی روز مداومت کرین **فصل** پیچش اور سنگرہنی مین فرق دونو مین یہی کہ سنگرہنی مین کچا
کہانا نکلتا ہی **دوائی** کہ پیچش دور کرتی ہی مغز بیل پہل ایکتولہ پوست اندرجو دو تولہ سونف یکتولہ ہلیلہ زنگی
یکتولہ اسپغول آدہا تولہ مصری تین تولہ ہر کو روغن مین بہونین اور سوای اسپغول کی سبکو کوٹمین اور
باہم ملاوین خوراک سات ماشہ یکتولہ تک اور بعضی اسپغول کو بہی کوٹتی ہین دیگر یکہان بید مغز بیل
مروڑ پہلی گل سپاری رال گٹہلی انبہ کی شکر تری ہر ایک ڈیڑہ تولہ سبکو چار حصہ کرین اور ایک حصہ اوسمین
سے سبکو دیدیوین باقی کو موافق حال کی تین دن یا کم و زیادہ کہاوین دیگر دستونکو بند کرتی ہین کوٹکے
بقدر تین ماشہ پانیکی ہمراہ کہاوین دیگر تخم سارہی چہہ تولہ کوٹ کی ڈیڑہ تولہ شکر مین ملاوین نو حصہ کرین
ہر صبح ایک حصہ ہمراہ دہی کی کہاوین اگر دست بہت ہون تو ایک حصہ اور بہی شام کو کہاوین

دیگر افیون خالص و چونا برابر لیوین برابر موٹھہ کی گولی باندھین یا بقدر سور کی موافق حال کے صبح کو ایک شام کو ایک کہاوین کہ دستونکو اور پیچش خونی و آنمی کو جلد بند کری مجرب ہی دیگر رال ڈیڑہ تولہ شکر سفید ڈیڑہ تولہ کو کنار بہونا ہوا ایکعدد کوٹ پیسکی ہتھیلی بھر کہاوین دیگر رال بیتیل گل سپیاری چہوہارہ سونف ہر ایک نوماشہ کوٹ پیسکی پانچ گولی بناوین صبح کو ایک اور شام کو ایک کہاوین دوائی کہ سنگرہنی کو مفید ہی سنگدانہ مرغ لونگ ہر ایک ایکتولہ باریک کرکی ایک خوراک کرین فائدہ بہتر علاج کلی ہی واسطی دستون ہر قسم کی اور پیچش کی کم کرنا غذا کا بہی مفید ہوتا ہی ایک شخص ساٹہ برس کا تہا کہ اوسکو پیچش ہوئی اور ورم ہاتہ پیر مین ظاہر ہوا ہر چند دوا کی فائدہ نہوا تین مہینی گذر گئے جبکہ پوستہ پانی مین عرق نکالکر کہاتا تہا اثر اوسکا رہتا تہا یعنی دستون مین کچہ تخفیف رہتی تہی مگر پہر وہی حال ہوجاتا تہا آخر اوسکو غذا سی باز رکہکر فقط کباب لوہ کا کہلاتی تہے اول روز ایک لوہ و بتدریج سات لوہ دیتی تہی اور اجواین تین انگلی بہر اوسکی کہلاتی تہی اور پانی فالسہ کا بہی کبہی کبہی کہلاتی تہی دیگر زحیر و سحج دستونکو نافع ہی یہ دو نو قسم پیچش کی ہین قہوہ رنگ مین بریان کرین مانند چنیکی کوٹ پیس کی دیوین لیپ کہ دستونکو موقوف کرتے جائفل تخم انبہ پُرانا مغز بیل ہر ایک بقدر مناسب لیوین اور افیون تہوڑی داخل کرین اور پیٹ پر طلا کرین دیگر دوا کہ سہل ہی اور نفع بہت رکہتی ہی پیچش اور دستونکی بند کرنیمین مولی کی بیج بہونی ہوئی چہہ ماشہ کوٹ کی برابر اوسکی شہد ملاکر کہلاوین دیگر کہ دستون اور پیچش کو بند کرتی ہی مغز بیل اور موچرس اور گٹہلی پُرانی انبہ کی ہر ایک ڈیڑہ تولہ جائفل ایکعدد افیون بقدر چنہ سبکو سفوف کرکی وقت تمام ایک ہتھیلی بہر کہلاوین یا کم و زیادہ دیگر مغز تخم انبہ پُرانا سونف برابر لیکر ساتہ شکر پُرانی کی تناول کرین دیگر انار کچا کہ قریب پکنی کی ہو معض کچا نہو دو ٹکڑی کرین پہر ایک جائفل لیکر اندر اوسکی خالی کرین اور افیون اس مین بہرین بعدہ جائفل کو انار مین کہ اندر اوسکا خالی کیا گیا ہو رکہکر دو نو ٹکڑونکو باہم ملاکر سوت سی خوب مضبوط باندھین کہ جدا نہو گہی مین بہونین جب کہ نیم پختہ ہو نکال لیوین کوٹ پیسکی نوماشہ جوتری اس مین ملاوین اور مقدار بیر کی گولی باندھین صبح کو ایک گولی کہلاوین

پیچش اور خون اور دستونکو دفع کری اس گولی کو حب الرمان بہی کہتی ہین سونٹہہ سونف ہر ایک
برابر بہم پیم برشتہ کرکی ہمراہ پانی کی موافق حاجت کی کہاوین دیگر کتیرا بقدر ضرورت لیکر تہوڑے
پانی مین تر کرین صبح و رات کو تہوڑی شکر ملاکر کہاوین دیگر سونٹہہ سونف مغز بیل ہر ایک نو ماشہ
مصری سفید دس ماشہ سبکو کوٹ پیسکی پہلی روز سات ماشہ کہلاوین دوسری روز دس ماشہ تیسری روز
ڈیڑہ تولہ کہلاوین دیگر تخم ریحان مٹی کی برتن مین ڈالکی اوپر سی دو تین قطرہ تلی کی تیل کی ڈالکی
آگ پر رکہین جبکہ سرخ ہووی پانی ملاکر نوش کرین پیچش اور دستونکو بہت مفید ہی دیگر ہڑ روی
سونف سونٹہہ برابر لیکر آدہا بہونکر کوٹ پیسکی بقدر ضرورت کہلاوین مادہ بلغم کو تحلیل کری اگر
بجای ہڑ ہڑ بکی زنگی ہڑ ڈالین تو زیادہ فائدہ ہوگا دیگر پیچش کہ لڑکونکو ہوتی ہی اوسکو مفید ہی گل دہا
بودہ دہنیان مغز بیل سبکو برابر لیکر جوش کرکی کپڑی مین چہانین یکماشہ یا زیادہ موافق عمر کی شہد مین
ملاکر کہلاوین اگر چاہین جوش دیکر دوا کو پلاوین اس صورت مین دوا کو جوکوب کرلیوین دیگر واسطے
دفع کرنی ہرے پاخانہ بچونکی پتی نیم کی ہلدی برابر لیکی گولی باندہکی پاخانہکی مقام مین رکہین دیگر کہ
اسکو دہانا پاچک اور دہنیا پاچک بہی کہتی ہین دست کچے اور پکے کو مفید ہی موتہہ دہنیان
مغز بیل خس سونٹہہ ہر ایک تین تولہ لیکر جوکوب کرین پانچ حصہ کرکی ہر روز ایکحصہ تین پاو پانی مین جوش
دیوین جبکہ آدہ پاو رہی دیوین اگر پانی خشک ہوجاوی اور پانی ڈالین رات کو جوش کرکی اسیطرح
پانچ روز دو وقتہ دیوین اگر خون ٹہہر جاوی اگر خون بند ہو تو سونٹہہ موقوف کرین اور بواسیر خونی ہو تو
بجای سونٹہہ گڑ ملاوین دیگر دودہی سبز پیسکر ایک پیالہ ملاوین دست موقوف ہون اگر خون کے
دست آتی ہون تو مغز بیل اور موچرس بہی ملاوین دیگر چہال درخت انبہ کی باریک کرکی دہی کے
ہمراہ ملاکی زیر ناف طلا کرین دست بند ہوجاوینگی دیگر کچا انار مٹی مین لپیٹ گرم بالو مین رکہین
کہ پک جاوی پہر مٹی دور کرکی پانی اوسکا نچوڑ کر نوش کرین دست بند ہون دیگر لیمو کو دو ٹکڑے
کرکی تخم اوسکی نکالدین اور قدری سہاگہ بہونا ہوا بہرین اور دبا دین دونو ٹکڑونکو باہم ملاکی آگ پر
رکہین پکجاوی اسکو اتار کر نوش کرین دیگر زنگی ہڑ کو گہی مین بہونکر کوٹ پیسکی شکر ملاکی بوزن

نو ماشہ کہلاوین دیگر گٹہلی جامن کی ساڑہی چار تولہ کوٹ پیسکی برابر اوسکی شکر ملاکی صبح شام ڈیڑہ
ڈیڑہ تولہ کہلاوین تین روز مین دست بند ہوجاوینگی پیچش اور خون اور بلغم تینون ترکیبونسی دور ہوجاتے
دیگر دستون اور بادی بواسیر کو دور کری ہینگ سہاگہ سونٹہہ نمک سیندہا برابر لیکر کوٹ کی عرق
درخت سہجنہ مین ملاکی بمقدار بیر کی گولی باندہکر صبح ایک شام ایک ہمراہ پانی سرد کی کہلاوین دیگر
دستون خونی اور صفرا اور بلغم کو بند کری انیس بودہ ناگیسر بنسلوچن موتہہ پوست انار گٹہلی انبہ کے
ہر ایک آٹہ ماشہ موچرس گل دہاوہ مغز بیل ہر ایک سولہ ماشہ کوٹ پیسکی سفوف کرین نو ماشہ یا کم زیادہ
کہلاوین دیگر سونف دہنیان مصری کوٹ پیسکی بقدر کف دست یعنی ہتہیلی بہر کہاوین خون اور
بلغم دور ہووی اور تپ کو بہی مفید ہی دیگر کہ دستونکو فوراً موقوف کری جسطرح کہ ہو یعنی فقط خون
آتا ہو یا بلغم آتا ہو یا پاخانہ فقط تمام اقسام کو مجرب ہی سہاگہ قسم اول بریان کرکی یکماشہ شنگرف دو ماشہ
افیون خالص چار ماشہ ہر تینونکو پیسکی بمقدار مرچ سیاہ کی گولی باندہین ایک گولی دیوین جوان آدمی کو
کہین دست اگر رات کو زیادہ آوین شہد مین گولی باندہین اگر دنکو دستونکی زیادتی ہو عرق لیموں مین
گولی باندہین دیگر کہ پیچش اور خون اور بلغم اور درد اور پہولنا کہ ساتہ گرمی کی ہو مفید ہی زنگی ہڑ گہی مین
تر کرکی لوہیکی برتن مین بہونکی یکتولہ سونٹہہ گرم بالو مین چہپاکر پانچ ماشہ سونف بیج بہٹکری کی بہونکے
پانچ ماشہ دہنیا بریان کرکی تین ماشہ مروڑ پہلی مصری دو تولہ اسکو پیس کی ہمراہ مصری کی ملاکے
موافق ہتہیلی کی چہہ ماشہ سی ایک تولہ تک ساتہ لعاب ریشہ خطمی یا ساتہ عرق پتی بارتنگ کی دیوین
یا سوا اسکی جو چیز مناسب حال مریض کی ہو دیوین دیگر سنکوت ساتہ پانی کی پیسکی دیوین دست خونی
کی موقوف ہون دیگر کہ پیچش اور دست اور درد شکم کو فائدہ دیوی مرچ و پوست انار برابر لیکر ہر ایک کو بہونکر
اور قدری اوس ہی ساتہ پانی کی دیوین دیگر کہ واسطے پیچش اور خون اور بلغم کی مجرب ہی اسپغول
تخم انبہ رال سفید شکر ہر چار کو برابر پیس کی ساتہ پانی کی ہتہیلی بہر نہار منہ کہاوین اگر پیچش جلد جلد ہو وقت
شام کی بہی اسیقدر کہاوین اور احتیاط کرین کہ اسپغول کو اسیطرح بدون کوٹی ثابت ملاوین اگر فائدہ
نکری کوٹ کی دیوی اہل تجربہ دیتی ہین اگرچہ طبیبون نی منع کیا ہی کہ اسپغول کوٹکی نکہاوین دیگر

دیگر پیچش اور دست اور بلغم کو فی الحال فایدہ کرے تخم انبلی کا پوست دور کرکے لیوین پس پانچ عدد
تخم چھلی ہوی پیسکر اندر لیموکی کہ سر لیموکا تراش کر اندر تخم لیموکی دور کرکے معفوف تخم انبلی کا بہر دین
جیساکہ مشہور ہے بعدہ اسکو آگ پر رکہین تا جوش آوے اور اسیطرح کہتی ہین عرق اوسکی کو جو بہین
دیگر دستونکو کہ کسی دوا سے فائدہ نہو موقوف کرتا ہے ہلیلہ اجواین زیرہ ہر ایک سوا دو تولہ علیحدہ
علیحدہ بریان کرکے بعدہ سبکو ملاکر کوٹین اور ڈیڑہ تولہ اوس سے ہمراہ دہی کے کہ پانی اوسکا کپڑی سے چہانکر
نکال لیا ہو ملاوین اور قدرے نمک سنگ شامل کرکے کہاوین بعدہ تین لقمہ خشکہ اور دہی کے کہاوین
اور گرم پانی ٹہنڈا کرکے پیوین دیگر دستون خونی وغیرہ کو دور کرے انار کچا بیج نکالا ہوا زیرہ سفید کو
اسمین پر کرین اور اوس انار کو خمیر مین لپیٹ کے پکاوین بعدہ خمیر دور کرکے کوٹین اور چار پانچ عدد
پتی جامن کے بہی داخل کرین اور سبکو کوٹ کے بمقدار بیر کے گولی باندہین پیچش اور دستونکو دور کرے
گابہا ہوے کا گوشت کے چہہ تولہ دودہ اوسکا لیوین ایک برتن مین رکہکے آگ پر چڑہاوین اور تین ماشہ
سونٹہہ باریک پیسکے اوس دودہ مین ملاوین جبکہ دو تین جوش آوین اوتارین نیم گرم پلاوین پر تیسرے
اور بادی سے پرہیز کرین دست خون کی اور پیچش دور کرے سونف سونٹہہ کو کنار تینو کو برابر لیکر آدہا
بہونین پہر پیسکے رکہین ساڑہے تین ماشہ روز صبحکو گوڑ اور گہی مین ملاکر کہاوین دیگر گٹھلی چہوارے
کی گہسکر ڈیڑہ تولہ ہمراہ تہوڑی دہی کے کہلاوین خون جو جلد جلد سے آتا ہو فوراً موقوف ہو جاوے
دیگر مواج خطائی یعنی کالا کورہ کوٹ کے نو برس کی لڑکیکو ایک ماشہ دہی مین ملاکر کہلاوین دیگر ملتانی
مٹی لعاب بہیدانہ کی ساتہ کہلاوین پیچش دور ہوتی ہے دیگر کوڑی جلاکر ڈیڑہ تولہ لیوین تین تولہ شہد مین
ملاکر کہلاوین اگر نمک لاہوری تہوڑا ملاوین بہتر ہو دست و سنگرہنی اگرچہ ساتہ زیادتی کی ہو مفید ہے
اوپر اوسکے چاول ساتہ دہی گاے کی نوش کرین وطریقہ جلانی کوڑی و سنکہہ کا یہ ہے کہ بیچ مٹی کی برتن کے
رکہکے منہ اوسکا گل حکمت کرکے تنور گرم مین رکہدیوین بعد سرد ہونیکے باہر لاوین اگر جلکر سفید ہو جاوے
بہتر ورنہ دوبارہ جلاوین دیگر دست ہاے خونی کو مفید ہے چہال بکاین بعد تراش کی بکید سفیدی بیضہ
مرغ مین ملاکر کہلاوین غذا دہی و خشکہ و گڑ کی تہوڑا سا دیوین دیگر سنگرہنی کو مفید ہے سنگ بصری

بیج لیموں کے پکّے جاوتری دو تولہ برابر لیکر باریک پیسین تین ماشہ بڑی آدمی کو دیوین پہلی دو ماشہ
سے شروع کرین و طریقہ پکانی سنگ بصری کا لیموں مین یہی کہ لیموں کی دو ٹکڑی کرین اور آگ پر رکھین
اور بصری کو لیموں مین ڈالین کہ سب جذب ہو جاوی دیگر سنگ بصری کو دو تولہ پتی انار مین آگ
دیوین کہ سرخ ہوی گلاب مین سرد کرین اسطرح اکیس مرتبہ پانی مین بجھاوین اور پتی مین رکھین پس دو رتی
ساتہ دو ماشہ بارتنگ کی کہلاوین غذا کدو و بدون گھی و خشکہ کی سنگرہنی کو مجرب ہی دیگر سنگ بصری
تین تولہ دہی چکہ سیر بہر بصری کو آگ مین گرم کرکی اکیس بار دہی مین سرد کری پہر پیسکی دس ماشہ
جاوتری اوسمین ملاوین اور باریک کرکی رکھین یکماشہ مریض کو دیوین کہ پانی سی اتار جاوی
دیگر کو دفع کری جائپہل یک چہوہارا دو افیون یکماشہ سب سی سات گولی باندہین پہر
کہلاوین دیگر سنگرہنی دفع کری بکری کا دودہ آدہ پاؤ پیالہ مین ڈالکر آدہا لیموں کاغذی اوس مین نچوڑین
دیگر پیچش اطفال شیرخوار و سوای اسکی دفع ہو جاوی پوستہ یک بیج گھی مسکہ کی بہونین کہ
سرخ ہوی پہر کوٹ کی تہوڑا اوسی کہلاوین دیگر اتیس پانی مین پیسین چہوٹی کو یکماشہ بڑی کو چہ تولہ
کہلاوین دستونکو موقوف کری مثل صندل کی گہسکر کہلاوین دیگر آنولہ دہی کی پانی مین گہسین گرد
ناف کی مانند دائرہ کی طلا کرین کہ کنارہ اسکی بلند ہون پہر عرق ادرک درمیان مین بہرین اکساعت
بہر جاوین مثل پانی کی جو دست آتی ہون فوراً بند ہو جاوین اوس دوا کو بادشاہ جملہ دوائی کا کہتی ہین
چہال بیج تغرک ساتہ سرکہ کی ملاکی اور پیٹ کی طلا کرین دیگر بکری کی دودہ مین مغز بیل کچا ڈالکی
جوش کری پہر اس مین اندرجو گل دہاوہ و سیندہی برابر لیکر ساتہ دہوئی چاول کی پانی مین پیسکر ڈال دیوین
یعنی اوس جوشاندہ مین تہوڑا شہد بہی شریک کر دیوین ایسا نسخہ نہی قوی فی الحال دفع ہو جاوی
دیگر چہال درخت اکورہ ساتہ دہوئی ہوئی پانی چاول کی پیسکی شہد ملاکر کہلاوین تنکم کہ مثل دریا کے
جاری ہو بند ہو جاوی دیگر رسوت اتیس اندرجو گل دہاویکی و سیندہی سب برابر ساتہ دہوئی ہوئی
پانی چاول کی پیسکی ساتہ شہد کی کہلاوین دیگر کلی انار کی و پتی نرم بیل برابر لیکر سونف تہوڑی سی و ان کی
سب دوا کی برابر پوستہ ملاکر کوٹین اور دیوین پیچش تر کو نکی دفع ہو جاوی دیگر کہ پیچش قوی ساتہ حکم الہٰ

دفع کرے اور مجرب ہے انولہ سونف ہر ایک ڈیڑہ تولہ پانی میں مسکی چہانیں مقدار دانہ جوار کی افیون
حل کرکے کہلاویں اگر مریض لڑکا ہو وزن کمتر اور افیون کہانیوالیکو افیون زیادہ دیویں دیگر سنگرہنی
کو مفید ہی کاسنی اسپغول رال مغز پنبہ مغز تخم انبہ مغز تخم جامن نمک سونچل ناگرموتہ کوسنہ سونٹھہ سب
دس دس ماشہ سوای اسپغول کی سب کو پیس بکاویں ایک ہتیلی ہر صبحکو کہاویں دیگر سنگرہنی اور
مروڑ اور پیچش کسی قسم کی ہو دفع ہوجاوی دیکہا ہی کہ دو مشہور ہی کوٹکی ایک لیمو دو ٹکڑی کرکی تخم
دور کرکی خوب بہریں لیمو کو آگ پر رکہیں کہ گرم ہووی ہر بیمار کو دونوں ٹکڑی چوساویں دیگر پیچش دست
بند ہوجاویں مرداسنگ سوا دو تولہ کافور چار رتی ساتہ تیل چنبیلی کی گولی باندہیں ایک گولی کہلاویں
اگر زیادہ کہلاویں درد قولنج پیدا کرلاوی وصورت ہلاکت ہوگی دیگر سنگرہنی اسہال و خون و بلغم کو
دفع کری و پیچش ہر قسم کی کہ ہو دور ہوجاوی شنگرف افیون لونگ جایپہل واڑہی درخت ببول کی مغز تخم
انبہ مغز تخم جامن گل پلنانی پرواریش موچرس گل دہاوہ جاوتری سونٹھہ سنبوہ کوٹہ بری کہ ہندی دوا ہے
زیرہ سفید مصری سبکو برابر کوٹ پیسکی عرق پان میں کہرل کریں کہ ایک میں ملجاوی مقدار چنہ کے
گولی باندہیں موافق حاجت ایک گولی یا زیادہ ساتہ پانی چاول کی کہلاویں بعضی لڑکونکو دو گولی
دی گئی ہیں لیکن پہلی کم کم دیویں مرجان سترہ ماشہ عنبر اشہب مشک ہریک دو ماشہ اکل سنگجراحت
الائچی چہوٹی ہریک چار ماشہ گلاب تین تولہ گلاب میں سب دوا کہرل کریں کہ خشک ہوجاوے
ایک ایک ماشہ کا قرص باندہیں صبح و شام ایک قرص ساتہ گلاب کی دیویں دیگر دست خون کی و بلغم و پیچش دیر
دور ہوجاوی زیرہ سفید کوٹ پیس کی ساتہ شکر سفید کی کہلاویں دیگر زیرہ سفید جلا کی ساتہ دہی کے
کہلاویں دیگر پیچش و سنگرہنی گنٹھیہ کو دور کری اندرجو کڑوا موچرس گل دہاوہ سونٹھہ ہریک ایک حصہ
بہنگ تہائی حصہ سب دوا کوٹ پیسکی ڈہائی ماشہ صبح کو ہمراہ پانیکی دیویں سات روز تک غذا دال ارہر
خشکہ دیویں اور کچہ نہ دیویں بہنگ کو بہون لینا چاہی دیگر کام رس چورن واسطی دور ہونی سنگرہنی کے
ابرک ماری ہوئی سترہ ماشہ گندہک ساڑہی تین ماشہ سوہاگہ بہونی دو ماشہ فلفل دراز مرچ سیاہ سونٹھہ
ہینگ ساڑہی دس ماشہ کوٹ پیس کے ہر روز صبح کو شہد ملاکی کہاویں سنگرہنی و کہانسی دفع ہوجاوے

دیگر وہ گولی کہ بہت قابض ہی موز منقی سات دانہ گٹھلی انبہ کی پرانی یکعدد افیون چار رتی جملہ نرم
کوٹ کی باہم ملا کی سات گولی باندہ کی ہر روز ایک گولی کہلاوین دیگر بہت دنون کی دست ورہو دواز
اور معدہ کو قوت ہو پیپل ایکتولہ مصری یکتولہ باریک کر کی سات روز تک کہاوین سفوف کہ واسطے
دست پیچش وزحیر وغیرہ وضعف معدہ کو نافع ہی بہنگ سبز ساتہ روغن بنفشہ یا بادام کی چرب کر کی تہوڑا
عرق دوب ہری کا اور تہوڑا شیرہ اجواین کا باہم ملا کی بہنگ مین ملاوین اور ہاتہ سی ملین اوپر برتن مٹی
کی کہ جسمین پانی نہ لگا ہو آہستہ بہونین پہر اوتار کی سرد کرین پہر ساتہ شیرہ مذکور کی بہنگ کو بہونین
اسیطرح سات مرتبہ بہونین پہر پیس کی بہنگ بنی ہوئی ڈیڑہ تولہ لیکر مصطگی رومی ساڑہی چار ماشہ
سونٹہ کہ آدہی بہونی اور آدہی کچی ہو ساڑہی چار ماشہ کوٹ کی سبکو ایک مین ملاوین ساڑہی تین ماشہ
وقت حاجت ہمراہ باسی پانی کہلاوین دیگر بہنگ خالص جسطور سی کہ لکہا گیا مصطگی سوا تولہ انار دانہ
پوستہ نیم بریان ہر ایک دو ماشہ زنجبیل بہونی ہوئی بیل و دہنیا بہونی ہوئی ہر ایک چار ماشہ صمغ عربی
یکماشہ سب کوٹ پیسکی چار ماشہ سونف کو ہمراہ پانی کی صبح کو کہلاوین دیگر واسطی دستون خونی بلغمی
کی مجرب ہی سہاگہ بریان دو ماشہ شنگرف چار ماشہ افیون مصری سب دواؤن کو خوب پیسکی ملا کے
آدہی کو ساتہ شہد کی آدہی دوا کو ساتہ عرق لیمو کی بقدر ماش کے گولی باندہین اگر مریض کو وقت رات کے
دست بہت آوین گولی شہد والی کہلاوین اگر دن مین دست بہت آوین گولی لیمو والی ساتہ پانی
سرد کی کہلاوین دیگر مائین ال گل دہاوہ ہر یک یکتولہ باریک کر کی ساڑہی چار ماشہ ساتہ پانی سرد یا دہی
کی کہلاوین قبض ہو جاویگا دوای غذائی یعنی دوا کہ پیٹ کو بند کری انار کچا چہہ عدد پانیمین پیسکر
اور کڑہی بناوین چاول کی ساتہ کہلاوین دیگر گوند ببول دس ماشہ خشک پیسین گیہون کی آٹی مین
ملا کی نان پکاوین ساتہ گہی گای کی چرب کر کی کہلاوین یا پانی مین پکا کی چاول مٹہ الکی کہلاوین دست بند
ہو جاوینگی دیگر مجرب بڑے حکیم کا مغز بیل کوٹ کی ساتہ تین لقمہ چاول ساٹہی اور گای کا دہی ملا کر
کہلاوین پہلی تہوڑا پانی پوست کا پی لیوین پیچہے سے یہ دوا کہاوی عجائب دوا ہی وہ گولی کہ
واسطی دست کہنہ اور عیر کہنہ کی مجربات ہی بوعلی سینا سی ہی مازو ومائین ہر یک نو ماشہ افیون ساٹہی چار ماشہ گوند

ببول سوا ماشہ کوٹ پیسکی برابر مرچ سیاہ گولی باندہکر کہلاوین ایک برس کے لڑکیکو ایک گولی اور
بڑی کو تین چار گولی کہلاوین اگر افیون کہاتا ہو دس گولی تک دیوین **دیگر** واسطی دکہ دستونکے
بیاض محمد یوسف سی سونٹہہ سونف پوست خشخاش موچرس رال سفید مغز بیلگری ہر ایک ڈیڑہ تولہ
مصری چہہ تولہ سب کو آدہا بہونا آدہا کچا کوٹ کی چہہ ماشہ ہمراہ پانی عرق کی کہلاوین اور غذا دال مونگ اور
خشکہ دیوین **دیگر** پیچش کو فائدہ کری ببول کا گوند کتیرا تین تولہ اسپغول تین تولہ شکر ڈیڑہ تولہ سب
پیس کی سات ماشہ صبح کو کہلاوین **فصل بیان مغص مین** یعنی درد آنت کی خواہ ساتہ
قبض کی ہو خواہ بدون قبض اور پیٹ کی درد کو کہ ہندی مین سول کہتے ہین درد آنت کا کہ ساتہ قبض کے
ہوتا ہی اسکو عربی مین قولنج کہتے ہین **دوائی** کہ سول پیٹ کو دور کری پتی درخت پیل ڈہائی لیکر صاف
کر کی پیسین ساتہ گڑ کی کہلاوین سونٹہہ چہال درخت جرائنڈ ہر ایک ڈیڑہ تولہ نمک سونچل
ہینگ ہر یک یکماشہ جڑ اور سونٹہہ کو تین پاو بہر پانی مین جوش کرین جبکہ آدہ پاو رہی جلکے
نمک وغیرہ چہوڑ کی کہلاوین **دیگر** تیل چنبیلی کو گرم کر کی روئی بہگو کی پیٹ پر رکہین درد جاتا رہیگا **دیگر**
شیرہ پتی رنڈ کا برابر اوسکی تلی کا تیل ملا کی گرم کر کی پیٹ پر ملین درد فوراً جاتا رہیگا باذن اللہ تعالی
اگر درد بسبب ورم کی ہو یہ دوا نہ لگاوین **دیگر** لکڑی ارنڈ جلا کی خاک اسکی ہتہیلی پر کہلاوین
باد شکم و سول جاتا رہیگا تخم کرفس انیسون سونف اجواین وزن برابر لیکر کوٹ کی چار ماشہ کہاوین درد تونکا
دور ہو جاوی اگر سبب درد کا سردی ہو یا ریح یعنی بائی ہو سب جاتا رہیگا **دیگر** واسطی دور ہونی قولنج کی عجیب ہے
خصوصاً جو قولنج کہ عرصہ سی ہوا اجواین زیرہ سیاہ انیسون سونف ہر یک ساڑہی چار ماشہ سبکو
کوٹ کی صبح کو کہلاوین اوپر اوسکی آدہ سیر اونٹ کا دودہ کہ اسیوقت وہ گرم جوش کیا ہو پلاوین چہند روز
پرہیز کامل رکہین اور بدنکو اخلاط خام سے پاک کر رکہا ہو ساتہ مدد خدا کی **دیگر** تخم پنتہی تخم سویہ ہر یک دو تولہ
یا کم زیادہ موافق مزاج کی لیکر جوش دیوین صاف کر کی روغن دو یا تین تولہ گرم کر کی ملا کے
پلاوین **فصل دواؤن مسہلہ کی بیان مین** یعنی جلاب دینی کی اصل یہی ہے کہ جو قانون
درباب جلاب طبیبون نی لکہی ہین اسمین لحاظ رکہنا چاہیئے دوائین سخت جو ہم یہان لکہتے ہین

اسس سی حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیے بدرجہ ضرورت دینا چاہیے واسطی سخت مزاجون کے
ترپھلہ ترکٹہ ہرتال گندہک پارہ ۵ سہاگہ زہر جہیاگ سب برابر لیکر برابر سبکے مغز جمال گوٹہ
ملاکر پیسین بقدر مرچ سیاہ گولی باندہین ایک گولی دیوین اوپر اسکے پانی سرد پلادین
چند مرتبہ جبکہ بند کرنا دستونکا منظور ہو گلہتی کو پکاکر مثل خشکہ کی کہلادین پارہ یا جمال گوٹہ
تیل اوسکا لین وقت حاجت دو تین قطرہ مصری کی شربت مین ملاکی دیوین تین چار دست
بفراغت بلا اذیت آدینگے دیگر جمال گوٹہ ڈیڑہ تولہ آنولہ چہہ تولہ ہر دو عرق لیموین کہرل
کرین کہ عرق اوتیس لیموکا خرچ ہوی پہر چنی برابر گولی باندہین ایک گولی کہلادین اور سبز
جمال گوٹہ کہ پہلی دور کرلی ہو دیگر تخم سرس پہلی روز یکعدد کہادی اور ہر روز ایک زیادہ
کرتا رہی کہ سو دانہ تک پہونچی پہر ایک کم کرتا جاوی کہ چالیس دانہ رہ جاوین اسیقدر کہایا
کری قبض اور خشکی کہ مزاج مین ہوگی چالیس روز کی کہانی مین دفع ہو جاویگی دیگر شافہ
یعنی پاخانہ کی مقام پر دوا بتی مین لگاکر اندر رکہنا بلغم نکلیگا وباد کو فائدہ ہوگا موثر منقی
تین تولہ کشمش عفری بادام ہر ایک ڈیڑہ تولہ لوبادران سونف یکماشہ طوطیا چار رتی
جا پہل چہہ رتی سب دوا کوٹ کی ایک کرین آخر کو طوطیا پیسکی ملاوین و شیاف تیار
کرین دوا اگر نو ماشہ مغز تخم ارنڈ بہی ملاوین قوی ہوی دیگر کہ بہت جلد عمل کری گڑ سیاہ
تین ماشے کی ہو برتن مین رکہکر آگ پر پگہلاوین پہر نمک پیسکی اوسمین ڈالین اور کسی چیز پہیر
پہر تہوڑا نمک اور ڈالین کہ گڑ جم جاوی پس سرد کرین شیاف کرین دیگر پارہ کو
ساتہ عرق پتی ساگون کی پیسین اور ناف پر ملین دست لاتی ہی دیگر مسہل کہ باسانی طبیعت کو
نرم کری و بندی سو کہ چہار کہتی ہین سناکی ڈیڑہ تولہ انیسون مغز بادام گل سیاہ ہر یک
تین تولہ کوٹ پیسکی باہم ملاکی تین خوراک کرین وقت سوانی کی کہلادین مسہل زہر کی
کہ دوا مشہور ہی اور عوام چہار مرچای کہتی ہین و بتازی کالہ دانہ کہتی ہین کوٹ پیسکی
بوزن یونی دو ماشہ یا کم و زیادہ موافق طبیعت کی برابر اوسکی شکر سفید ملاکی ساتہ پانی گرم کے

کہلاوین دست خوب آوینگی لیکن بعضی شخصون کو متلی و کرب لاتاہی اگر اسکو اصلاح دیکے
کہلاوین متلی اور کرب نہین لاتاہی و اصلاح اسکی یہ ہی کہ کالہ دانہ کو بہونین اور تیل بادام مین
یا سوا اسکی چرب کرین و بعضی چہلکہ اوپر کا نکال ڈالتی ہین بعد اسکی بہونتی ہین و چرب
کرتی ہین و صاحب یونان کہتی ہین کہ اسکو ساتہ ترکی یا مثل اوسکی ملاکی دیوین کہ وہ
دیر مین عمل کرتاہی وہ چیز جو جلد عمل کری ملاکر دینا چاہیی اگر چاہین کہ رنگ دوا کا بدل
جاوی تہوڑی گلاب کی پہول ملادیوین **دیگر حب النیل** یعنی کالادانہ کو مین گلقند یا قند سفید
باریک پیسکی اس مین ملاوین تا معجون ہو جاوی گولی بناکر ساتہ پانی گرم یا گلاب کے
کہلاوین خوب فائدہ کرتاہی اور متلی نہین ہوتی اگر چاہین کوئی جوشاندہ بہی اس کے
شریک کر دیوین **دیگر** جو اوپر ناف کی ضماد کرین دست لاوی بیٹ کبوتر کی شہد مین
ملاکی ناف پر ضماد کرین جبکہ چاہین کہ بند ہو جاوی دوا اوٹہالین **قہوہ مسہل سنا**
بغیر کوٹی ہوی نو ماشہ خواہ تیرہ ماشہ دو شیشہ عرق گلاب مین مثل قہوہ کی جوش دیکر
پلاوین مسہل تمام خلطونکا ہی ساتہ سہولت کی دست لاتاہی اور ساڑہی چار ماشہ لڑکونکو
بہی دی سکتی ہین اگر گلاب موجود نہو گلاب کی پہول سنا کی ساتہ جوش کرکی دیوین کہ یہ مصلح
اسکا ہی **دیگر قبض و سدہ** کہ پیٹ لڑکی مین پڑجاوی سونف و ہینگنی جو ہی کی برابر لیکر
پانیمین پیسکر نیم گرم نیچی ناف کی ضماد کرین اور پر اوسکی پتی مولی کی یا پان بنگلہ رکہکی کپڑی سے
باندہ دیوین غیرہ پہر بند بار ہنی دیوین دوا ضماد کہ پیٹ مین ہو گا نکل جاویگا **ترکیب ہندی**
ہر بار کہ اوپر اوسکی پانی پیوین دست آدین شنگرف سہاگہ سونٹہہ پیپل ہر یک لونی دو ماشہ
جوگنہ جمال گوٹہ سودہنا ہوا ہر یک سات ماشہ سبکو ملاکی گای کی دودہ مین پیسین بقدر
گہونگچی کے گولی باندہین و خشک کرین اور ایک گولی کہلاوین **طریقہ سودہنا شنگرف**
کا اور دوا کا کہ بدون اسکی کہلانا درست نہین شنگرف کو شیرہ لیمو یا شیر گاو مین ایک روز تک
پیسین خشک کرین پہر داخل دوا کرین **سودہنا پارہ** کا یہ ہی کہ پارہ کو مغز گہیکوار مین

ڈالکی کہرل کرین مغز دور کرکی پارہ نکال لیوین اور اگر پارہ کو کپڑہ سفت مین دو تین مرتبہ
نچوڑ لیوین قایم بمقام سودہنی کی ہی کہ سیاہی اسکی دور ہوجاتی ہی بہتر یہ ہی کہ اول پارہ کو
کپڑی مین چہان کی مغز کہیکوار مین کہرل کرین اور گندہک کو بندہ کرکی چمچی مین کہرل کی تہوڑا
ملاکی آگ پر رکہین کہ گندہک مثل پانی کی ہوجاوی اسوقت گای کی دودہ مین ڈالین پہر
گندہک اور پارہ کہلی کرکی داخل دوا کرین اور غذا اس دوا پر دہی ساتہ چاول کی کہلادین
دوائی کہ بلغم بستہ کو نکالی اور امراض نیچی بدن کی جو کہ ہون اور درد پیر کا کہ جو عرصہ سے ہو
دور کری ہڑ ہڑ بہی ہلدی نمک لاہوری تینون کو کوٹ پیسکی اندراین کی پہل کی شیرہ مین
تین روز کہرل کرکی بقدر جہربیری گولی باندہین خوراک موافق مزاج کی ایک گولی سی سات
گولی تک طریقہ کہانیکا اوسکی یہ ہی کہ پہلی دوا کہاوی بعد دو تین گہڑی کی گہڑی بہت
گہی بہت کی استعمال کری کہ گہی مصلح اوسکا ہی **فصل دوا قی لانی والی کی بیان**
مین کڑوی تری کی بیج اکیس دانہ اکیس مرچ دونو کو پانی مین پیسکی نیم گرم ملاوین بعد اوسکی چند لقمہ
غذا کی کہلاوین اور یہ قاعدہ مقرر ہی کہ قی نہار منہ نکرنا چاہیی اور خاصیہ اس دوائی کی یہ ہی
کہ قی ساتہ فراغت کی لاتی ہی اور سینہ کو بلغم لزج سی پاک کرتی ہی اور کہانسی اور ضیق اور
درد زانو اور پیر کو نفع تمام دیتی ہی اور فائدہ قی کا بیچ کتاب طب کی لکہا ہی موافق اسکی
دینا چاہیے اور جسکو کہ قی نہین چاہیی اوسکو احتیاط رکہنا چاہیی **دیگر** نیلہ تہوتہ دو تولہ سہاگہ
ایک تولہ دونو کو نرم پیسکی مولی کی پتی کی عرق مین چنہ برابر گولی باندہین اور ایک گولی یا
زیادہ عرق لیمو مین دین قی باسانی آویگی ضیق کو مفید ہوگا بلغم حنجرہ کا اور قسم معدہ کا
نکلیگا دیگر مین پہل کی بیج پانی مین پیس کی کہلاوین قی جلد آویگی مرد جوان کی
واسطی دو ماشہ سی چہہ ماشہ تک اور لڑکیکو موافق سن کی ایک ہتہیلی بہر دیگر کہ قی
فراغت سی آوی اور بی تکلیف ہووی کی بیج چہہ تولہ آدہ سیر پانی مین جوش کرین
کہ آدہا رہی یکدام جوز القی یعنی مین پہل ساتہ تہوڑی پانی کی پیسین اور شہد ملاکی ہمراہ
مطبوخ

مطبوخ سوی کی ملاوین اور بقدر حاجت آب گرم ڈالین اور تھوڑا شہد بھی ملاوین اور پلاوین
قی ہوگی **فصل** دوائین کہ قی اور متلی کو دفع کری مغز ریٹھہ پانی مین تین گھڑی تر کرین تو نرم
ہوی تھوڑا تھوڑا چباوین ٹکری حلق کی نیچی جاوین قی اور متلی جاتی رہی **دیگر** کپور کھری
چھوٹی باریک پیسکی مقدار مٹر کی پانی مین گولی باندہ کی کھلاوین اگر ایک گولی کفایت نکری
دوسری گولی دیوین زیادتی قی کی ایک ساعت مین جاتی رہی **دیگر** مور کی پر کو جلاوین
اور خاک اوسکی شہد مین ملا کی دیوین **دیگر** کونپل نیب کی کہ کچہ پتی ہی اوسمین ہو بہو پل گرم مین
رکھین کہ گرم ہوی پس پیسکی پلاوین ہوک دفع ہوجائیگی **دیگر** ساٹہی کی چاول پانی مین تر کرین
اور پانی اوسکا پلاوین زیادتی قی کو کہ بعد شراب کی ہوتی ہی موقوف کری **دیگر** گلاب کی
پھول بیج ہو بہو پل کی گرم کر کی پانی مین سرد کرین وہ پانی پلاوین **دیگر** ٹاٹ کہ اوسسے
شلیتہ اور سوا اسکی بناتی ہین جلاوین اور خاک اوسکی پانی مین ڈالین کہ نیچی پانی کی بیٹہی کہ پانی
صاف اوسکا لیکر پلاوین **دیگر** دریائی کہ اوسکو طحلب کہتے ہین سبز رنگ لیوین اور جلاوین
اور خاکستر اوسکی پانی مین ڈالکر پلاوین **دیگر** کہ قی موقوف کری دانہ الایچی چھوٹی ناگیسر کنول گٹہ
موتہ کھیل دہان چندن پیپل کلان سبکو برابر کوٹ پیسکی تھوڑا تھوڑا شہد اور شکر ملا کر کھلاوین
اگر کسی خلط سی قی بند ہوجاوی **دیگر** تہوع اور قی کو دور کری ناریل کی چھلکہ کا ریشہ چھری سی
جدا کر کی مقدار تھوڑا سا لیکر تین چار سنگ ریزہ کہ نہر مین پیدا ہوتی ہین اور اوسی چونا بناتی ہین
پانی جوش کرین جبکہ آدہا رہی اوتارین پانیکو سرد کرین پلاوین مجرب ہی **دیگر** قی کہ بسبب
حرارت کی ہو دور ہوجاوی سماق دہنیا خشک زیرہ گلاب کی پھول کافس اوچن سب برابر
کوٹ پیسکی پانی مین دیوین قی بند کری **دیگر** کہ قی صفراوی دور ہوجاوی بارتنگ چار ماشہ
پانی مین ملا کر پلاوین **دیگر** انار دانہ ترش مویز دانہ سٹاری سترہ ماشہ زیرہ کرمانی ساڑہی
تین ماشہ تینونکو کوٹ کی دس ماشہ کھلاوین قی بند ہوجاوی **دیگر** غشیان لازم کو دور کری
مغز چربری پتی تسی مصری ہر ایک ایک دام مرچ سوا تولہ کوٹین اور باریک کرین اور اسکو ملا کر

سات مرتبہ آگ پر گرم کرکی پانی مین سرد کرین اور تھوڑا اس پانی سی اور تھوڑا شہد دوائی مسی
ہوتی ہین ملاوین جسطرح گولی بنائی جاتی ہی بقدر جھربیری کی گولی تیار کرین اور ایک گولی کھلاوین
فصل وہ دوائی کہ کینچوی پیٹ کو باہر کری اجواین مغز کرنج پلاس پاپڑہ باڑنگ ہر ایک
ساڑہی تین ماشہ باریک پیسکی ساتہ گڑ کی ملاکی اگر مرد جوان ہو اسکو دو خوراک کرین اور
لڑکا ہو چار یا پانچ گولی بنا کر دین یعنی کہانی کی تہوڑا پانی پلادین وقت سونی کی ایک گولی
کہلادین ہمراہ بتاشی کی **دیگر** اگر لڑکے کی مقعد مین چہوٹی کیڑی کہ جسکو چنی کہتے ہین دور ہووے
رنڈ کی درخت کی کونپل نرم نرم ہاتہ سی ملین اور مقعد کی مقام پر باندہ دین کیڑی مرجائینگے
دیگر ترید ایکدرم حشتیر کی سات ماشہ نرم کوٹ کی ساتہ پانی گرم اور شہد کی پلادین سب قسم
کی کیڑون کو دور کری **دیگر** گرم چہوٹی یعنی جتنے دفع ہون شیرہ پتی بہنگرہ سیاہ کا اور شیرہ
پتی دہتورہ کا اور شیرہ پان کا سکو ملادین اور ہر روز دو مرتبہ انگلی سی پاخانہ کی مقام پر لگادین
پاتی ساتہ اوسکی آلودہ کرکی رکہین تین روز مین سب باہر نکل آوینگی **دیگر** سم گہوڑیکا جلادین
اور خاکستر اوسکے شہد مین ملاکر کہلاوین **دیگر** نیب کی پتی یا بہرنگ کمیلہ ہر ایک
سات ماشہ کوٹ پیسکی ایک تہیلی بہر کہلاوین سب قسم کی کیڑی مرکر گرجاوینگی اور چاہیے کہ
قبل اوسکی کباب کہانیکی خواہش ہو دونو سوراخ ناک کی ہاتہ سی مضبوط بند کرکی کباب کو کہاوین
اوسکی بعد دوا کہلاوین **فصل بیان ہیضہ مین** عوام اسکو باسی بہات کہتی ہین کڑوا
ہوا تیل کا جلاوین خاکستر اوسکی ساتہ پیشاب آدمی کی ملاکر پلاوین اگر بیہوش ہو ہوش مین آوی
اور تنہا بہی پیشاب آدمی کا فائدہ کرتا ہی **دیگر** چونا حنہ برابر ہلدی باریک کرکی چونی پر پیٹ کر
کہاوین اور تلی کا تیل جائپہل اوس مین ملاکر تمام بدن مین ملین **دیگر** گوند ببول کا کہلا ہوا
ایکماشہ جڑ مدار کی کالی مرچ ملاکر گولی باندہکر کہلاوین اور شراب اور پیشاب بہی ہیضہ کو فائدہ
دیتا ہی **دیگر** روٹی گیہون کی بہت دن کی رکہی ہوئی صاحب ہیضہ کو کہلاوین چہوٹی الائچی کا
چہلکہ ایکتولہ پانی مین جوش کرکی صاحب ہیضہ کو پلاوین **دیگر** واسطی ہیضہ لا علاج کی مفید ہے

بڑی جونٹی سرخ سر اگر نہ ملین کالی جونٹی پیسکر سات ایک ماشہ مصطگی اور شہد ملاکر کہلاوین دیگر زنبی کوٹ کے یا تراش کے کہلاوین صاحب نشہ والے کو زیادہ ہو یوین

باب امراض مقعد یعنی جاے ضرور کے

فصل باہر آنی مقعد یعنی کانچ سپستان روغن مین جلاکر کی جل گری کانچ پر لگاوین اندر جاتی رہیگی **دیگر** کنول کے پتی تر ہو وا شہ گڑ سیاہ مین ملا کی گولی باندہین اور ہر صبح کو کہلاوین **دیگر** سنا کوٹ پیسکی ہمراہ دودہ پانی ملاکی اوپر کانچ نکلی ہوئی کے رکہین اور پٹی باندہ دین اگر درد شدت سی ہو پہنگ کوٹ پیس کی اوس دوا مین ملادین **دیگر** بھگندر کو دور کرے بلی کی سینہ کی ہڈی پانی سر دمین پیسکی لگادین اور مریض پیشاب اپنی کو کسی برتن مین رکہی وقت پاخانہ پہرنی کے آب دست اوسی سے لیوی تین مرتبہ پہر پانی سی پاک کری تین روز مین آرام ہو جائیگی **وہ دوا** کہ باہر نکلنے کانچ کو دور کرے چنی کا پوست جلاکی تہوڑا تہوڑا کانچ پر چہوڑین باہر نہ آویگی بیج گل مہندی کوٹ کی چہڑکین اور لنگوٹ باندہین **فصل** دوا بواسیر مین بواسیر دو طرح پر ہی ایک وہ کہ کناری مقعد کی گوشت بڑہ جاوی خون اوس سی نکلی یا نہین دوسرا وہ کہ مقعد پر معلوم نہو لیکن شکم قراقر کری کبہی کبہی دستخون کی آوین اور اسکو یونانی ناسور کہتے ہین اور عوام باسور کو یہ کہتی ہین کہ زیادتی گوشت کی مقعد پر ظاہر ہو لیکن خون اوس سی نہ نکلی کہچڑی چاول دال مونگ دہوئی ہوئی جسقدر کہائی جاوی سات روز بے نمک کہاوی ساتوین روز مقام پاخانہ کی دانہ مثل خشخاش کی ظاہر ہونگی اوسکو خوب دہوئی ضعف ہی نہ ڈری پہر کہچڑی سات روز کہاوی بواسیر خونی بفضل الہی دور ہو جائیگی **دیگر** دوائیکہ خون بواسیر کو دور کرے اگرچہ کہنہ ہو مرسہ سرخ ڈیڑہ تولہ زنگی ہڑ چہہ تولہ بعضی تین تولہ ڈالتی ہین جدا جدا پیسکی پندرہ تولہ گڑمین ملاوین بقدر جہربیری گولی باندہین ایک صبح کو اور ایک شام کو کہلاوین صبح کو ساتہ لہی کے اور شام کو ساتہ پانی کے اسیطرح اکتالیس روز کہلاوین دو ہفتہ تک ترشی اور بادی سے

پرہیز رکہین غذا دو پیازہ اور نان کرین بعد تین روز کی عرق برگ پان ہی لیکر ایک گولی جل
کر کی روئی اوس مین تر کر کی باسور پر رکہکر لنگوٹ باندہین سات روز تک کرین بیان ایک عامل
کا ہی کہ یہ دوا سات روز مین بواسیر گرا دیتی ہی ضرورت سجاس روز کی نہین ہوتی اور ساگ
چولائی اور روٹی خوب روغن مین تر کر کی کہلاتی رہین دیگر گیہونکو روغن زیت مین جوش کرین
قدری سرکہ ملا کی مرہم بنا دین کپڑا پشمینہ کا اوس مین تر کر کے بتی رکہین دیگر کہال شغال یعنی
سیار کی اپنے پاس رکہی ساگ بتہوی کا بیج اوسکی تلی کے تیل مین بہون کی کہلاوین قبض بواسیر
کا دور ہو جائیگا دیگر بچہو چند عدد تلی کی تیل مین شیشہ مین چالیس روز تک آفتاب کی رکہین اور
وہ تیل بواسیر پر لگاوین دیگر ناگیسر اور مصری برابر لیکر دو ماشہ تناول کرین خون بواسیر کا بند ہو جائیگا
اور درد دور ہو جائیگا دیگر کہلہ کو جلاوین اور دہوان اوسکا مقعد پر پہونچاوین درد دفع ہو اور خون بند ہو
آخر کہ زیادتی درد کو موقوف کری اور نرم کرے رال سن وبہنگ ہر یک چہ تولہ میدہ گیہون کا
تین تولہ میدہ تیل تل مین بہونین اور دوا کو باریک کر کی ملاوین اور پانی ڈالکی حلوا کی مانند
پکاوین مقعد پر باندہین پہر لنگوٹ کہینچین آخر سینگری آدہ پاو لیکر پاو بہر کاغذ سفید مین لپیٹکر
جنگلی اپلی مین جلا کر رکہین کہ جوش مار کی خشک ہوی لیکر باریک پیسین پاو بہر روغن گاو مین
ملاوین ساتہ لکڑی نیب کی کسیطرف مین دہی ملا کی دو تین روز گہسین تاکہ سرخ ہو دی اور
خوشبو دیوی روی اوس مین تر کر کی مقعد پر رکہین لنگوٹ کہینچین ایکدن رات بند یا رکہین
اسیطرح ایک ہفتہ تک عمل مین لاوین جملہ گوشت بڑہا ہوا گہل کر دفع ہو جاتا ہی اگر پہلی
سوئی کی بیج پانی مین پکاکر مقعد پر باندہین دو دن رات بعد اسکی مرہم مذکور لگاوین جلد فائدہ
بخشے مجرب ہی دیگر جو یا چنہ بہر گولی باندہ کر کہلاوین ٹہر ہیڑہ بڑی یا تین بکاین کی بیج برابر
لیکر کوٹ پیسکی دونی شکر ملا کی تہیلی پر سبکو کہلادین بواسیر بادی خونی کو فائدہ بخشتی دیگر
چہال کرہ کہ مشہور ہی اور نہایت تلخ ہوتی ہی کوٹ پیسکی دو ماشہ یا تین ماشہ تنہا یا ساتہ
پانی یا شہد تین ہفتہ کہاوین خون بواسیر کا بالکل بند ہو جاوی پرہیز ترشی اور بادی سی رکہین

اگرچہ شکم ملائم مین گوشت بہی کہلاوین دیگر پتی مدار کی بجای کلونج یعنی وہیلی کی لیوین نیب کے
بیج کا روغن اوپر بواسیر کی ملنا نفع رکہتاہی روغن تخم سودہ بہی ملنا اوپر بواسیر کی نفع رکہتاہی
دیگر شیرہ دہتورہ سیاہ کا ساتہ تلی کی تیل کے جوش کرین شیرہ جل جاوی روغن باقی رہے
روئی آلودہ تر کرکی اوپر بواسیر کی رکہین دیگر رسوت اور اندر جو چہال کرہ واتیس برابر لیکر
کوٹ پیسکر شہد مین معجون بناکر کہین اور تہوڑی معجون مذکور ساتہ دہوون چاول ساٹہی کی کہلاوین
دیگر کالی زیری ساڑہی چار تولہ آدہی بہونی دونو ملاکر تین حصہ کرین ہر روز ایک حصہ کہلاوین
اوپر اوسکی چاول ساٹہی ساتہ دہی کے دیوین دیگر چہال سرس تگر ملہٹی صندل سرخ انبہ ہلدی
دار ہلد بہنگ تخم بکاین ہریک ڈیڑہ تولہ لودہ پٹہانی نو ماشہ سبکو کوٹ کی دو حصہ کرین ایک
حصہ آدہ سیر دودہ گای ڈالکی جوش کرین اور بہپارہ لیوین حصہ دوسری کو گہی گای مین ملاکی
لُبدی باندہ کی سینک کرین اور باندہ دیوین درد دور ہو درد دور ہوجاوی دیگر کہ بواسیر کو گرادی
ایک ہفتہ مین مجرب ہی زخم حیات لاوین اور سایہ مین خشک کرین کوٹ پیسکی ہر رات کو چہہ تولہ
ہمراہ گڑ کی کہاکر سورہین اور صبح کو ایک تہیلی بہر اس دواسی ہمراہ پانی کی کہاوین اور ترشی اور
بادی سی پرہیز کرین ایک ہفتہ مین بواسیر دفع ہو زخم حیات ایک درخت چہوٹا ہی کہ اوپر
زمین کی پہیلا ہوا ہوتاہی اور نیچی اوسکی تمام زمین چکنی معلوم ہوتی ہی اور یہ درخت کہیت کہیتون
اور کناری دریا کی بہت ہوتاہی اور اوسکی دو قسمین ہین ایک وہ کہ پتی چہوٹی اور بہت باریک ہو
اور مطلوب یہی ہی دوسری وہ کہ پتی اوسکی موٹی ہو اور نسبت اول کی چوڑی ہو یہ کام کی نہین
دیگر کہ درد مقعد کو دور کری کائی پانی پیکی لاوین اور اوپر مقعد کی باندہین کہ گرمی اور درد دور کرتی
مجرب ہی دیگر انبلی کی بیج آگ مین ڈالکر بقدر ایکماشہ کی پوست اوسکی سے کہ نہ جلا ہو جمع کرنے کی
سفوف کرین سات تین ماشہ دہی چکہ کی ملاکی سات روز تک نہار چاٹین اور ترشی اور بادی
سے اور جماع سی پرہیز کرین بواسیر بند ہوجائیگی دیگر کہ خون بواسیر کو بند کرتی ہی آزمودہ ہے
پوست انبلی کی بیج کا کوٹ پیسکی مقدار چنہ کی گولی باندہ کی تین روز تک یا زیادہ دیوین دیگر

بواسیر خونی اور بادی کو دور کرتی پتی انبہ کی اور پتی آنولہ کی و پتی جامون کی اور مصری ہر ایک
تین تولہ دودہ گائیکا کہ ایک رنگ ہو آدہ سیر پتیون کو کوٹ پیسکی شیرہ نکالین بغیر پانی ملانی
کی اور اگر شیرہ نہ آوی تو تہوڑا دودہ داخل کرین پہر دودہ ملا کر پیوین یا فقط شیرہ پیوین اور
بعد اوسکی دودہ پیوین ساتہ روز تک اسیطرح کرین ترشی اور بادی سی پرہیز کرین دیگر کہلانی
باسور مین مجرب ہی چمڑا گہوس کا کسی برتن مین جلا دین اور ایک کپڑا اوسکی منہ پر بند کرین تو
دہوان اوس برتن سی باہر نکلنی پاوی اور دہوان اوسکا باسور تک پہنچا دین جسطرح کہ مشہور ہی
دیگر واسطی بند کرنی خون اور دور کرنی کانج کی اور بواسیر کی مجرب ہی درمیان چہنگلیہ اور
اوسکی پاس کی اونگلی کی کپڑی کی پتی سی داغ دیوین اور بعد اسکی کپڑا بہگو کی اوس جگہ ہمیشہ باندہین
کہ خود بخود تراوش سی ٹہر جاوی اور بہتر یہ ہی کہ داغ اوپر رگ اسلم کی دیوین کہ پاس چہنگلیہ کی ہوتی
ہی دیگر بواسیر کو فائدہ دیوی اور خونکو بند کرتی ہی کوہی کی ہڈیکو جلا کر دہوان اوسکا مقام
بواسیر مین لیوین دیگر کہ زیادتی بواسیر کو دور کرتی ہی جڑ حسنا کی کی ہمراہ عرق لیمون کی
گہسین اور بواسیر پر ملین دیگر وہ گولی کہ حق بواسیر مین ایک بزرگ سی منقول ہی شورہ قلمی پنج
اور مسی رسوت نگر کوٹی ہر یک چہہ تولہ سبکو کوٹ پیس کی عرق بہنگرہ مین گولی بنا دین اور ایک
گولی کہا وین دیگر شورہ نرم کرکی اوپر دانون بواسیر کی ضماد کرین اسکی باعث مقعد کو زخم
اگ پڑ ین اور چند روز اسیطرح کرین دانہ بواسیر کی مرجہا کر کی گر پڑینگی آزمودہ ہی دیگر
کہ واسطی خون بند کرنی کی مجرب ہی مرغ کا انڈا جوش کرین پوست جدا کر کی جسقدر کہ ہاضمہ
کو ضرر نکری ہمراہ پودینہ کی کہاوین دیگر کہ خون بند کرتی ہی ہلہل کہ دوای مشہور ہی تین
اوسکی لیوین اور ایک جوش دیوین اور پانی جوش کئی ہوی سی آہستہ لیوین اور تین
جوش کئی ہوئی کی تین پہر پکاوین جیسا کہ ساگ کو پکاتی ہین ہمراہ خشکہ کی بقدر مناسب کہاوین
خون زیادہ آتا ہوا بند ہو جاوی دیگر خون بواسیر کو بند کرتی ہی پوست ہیل پکاین کا ڈیڑہ تولہ
کالی مرچ تین تولہ مصری نو تولہ کوٹ پیسکی دو ماشہ صبح تین ماشہ شام کو کہاوین غذا دی اور

ترشی سی پرہیز کرین اگر دفع کرنا قبض کا منظور ہو تہوہ کا ساگ کہاوین دیگر پتی انبہ کی سبز لیکے
بعوض تماکو کی حقہ مین رکہکر کہینچین بواسیر دور ہوگی خونی ہو یا بادی ہو دیگر بواسیر کی خون کو بند
کرتی ہی مجرب ہی گوکہرو سبز لیوین اور پتی نرم اوسکی مع گوکہرو نرم کی گہی مین نمک ڈالکر پکا کر
کہاوین اور اگر گوکہرو نرم نہوی جیسا کہ ساگ اوسکا پکایا جاتا ہی پکا دین اور اگر سبز ہووے
عرق نکالکر کہاوین مفید ہی دیگر ناگیسر تین تولہ پہٹکری نو ماشہ شکر سفید برابر تمام کی کوٹ پیسکی
چودہ پڑیان باندہین صبح ایک شام ایک پانی کی ساتہ کہاوین دو تین روز مین نفع ہوگا لیکن
جو شخص کہ کہانسی خشک رکہتا ہو یا پہیپہڑا اوسکا ضعیف ہو اوسکو پہٹکری نہ دینا چاہیے کہ
کہ پہیپہڑے کو مضر ہی دیگر بائین ہاتہ کی درمیان خنصر و بنصر یعنی چہنگلیہ اور اوسکی پاس کی اونگلی
کی داغ دینا واسطی بند ہونی خون بواسیر کی مجرب ہی اور داغ کرنا جگہ جوڑ ہنسلی پر واسطے
بواسیر بادی کی مجرب ہی اور بائین ہاتہ کی انگوٹہی کی جڑ سی پشت کیطرف چہہ انگل ہووے
کیطرف ناپین اور جس جگہ کہ چہٹی اونگلی پہونچی وہین پتی سی داغ دین اور داغ پختہ چاہیے یعنے
خام نہو اور بعد داغ دینی کی دو تین روز حرارت مغز زخم پر رکہین تو زخم تراوش یعنی بہا کرے بعد
اسکے پرانی روئی پانیمین تر کرکی زخم پر رکہتی رہین اور جو آلائش کہ زخم سی نکلی پاک کرین اور
پہر روئی صاف لعاب منہ سی تر کرکی زخم پر رکہین دو تین مہینہ اسطرح داغ کو خشک نہوی دین
یعنی تراوش بند نہونی پاوی بعدہ جبکہ چاہین زخم کو خشک کرنا یہ دوا کری یعنی تیل خبیلی کا
روئی مین تر کرکی اوپر زخم کی رکہین اور یہ داغ چاہیے کہ بعد سولہوین تاریخ مہینہ کے
روز چارشنبہ کی دیوین بعد داغ کی نفع جلد حاصل ہوگا اور خون بند ہو جائیگا اور جیسی ہی
بواسیر ہو اس دوا سی دفع ہوگی لیکن ایکسال تک مچہلی اور دودہ اور بیگن اور مثل اسکی سے
پرہیز کرین اگر اتفاقاً کسیکو بیماری پہر ہووی سبب اوسکا یہ ہوگا کہ چیزین منع کی گئین مذکور
کہانا ہوگا آزمودہ ہی دوائی کہ بند کرنی خون بواسیر مین آزمودہ ہی نواب فراسیاب خان
کی گل محکند کہ دوا ہندی مشہور ہی باریک کوٹین اور بقدر تین چار ماشہ کی گہی اور شکر مین

ہر یک ایک ایک تولہ ہو ملوا کے گولی کھاوین دیگر تن آدہ سیر چونا نو تولہ عالمگیری تن کو
کہرل مین ڈالکی دستہ سی ہلاوین تو بھوسی اوسکی نکل جاوی بعدہ اوسکی تین ڈہائی پاو پانی مین
جوش دیوین جبکہ ڈیڑہ پاو پانی رہجاوی اوتار لین اور چونا قدری اس پانی سی حل کرکی نرم آگ
پر رکہین اور پانی بچی ہوئی تن کو تہوڑا تہوڑا بیچ اسکی ڈالین تو تمام جذب ہوجاوی اور چونا
گاڑہا ہوجاوی پس بقدر جہربیری گولی باندہین اور ایک گولی دہی کی ہمراہ صبح کو کھاوین
بادی اور ترشی سی پرہیز رکہین بواسیر خونی اور بادی کو دفع کری اور زیادتی کو تحلیل کرے
ایک ہفتہ کھاوین اور اگر بعد دو تین مہینی کی یہ بیماری پہر ہوئی پہر یک ہفتہ کھاوین دوسری
بار نہ آویگی اور چونا چاہیے کہ بھیگا ہوا ہو ہمراہ پان کے کھاوین **بیان امراض گردہ**
اور مثانہ مین **فصل** جلن پیشاب اور سنگ گردہ مین واسطی جلن پیشاب کی
کانٹے کی گٹہیان کہ ترکیب اوسکی مشہور ہے ساتہ شیرہ تخم خیارین کی اور کاسنی کی پیوین جلن
پیشاب کی جو بسبب گرمی اور پہوڑی کی ہوئی ہو دور ہوجاوی دیگر گوکہرو ہلیلہ بلیلہ
آنولہ سونٹہہ مرچ پیپل ہر یک ساڑہی چار تولہ موٹہہ ڈیڑہ تولہ گوگل ساڑہی دس تولہ پہلی گوکہرو کے
تین چہ گونہ پانی مین جوش کرین پس ہلاوین بیچ درمیان اس پکنے کی گوگل چہوڑدین اور
پکاوین تو مانند حلوہ کی ہوجاوی نیچی اوتار کر باقی دوائین کوٹی ہوئین اس مین ملادین اور
وزن نو تولہ یا کم موافق حال مریض کی دیوین جلن پیشاب کی جس قسم کی کہ ہوی دور ہوجاوے
خصوصاً اوس شخص کو کہ سردی سی ہوی اور جاننا چاہیے کہ دوائین جلن پیشاب کی پرمیوہ مین
ذکر ہوچکی ہین دیگر کہ سنگ مثانہ کی تین دور کرتی ہی مجرب ہی گلہتی تین ماشہ سونف چار تولہ
جوکوب کرکی بقدر چار پیالہ پانی کی جوش کرین جسوقت کہ ایک پیالہ رہی صاف کرکی ڈیڑہ
تولہ نمک سنگ نو ماشہ روغن گاو ملاکی تہوڑا تہوڑا پیوین کہ سنگ گردہ اور مثانہ گرجاوے
دیگر تیل رینڈیکا ساڑہی چار تولہ گرم پانی مین ملاکر پیوین پیشاب صاف ہوگا یہ دوا اسوقت
دیوین کہ کوئی دوا فائدہ نکری دیگر پہٹکری تین ماشہ یا کم وزیادہ لیکر پیسین اور گہی مین ملاکر دو تین

اور اوپر سی ایک چمچہ دہی کا پلاوین **دیگر** پودینہ پانچ تولہ ہینگ تین ماشہ ہر دو کو کوٹ کر آدہی
پیالہ پانی مین جوش کر کی جسوقت کہ چہ پیسہ بہر باقی رہی صاف کر کی دیوین اور جا مین کو رعایت
مزاج کی ضروری جو چیز کہ گرم ہی جب تک مزاج سرد نہو نہ دینا چاہیے **دیگر** پیشاب جاری
کرتی ہی مجرب ہی حکیم ابراہیم گیلانی سی شورہ پکا ہوا قلمی اور رائی ہر ایک آدہ سیر شاہی باہم
پیسکے پانی کر کی نہار کہاوین کہ بند پیشاب جاری ہوتا ہی عجیب ہی **دیگر** کہ پیشاب بند کو کہولے
بہنیس کی کانچا میل مریض کے ناف پر ملین فوراً پیشاب لاوی مجرب ہی **حکایت**
اکبر بادشاہ کی تئین پیشاب بند ہوا تہا اور کسی دوا سی نہ جاری ہوا آخر الامر حکیم مصری نی تین تولہ
شورہ پانی مین پیسکر پلایا اور بعد دو گہڑی کی دو مرتبہ بہر دیا اللہ تعالی نی شفا بخشی **فصل**
دواؤن سلسل بول یعنی پیشاب ٹپکنی مین کالی تل اجواین برابر پیسین اور گڑ مین ملا کر گولی بندہاوین
مقدار نو ماشہ کی کہلاوین **دیگر** موٹہہ چار ماشہ باریک کر کی کہاوین **دیگر** جو سیلان بول
کے تئین کہ بسبب ضعف گردیکی یا سوا اوسکی ہو فائدہ دیوی پتی درخت لسوڑہ کی نرم نرم یعنی
کونپل چند عدد لیکر ہمراہ شکر سرخ کی کہلاوین دو تین روز مین دفع ہو دی **دیگر** مصری ناگیسر ملیل
زیرہ سفید انار دانہ لونگ سبکو باریک کر کی ہمراہ شہد کی کہاوین **دیگر** مرغ کی انڈیکا پوست
گای کی گہی مین بہونکر پیسین اور ایکدرم یعنی ساڑہی چار ماشہ ہر روز کہاوین **فصل** اون دواؤن
مین کہ جنسے مرد اور عورت کی توڑی پہٹکری بہونی ہوئی ایکماشہ یا دو ماشہ ہمراہ شربت
مصری کی ملاکر ہر صبح کو کہاوین **دیگر** دہ برگہ کہ قسم ہی صد برگ کی تخم اوسکی لیکر کوٹ پیسکے
نو ماشہ کہلاوین **دیگر** سپاری چہالیہ درخت کیلہ مین دو ہفتہ تک رکہین اس طریق پر کہ درخت
کیلہ کے تئین خالی کرین اور بعد دو ہفتہ کی نکالین اور عورت سستی والیکو دیوین شہوت کم ہوگی
دیگر بخور کہ بند کشا دینی مقام پیشاب کا بڑہ جاوی اور سوزاک کو مفید ہی اسپند کی تئین کسی برتن
مین جلا کر چادر اوسکی سر پر لپٹین اور ہر دو قضیب اوسکی دہوان پر رکہین جلد پیشاب آوے گا
دو تین روز تک اسیطرح کرتی رہین فائدہ ہوگا اور کہا ہی کہ اسپند کو روز سنیچر کے لاوین

اور اتوار سے دہوان لیسنا شروع کرین ہر گز نہ تک

باب امراض کے مردونکے واسطے مخصوص ہین اور عورتونکو بھی بعض مرض اوس سے لاحق ہوتا ہے

فصل دواؤن سیلان منی اور سوزاک اور پرمیو اور بند کشاد اور سرعت انزال کی بیان مین
دیگر کہ سیلان منی اور سوزاک اور بند کشاد کی تین سفیدی انڈا مرغ کا سپیدی نکالکر زردے
لیوین مشک اور زعفران اور لونگ اور جوتری ہر ایک دو رتی پیپل اور مرچ سیاہ چار رتی
سبکو باریک پیسکر زردی مذکور مین ملادین اور انڈیکو ماش کی آٹی مین رکھکر اوپر سے
کپڑوٹی کرین اور لسکار کہین صبح کو کہاوین اسیطرح تین روز تک کرین **دیگر** واسطے سیلان
منی کی سفیدی تتر یک چار ماشہ ثمر بالہ ڈیڑہ تولہ ہلدی آدہ ماشہ عناب چار عدد دو عدد عناب
سی بیج جدا کرین اور دو کی تین مع تخم پہر سب ہر ایک دوا کی تین جدا جدا کوٹ کر ایک جگہ
کرکے پانچ حصہ کرین اور ایک حصہ صبحکو ہمراہ دودہ بکری کی کہ ڈیڑہ پاو ہو پیوین ترشے
اور بادی سی پرہیز کرین **دیگر** بند کشاد اور پرمیو کو مفید ہے سرسیا فی تین تولہ رال تین تولہ شکر
سرخ چہہ تولہ کوٹ پیسکی سات حصہ کرین ہمراہ گای کی دودہ کی یا ساتہ بکری کی دودہ کی ہر صبحکو
ایک حصہ کہاوین سات روز تک **دیگر** دہوان لیسنا اسپند کا فصل مستی اور عورتون مین کو
ہی واسطے بند کشاد اور سوزاک کی سفید ہی **دیگر** ست سلاجیت آفتابی وست گرج وچھوٹی الاٹچی
وتال بکہانا گند ہک املہ سار ہر یک یکمثقال یعنی ساڑہی چار ماشہ مصری دونی خوراک حسب حال
مریض **دیگر** چوب سیدہ صمغ پلاس مساوی کوٹ پیسکی گفدست صبحکو ہمراہ دودہ بکری ملادین
غذا روٹی بی نمک سا سہت گہی سے اکیس روز تک دیوین کہ پرمیو بہی جاتا رہی **دیگر** گل کیکر
چنے بہونی ہوئی شکر سفید ہر ایک نو ماشہ صبحکو کہلاوین **دیگر** بند کشاد و سیلان منی کو دور
کرے ثعلب مصری مغز تخم سرس ال ک دہونی ہوئی ہر یک دو تولہ کوٹ پیسکی پاو سیر دودہ بڑ کا
اس مین ملاوین کہرل کرین تا غلیظ ہوئی پس بقدر جہر بیری گولی باندہکر صبحکو ایک یومیہ

سات روز تک مجرب ہی و بعضی نقرہ کشتہ اور سونا کشتہ و یاقوت و مروارید ہر یک چہ ماشہ
اس دوا مین زیادہ کرتی ہین دیگر السی بہنی ہوئی ہتہیلی بہر کہلاوین ثعلب مصری کوٹ پیسکی
پانچ ماشہ ساتہ پاو بہر دودہ گای کی دیوین اوپر اسکی بعد دو گہڑی یہ سفوف مقدار دو تولہ استعمال
کرین تا ملکہانا کہیر کا گوند شکر سفید برابر لیکر کوٹ پیسکی سفوف کرین و پیچہی اس سفوف کی چار تولہ
چنے کہ رات کو پانی مین تر کیا ہو نوش کرین سرعت انزال و بند کشاد دور ہو جاوی دیگر دودہ
گائی کا ایک سیر پانی دونا خرما چار عدد چہال چہڑا ونٹ کٹارہ ڈیڑہ تولہ ہر تینونکو خوب پکاوین
چہال کو لتہ مین باندہکر دوا مین لٹکاوین اور جوش کرین کہ پانی جل جاوی دودہ رہ جاوی بہت
مبہی و مقوی بدن ہی دیگر کائی تالاب مٹی کی برتن مین رکہکی آگ پر رکہین تا خشک ہوی برابر
اسکی شکر ملاوین و مقدار چار ماشہ یا زیادہ صبح دیوین سیلان منی دور ہوی دیگر حلوا کہ پٹہہ کو
مضبوط کری و درد گردہ و کمر کو دفع کری تخم املی یکتولہ گوند ڈہاک یکتولہ نشاستہ یکتولہ نبات سرخ
تین تولہ روغن زرد چار تولہ گرم کرین اس مین نشاستہ بہونین پہر املی کی بیج و گوند بہول باریک
کرکی ڈالین اور مصری کو پانی مین گہول کر ملاوین اور پکاوین کہ حلوا ہووی یہ ایک خوراک ہے
تین روز بلکہ پانچ روز اسیطور کہلاوین و حسب مزاج کم و زیادہ کرین دیگر کہ پر میوہ عورتون کو
نفع دیوی دودہی چہوٹی سایہ مین خشک کرکی زیرہ سفید گوکہرو ہر سہ برابر کوٹ کی برابر اسکی شکر
سفید ملاکی ایک تولہ تین وقت صبح ظہر و شام کہلاوین پر میوہ سرخ و سفید دور ہووی دیگر چہلہ
و مرچ سیاہ مساوی لیکر کوٹ کی دو پہر یا چار پہر کہرل کرین ساتہ پانی کی بقدر جوار گولی باندہین اور
سایہ مین خشک کرین پہلی ایک گولی کہلاوین ہر روز ایک گولی زیادہ کرین نوین روز نو گولی
ہووین پہر اکیسال تک نو گولی معتاد کرین اگر کوئی ایکسال اس دوا کو کہاوی از سر نو جوان ہووے
لیکن یہ دوا سرد مزاجونکو نافع ہی و چہلہ خوب باریک نہین ہوتا ہی اسکو پانی مین تر کرکی وہ ورق
ورق چہوڑی سی کاٹین سایہ مین خشک کرکی کوٹین کہ یہ طریق کوٹنی کا ہی دیگر اجواین ہلیلہ سیاہ
سوا گیارہ ماشہ جو کوب کرکی آدہ سیر پانی مین جوش کرین جسوقت آدہ پاو پانی باقی رہی ڈیڑہ تولہ

شہد ملاکر شیر گرم پلاوین بند کشاد دور ہو دیگر تال مکہانا صمغ پلاس نشاستہ برابر لیکر کوٹین اور
مساوی اوسکی شکر سرخ ملاکر کہاوین دیگر تال مکہانا کپڑی مین چہان کر کی نو ماشہ کیلہ مغز دور
کر کی اوس مین بہرین اور رات بہر رکہین صبحکو مع دوا بہری ہوئی کی کہاوین دیگر راوند خطائی چودہ
روز تک ساتہ شربت مصری کی کہلاوین اور غذا سوای خشکہ اور گہی اور شکر کی اور کچہ ندوین پرمیو
جس قسم کا کہ ہو دور کری پہلی روز ایکماشہ راوند کہلاوین دوسری روز ایکماشہ زیادہ کرین سات
ماشہ تک پہونچی چودہ روز تک سات ماشہ کہلاوین اور کبہی موافق برداشت طبیعت کی زیادہ کردنہ
اور یہ دوا سوزاک اور جو شخص کہ خون پیشاب کرتا ہو بہی دور کرتی ہی دیگر واسطی خون پیشاب
کرنی اور سوزاک کی مجرب ہی راوند خطائی ڈیڑہ تولہ پختہ کوٹ پیسکی تین حصہ کرین اور ہر حصہ سات ماشہ
کا ہو پانی سی گولی باندہین اور نیچی حلق کی اوتارین پیچہی اوسکی ساڑہی سات تولہ مصری کا شربت
گاڑہا نوش کرین تین روز تک دیگر کہ سوزاک اور سیلان منی کو مجرب ہی کشنیز خشک سونف
ہر یک نو ماشہ کوکنار ساڑہی چار ماشہ تینون دوا کو جوکوب کر کی اوس پیالہ مین کہ جسمین پانی
نہ لگا ہو ڈیڑہ پاو پانی ڈالکر شب کو رکہین صبحکو بغیر ملی ہوی چہان کر نوش کرین ایک شخص
بیماری سخت رکہتا تہا بارہ روز تک اس دوا کو دستی نوش کیا صحت پائی باوجود اسکی کہ کچہ
پرہیز نہ کیا ترکیب اندری جہاڑ یعنی برلائی والی مادہ کی بول ہی یعنی پیشاب بہی اور پاک
کرنی والی آلات تناسل کے ہتی مولی کی آدہ سیر کوٹین چار پانچ پیسہ بہر عرق نکلیگا اوس مین
مقدار ایک ماشہ کی شورہ قلمی ملاکر تین روز تک نوش کرین کہ یہ دوا اثری پیشاب لانی
والی ہے دیگر سوزاک اور سیلان پیپ قضیب کو دور کرتی لونگ عاقرقرحا گوکہرو گوگل
کافور چینیان افیون خالص گدہر ایک ساڑہی چار ماشہ لیکر کوٹین اونٹنین گولی باندہین ایک
گولی کو پہینک دیوین اور باقی کو چودہ روز تک ایک صبحکو اور ایک شام کو کہلاوین مگر شام
کو ساتہ پانی کی کہاوین اور غذا گیہون کی روٹی ساتہ گہی بہت کی بی نمک کہاوین دیگر واسطی
سوزاک کے مفید ہی کباب چینی ساڑہی سات ماشہ بنگ یعنی قلعی کشتہ ڈیڑہ تولہ لیکر

بارتنگ

باریک پیسین اور برابر مصری ملاوین اور نو ماشہ اس دوا کی ہمراہ تین تولہ دہی کی ملاکر صبح کو کھلاوین
ترشی اور بادی سی پرہیز کرین دیگر واسطی پرمیو اور سوزاک کی کسی دوا سی دور نہوتا ہو دو رتی
پہٹکری بریان کی ہوی ایکماشہ اور مصری ایکماشہ دونو کو باریک کر کی صبح کو جسوقت کہ پیشاب
کرین اوسوقت نوش کرین اور اوپر اوسکی دودہ اور پانی کہ ہندی مین اوسکو لسی کہتے ہین پیوین
اور یہ سب پانچ روز تک کرین مگر وقت پیشاب کرنی کی بہت جلد فائدہ دیگا اور اگر سات
روز تک دیوین بہت خوب ہی اور مرض پرانی کو دور کرے اور اگر مریض جوان ہو دو ماشہ پہٹکری
بریان مثلا ڈیڑہ تولہ پہٹکری بہونی ہوئی اور ڈیڑہ تولہ مصری ملاکر دی سکتے ہین مگر وقت پیشاب
کرنیکی ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر ارد یعنی ماش چہلی ہوئی اور مغز تخم املی برابر لیکر
بہومین اور ہموزن اوسکی شکر ملاوین ہر صبحکو ایک ہتہیلی بہر ساتہ دودہ گای کی کہاوین پرمیو
اور پیشاب ٹپکتی ہوی کو موقوف کری اور بند کشاد کو فائدہ بخشے دیگر دوا ایکہ زخم اندر قضیب ہو
بہر لاوی نیلا تہوتہہ تین ماشہ پہٹکری چہہ ماشہ ہر دونو کو پانچ سیر پانی مین جوش کرین جسوقت تین چار
سیر پانی باقی رہی شیشہ مین بہر رکہین تہوڑا اوس سی لیکر قضیب پر ٹپکاوین اور اگر زخم تک ٹپکانی
سے دوا نہ پہونچی پچکاری سی پہونچاوین اور شروع مین خون آویگا اوس سی نہ ڈرین کہ زخم ہے
اگر درد بہت ہوی دودہ عورت کی پچکاری لیوین تو درد جاتا رہی اور پہر اس دوا کو کام مین لاوین
زخم خشک ہو جائیگا دیگر دوا ایکہ جلن پیشاب کو نفع دی اور حرارت کو دور کری صندل زرد
اور سفید اور سرخ ہر ایک دو رتی کاسنی کافور ہر ایک چار رتی مصری دو تولہ مصری کو پانی مین
حل کر کی اور دواؤنکو باریک کر کی ملاوین اور نوش کرین مجرب ہی دیگر واسطی سیلان منی
اور مذی اور ودی کی مجرب ہی تخم املی بہونین پوست دور کر کی برابر شکر سفید ملاکر ہمراہ دودہ
کی ایک ہتہیلی بہر کہاوین ترشی اور بادی سی پرہیز کرین دیگر کہ واسطی زخم مثانہ اور زخم احلیل
یعنی زخم ذکر کی اور خون آنی پیشاب مین مجرب ہی مہندی اور دہنیا خشک زیرہ سفید ایکتولہ
تخم خیارین کاسنی [illegible] گوکہرو ریوند چینی گلاب کی پہول نشاستہ ہر ایک ایکتولہ

کوٹ پیس کی برابر سبکی شکر سفید ملاکی چھ ماشہ ہر روز کھلاوین ترشی اور بادی سی اور وہ چیز
کہ جو گرم ہو پرہیز کراوین **دیگر** کہ سیلان منی اور مذی اور ودی دور کری تخم سداب یعنی
تتی کے بیج کوٹ کی برابر اوسکی شکر ملاکی ہر صبح ایک تولہ کھلاوین **دیگر** کہ بندکشاد اور سیلان
منی کو دفع کری پوستہ سونٹھہ گوکھرو گل دہاوہ ہر زنگی ہر ایک ڈیڑہ تولہ شکر یا مصری برابر دوا کی
کوٹ پیسکی چھ ماشہ یا زیادہ موافق حاجت کی ساتھ پانیکی دیوین **دیگر** کہ سیلان منی اور مذی
اور ودی کو دور کری اور سرعت انزال کو دور کری اگر عورت کو دیوین تو اوسکی بدن کو درست
کری ایک بیضہ مرغ کو یا جسقدر کہ منظور ہو سفیدی زردی اوسکی دور کرکی اور پردہ بھی اوسکا نکال
پوست سخت اوسکا ظرف چینی مین رکھکر عرق لیموکا اوس مین اسقدر ڈالین کہ ایک انگل اوپر ہووے
منہ ظرف کا بندکرکی چھوڑ دین تاکہ آب لیمو جذب ہو پھر آب لیمو ڈالین مین مرتبہ آب لیمو جذب
کرین بعد اوسکی مٹی کی برتن مین رکھکر گل حکمت کرکی جنگلی اپلو نمین گڈہا گز در گز مین آنچ دیوین
پھر نکالکر دو مرتبہ اور اسیطرح آنچ دیوین جبکہ بیضہ کا سفید ہو جاینگا احتیاط سی رکھین اور دو رتی
اوسی ساتھ شہد کی ملاکر کھلاوین ترشی سی پرہیز رکھین **دیگر** کہ بندکشاد کو دور کری پکھان بید گشتہ
گل ارمنی پوست درخت سینبھل مصری چیتہ بریان الاچی چھوٹی ہر ایک یکماشہ سبکو کوٹ پیسکی سات
گولی باندہین صبحکو سات روز کھلاوین **دیگر** برای بندکشاد یادگار از سید شاہ عبداللہ قادری گھنگچی سفید
عرق برگ کریلہ مین پیسکی فتیلہ موافق مرضی بناکر گھنگچی سائیدہ کو فتیلہ پر لیپ کرکی ایکساعت سوراخ ذکر
مین رکھین بندکشاد دور ہو جاوی **دیگر** برای سوزاک دو ہفتہ کھاوین مجرب ہی کباب چینی ڈیڑہ تولہ
باریک کرکی دہی کو پارچہ مین باندہکر لٹکاوین کہ پانی ٹپک جاوی جبکہ دہی رہ جاوی کباب چینی
ملاکی مثل چٹنی کی چاٹاوین اگر مرد خون مثل پیشاب کرتا ہی یکدرم یکدستور مذکور کھاوی خون دفع ہو جاوی
ترشی و بادی سی پرہیز رکھی **دیگر** برای سوزاک و جریان و ریم مجرب ہی شورہ قلمی بڑی الاچی
چھلی ہوئی ہر ایک ڈیڑہ تولہ ہر دو کوٹ پیسکی چھ پڑیان باندہین ایک صبحکو اور ایک شام کو ہمراہ
پانیکی کھلاوین تین روز تک چوتھی روز چاول ساٹھی تین پہر پانیمین تر کرین صبحکو پانی ملاکر دہی کا

اگر

اگر چاول پانی مین پیس کی دیوین تو بہتر ہی نمک سی اور ترشی سی پرہیز رکہین **دیگر** بندکشاد کو
دفع کرتی ہی املی کی بیج آدہ پاؤ باریک کرکی ساڑہی چار تولہ لیوین سلوجن برابر اوسکی شکر
تہوڑی ملاکر دو تولہ ہمراہ دودہ گائی کی کہلاوین **دیگر** ہلدی چہہ ماشہ آنولہ ایکتولہ رات کو پانی مین
بہگو کر صبحکو پانی دو تولہ شہد ملاکر پلاوین **دیگر** کہ سوزاک اور بندکشاد کو مفید ہی صمغ ناگوری
ببول بیج زیرہ سیاہ اکیس ماشہ کوٹ پیسکی برابر شکر ملاکی دو تولہ پاؤ بہر دودہ کی ساتہ کہلاوین بیا
وقت سونی کی چہہ ماشہ دیوین تین روز تک **دیگر** سیلان منی اور سرعت کو فائدہ دیوتی ہی مصلی
دنل ماشہ تخم کرفس دس ماشہ تخم فرنجمشک سات ماشہ چنبیلی کی جڑ سات ماشہ کلی انار کی
گلاب کی پہول ہر ایک سوا دو تولہ کوٹ پیسکی سات ماشہ دہی مین ملاکر کہلاوین **دیگر** سفوف
بندکشاد ثعلب مصری چہہ تولہ اسگند چہہ تولہ جاوتری چہہ تولہ لونگ آٹہ ماشہ عاقرقرحا چہہ ماشہ مصری
ساڑہی نو تولہ کوٹ پیسکی مینڈ خوراک کرین اوپر اوسکی دودہ گائی کا سوا سیر جوش کرکی جبکہ تہائی
رہی پلاوین **دیگر** دانہ الائچی چہوٹی کشتہ قلعی ہر ایک سات ماشہ شکر برابر ملاکی چہہ ماشہ کہلاوینا
فصل ادویہ قوت باہ مین بچہ مرغ کہ نر ہو اور جفتی نہ کہائی ہو آٹا گیہون کا گہی مین ملاکی گولی کرکی
چودہ روز کہلاوین کہ خوب موٹا ہو پہر تال طبقی ایکتولہ لیکر اکیس حصہ کرین ایک حصہ آٹہ پاش مین
ملاکی جوار کی برابر گولی باندہین ایک گولی اوسکو کہلاوین اور سوای آردپاش اور جوار کی ہیچ
نہ دیوین اور پانی دینی کو خبرگیران رہین کہ پیاسا نرہی بعد اکیس روز کی ذبح کرکی آلائش پاک
کرکی سیر بہر گائی کی گہی مین دم پخت کرین بعد اوسکی شہد خالص کسی ظرف مین اسقدر بہرین
کہ مرغ دم پخت کو چہپا لیوی سات روز تک زمین مین دفن رکہین پہر نکال کر ڈیڑہ تولہ گوشت
اوسکا لیکر ساتہ تہوڑی شہد کی کہ جو اوس مین پڑا ہوا ہی کہلاوین اگر واسطی خوشبو کی دارچینی
ملا دیوین تو مضائقہ نہین ہی وقت کہانیکی ترشی اور بادی سی پرہیز رکہین غذا مرغن ہمراہ
گوشت کی کہلاوین اور اوس مدت تک کہ مرغ کو دوا کہلائی جاوی درمیان مین اگر آواز
دیوی اوسی وقت ذبح کرکی کام مین لیجاوین غرض یہ ہی کہ اگر مرغ اکیس روز تک زندہ رہی

اور تمام ہرتال کہاویوی تو بہت مفید ہی اور بہتر یہ ہی کہ تین چار مرغ تیار کرین کہ شاید ایک ہفتہ
مین مرغ مر جاوی ترکیب نسخہ کی ناتمام رہیگی **ترکیب معجون ہمودک** واسطی قوت باہ
وغیرہ کی مفید ہی مشک چار ماشہ عنبر دو ماشہ زعفران دس ماشہ گلاب ڈیڑہ پاؤ عاقر قرحا
موچرس موصلی سیاہ و سفید پیپلی اسگند اجمود ہر بہیڑہ آنولہ سونٹہہ بلائی کند کشنیز تودہ
گج پیپل بنسلوچن گجراتی چہال سنبہل کہجور انار دانہ زیرہ سیاہ و سفید بہارنگی کنول گٹہ سنگہاڑا
مرچ کاتہیل گوکہرو پیپل مرچ تج فلفل موریا تالیسر تخم کونچ تخم اوٹنگن تل گرچ تال مکہانا
کباب چینی اتیس مصطگی رومی اسپند اجواین خراسانی دارچینی لونگ جاوتری ہر ایک
چودہ ماشہ کنکر تین تولہ گہی ساڑہی سات تولہ سار کہنہ سوا دو تولہ کشتہ ابرک سوا دو تولہ
روپ رس سوا دو تولہ شکر ڈیڑہ سیر دودہ گائیکا پانچ سیر چرونجی آدہ سیر چاہیل تین تولہ ناریل
آدہ سیر چوہارہ و کشمش ساڑہی سات تولہ سب دوا کو علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس کی رکہین اور میوہ کو
علیحدہ اور لعاب دارچیز کو علیحدہ پہلی دودہ کو کہویا بناوین جبکہ نیم گرم رہی دوا پیسی ہوئی کو ملاوین کفگیر
سے چلاوین پہر شکر اور میوہ ڈالین بعد اوسکی دوا خوشبودار آمیز کرین پہر ابرک اور روپ رس
اور سار کو ڈالین اور گلاب سی گولی بقدر منڈی کی باندہین دو گولی صبحکو کہلاوین ترشی اور
بادی سی پرہیز رکہین دیگر کہ نہایت اثر دیتا ہی سیماب گندہک آنولہ سار بہلانوہ گہونگچی
سفید بیر بہوٹی چہال کنیر سفید چربی شیر خراطین مال کنگنی کیکڑا لونگ دارچینی پیپل کان کا
مشک ہر ایک دو تولہ چربی سور کی چہہ تولہ سم گہوڑیکا پاؤ سیر گل ہر یا سولہ عدد پارہ اور گندہک
اور بہلانوہ کو تین سیر عرق لیمو مین سولہ پہر کہرل کرین اور ساتہ سب دوائونکی آتشی شیشی مین
مانند چوئی کی ٹپکالیوین جسقدر کہ سینک مین آوی پان مین رکہکر کہلاوین اور چودہ روز طلا بہی
کرین دیگر کہ باہ بہت لاوی یہان تک کہ پیدائشی نامرد بہی مرد ہوجاوین اور بیچ بکہیر فرنگی مرد سست
کو اور ازالہ بکارت کی قادر کری وقت عصر کی اس دوا کو کری سیماب یکماشہ دار شکنہ دو ماشہ
اینٹ پرانی تین ماشہ زرد چوب یکماشہ کالی زیری تین ماشہ سب سوای پارہ کی پیسین بعد اسکی

پارہ کو ملاوین چار پہر کہرل کرین بعد اسکی پارہ دوا سی نکال کی چار انگل کی لکڑی کہوں کی
کہ جس مین جو وقت مینی خالی ہوتا ہی پارہ کو بقدر ایک رتی کی بہر کر سوراخ پیشاب مین ایکطرف
لکڑی کی رکہین دوسری طرف لکڑی کی جلاوین کہ پارہ بسبب آگ کی مجری بول مین ہووے
پہر ایک سیر پنیٹہ کی دودہ گائی کا اسقدر کسی برتن مین بہرین کہ ذکر ڈوب جاوی ذکر کو
ڈبو دین دم اوپر کو کہینچین تا کہ تمام دودہ راہ نازہ سی اوپر کو کہینچ جاوی اُسی دن فائدہ ہوگا دیگر
کہ در تقویت باہ اکثر تمام دیتا ہی سلطان الدوائی مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ جوز بویہ ہر ایک
پاؤ سیر مغز تخم خربزہ مغز تخم تربز ہر ایک آدہ سیر خرلجا لو گہوگہچی سفید بیج بند لونگ نشاستہ
دارچینی ہر ایک آدہ پاؤ الائچی چہوٹی ساڑہی سات تولہ عنبر اشہب تین ماشہ شراب دوآتشہ
سوا سیر سب دوا کو کوٹین اور شراب دوآتشہ مین ملا کر ساتہ روغن زردی انڈہ مرغ کی اکیس
ہیں گولی باندہین پہلی آدہی گولی کہلاوین بعد اسکی ایک گولی جاڑون مین دیگر جسکو
کہ باہ بہت مفید ہو تخم دہتورہ سیاہ پندرہ پہل پوست بیخ کنیر سفید آدہ سیر دونونکو جوکوب کرکے
دس سیر دودہ گائی مین پوٹلی باندہ کی چار پانچ جوش دیوین پہر پوٹلی نکالکی دودہ سی گہی
نکالین تہوڑا طلا کرین اور سنیک مین لگا کر ساتہ پان کی کہلاوین دیگر اگر دو مہینی برابر
کہاوین قوت بینائی کی ازحد زیادہ کری و شکن بدن و علامت پیری دور کری و باہ و نعوذ
و امساک و تقویت ہضم کو فائدہ دیوی اور فساد معدہ اور خشکی پاخانہ کو دفع کری بہنگ ساعتہ
آٹہ پل مین کہ جسوقت مہینا منزل شرہ مین ہو اور تحویل چاند کی برج سرطان مین ہو کاوے
اور قند سفید چالیس پل کی سب باہم ملاوین ہر روز دس ماشہ کہلاوین ویل آٹہ تولچہ ہوتا ہی
و صاحب کتاب بادآورد کو بہی واسطی اس مرض کی مجرب جانتا ہی دیگر کہ نامرد کو اپنی
حال پر لاوی افیون پوستہ ہر یک تین درم اجواین سونٹہ جائپہل عقرقرحا لونگ پیپل
مرچ سیاہ ہر ایک ڈیڑہ تولہ اجواین خراسانی مالکنگنی موٹہہ کی جڑ ہر ایک تین تولہ سبکو کوٹ
بہنگ پوست کی پلی ہوئی پانی مین خمیر کر کی گولی باندہین سات ماشہ تک کہلاوین دیگر دوا

کہ جو منہہ میں رکہیں قوت باہ کری علک رومی ساڑہی تین ماشہ مشک خالص سوا چار ماشہ
لونگ کٹ ہر ایک پونی دو ماشہ باریک کر کی ساتہ سونٹہہ کی مربی کی شیرہ میں گولی بقدر
چنہ کی باندہین وقت حاجت منہہ مین رکہکر عرق اسکا کہاوین **دیگر** حب امساک شنگرف
۶ ماشہ کبابہ چہہ ماشہ جند بید ستر لونگ عقرقرحا مصری شہد ہر ایک چہہ ماشہ سبکو کوٹ کی
افیون ایک تولہ ملا کی ساتہ شہد کی گولی بقدر چنہ کی باندہین وقت حاجت ایک گولی چہہ گہڑی
پیشتر کہلاوین امساک عظیم ہوگی اور جب تک فارغ نہو کہانا اور پانی نکہائے
دیگر گوکہرو شنگرگائی کی گہی مین ساتہ شہد کی ملا کی کہاوین اوپر اسکی گای کا دودہ پلاوین
اوسی رات کو بہت قوت ہوگی **دیگر** ابرک سیر بہر درمیان آگ کی رکہکی پہونکین جبکہ سرخ
ہو عرق درخت سرس مین ڈالین بعدہ نکالکی ملین جبکہ آٹا ہوجاوی تین تولہ سونٹہہ کوٹ
پیسکی اوس مین ملاوین اور ہمراہ عسل کی نہار کہاوین بہت مقوی ہی **دیگر** تقویت ذکر مین
نادر ہی روغن چنبیلی ساڑہی دس ماشہ فرفیون ساڑہی تین ماشہ مشک ساڑہی چار رتی سبکو
ادویہ کو کوٹ پیس کی روغن مذکور مین حل کرین اور گرم کرکی وقت حاجت کی دونو فوطے
اور قضیب کو اوس مین چرب کرین اور بعد ایک لحظہ کی صاف کرکی جماع کرین **دیگر** کہ یہ دوا
باہ لانی والی اور بہونک لانی ہی اگر اس دوا کو یکسال کوئی کہاوی اکثر امراض بلغم دور ہون
اور تازگی تمام بدن مین ظاہر ہوی آنولہ بلیلہ ہر ایک ساڑہی نو درم تخم پنوار بیس درم بہنگرہ
ساتہ درم خرچیتہ بائیس درم گڑ پرانا ڈہائی سیر سب دوائیونکو کوٹ پیسکی گڑ مین ملا کر
تین سو ساتہ گولی باندہین اور ہر روز ایک گولی کہاوین ایکسال تک ہر مہینی مین نفع ظاہر ہوگا
دیگر بیضہ مرغ کا چار عدد مغز حلوان یک عدد پانی گوشت کا جوش کرکی دس درم پانی
ادرک پانی پودینہ ہر ایک دس درم سبکو ساتہ روغن گای کی ملا کی بطریق خاگینہ کی پکاوین
جسوقت کہ اوتارین لونگ دارچینی فلفل گرد ہر ایک تہوڑی اوس مین ملاوین اور
کہاوین اوپر اوسکی دو ہتیلی یا ایک ہتیلی اجواین کہاوین یہ عمل حضرت سلیمان کا ہی **دیگر**

دیگر تخم جوز ماثل یعنی دہتورہ دودہ اگہ مین خوب ترکرکی خشک کرین بطریق چوہ وہ کی ٹپکاوین
اور یہ دوا سخت کرنی والی ذکر کی اور قوت باہ لانی والی ہی دیگر گل گڈہل سرخ خشک
کرین اور کوٹ پیسکی دو مثقال کہلاوین امر باہ مین نادر ہی دیگر واسطی کمی شہوت اور
زیادہ کرنی قوت کی اور نہونی قوت باہ کی بہت مفید ہی گندہک آملہ سار ساتہ عرق
بکہیرہ کی پیناکرین تاکہ گاڑہی ہوی پہر اور عرق مذکور ڈالین اور اسیطرح چار پٹ تک
کرین اور اگر ہمیں پٹ مین کفایت کری توبہی روا ہی اور یعنی پٹ کی گاڑہی ہونیکی ہین
اور بکہیرہ سفید بہتر ہوتا ہی ورنہ سیاہ ڈالین مقدار ایک چاول کی دو ہفتہ کہاوین دیگر کہ
باہ لاوی اور سیلان منی کو دفع کری تالمکہانا اور سپیدہ ہر ایک ساڑہی سات تولہ سونٹہ
تخم اوٹنگن مغز تخم کونچ موچرس موصلی سیاہ ہر ایک تین تولہ جوز بوا دارچینی ہر یک ڈیڑہ
تولہ ببیل بیج بند سرخ وسیاہ یعنی بیج کنگنی کی ہر ایک نو ماشہ گہی پاو بہر شکر چینی پاو سیر
دودہ مینڈہی کا ایک سیر اصل نسخہ مین مٹہائی کم ہی اگرچہ زیادہ کرین تو مضایقہ نہین
دیگر واسطی قوت باہ کی بی نظیر ہی پوست خشخاش چینیہ شکر سرخ ہر یک دو سیر کوٹ
پیسکے ہر روز ہتہیلی بہر کہلاوین دیگر سمندر پہل لونگ ہمراہ پانیکی پیسکے قضیب پر طلا کرین
اور پتی ارنڈ کی اوپر باندہین سستی ذکر کی ایک ہفتہ مین دور ہوگی دیگر چربی شیر
کی جنبیلی کی جڑ کا پوست کنیر سفید کی جڑ کا پوست لونگ کیکڑہ کلان پان کیکڑہی چار
ورق سبکو کوٹ پیسکی چربی کو پگہلا کر اوس مین ملاوین بطریق چوہ وہ کی عرق ٹپکاوین
اور سر آلت کا چہوڑ کر ملین بعدہ اوپر اوسکی پان باندہین نہایت طاقت ہوگی دیگر جونک
نوعدد دادہ یا دتیل تلے مین کونچ ساڑہی تین ماشہ بیٹ ابابیل کی ساڑہی تین ماشہ
مصطگی رومی گہونگچی سرخ ہر ایک اکیس ماشہ روغن مذکور کو ظرف آہنی مین ڈالکر آتش پر رکہین
اور ایک ایک جونک اوس مین ڈالتی جاوین اور آپ اوسکی دہوان سی بچین کہ ضرر کرتا ہی
جبکہ جونک سب کالی ہوجاوین بعدہ دوا مذکور کوٹی ہوئی اوس مین ملاوین بعدہ بیٹ ابابیل کی

اوس ملادین اس کتھہ تین ماشہ چھوڑین سات روز رات کو قضیب پر ملین سستی دور ہوگی دیگر
جڑ سنبھل کی جڑ چرچرہ کی جڑ کنیر سفید کی اونٹ کٹارہ کی جڑ چھکنی ہر ایک پاؤ بھر دودہ گای یکا
دس سیر پس دوا ونکو ٹکرہ ٹکرہ کرکی دودہ مین جوش کرین جسوقت جڑ ایک سیر رہی اوتار لیوین
دودہ مذکور سی گہی نکالکر ملین اور پتا اوپر اوسکی باندہین اور یہ عمل صبح وشام کرین ایک ہفتہ
مین نامرد مرد ہوگا **دیگر** ضماد واسطی قوت باہ کی بہت تاثیر رکہتا ہی آزمودہ ہی جوز القی کہ ہندی
مین مین پہل کہتی ہین لیوین ایک حصہ اور دو حصہ ہیج اوسکی لیکر باریک کوٹین تل کی تیل مین کہرل
کرین تین پہر یا زیادہ تک بعدہ طلا کرین **دیگر** پوست جڑ کنیر سفید گل کنیر کی ہر ایک تین تولہ
کافور افیون ہر ایک چہہ ماشہ تخم دھتورہ اسگند ہر ایک ایک تولہ سبکو کوٹ پیسکی ہمراہ عرق چھوٹی
کٹائی کی گولی باندہین بقدر چنہ کی ہر روز تین گولی پانی کی سات حل کرکی تضیب پر ملین سستی اور
زلق ماری ہوی کو مفید ہی **دیگر** بام مچھلی کو پانیمین پکاوین تا پختنی ہو اور چربی اوسکی جو اوپر
آوی ہتھیلی سی نکالین رکھہ چھوڑین ذکر پر ملین موٹا اور لنبا ہووی **دیگر** گانجہ کہ مشہور ہی
اوسکو لوگ مثل تنباکو کی پیتی ہین نشہ لاتا ہی ہمراہ روغن رینڈی کی کھرل کرین کپڑی پر لگاکر
لیپ کرین سات روز تک اگر بجای روغن رینڈ کی تل کا تیل ڈالین تو روا ہی **دیگر** طلا کہ
قضیب کو سخت کرتا ہی پتہ گای کا اور پیاز نرگس عاقرقرحا مویزج سبکو برابر لیکر کوٹ کر ساتہ
پتہ مذکور کی ملاوین وقت صحبت دار کی قضیب پر ملین **دیگر** زفت رومی کیچوہ ساڑہی دس ماشہ
کانگڑی اور خشک کرکی ہر دو برابر لیوین اور چمگادڑ کا روغن زیت مین داخل کرکی تین روز تک
کھرل کرین جسوقت چاہین استعمال کرین قضیب کو موٹی کپڑ لپیٹی ملین اور گرم پانی سی ہتہ دہوین
تا منخ ہو پس چودہ روز تک طلا کرین اور جماع سی پرہیز کرین بہت نافع ہی **دیگر** کہ اسکو لنگ
لیپ کہتی ہین سونا مکھی عاقرقرحا بچہناگ پیپل مول سنبل سنکھیا پوست انار کی جڑ کا اور پوست
سفید کنیر کی جڑ کا لونگ اجواین خراسانی گھونگھچی پٹکری سین پہل جاپہل مارہ ہر ایک ایکتولہ
تخم رینڈ کی چہیلی ہوئی دو تولہ کوٹ پیسکی عرق گھیکوار مین تین روز تک کھرل کرین بقدر چنہ کی گولی

گولی باندہ کی شیشہ مین ڈالکی مانند چودہ کی ٹیکا دی بعد چھ مہینی کی کام مین لادین اور طریقہ
یہی اگہاس کی پتی تہوڑی لیکر اوپر برگ کہ نیچی ذکر کی ہی خط کہینچین اور پتی رنڈ کی رکہکی
کچہ تہ لگی سی سات روز تک باندہین اگر نامرد ہو تو مرد ہوگا دیگر اگر اوپر ذکر کی ملین
اتنا مضبوط کری کہ جب تک نہ دہووین نرم ہو کافور سہاگہ ہر ایک ایکماشہ لونگ بارہ عدد
مرچ سولہ عدد باریک کرکی ہمراہ پانکی گولی باندہین وقت حاجت کی پانی مین گہسکر طلا کرین
دیگر سانڈہ مینڈہک بڑا کیکڑا ہر ایک ایکعدد جونک چھ عدد بیر بہٹی کینچوی زرمہیا
گہونگہچی سفید چربی شیر چربی سور جڑ کنیر سفید ہر ایک ایکیس ماشہ مغز سر چڑیا گہر والیکا بیس عدد
سبکو قیمہ کرکی دوا ونکو کوٹ کی اور چڑیونکی سر کا مغز لیکر سبکو شیشہ مین گل حکمت کرکی
مانند چودہ کی ٹیکاوین دیگر دوا قوت دینی والی ہی بہلانوان کا پانی بارکٹا تیکا پانی پوست
درخت انار کا سبکو ایک جگہ کرکی چار پہر تک روغن کی مانند اوپر آتش نرم کی جوش
کرین تا پانی جلجاوی اور روغن اوسکا رہجاوی پس طلا کرین دیگر کپڑا بارہ گرہ لیکر دودہ
اگ مین ایک رات دن تر کرین بعدہ نکالکی سایہ مین خشک کرین اور جب خشک ہووی
تو تہوہڑ کانٹی دار کی دودہ مین ایک رات دن پہر تر کرین پہر نکالکر خشک کرین بعدہ
روغن گاو دونو طرف کپڑی مذکور کی طلا کرین اور اوس کپڑی کی دو بتیان بناکر جلاوین
اور تہالی کانسہ کے نیچی اوسکی تا روغن اوس کپڑیکا تہالی مین ٹپکی پس روغن کو کسی برتن
مین رکہہ چہوڑین سر آلت کا چہوڑ کر ملین اور پتی رنڈ یا پان اوسپر باندہکر تمام شب رکہین صبحکو
پانی گرم سے دہووین اور اگر اوسجگہ یا دوسری جگہ روغن لگی اور آماس کری تو دہی سے
دہووین اسواسطے جا اوپر قضیب کی ملین پان اوپر اوسکی رکہکر ہر طرف تاگی سے باندہین
تو روغن دوسری عضو پر نہ پہونچی اکیس روز مین نفع ہوگا دیگر ترکیب زیرہ پتہ مہلی
روہو کا ایکعدد بارکہائی بڑی اوسکو ہاتہ سی نچوڑ کر کی پانی نکالین اس مین پتہ مذکور ملاوین
اور چار رتی کافور بہیم سینی داخل کرین اس مجموعہ کو کسیظرف مین ڈالکی ہاتہ سے خوب ملاین

یہان تک کہ خشک ہوکر گولی بندہنی کی لائق ہووین اوس سی شافہ بقدر جو کی بناکر رکہہ چہوڑدین
وقت حاجت کی ایک اوس سی پیشاب کی مقام پر رکہین کہ بعد ایکساعت کی قوت باہ
کمال ہوگی دیگر سرسون سفید کوٹ بارکشائی ٹرہی اسگند کی جڑ برابر لیوین کوٹ کر پانی مین
ملاوین اور قضیب کی طلا کرین جسوقت خشک ہو ملکی درواکو دور کرین ایکدن مین چار
مرتبہ اسیطرح کرین سطبر و دراز ہوگا اگر سرسون سفید دستیاب نہو سرسون زرد بجاے
اوسکی ڈالنا چاہیی دیگر کائپہل ساتہ دود بکری کی پیسین و لیپ کرین و تمام شب چہوڑدوین
وصبحکو ساتہ پانی گرم کی دہووین دیگر چربی سور جنگلی کی کہ ران سی نکالی ہو یا دبر
زعفران ڈیڑہ تولہ افیون نو ماشہ تینو برتن تانبی کی قلعی مین رکہین و سربستہ تانبہ یا لکڑی
نیب کہ سر مین اسکی پسیہ چیکا یا ہو گہسین تا سب ایک مین ملجاوی تہوڑا اوس سی ذکر پر
لگاکر کپڑا باندہین اسیطرح پر ایکروز درمیان دیکر لگاتی رہین سب فائدہ ہوگا دیگر گاو دو جز
پوست بیخ کنیر سفید نرگس کی جڑ مویز منقی عقر قرحا مساوی لیکر جو کہ کوٹنی کے لائق ہے
کوٹین اور جو بکانی کی ہی پکاوین اور ہمراہ شہد کی گولی باندہین اور رات کو ایک گولے
شہد مین حل کر کی قضیب پر طلا کرین نہایت قوت داری اور بیس روز مین سستی دور ہو
دیگر جڑ کنیر سفید جڑ دہتورہ سیاہ لیکر شراب دو آتشہ مین ایکسو آٹہ پٹ دیکر رکہین وقت
حاجت کی شراب مین گہس کر کی طلا کرین اور پٹ کی معنی اوپر بیان کرچکی ہین دیگر جو
جلق ماری ہوئی کو بہت مفیدہی دودہ بہیڑ کا لاکر اوسمین بہلانوہ اور پوست جڑ انار
اور پوست جڑ کنیر سفید تینو نکو برابر کوٹ کر دودہ مین ملاوین اور جوش کرین پس جاون
دیکر کی وہی باندہین صبحکو گہی نکالین اور وقت حاجت کی تہوڑا اوس سی لیکر برابر
اوسکی زیرہ کشائی چہوٹی کہ زرد ہو گہسکر کی روغن مین ملاوین اور کپڑی پر طلا کرکے
اور قضیب کی رکہین دیگر ترکیب زیرہ کی کہ ضر زنگری پارہ حبہ سفید یعنی گہونگچی سم الفار
کالی زیری زرنیخ یعنی ہرتال مالکنگنی کنیر سفید کی جڑ کہ جسمین پانی نہ ملا ہو کچہو اکہ جوتی مین

نکلتا ہی ایک عدد سب دوا کوشگر کی کینچوی مین رکھکر اندر برتن کی رکھین بولید گہوڑی
مین دو ہفتہ دفن کرین اور دودہ گاو مین گہسکر کی گولی باندہ کی کام مین لاوین اور اگر کینچوا
نہو تر کرلیوین کہ اونچی نیچی آلت کو برابر کری جلقی کو آب حیات ہی اور کجی کو دور کرے
دیگر بادنجان یعنی بینگن تازہ یکعدد میل دراز بینگن کو خشک کرین جسوقت خشک ہوے
تیل تل کا آدہ سیر برتن آہنی مین جوش کرین اور بینگن کو اوس مین ڈالین جسوقت تیل مین
جوش آوی چار پانچ سیر شاہی کینچوی کہ برسات مین ہوتی ہین لیکر اسکو بہی تیل مین ڈالین
تاکہ کینچوی جل جاوین پہر دو پوتیا لہسن کہ چہلکہ دور کرکی تیل مین ڈالین بعدہ اسکو کہرل
کرکی شیشہ مین رکھین چودہ روز تک ایکماشہ اوپر ذکر کی ملین اور پتی درخت بڑ کی باندہ
کے باندہ کی کپڑا باندہ دیوین قدرت الہی مشاہدہ کری دیگر جہگوڈر خانگی سات عدد تلی کا
تیل سیر بہر مصطگے رومی یکتولہ تیل کو گرم کرکی جہگوڈر کی پیر اور کان ناک کاٹ کے
ڈالین اور جوش کرین تا خوب پک کر بہرا ہو جاوین پہر مصطگے ملا کی خوب چلاوین پس
باہر لا کی شیشہ مین رکھین بمقدار ایک چاول بیڑہ پان مین رکھکی کہلاوین ہر روز دس پندرہ
بیڑے دیوین اگر گرمی کرے بیڑہ کم کہلاوین سات روز تک اکیس بیڑہ دیوین بعد اسکی
ایک صبح کو ایک شام کو ایک دوپہر کو اگر سات روز مین مطلب حاصل نہو سات روز اور دیوین
دیگر مالکنگنی دو سیر گہونگچی سفید دو سیر تخم دہتورہ دو سیر روغن سرسونکا آدہ سیر دودہ بیڑ کا
ڈہائی سیر عقرقرحا دو سیر شاہی گہونگچی کو چکی مین دل کی دال اسکی نکالین سب دوا کو
باہم ملا کی ساتہ دودہ اور گہی کی ملا کر پتال جنتر مین روغن کہینچین روغن برگ پان مین رکھکر
کہلاوین وبقدر دو گہونگچی آلت پر ملین پان باندہ دیوین سات روز مین نفع تمام ہوگا
دیگر مینڈہک تین چار عدد لیکر بڑی برتن مین کہ جس مین نکل نہ جاوین بقدر پاؤ سیر
یا زیادہ کچہوہ اس مین ہر روزہ ڈال دیوین کہ مینڈہک اسکو کہایا کرین اور پانی بہی کسی ظرف
مین لیجا کر مینڈہکونکو پلا دیا کرین چالیس روز تک انکو بند رکہین بعد چلہ کی انکو ٹکری ٹکرے

کرکی تیل یعنی روغن السی جسطرح کی ممکن ہو نکالین سہل طریقہ روغن نکالنی کا یہ ہی کہ پانی
مین جوش کرین کہ خوب حل ہوجاوین تمام شب پانی جوشش ہوئی کو احتیاط سی رکھہ
چھوڑین کہ روغن اوپر پانی کی آجاوی صبح کو ہاتہ سی کاچھہ لیوین کسی برتن مین رکھین
اور قضیب کی طلا کرین واسطی گندگی اور قوت باہ کی بی نظیر ہی **دیگر** اندرجو سات
ماشہ دودہ بہیر مین ترکر کی رات کو پیس کی شیر گرم قضیب پر لیپ کرین اور اسکے اوپر
کپڑا باندہ کی سورہین صبحکو گرم پانی سی دہووین چندرات کو اسیطرح طلا کرین ذکر بہت
بڑہ جائیگا **فصل** واسطی بڑی ہونی آلت کی سب حکیم اتفاق رای رکہتی ہین کہ جب تک
کہ آدمی نشو نما رکہتا ہی یعنی بڑہتا ہی قضیب بہی بڑہتا ہی تجربہ سکی بہی ایسا ہی ظاہر ہوا کہ جو دوا
کہ قبل وقت نشو مین کہجاوی طول مین ذکر کی زیادتی ہوتی ہی اور بعد نشو کی پہنائی و گندگی
ذکر کو کچہ فائدہ نہین ہوتا ہی اسپغنہ جنگلی کی جڑ کہ نرم و چہوٹی ہوتی ہی ٹکڑی ٹکڑی کرکی سایہ
مین خشک کرکی پیسین وبہوسی اجواین وماش سیاہ باریک پیسکی ہر ایک برابر پیچ بہیہ سبکے
سب کی برابر گڑ سیاہ ملاوین چہوٹی لیموں کی برابر گولی بناوین وہر صبح ایک گولی نوش
فرماوین نہایت چہہ مہینی تک اگر کوئی استعمال کری وو ناذکر عریض و دراز ہوگا **دیگر**
ہر رات کو قضیب مین دودو تازہ بہت ملین بعد اسکی کیچوی خشک گہس کی اوپر اسکے
ملین بڑا اور موٹا ہوگا **دیگر** عقرقرحا سات ماشہ عرق پیاز تین تولہ یعنی عرق کاندہ حمام مین
جا کی قضیب کو گرم پانی سی ملین یہان تک سرخ ہوجاوی بعدہ کیچوہ کو تلی کی تیل مین
جوش دیکی طلا کرین موٹا و دراز ہوگا **دیگر** لحکرن کیچوہ ادہ سیر کنیر سفید کی جڑ کا چہلکا پاو بہر
تخم دہتورہ سیر بہر سانڈہ چار عدد کا کرا اسکی ڈیڑہ تولہ بیربہوٹی
ڈیڑہ تولہ کیکڑا دو عدد گہنگچی سفید دارچینی لونگ عاقرقرحا جایپہل ہر ایک
ڈیڑہ تولہ زعفران نو ماشہ دودہ مدار کا ڈیڑہ تولہ زعفران نو ماشہ جونک چار عدد لال گنگنی
ڈیڑہ تولہ نافہ ہرن کا دو عدد نافہ گہوڑیکا ایکعدد نافہ گاو یکعدد بطریق سیال جسترو روغن کہنچین ساتہ

پان تنگلی کی لیپ کرکی باندہ دیوین دیگر کونچہ کی جڑ بقدر پورا انگلیون کی کاٹین اور وقت
صحبت کی منہہ مین رکہین دیگر کینچوی مٹی سی پاک کرکی بام مچہلی کہ جسکو مارماہی کہتی ہین اور
لیوین اور ٹکری ٹکری کاٹین اگر دونو چیزین تین تین تولہ ہون تلی کا تیل ڈیڑہ تولہ اوس مین
ملاوین لوہیکی برتن مین ہوا مین رکہین تین دن اور رات دہوپ اور شبنم مین رکہین
کہ ایک ذات ہوجای پہر او قضیب کی ملین دیگر مغز گہنگچی سفید ریگ ماہی افیون کافور
بہیم سینے گینچوا کہ جوتی سی نکلا ہو ہر ایک برابر لیکر باریک پیسین اور چہوٹی ہتہکٹائی کے
شیرہ مین ملا کر گولی باندہین بقدر زیرہ کی اور ایک اُس ہی بیچ سوراخ قضیب کے
رکہین جبکہ سوراخ مین حرکت معلوم ہو عورت کی ساتہ صحبت کرین جماع مین دیر نکرین تو کہ
ضرر نکری وقبل رکہنے زیرہ کی تہوڑا روغن بادام سوراخ ذکر مین ڈالین وبعد صحبت
سر ذکر کو روغن مین رکہین یاد رہی مین کہ اصلاح زیرہ کی ہی اور جاننا چاہیی کہ یہ دوا نہایت
قوی ہی نازک مزاجونکو نہین چاہیی مگر با حتیاط تمام احتیاط یہ ہی کہ تہوڑی دوا گہسکر
دور کری و اصلاح اُسکی جیسا کہ لکہا گیا کری لیکن سخت طبعان کو آب حیات ہی اور ذکر
بہت بڑا ہوجاتا ہی مجرب ہی دیگر گینچوا کہ جوتی سی نکلا ہو بری کٹائی سب چار چار ماشہ
کافور بہیم سینی دو حصہ تینونکو باریک کرکی برابر زیرہ کی گولی باندہین اور تہوڑی اسی بڑے
وقت جماع کی چہوٹی گولی کو مقام مشاب کی رکہین اور بڑی گولی گہسکر کی اوپر قضیب کے
طلا کرین اور اصلاح اسکی اوپر ذکر کی لگتی اور گینچوا کہ جوتی سے نکلا ہو شراب مین گہسکر بقدر
زیرہ کی گولی باندہین یہ دوا بہی وہی عمل کریگا لیکن سمجہکر کام مین لاوین جیسا کہ کہا گیا
دیگر بیج کالی دہتورہ کی بابچی بیج پنوار کی برابر اور بیج ارنڈ کے تین گونہ سبکو ایک جگہ
کرکی مقدار کہرنی بڑ بیچ گولی باندہین ایک یا دو گولی کہاوین دیگر خصیہ خرگوش مع سوراخ
کرکی کمر مین باندہین جب تک اوسکو جدا نکرین منزل نہون گی دیگر درخت بہنگ مع جڑ
اور پتی اور بیج کی بیس کر کی سایہ مین خشک کرکی کوٹ پیسکی ساتہ شکر سرخ کی تہوڑی کہاوین

امساک لاوی دیگر جڑ سفید کنیر کی سایہ مین خشک کرین اور باریک پیسین اور کپڑی مین
چہان لیوین بعدہ پوستہ بغیر باچھیہ ہوا اپانیمین خوب تر کرکی ہاتہ سی ملین اور یہ پانی جڑ
کنیر مذکور مین ملاوین اور بقدر چھوٹی بیر کی گولی باندہین وقت حاجت کی ایک گولی پانی
مین حل کرکی سر آلت کا چہوڑکر طلا کرین اور بعد خشک ہونی کی مجامعت کرین امساک لاوی
دیگر ہینگ مسکہ کی شہد مین ملاکر طلا کرین اور اوپر سی کپڑا باندہین قضیب موٹا اور دراز ہوگا
دیگر ہرتال بہناکی نوسادر چار رو برابر لیکر کوٹ چہسکی روغن گاہی مین ملاوین اور تہوڑا
پارہ بہی داخل کرین سبکو ملاکر کپڑی پر لگاوین اور بتی بناکر ایک طرف سی جلاوین جو گہی
کہ اوس سی ٹپکی لیوین اور رکہین تہوڑا اس سی لیکر اوپر قضیب کی ملین اور غذا نان اور پنیر
کہاوین آلت کو بڑا کری اور اونچی نیچی آلت کو برابر کری دیگر سات مکہی لیکر پر اوسکی دور کرین
کات سپید کافور ہر ایک چار رتی لیوین اور تینون دوا کو ملاکر کی اوپر ذکر کی طلا کرین امساک
لاوی مجرب ہی دیگر آزمودہ ہی محمد تقی میٹی امانت خان کا پیاز نرگس بیس عدد دارچینی
سیلانی پانچ تولہ عاقرقرحا چہہ تولہ مویز منقی دس تولہ پتہ گاہی کا پانچ عدد اور پیاز جنگلی کہرل
کرکی لیپ کرین پوست بہشنگ جدا کرنا ہی دیگر نادری برادہ ہاتہی کی دانت کا پاو بہر
اور شراب انگوری تین تولہ ملاکر آدہا آدہا دو کپڑی مین باندہین دو سیر گای کا دودہ لاکر
دیگ مٹی مین رکہین اور اوپر اوسکی رکابی مٹی کی بند کرین اور بیچ مین رکابی کی ایک سوراخ
بڑا کرین اور گرد اوس سرپوش کی کہ جو دیگ پر رکہا ہی ماش کی آٹی سی خوب مضبوط بند
کرین اور نیچی دیگ کی نرم آنچ کرین اور ایک پوٹلی اوس سوراخ پر رکہین جسوقت گرم ہو اوس
سی آلت کو آہستہ آہستہ چار طرف سینکین پہر دوسری پوٹلی اوسکی اوپر رکہین اور اوس سی
سینکین اسیطرح سات روز تک چاہئی کرنا آلت کو سخت کری اور شہوت کو زیادہ کری
اور جلق والیکو برابر کری مجرب ہی بند اشند اسمناب قضیب کی بڑہی کرنیکی اول آلت کو
کپڑی موٹی سی اسقدر ملین کہ سرخ ہو جاوی بعد اوسکی تیل مناسبہ خصوصاً تیل عونٹی کا

طلا کرین تو جڑ رونگٹون کی بند کری اور جذب ہوی اور بعد اوسکی زفت طلا کرین تو خون
بند ہنی والا ہوی اور چاہیی کہ یہ عمل دو مرتبہ کری دوسرا یہ کہ قضیب کو گرم پانی سی دہوین تیل
بلسان مین دو مرتبہ چرب کرین تیسری وہ کہ تیل زیت کی ہمیشہ مالش کرین قضیب کو بڑا کری
چوتہی وہ کہ پانی کرفس مین دو مرتبہ دہوین پانچوین وہ کہ گہی بکری مین دو مرتبہ چرب کرین اور
کینچوی خشک تیل چنبیلی مین گہسکر ملین اور طبیبون نی کہا ہی جس عضو کو کہ موٹا کرنا چاہین
پہلے اوسکی تین مالش دیکر پانی گرم اوپر اوسکی ڈالین اور ساتہ آہستگی کی اوپر اوسکی دوا ملین
پہر زفت اوپر اوسکی طلا کرین جسوقت کہ نفع حاصل ہو استعمال دوا کا موقوف کرین اسواسطے
کہ جو کچہ کہ جذب ہوا ہی ساتہ تحلیل کے نجاوی دیگر قوت دار کرنی اور بڑی کرنی ذکر مین نہایت
مفید ہی اور حلق والی کی تین فائدہ دیتا ہی سانڈہ گہونگچی سپید بیر بہوٹی لونگ جنگلی تیل
زیتون کالا بہچہو اہر ایک پانچ ماشہ سمندر سوکہ پانچ ماشہ ریگ ماہی دس ماشہ پوست جڑ کنیر
سفید کا پانچ ماشہ بیج معولی کی پانچ ماشہ دودہ تہوہر خاردار کا تین تولہ دودہ مدار کا ڈیڑہ تولہ
مینڈہک کی سر کا پانی جسقدر کہ نکلی چربی شیر کی پانچ ماشہ چربی سور جنگلی کی پانچ ماشہ جونک
پانچ عدد سب دواؤنکو کوٹ پیسکی دودہ تہوہڑ اور مدار مین تین روز تک تر کرین بعدہ تین
روز تک شراب مین تر کرین بعدہ شیشہ مین ڈالکی مانند جو وہ کی ٹپکا دین اور ایک ہفتہ رکہہ چہوڑین
پہر قضیب پر اور برگ تنبول لپیٹ کی اوپر اوسکی کپڑا دہاگا باندہین اسیطرح پر تین رات برابر
دوا لگاوین پہر تین روز درمیان دیکر دوا استعمال کرین پہر تین روز فصل دیکر دوا استعمال کرین
اگر زخم ہوی گہی لگاوین اندیشہ نکرین دیگر مدار کے جڑ بہنگ کی جڑ کنیر سفید کی جڑ تینون کو
برابر لیکر کوٹ پیسکی ساتہ عرق دہتورہ کی گولی باندہین اور سایہ مین خشک کرین وقت ضرورت
ساتہ لب عقاب کی گہسکر قضیب پر ملین دیگر گندہک ہرتال چونٹی بڑی سیاہ تینون کو
برابر لیکر پہلی گندہک کو ساتہ سرکہ پیسین اور پانی اوس مین ڈالکی تہوڑا عرصہ چہوڑ دیوین
تاکہ گندہک نیچی بیٹہ جاوی پانی اوپر کا گرا دیوین پہر گندہک کو ساتہ سرکہ کی پیسکی پانی ڈالکر

اوسیطرح تین مرتبہ عمل مین لاوین بعد اوسکی تینون دوا کو ایک جگہ پیس کی گولی آلا بےبر
باندہ کی شیشہ گل حکمت کئی ہوی مین رکہکی بطریق چووہ کی روغن ٹپکاوین پیشاب کا بمقام
چہوڑ کر ملین نفع عجیب ہی دیگر حلوا تمہکنی سیر بہر گہی سیر بہر تمہکنی کو پانچ سیر دودہ مین جوش
کرین تاکہ شیر سب جذب ہوجاوی بعد اوسکی سیر بہر روغن زرد مین بہونین بعدہ سیر بہر شکر
اور ایک سیر شہد ڈالکی قوام کرین اور بعدہ یہ دوائیان ملاوین دارچینی لونگ کلیجن ہر ایک
تین ماشہ مشک ڈیڑہ ماشہ صبح کو پیسہ بہر کہاوین نہایت فائدہ کریگا دیگر اندرجو شیرین
ڈیڑہ تولہ کوٹ کی پاو بہر دودہ بہیر مین دو پہر کہرل کرین اور رکہہ چہوڑین وقت ضرورت
لیپ کرین دیگر مال کنگنی قسم اول پاو بہر جڑ کنیر سفید کی ساڑہی سترہ ماشہ کہنگچی سفید اندر جو
کڑوا کالا بچہو بیر بہوٹی ہر ایک ڈیڑہ تولہ زہر تلیہ زہر ہلدیہ سنکہیا زرد اور سپید ہر ایک
نوماشہ جائپہل جاوتری لونگ ہر ایک ساڑہی تین ماشہ دودہ بہیڑ کا پاو بہر سب دوا
سوای لونگ وغیرہ کی جوکوب کرکی رات کو دودہ مذکور مین تر کرین صبحکو آتشی شیشہ گل حکمت
مین مانند چووہ کی ٹپکاوین اور طریقہ لگانیکا یہ ہی کہ اول روغن ملین اور اوپر اوسکی کپڑا
باریک لپیٹ کر پان باندہین کچہ کہال اودہڑیگی اور اسی درمیان مین تج اور بعلت مصری
اور موچرس وزن برابر کوٹ پیس کی صبح اور شام کو نوماشہ ساتہ دودہ گای کے
یا پانی کی کہلاوین اور جماع اور ترشی سی پرہیز کرین واسطی حلق زدہ کی بہت مفید ہے
اور گہای سست کو مفید ہی اور جو کوئی کہ ازالہ بکارت سی عاجز ہو قادر ہوجاوی فصل

ادویہ مساک

بیر بہوٹی یکدام تلی کا تیل ساڑہی سترہ ماشہ بیر بہوٹی کو تلی کی تیل مین
جلاوین حل کرکی قبل مجامعت دونو تہیلی پر مین ملین انگلیان چہوڑ کی وبعد مین گہڑی
کی قربت کرین دیگر پوست بیخ کٹائی سفید سات ماشہ تخم اوٹنگن کافور ہر ایک ڈیڑہ تولا
پیس کی یکماشہ کی گولی باندہین ایک گولی واسطے لیپ کے کافی ہے
جب تک دودہ نہ پیوین انزال نہ ہوی دیگر خون گنجشک خانگی ساتہ آٹی مسور کے ملاوین

اوپر چارپائی کی بیٹھکی ہتھیلی پر ملین جبکہ خشک ہو مجامعت کرین جب تک کہ چارپائی
سی نہ اوترین پاؤن زمین پر نہ رکھین منزل نہو افیون مصری گوگل پیسا باریک کرکی
دودہ درخت گولر مین ملاکی ناف اور حوالی اسکی پر طلا کرین مفید ہی دیگر امساک زیادہ ہووے
جائپہل کہید باریک کرکی تخم دہتورہ اجوائن سب یکجا کرکی پوٹلی باندہ کی ایک سیر
دودہ مین پکاوین کہ آدہ سیر یا قدری کم رہی پلاوین جبکہ نشا آوی مجامعت کری جبکہ
ترشی کہاوین خلاص ہوجاوی دیگر لونگ جائپہل قلفل زعفران مصطگی جاوتری دارچینی
زنجبیل ہر ایک ساتہ ماشہ کافور ساڑہی تین ماشہ کوٹ پیسکی دونی شہد مین ملاکی وقت ضرورت
بقدر چنہ کی کہاوین مجرب ہی دیگر مرچ سفید اجوائن ہر ایک پانچ تولہ افیون ڈہائی تولہ زعفران
سوا تولہ بالچہڑ عقرقرحا ہر ایک ساڑہی تین ماشہ شہد سہ چند دو معجون بناوین شربت آدہ ماشہ
قبل مجامعت کی دیگر شنگرف عقرقرحا افیون ہر یک برابر لیکر کوٹ پیسکی ساتہ افیون کے
ملاکی عرق پان بنگلہ ملاکی مقدار چنہ کی گولی باندہین بعد مغرب ایک گولی کہلاوین ساتہ دودہ
کے اور چاہیی کہ درمیان کہانیکی اور دواکی فصل تین پہر کا ہوتا کہ پیٹ نہ پہولی رات کو اشتہا
ہو تو دودہ نوش کرین اور کچہ نہ کہاوین اگر مقدار چنہ سی زیادہ کہانا چاہی عادت سی بڑہادی
واسطے خوشبو کی تہوڑا لونگ و جائپہل اوس مین ملاوین دیگر لونگ عقرقرحا موصلی جائپہل
افیون تخم انگن زعفران ہر یک ساڑہی تین ماشہ مشک یکماشہ کوٹ پیسکی شہد مین ملاکی
دو ماشہ موافق مزاج و عادت کی کہلاوین دیگر کپڑہ باریک و سنگین لیکر پہلی ہول کو توڑ کر
تری اسکی مین کپڑہ تر کرین اسیطرح سات مرتبہ کرین اور خشک کرین وقت ضرورت تہوڑا
کپڑہ دودہ مین دہووین وہ دودہ نوش کرین اگر دودہ موجود نہو پانی کفایت کرتا ہی مجرب ہی اگر
تہوڑا تہوڑا اس کپڑہ سی اپنی فرج مین رکہی تنگی پیدا ہو دیگر کچلہ کنیر سفید کی جڑ کا چہلکہ دہتورہ سیاہ
کے پتے تینون برابر شراب مین کہرل کرکی لیپ کرین امساک ہوگی اگر چاہین کہ جلد منزل
ہوجاوی بعد لیپ کرنیکی جو ایک گہڑی گذری پانی گرم سی دہو ڈالین دیگر کہ امساک لاوی

بجرد استعمال باہ پیدا ہو گوسہ کی بیج باریک پیسکی ناف پر ملین بقدر نیم ماشہ مجرب ہی دیگر
کہ امساک لاوی اور قوت باہ زیادہ کری شنگرف دار ہلدیت گلو تیلیون برابر باریک پیسکر
پانی گوند ببول سی گولی باندہین جہربیری کی بیر برابر اور خشک کرین گولی کو اندر سی خالی کرکے
ایک رتی پارہ بہر کی جس قدر کہ گولی سی دوا نکلی ہی بہر کی سوراخ بند کر دیوین خشک کرکے
رکہین ایک گولی قبل ضرورت یا وقت ضرورت کی کہا دین اگر زیادتی باہ کی منظور ہوی تو ہمیشہ
اس دوا کو کہاوین اور اگر سچل امساک کا منظور ہوی نمک منہ مین رکہین **فصل** وہ ادویہ کہ جو
لذت دیتی ہین جماع مین دارچینی کبابہ عاقرقرحا مویز منقی ہر ایک ڈیڑہ تولہ مشک بہت تہوڑی سی
سب دوا کو جو کوب کر کی ساتہ شہد اور سونٹہہ کی ملاوین اور وقت حاجت کی قدری اوس سے
ساتہ لعاب دہن کی اوپر ذکر کی ملین اور جماع کرین دونو لذت پانی والی ہونگی **دیگر** بال سر
آدمی کی باریک پیسکی ساتہ روغن چنبیلی کی ملا کر وقت جماع کی تہوڑا اوپر ذکر کے ملین **دیگر**
دل ہدہد کا خشک کر کی شکر مین کہاوین شہوت زیادہ کری جس عورت کی ساتہ نزدیکی کرے
دیوانی ہووی **دیگر** بیر بہوٹی روغن گاؤ مین بہونین اور وقت جماع کی تہوڑا اوس گہی سے
اوپر قضیب کی ملین **دیگر** بال سر عورت کہ جو کنگہی مین ٹوٹتے ہین جلا کر شہد مین اوپر ذکر
کے ملین ساتہ جس عورت کی کہ جماع کرین دیوانی مرد کی ہووی **دیگر** پارہ زعفران کافور کاؤ لوز
سبکو عرق دہتورہ مین پیسکر کی اوپر ذکر کی طلا کرین اور جماع کرین عورت فریفتہ ہوگے
دیگر عاقرقرحا سونٹہہ دارچینی برابر کوٹ پیسکی اوس پانی مین کہ گوند ببول اوس مین حل کیا ہو
ملا کر اور شہد ملاوین اور گولی بنا کر رکہین وقت حاجت کی منہ مین رکہین جس وقت کہ پگہلے
اوپر ذکر کی طلا کرین لذت تمام لاوی **دیگر** بیٹ کبوتر کی نمک سنگ باریک گہسکر شہد مین
ملا کی قضیب پر طلا کرین **دیگر** اگیدانہ کالی مرچ کا ساتہ صندل کی گہسکر طلا کرین **فصل**
دوا امراض فوطی کی دوائی کہ فوطی کو مفید ہی یعنی آنت کہ خصیہ مین اوتر آتی ہے
بیروزہ خشک باریک کرین پانی مین افیون حل کر کی کپڑی پر طلا کر کی خصیہ پر پیٹین وضع کرے

ایک پہر آفتاب کی نیچی بٹھین تمام دن تمام رات لگا رہنی دیوین صبحکو آہستہ جدا کرکے
اور لگاوین یہان تک کہ سب آنت اوپر چڑہ جاوی و خصیہ اپنی صورت اصلی پر ہوجاوے
دیگر کہ ورم خصیہ دور کری ایک خصیہ مین ہو خواہ دونو خصیہ مین سونٹھ و بنولہ تل سیاہ دوا
کو کوٹ پیسکی گای کی پیشاب مین پکاکی نیگرم ضماد کرین تین روز مین ورم برابر ہوجاوے
دیگر کہ ورم سخت خصیہ کا دفع ہوجاوی انڈا کچھوہ کا شیرہ دہنیا مین ملاکی طلا کرین دیگر بہنگ
کو پانی مین تر کرین دونو خصیہ اس مین رکھین دو تین مرتبہ مین صحت ہوگی اگر ورم خصیہ سیدہی
مین ہو رگ اسیلم ہاتہ اولٹی پر داغ دیوین اگر ورم خصیہ اولٹی مین ہو ہاتہ سیدہی مین داغ دو تو
رگ اسیلم درمیان چہنگلیا اور اسکی پاس کی انگلی مین واقع ہی اور داغ یاقتہ کی کیڑی سی دینا چاہئے
دو روز مین آماس خصیہ کا جاتا رہتا ہی دیگر عرق بہلانوہ کہ جسکو شہد کہتی ہین نکالکر تاگہ سات
اسکے تر کرین جسطرف کہ ورم خصیہ ہو خلاف اسکی چار انگل اوپر گہٹنی یا دن سی تاگہ کو لپیٹین اور
اسیطرح ایک تاگہ اور عسل بہلانوہ مین تر کرکی درمیان بازو اوس ہاتہ کی کہ جسکی خلاف خصیہ پر
درد ہو لپیٹین جبکہ وہ عسل تاگہ سی علحدہ ہوکر جلد پر چمٹ جاوی تاگہ کو علحدہ کرلیوین اور جس
جا کہ عسل بہلانوہ چپکا ہو چونہ اوپر اوس خط بہلانوہ کی کہ جو جلد مین معلوم ہوتا ہی لگاوین فائدہ
اوسکا یہ ہی کہ ورم نہ پیدا کریگا و اکثر بعد چند ساعت خارش اوس محل مین ظاہر ہوتی ہی چاہئے کہ
کہوپرہ اوس مقام پر مل دیوین اور روغن مغز کہوپرہ کا بہی ملین کہ خارش دور ہوجاوی گی
اور ورم و درد ایکساعت مین جاتا رہیگا مجرب ہی دیگر کہ خصیہ مین ہوا یا ریح جمع ہوئی او ورم
کرلاوی نفع بخشی ارنڈ کی تخم کا مغز پانی مین پیسین چاندی کی برتن مین گرم کرکی ایک روز مین دو تین بار اوپر خصیہ کی طلا کرین مجرب ہی

باب اندر امراض کہ مخصوص ساتہ عورتون کے ہین

فصل اوس دوا مین کہ فرج کو تنگ کری و حیض کو لاوی اور بند کری اور سوا اوس کے
دوائی استحاضہ یعنی بہت خون کا آنا جو حیض موقوف کرے تا ملکہا نا خر بار سوت

لودہ پٹھانی چاروں دوا کوٹ پیسکی صبح کو چھ ماشہ ساتھ چار ماشہ شکر کی ملا کر ہمراہ پانی چاول
کی کھلاوین **دیگر** لید گدھی کی خشک کر کی کوٹ پیسکی کپڑی مین پوٹلی باندہ کی عورت پیشاب
کے مقام پر رکھے خون بند ہو جائیگا **دیگر** خطبیانہ رومی کوٹ کر پتی مہدی مین ملا کر ہاتھون پر
باندھین **دیگر** سنگجراحت تین تولہ گوند ڈہانک ڈیڑہ تولہ چھوٹی مائین نو ماشہ مصری تین تولہ کوٹ
پیسکے سفوف کرین خوراک ایک تھیلی بھر ساتھ پاؤ سیر گای کی دودہ کی دیوین تین روز مین نفع ہوگا
دیگر لینڈی گدھی کو مٹی کی برتن مین جلاوین خاک اوسکی کو رحم کی منہ پر رکھین خون بند کریگا
کہربا نو ماشہ گل ارمنی سترہ ماشہ کوٹ مین ساتھ عرق بارتنگ کی یا عرق ادرک مین یا پانی سماق مین
یا لعاب بہیدانہ یا آب کتھہ مین ملا کر کھلاوین **دیگر** گوند ڈہانک بارتنگ ساتھ تخم شاہ سفرم
بھونی ہوئی کی کہ ہر ایک نو ماشہ ہو قدری روغن گل مین چرب کر کی گولی بناوین اور کھلاوین
دیگر سرمہ پیسا ہوا کلی انار اور جفت بلوط سب کو کوٹ مین ساتھ پانی حب الآس کی ملا کر فرزجہ
کرین **دیگر** فوفل یعنی سپاری یکعدد بانسہ سات ماشہ رال سات ماشہ کوٹ پیسکی صبح اور
شام ساتھ پانی سرد کی ایکہفتہ کھلاوین خون حیض اور اسہال خون اور خون بواسیر بند ہو جاوی
میل بدن آدمی کا کہ حمام مین جمع ہوتا ہی بتی مین لگا کر مشیاب کی مقام پر رکھین خون بند
ہو جاتا ہی **دیگر** واسطی تنگی فرج بکاین کا چھلکہ انار کا چھلکہ مولسری کا چھلکہ تینو نکو پیس کے
کپڑا اتر کے عورت اپنے مقام مشیاب پر رکھے **دیگر** واسطی فراخی فرج باکرہ کی جڑ اونٹ
کٹارہ کی پیسکر ناف عورت پر ملین اوسی ساعت کشادہ ہوی **دیگر** آٹا مسور کا حریرہ کر کے
کھلاوین خون حیض کا بند ہو جاوی **دیگر** کہ شہوت عورت کی کہو دیوی کافور ساڑہی تین ماشہ
سہاگہ دو ماشہ ساتھ بنگلہ پان کی کھلاوین **دیگر** کاہو کی بیج متلی کی بیج برابر کوٹ پیس کے
سترہ ماشہ ساتھ شیرہ خرفہ سیاہ کی دیوین فائدہ کامل ہوگا اس دوا مین عورت و مرد یکسان
ہی برابر فائدہ ہوتا ہی **دیگر** نیلوفر مع جڑ اسکی صندل کی پتی ہری گلاب کی پتے اسپغول اجواین
کافور سفوف کر کی بقدر حاجت کھلاوین **دیگر** نیلوفر کی جڑ خشک تین تولہ گلاب کی پھول

ساتھ

ساڑہی سترہ ماشہ صندل سفید سات ماشہ کافور ڈیڑہ تولہ یہ سب دس خوراک ہین **دیگر** کہ فرج عورت
کو تنگ کری کلی ڈہاک کہ پتی نہ نکلی ہون سایہ مین خشک کرکی کوٹ پیسکی مصری برابر ملاکی
نو ماشہ سی ڈیڑہ تولہ تک کہلاوین تین ہفتہ مین اثر ہوگا اور چالیس روز مین نفع کلی ہوگا
دیگر ہوتہہ واسطی تری رحم کی اور بند کرنی منہ اوسکی مفید ہی اگر مول یعنی دوا بتی مین لگاکر
فرج مین رکہین نافع ہی **دیگر** کیوڑہ کی پہول کو چینی کی برتن مین نچوڑین یا اوپر کاغذ کے
جو کہ مانند غبار کے یعنی ابر کی نکلی لیکر قدری عورت اپنی فرج مین ٹپکاوی مجرب ہی **دیگر** اروی
ڈیڑہ تولہ لونگ ایکماشہ اروی کاٹ کی خشک کرین دونوکو باریک کرکی پانی مین برابر
لونگ کی گولی بناوین ایک گولی پیشتر جماع سی ایک گہڑی کہلاوین **دیگر** ہیلیلہ یک حصہ
سلاجیس دو حصہ باہم ملاکر فرج مین ملین مثل باکرہ کے ہوجاوی **دیگر** انار کچا تین تولہ
پہلی ببول کہ چہوٹی ہو انبیا کچی کہ جس مین ترشی نہ آئی ہو پہل درخت بڑ کا کہ خورد ہو چاروں
دوا ایک ایک سیر سایہ مین خشک کرکی کوٹ پیسکی چالیس روز کہلاوین ساتہ پانی کی
اوپر اوسکی نان مرغن دیوین نور وزتک ترشی و بادی نہ دیوین **دیگر** کپڑہ دودہ پیلی
ببول مین ترکرکی فرج مین رکہین **دیگر** درخت کیکر کی چہال جوکوب کرکی دو روز پانی مین
ترکرکے جوش کرین کہ نصف رہی چہان کی شیشہ مین رکہین جبکہ حیض آوی ایام حیض
مین بعد پیشاب کی دوا کی پانی سے استنجا کرین ہر حیض مین ایسا ہی کرتی رہین تاوقتیکہ
حیض آیندہ آوی باکرہ ہوجاوی گی **دیگر** اسفنج کہ جسکو ابر مردہ کہتی ہین ایک ٹکرہ لیکر
دو تین گہڑی پیشتر صحبت سی بدن مین رکہے وقت صحبت نکالین ضیق و نرمی و گرمی
ہوگی **دیگر** انبلی کے بیج کوٹ کی پکاوین و قدری عورت بدن مین ڈالی تنگی و گرفت لگے
تمام آویگی **دیگر** ماجوپہل ڈیڑہ تولہ آٹہ کی غلولہ مین رکہکر لگاوین پہر باہر لاکی مثل سرمہ کے
پیسین و یکماشہ مشک اول پیسکی پہی ملادیوین اور کپڑہ باریک مین چنہ برابر گولی یعنی
پوٹلی تیار کرکے بعد ایام حیض تین رات دن عورت لینے بدن مین آٹہ ماشہ منجملہ

پوٹلی رکھے اگر ایک ہفتہ صبح وشام رکھی تو بہتر ہی بعد اسکی پاس شوہر کیجاوی مانند باکرہ کی ہوجے
دیگر مازو وپھٹکری تفاح اذخر چنبیلی کے پتے برابر لیکر پیس کی بتی بناکر رکھین یا سب دوا کو جوش
کر کی پانی مین اس کی عورت بیٹھی **دیگر** مردار سنگ سرمہ سیسہ نرم کوٹ پیس کی ساتہ شراب
تیز کی ملاکر بتی رکھین **دیگر** اذخر ایکحصہ مازو دوحصہ نرم پانی مین پیس کی کپڑہ اس مین
تر کر کی خشک کرین وقت ضرورت تہوڑا اوس سے عورت اپنے بدن مین رکھے **دیگر** دودہ
گہوڑیکا کہ اول مرتبہ بچہ جنا ہو کہ اسکو ہندی پیوسی کہتی ہین لیکر کپڑہ نیم پرانہ تر کرکے خشک کرکے
وقت ضرورت اپنے بدن مین رکھے اتنی دیر رکھے کہ کپڑہ سب تر ہوجاوی پھر نکالے عورت
نزدیکی مرد سی کرے مثل باکرہ کی ہوگی **دیگر** کالی تل سات ماشہ گوکہرو چودہ ماشہ شہد
آدہ سیر دودہ ملاکے عورت ہر روزہ استعمال کری مانند بکر کی ہوگی **دیگر** مازو یا کافور وشہد باہم
ملاکی فرج مین طلا کری اگرچہ بڈہی ہو جوان ہوجاوی **دیگر** کف دریا ہڑ کی بیج کی گٹھلی مساوی ملاکر پیس
عورت فرج مین ملی تنگی بہت ہوگی اگر سوراخ رحم تک پہونچاوی جلد فائدہ ہو **دیگر** کہ تری فرج
کو دور کرے اقاقیا گلنار مشک و مازو ہر یک سات ماشہ پھٹکری سنبل ساڑہی تین ماشہ شافہ
کرین **دیگر** اگر کسی عورت کو خون حیض موقوف ہو گیا ہو اسکو خون جاری ہو انت باریک کوٹ
کی اسکو خون کبوتر یا بہیڑ پھٹکری مازو ناگرموتہہ سنبل الطیب مشک ہر ایک ساڑہی تین ماشہ
لونگ نو ماشہ باریک کر کی رودہ مذکور کو ادمین ت کرین اور استعمال کرین فائدہ کمال ہوگا اور خون بہے
جاری ہوگا **دیگر** پھر پہوڑی ساتہ گہی گای کی ملاکر تین روز ملین نہایت مفید ہی **دیگر** کہ فرج
تنگ کرے و سیلان منی کہ بی اختیاری سی آتی ہو بند کری تتلی خشک پودینہ تخم سنبھالو
ہر یک تین درہم کسیلا دو درم تخم کاہو نیلوفر ہر یک یکدرم ونیم گوگل ساڑہی تین ماشہ گوند ببول
حل کرکے دوا خشک کرکے کوٹ پیسکی بہم ملاوین و عورت شافہ کرین **دیگر** دوائیکہ حیض
ونفاس کہ بعد بچہ ہونیکی خون جاری ہوتا ہی بند کری اور مشیمہ کہ مثل ٹکرہ گوشت کی ہوتی ہی باہر نکالی
ادویہ کہ مشیمہ کو باہر نکالی یعنی مزغہ گوشت کہ رحم مین قرار پاتا ہی ترکیبہ مہبارنگی کوٹ پیسکے

ساتھ روغن گای کی کھلاوین دیگر سونف باڑنگ بیروزہ گجراتی ڈیرہ تولہ قمقونکو کوٹ پیسکی اشداد
حیض مین تین روز تک دیوین یہ سب تین خوراک ہی تخم ریحان ساتھ شربت کی کھلاوین مولی کے
بیج گاجر کی بیج ہر یک ہتھیلی بھر کھلاوین وہ دوا کہ سختی و آلایش رحم کی پاک کری و بچہ زندہ و مردہ
فی الفور گراوی و حیض کہ بند ہو جاری کری دودہ مدار کا لیکر روئی اُس مین تر کر کی منہ رحم پر رکھین
اور دودہ مدار کا ورم پیدا کرتا ہی کھال وہان کی نکل جاتی ہی الغرض عورتین نازک مزاجون کو
مفید نہین ہی دیگر کہ حیض بند جاری کری درخت نیب کی چھال کہ درخت پرانا ہو دو تولہ سونٹھ
چار ماشہ قند سیاہ دو تولہ پوست و سونٹھ کو کوٹ کی جوش کرین گڑ ملا کر پلاوین اجابت حیض بدرون
کھلاوین حیض جاری ہوتا ہی حیض بفراغت آویگا گڑ سیاہ گھی مین ملا کر کسی برتن مین آگ پر چڑہاوین
جبکہ قوام سخت ہو کہ بتی بن سکی تھوڑا بیروزہ خشک باریک کر کی اسمین ملاوین اور بتی بنا کی دہن
رحم مین رکھین دیگر نرمہ کی پتی آدہ پاؤ ایک سیر پانی مین جوش کرین جب کہ بقدر پینی کی قابل ہو
گرم پانچ چھہ تولہ حل کر کی پلاوین خون بفراغت آویگا دیگر تولہ خالص جوش دیکر تین روز تک پلاوین
ایام جاری ہونگی ایلوا اتیس مرکی ہندال برابر لیکر کوٹ کی ساتھ شراب کی پیسکی شافہ کرین دیگر کہ
پانی رحم کا جذب کری اجمود بابرنگ بیروزہ خشک ہر ایک ڈیڑہ تولہ نمک لاہوری دو ماشہ شہد
بقدر ضرورت شہد کو گرم کرین دوا کو کوٹ پیسکی ملاوین روئی تر کر کی شافہ کرین دیگر بادی یعنی بائی رحم
کو دفع کری سونف انیسون کرفس پتی تتلی کے پودینہ ہر ایک ڈیڑہ تولہ شہد چھہ تولہ شہد کو گرم کرین
دوا کو کوٹ پیسکی اوس مین ملاوین بقدر گٹھلی چوہارہ کی شافہ کرین اور روئی پرانی دوا مین تر کر کے
بنا کر استعمال کرین دیگر کہ سیلان رطوبت رحم کو دفع کری گائی کا دودہ پانچ سیر تازہ ٹری بامین چھوٹی
ہر ایک چار تولہ سپاری کی پھول دہای کی پھول ہر ایک تارہی سات تولہ ڈہانک کا گوند آدہ پاؤ
سپاری سرخ پاؤ سیر شکر سفید آدہ سیر دودہ کو آگ پر چڑہا کر جوش کرین سپاری نرم کوٹ پیسکی داخل
کرین اور کفگیر سے چلاوین بعد اوسکی شکر ملاوین پھر آگ پر چڑہاوین کہ قوام ہوی اور دوا مین کوٹ پیسکی
داخل کرین آگ پر سے اتار لیوین بقدر حاجت کھلاوین اور جو دوا واسطی سیلان مرد کی لکھی گئی ہی اس جگہ

بہی مفید ہی **دیگر** اگر عورت کی فرج سی پانی جاری ہو منو ہنکوت بقدر جنگلی بیر ساتہ پانیکی کہلاوین پاک
و پاکیزہ ہو جاوی **فصل** واسطی منزل کرنی عورت کی اور سوای اسکی جو کچہ کہ لذت لاوی اسپند
سوختنی باریک پیسکی شہد مین ملاکی اور قضیب کی ملین جو خشک ہو نزدیکی کرین **دیگر** کافور بہم سینے
نو ماشہ سہاگہ بہونا ہوا ڈیڑہ تولہ شہد مصفی پہاڑی تین ماشہ سب ملاکی قضیب پر ملین نمک سنگ
و بیٹ کبوتر کی شہد مین ملاکر ملین دودہی ہمراہ برگ پان ساتہ چونہ کی عورت کو کہلاوین کافور یکحصہ
چونہ دو حصہ آپسمین ملاوین و عورت کو کہلاوین فی الفور منزل ہووی **دیگر** پتہ مرغونکا ساتہ
مرداسنگ کی ملاکر قضیب پر طلا کرین **دیگر** پتہ چڑیان شہد مین ملاکر ذکر پر ملین **دیگر** پارہ ساتہ بہے
پانی گوبہی کی اور پانی پان بنگلہ یکجا کرکی گولی بناوین جو عورت کہ ایک گولی کہاوین فوراً انزال ہو جاوی
دیگر کچوپارہ دو رتی بکری کی دودہ مین کہ تازہ ہو خوب پیسین پہر کافور ایک رتی ملاکی پہر پیسین
وقت ضرورت استعمال کرین **دیگر** نسخہ مطابق گنج باد آورد سہاگہ یکجز کافور یکجز شہد چہہ جز
حسفہ چہوڑ کر طلا کرین دو تین مرتبہ دخول کرنی مین منی عورت کی گرجاوی گی اور لذت سی بیہوش ہو جاوی گی
دیگر درد رحم کہ شروع حیض مین یا بعد بچہ ہونیکی یا بعد جماع کی ہوتا ہی ہو قوف کری اور منع جاری ہونی
حیض کو کری و بچہ گرادیوی پتی نیب کے گرم کرکے رحم پر باندہین یعنی مثانہ پر درد زائل ہو جاویگا
اور وہ عورت کہ حیض آنی مین مبتلا درد کی ہو چند روز آوند خطائی کہلاوین **دیگر** کہ درد وقت جماع
کے جو لاحق ہوتا ہی دور کرے مازو باریک کرکی روئی ترکہ کی رحم کی منہ پر رکہین قبل جماع کے
دیگر ہنگ باریک کرکی روئی مین لت کرکی اندر فرج کی رحم کی منہ پر رکہین پیوستہ پانی مین تر
کرتے قدری پانی اسکا نوش کری درد رحم سب طرحکا دور ہووی **دیگر** درد رحم کہ پانی گندی سی ہو
کسی وجہ سی آرام نہو دفع ہو بارتنگ اگت دریا ہر ایک حصہ بیروزہ خشک نمک لاہوری ہر ایک
دو حصہ سب کوٹ پیس کی تین پوٹلی بقدر بیر جنگلی کی باندہین نیچی رحم کی رکہین سب گندہ پانی دور
ہو جاویگا تین روز عمل مین لاوین **فصل** واسطی آسان ہونی بچی کی اور سوا اوسکی بال آدمی کی جو سر کے
جلا کے خاکستر اوسکی گلاب مین ملا کر عورت کی سر پہ رکہین **دیگر** انہل سات ماشہ اشق اور ہینگ دو دو ماشہ

سب ایک خوراک ہی دیگر کوئی دوا برابر اسکی نہین ہی جند بیدستر سیہ ہر ایک نو ماشہ دارچینی ابہل
ہر یک سوا دو ماشہ سبکو کوٹ کی ساتہ شہد کی ملادین اور ساتہ ماء العسل کی یا شراب پرانی کی پلاوین
دیگر سات ماشہ گوبر گای کی ساتہ پانی کی کہلاوین ایکساعت مین بچہ مرا ہوا اگر جاوے دیگر اسگند کوٹ
چہین کی شروع حیض سی ساڑہی پانچ ماشہ سی ڈیڑہ تولہ تک کہلاوین اور غذا دودہ اور خشکہ دیوین اور
بعد ایام حیض کی جماع کری البتہ حمل ہوی دیگر ہڈی سر آدمی کی باریک پیسکی تہوڑی ساتہ دودہ
بکری کی عورت کو پلاوین بعد پاک ہونی حیض سی اوسی رات کو حمل ہوی دیگر کہ معین حمل ہی اور
بانجہ پن عورت کی دور کری ریشہ درخت تاڑ کا کوٹ کی تین ماشہ گڑ مین ملا کر تین گولی باندہین
جس روز کہ حیض سی پاک ہووی ایک گولی اوسکو کہلاوین اور جماع کرین اسیطرح تین روز تک دیوین
ایک گولی اور جماع کرین بانجہ جس طرح کا ہوی دور ہوی اگر عورت کو حمل مین خون جاری ہوی اور خوف
گر جانیگا ہو دہاتکی نیلوفر ہموزن پیسکر ساتہ شہد اور دودہ گای کی ملا کر کہلاوین خون حیض بند ہووے
دیگر جڑ گاجر کی و سونف و جڑ مولی کی بابرنگ سونٹہہ ترکچور آنبہ ہلدی ہر ایک سات ماشہ جدا جدا
جوکوب کرین تین حصہ کرین اور ایک حصہ صبح کو دیگ نگی مین ساتہ سیر بہر پانی کی جوش کرین
باقی رہجائے کے جسوقت آدہ پاو پانی باقی رہی بعدہ گڑ پرانا چار پانچ تولہ اوس مین ڈالین پہر چہانین
اور ڈیڑہ تولہ گہی گای کا یا سوا اوسکی اس مین ملاوین اور پلادین اور پہر اس دوا مین آدہ سیر پانی
ڈالکی شام کو جوش کرین جو آدہ پاو سی کچہ کم رہی ساڑہی چار ماشہ گڑ پرانا اوس مین ڈالین اور چہانین
اور سوا دو ماشہ گہی ملا کر پلاوین اسیطرح تین روز تک دو وقت دیوین اور یہ دوا اسطرح شروع
کرین کہ روز تیسرا روز طہارت سی ہوی یعنی جس عورت کو کہ خون چہہ روز تک آتا ہی اوسکو چاہیے
کہ بعد تین روز کی یہ دوا شروع کری اور جس روز کہ ایام حیض تمام ہووین یہ دوا بہی ختم ہو جاوے
اور جس عورت کو کل تین روز ایام حیض رہتی وہ اول دن ہی یہ دوا شروع کری اور جب تک کہ
ایام حیض رہین ترشی اور بادی سی پرہیز رکہین عنایت خدا سی فرزند پیدا ہوگا دیگر مویز منقی
ہر ہیڑہ آنولہ بابرنگ مہوہ نارنگی لکڑی تل دودہی گل دہاتکی جن کی چہال ناردان قند شہد

سب برابر کوٹ پیسکی باہم ملاکر گولی بناوین اور کہلاوین اور اطلا بہی کرین بعد آٹہ روز کی حاملہ
ہوگی ناگ سنگ عرق بہنگرہ کا واڑہی درخت بڑ کی گڑوا تیل ہر ایک ساڑہی تین ماشہ سبکو کوٹ
کی کہلاوین شروع حیض سی تین روز تک دیگر خبر ہو کہ حمل گر جانیکا خوف ہو فائدہ کری ملہٹی
لودہ برابر پیسکی نو ماشہ تہوڑی دودہ مین ملاکر پلاوین دیگر قبل کامل ہونی بچہ کی کہ حمل گر
جاتا ہی ایک تاگا نو تار کا سر سے ناخن پیر تک عورت کی ناپ کر پیاز اور دہتورہ سیاہ کی
جڑ سات ٹکری کر کی تاگی مین باندہکر کمر عورت مین باندہ دیوین بچہ نگریگا دیگر جنہی سی اوسکی
حمل قایم ہوتا ہی زرنجور سونٹہ باڑبنگ ہر ایک ڈیڑہ تولہ نیمکوب کر کی تین حصہ کرین ایک
حصہ کو دو سیر پانی مین جوش دین اور ایکمرتبہ پانی چہان کر پہینک دین اور تین تولہ گڑ پرانا
ملاکر جوش دیکر شیر گرم پلادین تین روز تک بہتر ایام پلانیکی یہ ہین کہ روز ایام حیض سے
فراغت ہو جیسا کہ اوپر کہا گیا ہی دیگر اگر عورت بچہ جننی سے باز رہی فائدہ کری لکڑی لقتیم
کی کہ رنگ زیر جامہ رنگ کرتی ہین بیج اسکی بودہ پہٹانی ہر دو برابر پیسیدہ کر کی ہمراہ روغن و
شکر حلوا تیار کرین آٹہ روز کہلاوین بعد آٹہ روز کی عورت مرد کی پاس جاوی انشاء اللہ تعالی
لڑکا ہوگا و چیزہای بادی سی پرہیز کری دیگر کہ منع جاری ہونی حیض کو کری گہونگچی کوٹ پیسکی
بقدر چار ماشہ ہمراہ شکر کہلاوین تین روز تک ہرگز لڑکا نہوی دیگر کہ بر محل فائدہ کری گل ناگیسر
بچہ گای کی گہی مین بعد حیض کی تین روز عورت کہاوی و غذا شیر برنج و دودہ گای کا کہ جسکا
زہو بعد فراغ جماع کے دیگر کہ حمل قائم ہو کڑوی توری سبز جہلکا اسکا دور کرین و پیسکی بعد
فراغ حیض تین روز متواتر فرج مین ملین اور دہو وین بعد اُسکی عورت صحبت کری نرہ دوا
کہ حیض جاری ہونیکو منع کری نمک سنگ کڑوی تیل مین چرب کرین بعد جماع عورت اپنی رحم
مین رکہی اگر پانی منی کا قرار پایا ہوگا جاوی دیگر بیٹ کبوتر صحرائی نو ماشہ پانی مین ڈالکی رات
کو نگاہ رکہی صبح کو پانی اُسکا عورت کہاوی بلکہ وزن یا تین روز عورت عقیمہ ہو جاوی اگر بیٹ
کبوتر صحرائی کی بقدر یکماشہ ہمراہ شکر کہلاوین اگر وقت جماع کی آلت کو ساتہ تیل تلی کی چرب کرین

رحم نطفہ قبول نکریگا اگر بعد جماع کی قدری نمک سنگ بدن اپنی مین رکہی اور سات قدم ایک
پیر پر کودی منی کہ رحم مین ہو لغزش کری دیگر مازو و تخم مورد برابر لیکر کوٹ کی پانی مین ملاکے
شافہ کرے و قبل جماع کی عورت اپنے بدن مین رکہی دیگر گہونگچی عجیب خاصیت رکہتی ہے
بعد حیض کی ایک گہونگچی کہالیوی ایک برس تک حاملہ نہوی و بدستور جسقدر کہ کہالیوی
اُسیقدر لڑکا نہوی دیگر تخم پلاس و پوست انار سات ماشہ چار پیالہ پانی مین جوش کرین
ایک صبحکو کہلادین خون حاملہ بند ہوجاوی جوارش کہ گرنی بچہ کو منع کری نرکچور درونج عقربی
مروارید کہربا عود خام ہریک ساڑہی تین ماشہ چہریلہ بالچہڑ ہریک ساڑہی سترہ ماشہ کوٹ پیسکے
تین حصہ شہد ملاکی ہر صبح کو نو ماشہ کہلادین دیگر میل کان آدمی کا بقدر دانہ باقلا کی ساتہ
پشمینہ سیاہ رنگ اوپر گردن عورت کی باندہین جب تک وہ ہوگا عورت کو حمل نہوگا اگر
بہمن سپید و سرخ ہر ایک برابر کوٹ پیسکی ساتہ شہد یا قوام قند یا ہمراہ گلقند ملاکی ڈہائی تولہ
کہلاوین دیگر کہ بچہ گرادیوی بیخ اسگندہ بقدر رحمہ یا آٹہ انگل کاٹ کی ایکجانب اسکی باریک
کرکے قدری ایلوا و کلونجی پانی یا پتہ گائی مین حل کرکی طلا کرین اور خشک کرین اوسی جانب
باریک کو فم رحم مین درلاوی دوسری طرف بیخ اسگندہ کا ڈہاگہ باندہ کی ران پر باندہین و
اسیطرح رہنی دین تا کہ بچہ گرجاوی چار پانچ روز عمل مین لاوی دیگر مولی کی بیج تین تولہ کوٹ
کی سیر بہر پانی مین تا کہ پاو بہر پانی باقی رہی چہانین اور تین تولہ گلاب قسم اول ملاکر پلاوین اگر
ایکروز مین اثر نکری تین روز تک دیوین دیگر کہ تری رحم اور مرغہ گوشت کو باہر لاوی اور بچہ
مرا ہوا اور زندہ گرادیوی تہوڑی سی ہپٹکری لیکر اور ٹہیکری کی رکہکر بہونین جسوقت جوش آوے
تہوڑا نرکچور باریک کرکی اوس مین ڈالین اور اُتارین اور لکڑی سی ملاوین اور مانند گٹہلی چہوہارہ
کی گولی بناوین اور وقت ضرورت کی ایک گولی منہ رحم مین رکہین تین روز تک درد اور سوجن
ہوگی خوف نکرین مجرب ہی دیگر کہ فی الفور بچہ گرادیوی شکر سرخ آدہ سیر ڈیڑہ سیر پانی مین حل کرکے
جوش کرین بچہ گراوی اور سنگ گردہ اور مثانہ بہی گراوی اگر ایک روز مین فائدہ نہ دیوی دو تین روز

دیوین عمل کامل کری دیگر مغز بادام مغز توپتی مغز بیج ارنڈ کی مغز بیج کدوی تلخ زنگار سیاہ
دانہ مغز تخم خربزہ تلخ ہر ایک ڈیڑہ تولہ لیوین اور باریک کرکے تین حصہ کرین پہر ساڑہی دس ماشہ
بہروزہ لاوین اور تین بتی بناوین ایک حصہ اوس دوا سی بتی مین لگاوین شافہ کرکی دہن رحم
مین رکہین پہر بیج شیر ماہی تین تولہ چہہ ماشہ تتی سیوتی والان زرگ ہر ایک ساڑہی دس ماشہ
تینون دوا کو جوکوب کرکی تین حصہ کرین ایک حصہ پانی مین جوش کرین اور صاف کرکی شیر گرم
پلاوین اور تین روز تک شافہ مذکورہ کرین اور لیہ طبیخ پلاوین فوراً حمل گرا دیوی دیگر بچہ کو گرا دیوی
چنبیلی کی جڑ ساتہ شہد کی عورت کہاوی اور پیشاب کی مقام پر رکہی آخر پیاز نرگس ساتہہ
ماء العسل ایک تولہ دو ماشہ کہاوی تخم ہزار اساتہ شہد کی کہانا ساتہ لینے صحبت کرنا ہی عمل گرتا ہے
دیگر کانچ باریک کرکی کپڑی مین پوٹلی باندہ کی عورت بدن مین رکہی لڑکا نہوگا دیگر شورہ نو ماشہ
نہار کہاوین ایکساعت مین اگر بچہ مردہ ہوی گرا دیوی دیگر سناخ نرم ارنڈ کی تیل ارنڈ مین ملاکر
کی شافہ کرین رحم مین جلد گرا دیوی دیگر سقمونیا ساتہ پانی تتلی کی پیسین تہوڑا اور قیف سیب کی ملہین
اور جماع کرین گرا دیوی دیگر تل پانی مین ایک رات بہگو دین اور وہ پانی پلاوین اسقاط کرتی
اور ایام حیض بند کو کہول دیوی دیگر کہ زخم فرج کا کہ استعمال دواؤن گرم اور تیز سی ہو جاتا ہے
اور درد اور سوزش اعد سختی کو فائدہ دیوی چربی بطا اور مرغ کی ہر ایک یک سیر اقاقیا سفیدہ اج
رصاصی مردار سنگ کچا دہویا ہوا کتیرا خطمی ہر ایک ایکتولہ دو ماشہ چربیون کو پگہلا کر روغن لیوین
اور سب دوا کو پیس کی ملاوین بتی بنا کر عورت کی بدن مین رکہین

باب اندر یرقان اور چوتہی ورکی تپ اور تپ فرمین وتپ صفراوی وتپ بلغمی وتپ لرزہ

واسطی یرقان کی پلاس کی پہول تین تولہ شب کو پانی مین تر کرین اور صبحکو صاف کرکے
پلاوین بہت نفع کرتا ہی دوا واسطی تپ کی اصل علاج کتاب یونانی مین لکھا ہی موافق اسکی کریز

پہاکی

پاک کرنا مادہ کا اور بجہانا حرارت کا چاہیے مگر اس جگہ چند نسخی جو کثیر النفع ہی ذکر کرتا ہون مین
دیگر وہ دوا کہ تپ مزمن کو دور کری پر اسپ یعنی ایک خشک چیز کہ اگلی پیر گہوڑی مین ہوتی ہی
چینی برابر اور افیون ایک رتی پتی نیب کی ڈہائی عدد سبکو قند مین ملا کی تین گولی باندہین پہلے
آنی تپ کی تین گہڑی ایک گولی کہلاوین جبکہ تپ آوی ایک اور دیوین اور کبھی ہوتا ہے
کہ تیسری گولی کی نوبت آتی ہی اگر مریض زور آور ہی سب دوا کی دو گولی بناوین اور افیون
کہانیوالیکو افیون دونی کر دیوین اور آدہی پتی نیب کی طول مین لیوین نہ عرض مین دیگر کہ
سب تپونکو دور کری خصوصاً بلغمی او صفراوی کو چونا کہونگہی کا ہرتال ہر ایک تین تولہ نیلہ تہوتہ
نو ماشہ سبکو مغز گہیکوار مین دو پہر کہرل کرین پہر دو سکوری گلی مین رکہکی بہوسی دہان سے
گل حکمت کر کی آنوہ کمہار مین کہ جسمین بہت آگ ہو رکہین جبکہ سرد ہونگا لکی دوا اسکو رون سے
باہر کرین دو ڈہائی رتی واسطی مرد جوان کی دینا چاہیے اور اس دوا کو شکر مین یا برگ تنبی مین
کوٹ کی دینا چاہیے اور ترشی اور بادی اور روغن سے پرہیز کرین مجرب ہی لیکن تپ محرقہ
مین ہرگز نہ چاہیے دینا کہ ساتہ ہلاکت کی نہ پہونچاوی اور بعضی شخصونکو کہانی اس دوا سے
قی ہوتی ہی اور یہ علامت نیک ہی جلد نفع ہوتا ہی او چوتہی روز کی تپ کو دور کری چرنہ
گہونگہ کہ گہونگہ کو آگ مین جلاوین تو جلکر سپید ہو جائے دیگر دہنیا پہول مسیو ہر ایک ڈیڑہ تولہ چہنے
کی بہوسی تین تولہ سبکو کوٹ پیسکی تین حصہ کرین ہر صبحکو ایک حصہ ہمراہ پانی کی اُتار جاوین
چوتہی روز کی تپ کو دور کری دیگر عرق بہنگرہ جنگلی اور بہوسی اجواین اور دودہ گا بیگا اور
گڑ چار برسکا پرانا ہر ایک ڈیڑہ تولہ پختہ بہوسی اجواین کو پانی مین پیس شیرہ اوسکا لیکر دونو
شیرہ ملاوین گڑ اوس مین حل کرکے صاف کرکے ملاوین تپ چوتہیا کو دور کری
دیگر تپ اور لرزہ دور کری پہٹکری او مصری برابر لیکر پیسین موافق حال کی دو ماشہ سے
چہہ ماشہ تک دیوین اور پہٹکری اگر بہونی ہو بہتر ہی لیکن جن شخصونکو کہانسی خشک ہو اور
سینہ مین خشکی ہو یہ دوا نچاہیے دینا اور اکثر اس دوا سی بعضی شخصونکو دست جاری ہوتی مین

فوراً تپ نافل ہوتی ہی دیگر موسیائی سہاگہ بریان نیلہ تہوتہہ بریان افیون مصری ہر ایک برابر
لیکر پارہ پہر تک کہرل کرین اور تیہ کر کہ اوعدد دو خشخاش ہو ڈالین اسیطرح پارہ پہر تک پارہ
پتہ ڈالین اور کہرل کرین بقدر جوار کی گولی باندہین اور دو گہری پیشتر تپ آنی سی ایک گولی کہلاوین
تپ پرانی دور کری اور بجای موسیائی کی المبوہ بہی ڈال سکتی ہین اور اگر قبل جماع کی دو تین گولی
کہلاوین باہ اور امساک لاوی اور اگر تہوڑی ناخن پر گہسکر پانی سی آنکہ مین لگاوین روشنی زیادہ کرے
دیگر دہنیا دو گہڑی پانی مین تر کرکی پیسین اور برابر اوسکی اسپند ملاوین اور پیشانی کی طلا کرین
تپ دور کری دیگر کہ تپ چوتہی روز کو نہایت مفید ہی تنکار سوہاگہ وغیرہ کہ طحال مین بیان کیا ہے
کہلاوین دیگر اسپغول اپلی بیج دور کرکی شکر سرخ مین تولہ پہلی اسپغول مین پانی ڈالکر پلاوین
غذا چاول اور دہی شیرین کرین تین روز اسیطرح کہاوین تپ اور لرزہ دور ہو دیگر کاسنی
دہنیا ہر ایک چار ماشہ اجمود تین ماشہ پیپل دو ماشہ سبکو نیم کوب کرین پانچ تولہ پانی مین تر کرکی صبحکو
پانی اوسکا پلاوین اور چار تولہ پانی اور اوسمین ڈالکر واسطی شام کے رکہین اسیطرح تین روز دو وقت
پلاوین دیگر کاسنی دہنیا خشک سونف زیرہ ہر ایک تین ماشہ سب کا شیرہ کرکی پلاوین بعد
رات کو بہگو کہا کرین دیگر گرچ اور دہنیا اور رکت چندن مغز کنول گٹہہ پوست اندر درخت نیم کا
ہر ایک پانچ ماشہ جو کوب کرکی تین پاو پانیمین جوش کرین جسوقت آدہ پاو باقی رہی چہانکی پلاوین
بخار کی گرمی دور کری اور جو مرض کہ پینی شراب سی ہوا ہو اوسکو بہی مفید ہی پانچ روز تک یا سات
روز تک یہ دوا کام مین لاوین مجرب ہی واسطی تپ کی دیگر کہ تپ وبائی کو مفید ہی گرچ چند
موٹہ زرد چوب دہماہا ناگیسر کہیر کی لکڑی ہٹکٹائی سب برابر لیکر کوٹ کر ملاوین ایک تولہ اوس سے
آدہ سیر پانی مین جوش کرکی درمیان جوش مین دس پتی نیم کی ڈالین جبکہ آدہ پاو پانی رہی چہانکر پلاوین
اور اس دوا جوش کئی ہوئی مین پانی ڈالکر واسطی شام کے رکہین تین روز تک اسیطرح دیوین اگر
مریض بڑا ہو چہہ ماشہ یا قدری کم دوا لیکر پانچ عدد پتی نیم کی لیکر دیوین دیگر کہ تپ سردی اور سنبات
کو مفید ہی اور درد شکم اور استلا دور ہوتا ہی پارہ کہ شنگرف سی نکلا ہو گندہک جمالگوٹہ اصلاح کیا ہوا

گوبر مین بھیناگی بدستور سابق کی کہ جو ہم فائدون مین لکہہ چکی ہین استعمال کراوین دیگر تپ لرزہ کو
مفید بڑی الائچی کی دانہ مرچ سیاہ مصری بقدر ضرورت پیسکر دیوی خشخش چہہ تولہ مصری تین تولہ
پیسکر کی اور جوش کرکی پلاوین دیگر جملہ تپ کو مفید ہی سرسون ہلدی پیپل الہسن مرچ بیج دارہلد
بارنگ ہر آتولہ ہر ایک برابر لیکر کوٹ پیسکی دودہ بکری مین کہرل کرین کہ ایک مین ملجاوی بقدر چنی
کی گولی باندہین وقت تپ آنکی پانی مین گہسکر آنکہہ مین لگاوین دیگر تپ سرد کو دور کری ماش
اور چاول پکاوین اور پیپل پیسکی ملاکر ایک پیالہ پلاوین اوپر سی لحاف اوڑہ لیوین پسینہ نکلیگا اور مراد ماش
سے اسجگہ مونگ ہی وہ تپ کہ ساتہ سوادیت کی دور ہو جاوی اور بلغم بہی اگر ہو خشک ہو جاوی
املتاس پیپل مول سونٹہ کٹکی سب برابر لیکر کوٹ کی جوش کرین بقدر ضرورت پلاوین دیگر جملہ
تپونکو مفید ہی کہ جو ناغہ دیکر آتی ہی سندہی جواکہار پیپل دراز پیپل مول ہر ایک ساڑہی تین تولہ
کوٹ پیسکی پانچ سیر گای کی گہی مین پکاوین بعد اوسکی عرق ادرک کا اور پانی دہی کا برابر وزن گہی کے
ملاکر خوب جوش کرین کہ گہی رہجاوے باقی جل جاوی وقت حاجت تہوڑا اس گہی سی کہلاوین
دیگر واسطی تپ اور لرزہ نبی اور پرانی کی مفید ہی چند کرنجوی لیکر آدہی دور تک سوراخ کرین یعنی
خالی کرین سنکہیا بارنگ پیسکر سوراخ مین بہرین منہہ اوسکا چونہ اور کتہہ سی محکم بند کرین گل حکمت
کرکے گجپٹ کی آنچ دیوین بعد سرد ہونیکی سب کرنجونکو توڑین سنکہیا جسقدر کہ رہگیا ہو باہر
نکالکر ایک چاول برابر عرق پان مین گولی باندہین اور ایک گولی کہلاوین اوپر اوسکی شیر برنج
تناول کرین اور کوئی چیز نکہاوین ایکروز مین صحت ہوگی دیگر تپ چوتہی روز کو اور تپ سرد کو مفید ہی
سمندر پہل مرچ سیاہ تلسی کے پتی تینونکو برابر لیکر کوٹ کی مقدار ایکماشہ موافق سن مریض اور مزاج
کے دیوین ایک گہڑی پیشتر آنی تپ سی ایک گولی ساتہ پانی کی کہلاوین کسی چیز کا پرہیز نہین ہے
دیگر جاڑہ دیکے تپ کو مفید ہی بہل کی پتی سیدہی ہاتہ کی کہنی کی پشت پر رکہکر ایک ٹہکری اوپر
اوسکی جماکی کپڑی سی باندہ دیوین جلد دفع ہو جاوی دیگر تپ چوتہی روز وغیرہ کو دفع کری سیب
مین بہل دونو برابر لیکر تہوڑی تلسی کی پتی ملاکر پیسین ایک گہڑی تک پہر دو سکورون مین رکہکر

کل حکمت کر کی جنگلی اپلون مین چار پہر آنچ دیوین باہر لاکر مقدار دو رتی کہلاوین تہوڑی عرصہ کی بعد
تہولی گیہونکی دودہ اور شکر ملاکر کہلاوین کہٹائی اور بادی چیزسی پرہیز رکہین دیگر سنکہیا کسی برتن
مین رکہکر دودہ گای کا اسقدر ڈالین کہ دو تین انگل اوپر سنکہیا کی ہو ایک رات دن بہیگا رکہین
صبحکو دودہ کو پہینک دیوین دودہ تازہ اور ڈالین اسیطرح اکیس روز تک کرین بائیسوین روز
ایک بڑی اینٹ پکی موٹی لاکر ایکطرف اوسکی کہود کی شکل پیالی کی بناوین اور موٹائی اینٹ کی
نیچے بقدر ایک انگل کی باقی رہی سنکہیا کی ٹکری چنہ برابر کرکی اوس خالی کی ہوئی اینٹ مین رکہین
ایک کٹورا تانبی کا اوٹہا اوپر اوسکی بند کرین کہ سنکہیا چہپا لیوی کنارے کٹورہ کی کسی چیز سی بند کر دیوین
اینٹ کو چولہی پر چڑہا کی نیچی اوسکی لکڑی کی آنچ دیوین جیسا کہ گوشت کی پکانی مین آنچ دیتی ہین برابر
آٹہ پہر تک بعد اوسکی ٹہنڈا کر کی سنکہیا نکالکر بقدر ایک چاول ساتہ چار ماشہ شکر کی صاحب تپ کو
کہلاوین اگر گرمی کری دہی مٹہا دیوین اور پانی دہی کا بہی آدہ پاو پلاوین **ادویہ** کہ تپین پرانی
اور تپ بلغمی اور سوء القنیہ کہ شروع استسقا کو کہتی ہین اور استسقا کو مفید ہی ریوند چینی سات ماشہ
حب البلسان عود قماری پوست بیرون پستہ لونگ گلاب کی پہول دہنیا خشک سونف ہر ایک سات سات ماشہ
تین ماشہ کوٹ پیس کی صبحکو تین ماشہ ساتہ پانیکی پلاوین دیگر تپ چوتہیا کو مفید ہی چونا تین ماشہ
یا کم اور زیادہ پانیمین حل کرین اور ایک لیمو اوس مین نچوڑین جو کہ پانی صاف چونہ کا اوپر ہوی اوسکو
پلاوین اور تہچٹ کو پہینک دیوین اور یہ دوا جسوقت کہ اثر بخار کا ظہور مین آوی شروع کرین
اور اگر ایکبار پلانی دوا مین فائدہ نہو تو ایک مرتبہ اور پلاوین دیگر واسطی تپ چوتہی روز کی مجرب ہے
پوستہ موافق طبیعت مریض بادہ دانہ فلفل گرد کوٹ کی پانیمین بقدر دس پیالہ قہوہ خوری ڈالکی
جوش دین جسوقت کہ تین پیالہ پانی باقی رہی صاف کر کی قبل بخار کی ایکبار پلاوین تین بار مین دور ہو جائیگا
انشاء اللہ تعالی دیگر دہتورہ سیاہ کی پتی ڈہائی عدد پان کنکیری ڈہائی عدد فلفل گرد ڈہائی عدد
باریک کوٹ کی مرچ کی مانند گولی بناوین ایک صبح اور ایک شام کو ساتہ پانی گرم کی کہلاوین
دو تین روز مین دفع ہو جائیگا اور پرہیز اسمین کچہ نہین ہی دیگر کہ تپ اور لرزہ کو دفع کریے

لگی سولہ ماشہ نونگ چھہ عدد اجواین دو ماشہ تینونکو کوٹ پیس کی تین حصہ بناوین اور دو ٹھیکری
آگ مین گرم کرکی تھوڑی پانی مین بجھاوین ایک حصہ دوا اوسکو اوسی ملاکی پلاوین اسیطرح تین روز
تک کرین اور غذا کھچڑی بی نمک اور بی روغن کی کھلاوین مجرب ہی دیگر وہ تپ کہ ایکروز
درمیان دیکر آتی ہی زبان تازی مین اوسکو غب کہتی ہین فائدہ دیوی مگھہ پیپل اور مغز کرنجوہ
ہر ایک یکتولہ زیرہ سپید پتی ببول ہر ایک چھہ ماشہ دوا اونکو کوٹین اور ساتھ پانی کی بقدر بیہالسہ کے
گولی بناوین ایک گولی صبحکو ایک دوپہر ایک شام کو دیوین اسیطرح تین روز عمل مین لاوین
مگھہ پیپل دار فلفل کو کہتے ہین دیگر واسطی تجاری کی مفید ہی تلسی کی پتی دو ماشہ پان مین لپیٹ کے
بیچ مریض کو کھلاوین تین روز تک دیگر واسطی تپ مرکب صفرا و بلغم سی کاسنی دھنیا
اجمود ہر ایک یکتولہ پیپل چھہ ماشہ جملہ تین حصہ کرین ایک پانی مین تر کرکی صبحکو پانی صاف اسکا
پلاوین **دوائی** دوای کہ واسطی تپ سردکی بہتر ہی ہرتال طبقی چونہ کتھہ تینون برابر ساتھ
پان کی کھلاوین بقدر کالی مرچ کی گولی بناوین ایک دیوین تین گولی مین تپ فرو جاتی رہے
لیکن یہ دوا نازک طبعونکو نہین چاہیے کہ زہر ہی و بعضی ہرتال و چونہ کو برابر لیکر بدون کتھہ مغز گھیکوار
مین پیسکر بقدر آدہی ماش کی گولی بناکر ایک گولی سردیکی تپ کو ساتھ پانی کی دیتی ہین الا پانی گرم
ہو اور تپ گرمی مین ساتھ پانی سردکی واسطی تپ کی کہ جو روز آتی ہی کباب چینی کوٹ پیسکی بقدر
تین ماشہ ساتھ پانی کی صبحکو دیوین واسطی تپ مرکب صفرا و بلغم سی سناکی دو ماشہ اجواین تین
ماشہ پیپل دو ماشہ آٹھ پہر پانی مین تر رکھین صبحکو پانی اوسکا پلاوین تین روز دیگر واسطی تپ کے
سردی سی ہو نفع کری اور بھوک لاوی ہرتال طبقی ڈیڑہ تولہ مدار کا دودہ سیر بھر شیرہ تہل
ساڑہی سات تولہ برتن مٹی کا ایسا کہ اوپر سی پانی نجا سکے نیچے اوسکی کپڑ وٹی کرکی ہرتال رکھین
اور دودہ مدار ڈہائی پاؤ مع دودہ اوس برتن مین یعنی دیگ مین ڈالین اور منہ دیگ کا کپڑ مٹی سے
خوب بند کرین ایک گڑھا بقدر سینہ کی اوس مین گنڈی بھرین اور بیچ مین دیگ کو رکھکر آگ دیوین
ایک رات اور دن کی سرد ہوگا نکالین اور وہ دودہ مدار کہ جو باقی ہی پھر ڈالکر بطریق مذکور آگ دیوین

پس نکالکر باریک پیسین بقدر ایک رتی همراه پان یا تین توله دوده کی دین اور بعد دوا کی دوده اور
چاول کهلاوین اگر حرارت نهو جسقدر که چاهین دوده پلاوین اور جسکو حرارت هو دوده مین پانی ملاکر
پلاوین فائده کریگا مجرب هی **دیگر** تپ چوتهی روز کو تین روز مین دفع کری پوست اندر درخت نیم کا
ساڑهی سات توله آده سیر پانی مین جوش کرین جسوقت که آده پاو رهی صاف کرین پهر چقماق کو دو تین
ٹکڑی کرین اور آگ مین گرم کرکی اسی پانی مین بجهاوین تاکه وه پانی جلی جسوقت دو تین دام باقی رهے
مریض کو پلاوین اسیطرح تین روز دیوین **دیگر** دور کرنی تپ چوتهی روز کو مجرب هی هینگ دو ماشه
نمک دو ماشه دونو کو ایک سیر پانی مین جوش کرین جبکه چهه توله رهی مریض کو پلاوین دو روز مین
تپ شدید دفع هوجاتی **دیگر** تپ چوتهیا کو مجرب هی پلاس پاپڑا سرخ چهلکه اوپر کا دور کرکی مغز سفید
اوسی لیکر دونا اوسکا مغز کرنجوه ملاوین پانی مین حل کرکی بقدر کالی مرچ کی گولی باندهین ایک گولی
ساته پانی باسی کی کهلاوین فلفل گرد دهتورے کی پتی دونو برابر عدد پیسکی بقدر کالی مرچ کی گولی باندهین
تین روز ایک ایک گولی کهلاوین **دیگر** تپ لرزه کو مفید هی افیون ایکماشه مرچ دو ماشه ست
کیکر کی لکڑی کا چهه ماشه تینونکو پیسکی مقدار ایک ماشه چار گهڑی پیشتر آنی تپ سی ساته پانی کی قبل دو
گهڑی هوکر کهلاوین غذا بعد دوپهر کی دینا چاهیی نهار منه یه دوا ندوین که قی لاتی هی هینگ کی
پوسته دونو کو کوٹ پیسکی جسقدر که دو انگلی مین آوی کهلاوین افیون دو ماشه صندل زعفران برابر ایک
سات ماشه دارچینی تین ماشه مرچ آٹه ماشه کوٹ پیسکی تین رتی گرم پانی کی ساته کهلاوین نوسادر تین رتی
مرچ دو دانه کوٹ پیسکی واسطی چوتهیا کی دیوین **دیگر** سب قسم تپ کو اور زکام نزله سرد کو مفید هی
بچهناگ جسکا اندر سفید هوتا هی پیپل چراییته هر ایک ڈیڑه توله مرچ دو توله اول بچهناگ اور پیپل کو ایک پهر
پیسین اور دوسری دوا ملاکر پانی سی گولی باندهین پهلی آدهی گولی دیوین پهر ایک گولی نهایت
تین گولی تک یه اسرار هی اور بچهناگ کو حاجت مدبر کرنی کی نهین هی اور کهانی والا اسکا فی الفور
قهوه نوش کری ورنه خلل دماغ لاتا هی اور معالجه اسکا کاغذ پانی مین دهوکر دینا هی اگر تپ دق هو
غذا شوربا گوشت کا همراه شیره بادام کی دیوین اور کبهی اس دماغی تپ زیاده هوتی هی

دیگر کہ تپ دق نو برس کی دور کری اور کہانسی کو فائدہ بخشی کہار بانسی کا کہ پہول اوسکا سفید ہوتا ہی یعنی روسی کی کہنار اور کتیرا اور گوند ببول ہلٹی بقدر حاجت ہر ایک چیز لیکر سکتا ملاوین

باب اندر آبلہ اور اورام اور ناسور کے

دوائی کہ ورم کو کہول دیوی اور پیپ اوس سے دور کرے پان کنگیری پانچ عدد سپاری کتہہ چونا بقدر پان کی لیکر باریک پیسین اور بارہ سنگہا پانی مین گہسکی دونا پان کا ملاوین اور تہائی حصہ بارہ سنگہی کا سوہاگہ لیوین سبکو پیسکی اگر ضرورت ہو تہوڑا پانی بہی شریک کرکے ٹکیا باندہکی اوپر ورم کی رکہے اور اوپر اوسکی پان باندہ دیوین دیگر کہ ورم اور زیادتی گوشت کی گہی جا بدن پر ہو دور کری آنولہ تین تولہ گڑ سیاہ تین تولہ گڑ کو پانی مین گہولکر آنولہ اوس مین ڈالین اور تمام رات رکہین صبحکو پانی چہانکر پلاوین چرایتہ سونٹہہ پیسکر ورم پر لگاوین کہیرہ ریٹہ کی جڑ کی چہال سونٹہہ ورم کو تحلیل کرتی ہی کہیرہ کچلہ گالی زیری مرچ نیم کی پتی زرسی برابر لیکر پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر ورم گرم کہ شروع مین ہو کم کری اگر ککڑی مل گئی ہو اوسکو بہی فائدہ کری صندل سفید اور سرخ مردار سنگ سفید ہی کہلی ہلدی پانی مین پیسکی بہی مفید ہی دوا کہ دنبل کو پکا دیوی اور منہ کو کہول دیوی خمیر ترش مین خربوزہ ارمنی کبوتر کی بیٹ ہر ایک ایک جز روغن زیتون مین ملاوین اور دنبل پر رکہین وہ دوا کہ ورم چہاتیونکو دور کری خاک جدوار کے ملین گوگل مین سل پانی مین پیسکی گرم کرکی طلا کرین اگر ورم شروع کا ہی کم ہو جائیگا اور اگر صورت پکنے کی ہی پکجائیگا دیگر دنبل کو پکا دیوی اور چاک کر دی مین سل پانی مین پیسکے گرم کرکے گرد دنبل کی طلا کرین اور سر پر اوسکی گندہ بیروزہ رکہین دیگر گل ملتانی زیرہ سفید ہر ایک ڈیڑہ تولہ مرچ پانچ عدد نمک تہوڑا پانی مین پیسکی طلا کرین گوگل اور صابون پیسکر طلا کرین ورم تحلیل ہوتا ہی یا پکتا ہی خمیرہ اور نمک مسطگی پکانی اور چاک ہونیکی مجرب ہی نمک پیسکی اور دنبل کی جڑ کین بہسوڑی کی پتی اور پر اوسکی باندہ دیوین گہاؤ پات اگر منہ کیطرف دنبل پر باندہین

بکا دیوی اور اگر پشت پتی وئیل پر باندہین خشک کری دیگر کہ ورم سخت کو دور کرتا ہی اور پکا دیتا ہی
دہتورہ سیاہ کی پتی گرم کرکی باندہین اگر مادہ بہت ہی تو یک جا دیگا بلکہ اگر تیہ ند کور کوٹ کی
ضماد کرین جلد عمل کرتا ہی چوک کہ اوسکو نیر بلتی ہین پانی مین مسکی گرم کرکی ورم پر طلا کرین دیگر
مہیری کہ اہل ہند بناتی ہین پکانی ورم مین اثر تمام رکہتا ہی طریقہ اوسکا یہ ہی کہ چاول کوٹ کی کری
ساتہہ اوسکی جوار اور دہی کی پکاوین اگر قوی زیادہ چاہین انٹا میتہی کا اور سن کی بیج ایلوا زم
بقدر ضرورت ہمراہ چاول وغیرہ کی ملا کر پکاوین مثلا اگر دو تولہ آٹا جوار کا ہو ڈیڑہ تولہ آٹا میتہی
کا ڈیڑہ تولہ سن کی بیج اور چار تولہ ایلوا ملاوین اس طرحکی مہیری بہت جلد پکاتی ہی ورم کو مجرب
جراح کی ہی کمی زیادتی اس مین دوا کی اوپر رای طبیب کی ہی دیگر وہ دوا کہ ورم کو بہت جلد
کہول دیتی چونہ کہ جس مین پانی نہ لگا ہو اور سابون کا پانی دونو باہم پیس کی ایک پہر مین تین یا
چار بار رکہین اندر جو ساتہ پانی دہنیا کی تر کرین اور لگاوین دیگر ورم کو زمانہ شروع مین اور
زیادتی مین اور انتہا مین بعد پہونچنی کی نفع دیوی اسگند ناگوری مسکی ہمراہ پانی کی ایکدن
مین دو مرتبہ طلا کرین اور اگر وہ ورم بہت دن پانی مین تر رہی اسگند گہسا ہو نفع زیادہ
رکہتا ہی یعنی بطریق مرہم کی پانی مین بہگو رکہین اور کام مین لاوین اور جو خشک ہوی تہوڑا
پانی ڈالین دیگر کہ ورم کو تحلیل کری گوگل ہیبہ ایلوا آنبہ ہلدی تینونکو باریک پیسین اور
عرق لیمو مین بکاوین اور کسی چیز سی جلاوین جسوقت مانند سریش کی ہو اوتار کر رکہین اور طلا
کرین دیگر کہ ورم کو تحلیل کری اور درد کو ساکن کری اجواین باریک پیسین عرق لیمو ڈالین اور
نیم گرم اوپر ورم کی لگاوین دیگر مٹہ گہیکوار کو ایکطرف تراشین تہوڑا زردچوبہ مرچ نمک مسکر
اوپر مٹہ کی چہڑک کی گرم کرکی ورم پر باندہین جلد پکا دیتا ہی اور پہوڑ دیتا ہی اور کچہ گرمی نہ کریگا
دیگر پتی نیم کی شروع ورم پر باندہنا تحلیل کرتا ہی دیگر ورم بغل اور کان کو جلد پکا دے
اور کہول دیتی مسی نبات کہ مشہور ہی پتی اوسکی لیکر برابر اوسکی پتی ارنڈ کی لیکر کوٹین تہوڑا
نمک ڈالکی نیم گرم ضماد کرین دیگر ورم بدہ کو مفید ہی پیشاب لڑکی کا کسی برتن مین رکہین

اور صابون اور تہوڑا نمک اوس مین ڈالکی پکاوین تاکہ گاڑہا ہوجای چند روز صبح اور شام
تازہ باندہین بغیر درد اور تکلیف کی پہوٹ کر ریم نکلجاویگا بعدہ مرہم لگاوین **دیگر** واسطی ورم
ہر جگہ کی مفید ہی میتہی ہالون برابر لیکر مسکی ساتہ پانی کی لیپ کرین اور اگر چاہین پکا کر گرم طلا
کرین اور تہوڑا زرد چوبہ بہی ملالیوین **دیگر** واسطی ورم اعضا اور یرقان یا غلبہ خون کہ سبب
ورم کی ہوتا ہی اور وہ ورم کہ جو بعد تپ کی ہوتی ہین مجرب ہی جڑ ارنڈ سپید کی لسان العصافیر
سونٹہ پیپل جوا کہار لکڑی انار کی سب برابر لیکر کوٹ پیسکی اور تہائی سب دواونکی میل کو ہی
کا ملاکر ساتہ شہد قوام کئی ہوی کی ملاوین اور دو ہفتہ تک ایک وقت کہلاوین اور ترشی
اور بادی سی پرہیز کرین اور سرکہ پانی گرم مین ملاکر طلا کرین **دیگر** ورم تمام بدن کو یا جو
عضو کہ ورم کی ہو کسی مادہ سی نفع دیوی امربیل پانی مین جوش کرین اور بہپارہ دیوین
اور تمام بدن اوس پانی سی دہووین اور چند روز اسیطرح کرین ورم دفع ہو **دیگر** واسطے
بدہ کی مجرب ہی آٹا چنی کا ساتہ مٹی کی ملاکر ٹکیہ بناکر اوپر بدہ کی رکہین اور برگ نیب باندہین
اور فقط برگ نیم بہی مفید ہی **دیگر** رسولی یعنی سلعہ اوپر اوسکی پچہنہ مارین تاکہ خون نکلی بعدہ
پہٹکری ملین دفع ہو **دیگر** مرہم داخلیون استعمال کرین شروع ورم فوراً تحلیل کردی **دیگر**
گہونگہچی سپید و نمک سنگ پانی لیمو مین پیسین اور رسولی یعنی سلعہ کو استرہ سی زخمی کرکے
این دوا اوپر اسکی طلا کرین تحلیل ہوجایگا اور تمام ورم بلغمی اور بادی اور خونی کو اسیطرح
کرین فائدہ دیوی **دیگر** پتی لگروندہ کی اوپر اوسکی روغن ملین گرم کرکی سلعہ پر باندہین اور
ایکدن مین دو بار اسیطرح کرین اگر ورم بڑا ہوگا امید ہی کہ سات روز مین بغیر پکی اور پہوٹے
تحلیل ہوجاوی **فصل** دوائون نارو مین صابون اور موم اور تیل تل کا لیکر مرہم بناوین
اوپر نارو کی باندہین تاکہ بیٹہجاوی یا باہر نکل آوی **دیگر** پہلی گہی اوپر تمام ورم نارو کے
ملین اور بعد اوسکی پتا مدار کا گہی اوپر اوسکی ملکر گرم کرکی سینک دین یا باندہ دین بعدہ شہد شی
کا ایک دوا ہی باریک کوٹ کی ساتہ بول یعنی پیشاب آدمی کی قرص بناکر اوپر منہ نارو کی رکہین

جڑ سی نکل آوی دیگر آٹا ماش کا ساڑہی دس ماشہ ہینگ چار ماشہ دونونکو ملاکی تہوڑا پانی
ڈال کی خمیر کرین اور اوپر نارو کی ضماد کرین مجرب ہی اور لیکن اس جگہ قبل استعمال اس دوا کے
گھی لگانا اور سینک کرنا ساتہ تپی مدار کی ضرور ہی دیگر چھال گوٹہ پانی مین پیسکر اوپر نارو کے
ملین دفع کری دیگر صابون آٹہ ماشہ عرق پیاز چار ماشہ تینونکو کسی ظرف مین ڈالکر پکاوین
تو سخت ہوی ٹکیہ بناکر اوپر نارو کی ملین دفع کرے دیگر نشگین تہوڑا کاٹ کی خالی کرین
نمک سنگ وچھا لگوٹہ ہر ایک ایکتولہ باریک پیسکی اندر اوسکی بہرین نگر اوسکا اوسی پر بند
کرکی گل حکمت کرین خشک کرکی بہوبل گرم مین پکاوین باہر لاکی مغز نشگین سی نکالکر ضماد کرین
جبکہ خشک ہو تازہ پہر لگاوین تین روز مین سب نارو باہر آویگا دیگر کلونجی کوٹ کی چھاچہ
مین پکاکر ضماد کرین تین روز مین دنا گا باہر نکل آویگا اگر ٹوٹا ہوگا وہ بہی باہر آویگا دیگر
شروع مین چودہ روز تک ہینگ ڈیڑہ تولہ کہلاوین اور سکہیرہ سپید پانی مین اور پر
ورم اوس شی کے طلا کرین نافع ہی دوبارہ نکلنے کو منع کرتا ہے

باب زخم اور قرحہ مین

اکوتہ وچھا نجمین جو دوا کہ جذام اور زخم بواسیر کو مفید ہی آنولہ کی خاک یا وہ پہٹکری جلائی ہوئی
برابر لیکر قدری توتیا بہونکر گہی مین ساتہ اوسکی ملاوین پہلی اوپر زخم کی تہوڑا کائیگا گھی ملین
اور اوپر اوسکی یہ دوا چہڑکین دیگر زخم کو جلد بہر لاوی سوہاگہ بہونا ہوا الاچی اسپند تینون کو
برابر پیسکی پان چہڑک کر دو تین پان زخم پر باندہین دیگر جو اوپر عضو کی رکہتین زم کری یہان
تک کہ گانسی تیرکی بی تکلف نکل آوی جو ہا ایکجانب سی چاک کری چوہی کو ایک جانب سے
باندہ دیوین فائدہ وہ پاوی کہ جس سی زخم کو دہونا چاہیے چہال نیم کی یا سرس کی یا ببول کے
یا جہڑبیری کی پانی مین جوش کر کی زخمونکو دہونا چاہیے وہ دوا کہ جو زخم پر چہڑکین بہر لاوے
سور کا گوشت مع کہال اوسکے آگ مین جلاکر خاک اوسکی زخم پر چہڑکین دیگر زخم بہانیکو

بہر لاوی ہڈی سر آدمی کی دس تولہ کتھہ دس تولہ طوطیا ایکتولہ تینونکو باریک پیسکی زخم پر باندہین
دو تین روز مین برابر ہوجائیگا وہ دوا کہ دو روز مین گوشت کو بہر لاوی بہس کتھہ نیم کی پتی ہرا تہوتہیا
ڈیڑہ تولہ چہہ تولہ تلی کی تیل مین جلاوین بہس کو کوٹ کی اوس بتی کو ٹکیہ باندہ کی ڈالین جب کہ
سب دوا اجل جاوی روغن چہان لیوین ترجمہ اوسکا واسطی گنج سر کی ضماد کرین دیگر کہ ناسور کو
فائدہ دیوی گہوڑیکا سم جلا کر پہلی السی کا تیل ناسور پر ملین پہر سم جلی ہوی کو چہڑکین اور خاکستر
سم کی ساتہ دہی کی ملا کر ناسور مین رکہنا بہی نفع دیتا ہی چندر سین جراح کہ برا نامی تہا اوسکا کہا
ہوا ہی دیگر دوائی کہ منہہ زخم تر اور گولی اور نیزہ کو کہول دی اور مواد اندر جمع ہونی نہ دی ہلدی
دو حصہ سجی ایک حصہ دونونکو باریک کر کی چہانکر روئی پرانی کہ اوسکی گول ٹکیہ بنا کر دوائی بیچ
روئی مین رکہکر کپڑی مین لپیٹ کی گانٹہ گہی جس مین پہلی پیاز داغ کر چکی ہون یہ ٹکیہ اوس گہی
مین ڈالین گہی کو قدری گرم کرین اور زخم کی منہ پر کپڑا اچہا کر اس روئی کی ٹکیہ سی سینکین بعد اسکی
اس ٹکیہ کو زخم پر رکہکر برگد کی پتی رگ نکالکر باندہ دیوین صبح اور شام احتیاط یہ ہی کہ اصل جرم
دوا سی اندر زخم کی نجاوی دیگر کہ اچہی کرنی زخم کی اور زخم آتشک کی مفید ہی ہینگ اجواین آنا آنا
باریک کر کی چار برس کی لڑکی کی پیشاب مین پکا کر طلا کرین وہ دوا کہ زخم سر کو مفید ہی چنی کا
مٹہی بہر قدری طوطیا بہونکی باریک کر کی دہی ترش مین ملاوین اور ہاتہ سی لت کرین کہ مثل
خمیر کے ہو سر پر طلا کرین اور بعد ایک پہر کی دہو ڈالین سات روز مین نفع ہوگا چاہیکہ ہر روز
بال مونڈ کی دوا لگایا کرین دیگر آبلہ کہ اندر سر کی ہوتی ہین صحت دیوی چہال انبلی کی چہال
بسوڑی کی پانی مین پیسکر طلا کرین دیگر کہ واسطی سعفہ یعنی دانہای سر کی مفید ہی کوکہ
مشہور اہل ہند ہی ایک چیز سرخ ہوتی ہی پیسکی قدری اوسی ساتہ دہی ملا کی لگاوین دیگر
کہ زخم بہنی والیکو مفید ہی کمل پرانا خاک اوسکی لیکر برابر اوسکی برگد کی پتون کی خاک کڑوی تیل
مین ملا کی ملین دیگر کہ زخم خبیثہ کو دور کرتی ہی مسور ظرف گلی مین جلاوین اور ساتہ دودہ بہیڑ کی
پیسکے طلا کرین اور تمام دن لگا رہنی دیوین اور وقت شام کی دودہ مذکور سی دہوین اور اسیطرح

تین چار روز کرین نائل کری **دیگر** زخم سر کو کہ عرصہ سی ہو دور کری پتی ببول کی برتن مٹی
مین ڈالکر آگ پر رکہین بہن جاوی بعدہ کوٹ کر اوسکی سرسون کی تیل مین یا سوای پانی کی ملاکر
ملین **دیگر** اکوتہ اور چانجن کو فائدہ دیوی سیندور باریک کرکی لیمون مین بہری اور رات بہر
رکہین صبحکو ملین بعدہ اکوتہ کو اپلہ جنگلی سے کہجلاوین لیکر لگاوین **دیگر** کہ اکوتہ کو مجرب ہی سپیدہ
رانگہ کا کتہ سیندور پہٹکری ہر ایک برابر لیکر باریک پیسین بعد اوسکی ساتہ سرکہ کی یا ساتہ عرق لیمون
کی ایک گہڑی تک کہرل کرین قدری روغن زیتون ملاکر شہد ڈالکر خاکستر سر آدمی مردہ کا ملاکر
لگاوین **دیگر** کہ زخم سر کو جو کہ زہر سفید ہی کمیلہ مہندی کی پتی مردار سنگ مازو انار کا چہلکہ
ہلدی سب برابر پیسکی موم روغن گل مین ڈالکر دوا ملاوین سرکہ انگوری قدری اضافہ کرین اور
انگلی سی خوب لت کرین سر کی بال مونڈکی دوا ملین اگر روغن گل نہ ملی تلی کا تیل کافی ہے
دیگر واسطے اکوتہ کی صابون چونا ملاکر لگاوین **دیگر** واسطی اکوتہ کی بہلانوہ تلی کی تیل مین جلاوین
اگر کسی لکڑی سی گہوٹین نیلہ تہوتہ بہونا ہوا خاکستر مردہ کی سر کی ہڈی کا ملاکر طلا کرین **دیگر** واسطے
اکوتہ کی گیہونکا چووہ گرما گرم ملین طریقہ چووہ گیہونکا یہ ہی کہ گیہونکو دہوکر ہوا مین خشک کرین
اور پہر صاف پر پہیلاوین اور کسی ٹکری لوہی کو صاف سرخ گرم کرکی اوس پر رکہین جو کچہ کہ قریب
جلنے کی سیاہ ہو جائین لیکر گرما گرم ملین وہ اکوتہ کہ کسی دوا سی نجاوی پاخانہ آدمی کا تازہ لیکر
باندہین **دیگر** ورم اور زخم کو کہ ایام برسات مین بسبب رطوبت کی ہوتا ہی نفع دیوی ہلدی جلائی
ہوئی چونہ مٹی کا دونو برابر باریک کرکی گائی کی گہی مین کپڑی پر لگاکر لگاوین واسطی ناسور کے
نفع دیوی اگرچہ بہت دنونکا ہوی کہر گا ہیکا اور چمڑا اوراکہ نیچی کفش کی ہوتا ہی یعنی تلہ دونو برابر
لیکر جلاکر جسقدر رکہ ہو ایک چہسکی لیکر تینونکو سرسونکی تیل مین جلاوین اور بتی سی پیسین جہان کہ
ناسور مین ٹپکاوین **دیگر** زخم سخت سو دہی کہ ایکہزار نوی آدمیونکو زمانہ عالمگیر مین ہوا تہا
نفع ہوا طوطیا سل کا مغز کتہہ برابر کوٹ اوسکی قرص باندہین راتکو طلا کرین **دیگر** کہ زخم تعفن
کو جلد خشک کری کمیلہ تلی کی تیل مین ملاکر لگاوین **دیگر** زخم کو خشک کری اور بدبو کو دور کری

سیندور سوہاگہ بہونا ہوا ہر ایک یکحصہ بڑی الایچی دو حصہ کوٹ پیسکی چہڑکین دیگر واسطی انکوہ کے
مجرب ہی کہٹمل دو تین عدد انکو تہ پر ملین چار مرتبہ دیگر جو اور پر سر زخم کی رکہین منہ کہول دیوے
سنکہیا سفید باریک کر کی روئی اسمین لت کر کی منہ زخم پر رکہین اگر سوزش کری ساتہ
عسل یا گہی کی ملا کی لگاوین مرہم دوا کہ گوشت مردار کو کہ چربی کی مانند زخم سی باہر نکلتا ہی صاف کری
بغیر درد کی پہٹکری بہون کی باریک کرکے چہڑکین اکیر وزمین فائدہ کری دیگر دوا یہ واسطی انکوہ
کی بکڑی کی پہلو کی ہڈی باریک کرکے تہوڑی آٹی مین خمیر کرین و نان پکا کر بقدر محل انکو یکطرف
پکا کر روغن لگا کر اسیطرف باندہین دوا کہ انکوہ کو دور کری مکڑی کہ جسکی پاون بڑی ہوتی ہین
آنکہہ اسکی نقطہ کی مانند درمیان مین ہوتی ہی ساتہ قدری ہیکنی بکری کی جلاوین پسکی تلی کی تیل مین
ملا کر تین روز تک ملین دوا کہ زخم سر کو دور کری چہال درخت املی کی و موٹی رگ پتی برگد سے
نکالکر دونونکو پانی مین پیسکی طلا کرین پتی کہٹل کی ساتہ گہی کی چرب کر کی قدری گرم جائے نشست
پی انکو تہ پر باندہین دفع ہو جای دیگر کہ ورم کو جو شروع مین ہو بٹہال دیوی زیادتی مین اگر
لگاوین پکا دیوی اوپر کی لگانی سی جو کچہ کہ ریم و پیپ رگ اندر ہوگا سب نکال دیوی زخم کو خشک
کری گوگل مین پہسل دونونکو باریک کر کی لتہ پر لگا کی رکہین دیگر کہ قرحہ کو اگرچہ ناسور ہوا چاہا ہو کری
گنگہی کی پتی اوپر زخم کی اسطرح رکہین کہ پتونکو ساتہ گوند کی آلودہ کر کی زخم پر لگا دیوین بلکہ پتونکو
ثابت رکہنا بہت جلد فائدہ کرتا ہی کالی محمودہ کی پتی ایکحصہ نیب کی پتی چوتہائی حصہ قدری نمک
سیندہا سبکو کوٹ کی باندہین سختی و جراحت سب دفع ہو دی دیگر چہاجن کہ پہٹنی جلد کو
کہتے ہین نفع تمام ہو چہاجن پاون مین اور تمام بدن مین ہوتی ہی بیشتر ہاتہ مین ہوتی ہے
کٹ آدہ پاو مثل دلیہ کی کوٹین پتیلہ بڑی مین سنہ کا پانی بہر کر دوا ڈالکر آگ پر چڑہا دین کہ گرم ہو
بقدر برداشت کی بس دونون ہاتہ پانی مین ڈالکر اوس پانی مین باہم ملین ایک پہر تک الا پانی
گرم رہی بعد اسکی ہاتہ نکال کی چار گہڑی گہی لگا کہ ہاتہونسی ملین پہر کپڑا لپیٹ کی نیچی بغل کے
دو گہڑی رکہین تا کہ گرم رہین دو تین روز تک اگر بیچ اس ترکیب کی دونون ہاتہ پانی بہر دی تر

رکھین تو بہتر ہی اور یہ ترکیب رات کو کرنا چاہیے کہ اسیوقت سو رہنا چاہیے اگر پہلی گوشت کو
پانی مین جوش کر لیوین کہ قوت اسکی پانی مین آجاوی بعد اوسکی آنچ کم کرین کہ پانی نیم گرم
ہوجاوی بقدر برداشت کی ہاتہ اوس مین ملین اگر وزسی زیادہ حاجت نہین پڑتی ہی اگر تمام
بدن مین جہان جہان ہو اسیقدر گوشت زیادہ لیوین اور بڑی دیگ مین جوش کرین اور کام مین لاوین
جسطرح کہ کہا گیا دیگر دودہ مدار کا ایک قطرہ ساتہ ایک قطرہ تلی کی تیل کی ہاتہ مین ملین ایک
ہفتہ مین صحت ہو اگر نوسادر کڑوی تیل مین مسکی لت کرین اور ہاتہ پاؤن مین ملین اور گرم کرین
ایکہفتہ مین جہاجن دفع ہو دیگر کہ ناسور کو دفع کرتی مجرب ہی پارہ اوڑایا ہوا ناسور پر چھڑکین
خاکستر گرم کچھوہ کی بہی فائدہ کرتی ہی کھنکھجورہ کو جلا کر خاک اوسکی ناسور پر چھڑکین دیگر بتہ سیاہ
کالیکا جو کی آٹی مین ملا کر گولی باندہکر سایہ مین خشک کر کی رکھین وقت حاجت باریک کر کے
زخم پر چھڑکین اور اسکی پان رکھکر پٹی سی باندہ دیوین ایکساعت مین برابر ہوجاوی دیگر کتے
سیاہ کی زبان بلی سیاہ کا مغز آدمی کی سر کا مغز اول زبان کتی کی خشک سیخ پر لگا کر آگ مین بہونین
اوپر کی جلد اسکی کہ جو نیم سوختہ ہو بہوسی کی مانند چھری سی چھیل کی علیحدہ کرین پہر زبان کو بدستور
آگ مین بہونین جسقدر کہ بہون جاوی چھوری سی چھیل کی علیحدہ کرین الغرض چھیلی ہوئی زبان دونو مغز
تینونکو برابر لیکر باہم ملا کر ساتہ آٹہ کی خمیر کر کی گولی باندہکی رکھین تہوڑا دوا ہی زخم پر چھڑکین ایکساعت
مین بہر جاوی دیگر کتی کالی کی زبان خشک باریک کر کی قدری زخم پر چھڑکین ایک ہفتہ سے
کم مین زخم برابر ہوجاوی دیگر ترکیب نادر واسطی زخم خبیثہ کہ جو نوک انگلی پر ظاہر ہوتا ہی اور دانہ سپید
مانند نقطہ کی اوسپر ظاہر ہوتی ہین اور سخت ایذا دیتی ہین بعضی عرب اسکو نملہ خبیثہ کہتی ہین اور ہند کے
لوگ اسکو سانوہ کہتی ہین سیخ لوہی کی ایک بالشت زمین مین گاڑین پہر باہر نکال کی دہی اوس سوراخ
مین بہرین اور سیخ آگ مین گرم کر کی اوس سوراخ زمین مین ڈالین کہ وہ دہی گرم ہوجاوی جسوقت کہ
وہ دہی بہ گرم ہو جو سر انگلی کہ بیمار ہی سوراخ مذکور مین رکھین جبکہ دہی سرد ہوجاوی پہر سیخ مذکور
گرم کر کی دہی بہری ہوئی مذکور مین رکھین کہ دہی گرم ہوجاوی پہر انگلی بیمار سوراخ مین رکھین

اسیطرح تین مرتبه انگلی کو دہی مین رکہین اگر دہی کم ہوجاوی اور دہی ڈال دیوین بنہایت اسی
بہت جلد فائده ہوتاہی **دوائی** کہ زخم ناسور کو دفع کری گیہونکو لیکر دلیہ کر کی پانی مین پکا کر
باندہ دیوین تہوڑی دیر مین اثر ہوگا ایک شخص کو زخم پونہچا اور ناسور ہوا جراحون نی اسکو
چاک کیا بہت دوا کی کچہ فائده نہوا ہر چند بتی شہد مین آغشته کر کی رکہا مگر عارضه زیاده ہوتا گیا
آخر کار ایک دوست نی ڈالنی بتی سی منع کیا پہلی مسہل قوی دیکر دلیہ گیہون پکا کر باندہا اوسی
روز نیند آئی اور آرام پائی ایک ہفته مین طاقت اُٹہنی کی حاصل ہوئی قدری پانی نکلتا تہا
پیپ سب بند ہوگیا ایک مہینی مین پانی بہی بند ہوگیا و صحت ہوئی الا دو وقت چاہئی باندہنا
جو که واسطی صبح کی دلیہ پکاوین شام کو بہی اسمین سی رکہین اگر بر وقت تازہ پکائین تو بہتر ہی
تہوڑا گرم باندہین اور دلیہ کو اسقدر پکاوین کہ کچا نرہی کیونکہ اگر کچا رہیگا بسبب رطوبت کے
زخم مین ورم ہوگا **دیگر** واسطی زخم کی کہ بدبو آتی ہو سات روز مین نفع ہو اسگند ناگوری
باریک پیسکی پانی مین ملا کر دو وقت طلا کرین ایک شخص کو جڑ ران مین ورم سخت ہوا اور بعد
عرصه کی منه اسکا ہوا اور خون ایکمدت نکلا کیا اور گرد اسکی گنده ہوگیا کناره اسکی سخت ہوگئی بعد
اسکی خون بند ہو کر زرد پانی آنی لگا و صورت بد پیدا ہوئی کسی دوا سی فائده نہوتا تہا آخر کو
سات روز اسگند ناگوری پانی مین پیسکی ملا اول روز تخفیف ہوئی بعد اسکی صحت ہوئی اور
زخم بہر گیا **دیگر** که قرحه یعنی زخم کو اصلاح کری اور مواد اوسکا باہر لاوی ورم کو بٹہا لی نیب کے
پتے کو تہوڑی قدری نمک آدمی کی پیشاب مین ملا کر طلا کرین **دیگر** کہ ناسور پرانی کو مفید ہی
انار کا چہلکا جلا کر خاک اسکی دوده درخت بڑ مین ملا کر کپڑہ یا روئی تر کر کی ناسور پر رکہین خاک انار
کی سامنی سوراخ ناسور کی ہو بعد تین روز کی جو پہایہ اُٹہاوین بالکل صحت ہوگی ساته مدد الله
برته کی **دیگر** که زخم ہر قسم کا برابر ہوجاوی میٹہا پانی پانچ سیر نرم آگ مین جوش کرین کہ پانچ پیسه بہر
باقی رہی شیشه بہر رکہین وقت ضرورت تہوڑی پانی لیکر مردار سنگ زنگی ٹہر قدری اور پانی مین
گہسین کپڑہ نرم ریشه ریشه کر کی اس مین تر کرین اور زخم پر رکہین **دیگر** که بادخوره کو تین روز مین بلکه

اکیر وزمین فائدہ کرتی کتی کا بچہ کہ چھوٹا ہو سر اوسکا کاٹ کی تنور مین رکھکہ جلا دین اور رکہہ اوسکا
جدا کرکے مغز سر اُسکا تیون باریک پیسکی رکھین قدری مغز اسکا زخم پر چہڑکین اگر زخم تالو مین ہو
نیچہ مین ڈالکی پہونکین ایک شخص کو تالو مین زخم تہا بقدر پیسہ کہ راہ ناک کی اور تالو کی ایک
ہوگئی تہی اس دواسی صحت ہوئی یہ عمل ماوراءالنہر مین جاری ہی **دوائی** کہ جلی ہوی کو فائدہ دیوے
سوزش دور کرے دنبلی کی چہال جلاکر تلی کی تیل مین ملاکر طلا کرین گہاس پرانی چہپر کی کہ نہایت
باریک ہو سرسون کی تیل مین ملاکر طلا کرین درد کو دور کرے جلی ہوئی جگہ پر بال نکالے
گہاس جسقدر کہ پرانی ہو بہتر ہے **دیگر** گیہون کا آٹا پانی مین حل کرکی طلا کرین چونہ کہ پان مین کہایا
جاتا ہی چنبیلی کی تیل مین ملاکر جلی ہوئی جگہ پر ملین جلن دور ہوگی درد فی الفور جاتا رہی **دیگر** اگر
یا پانی گرم ہی یا گہی سی جو کوئی کہ جل جاوی اور جلی ہوئی بارود کیواسطی خاص ہی سفیدی بیضہ مرغ
کی تلی کی تیل مین ملاکر طلا کرین **دیگر** عرق پیاز جلی ہوئی پر لگانا بہت مفید ہوتا ہی عجائبات سے ہے
اگر کسی جا زخم ہوگیا ہو جلنی کی وجہہ سی ثفل پیاز کا کہ بعد نکلنی عرق کی رہتا ہی لگاوین **دیگر** واسطے
جلی ہوئی بارود کی اگرچہ تمام کہال گر گیئی ہو اسیوقت تسکین دیوی رال باریک کرکی تلی کی تیل مین گرم
کرکے ڈالین اور خوب لت کرین اور لگاوین **روغن** کہ بہت زخم خبیثہ کو دور کرے مانند اکوتہ کے
اور سوای اُسکی فائدہ کرتا ہی تلی کا تیل سیر بہر لودہ پٹہانی اسبنہ پہٹکری ہر ایک تین تولہ نیلا تہوتہ سبز
نو ماشہ بتی نیب کی پاو سیر سب دوا کوٹ کی قرص کرکی تیل مین جلاکر صاف کرکی رکھین روئی پرانی
آلودہ کرکی زخم پر رکھین **دیگر** واسطی زخم کانکی مفید ہی اکثر لڑکونکو یہ عارضہ ہوتا ہی فائدہ دیوی
اور نکہ ایک چیز سرخ رنگ ہی اور ہندو لوگ اسکو استعمال کرتی ہین ساتہ پیشاب لڑکی کی پانی
ڈالکر مین ایکساعت سوزش ہوتی ہی بعد اِسکی نہایت آرام ہوتی ہی **دوائی** کہ اکوتہ کو مجرب ہے
سپیاری چہالیہ چار عدد کتہہ بہلانوہ چار عدد ہر ایک یکماشہ ہڈی سر آدمی کی انقطعہ مین چار
انگلی مقدار سپیاری و بہلانوہ و استخوان کو لیدی خشک گدہی مین جلاوین سبکو جدا جدا باریک کرین
آدہ پاو گای کی گہی مین ملاوین اکوتہ پر لگاوین اگرچہ کسی دوا سی فائدہ نہ ہوا ہو اس دواسی فائدہ ہوگا

دوائی کہ اکوتہ کو فائدہ دیوی کچلہ گیارہ تولہ پھٹکری پانچ تولہ کتھہ پانچ تولہ طوطیا پانچ تولہ ساتہ گای کے گھی کی مرہم بناوین **تدبیر** کیڑی کہ زخم مین پڑجاتی ہین پودینہ نہر کا اوس پر لگاوین اور دوا کیڑی مارنی کی کہ جو کان کی کیڑون مین دیجاتی ہی یہان بہی استعمال کرین **دوائی** کہ اکوتہ کو نافع ہی سپیاری ہلدی ہر دو جلائی ہوئی باجی جلی ہوئی ہر ایک ڈیڑہ تولہ رال و مہندی و کتھہ پاپڑیا سہاگہ بہونا ہوا ایلوہ سینگڑی بہونی ہر ایک نو ماشہ دال مسور پوستہ جلا ہوا ساڑہی چار تولہ مرچ سیاہ ساڑہی چار ماشہ سبکو باریک کر کی سرسونکی تیل مین ملاوین پتی ڈہاک کی گرم کر کے پشت کی جانب اکوتہ پر باندہین صبحکو و بعد آٹہ پہر کی کہولین پہر پتی ڈہاک کی باندہین بعد تین روز کی یہ تیل دوا کا استعمال کرین کہ نافع ہی و مجرب ہی **دیگر** کہ اکوتہ کو مجرب ہی کہلی تلی کے رنگ دریا کی دونون برابر باریک کر کی پانیمین ملا کر اور اسکا ایک مجسم کر کی لگادین از صبح تا شام دو تین روز مین دفع ہوجاییگا دوا موٹی یعنی دلدار اسو سطلی باندہتی ہین کہ جلد خشک ہوجاوی

باب اندر دوای برص یعنی سفید داغ اور واد کے

جاننا چاہیے کہ سفید داغ بہت مشکل سی جاتا ہی جبکہ تمام بدن مین ہوجاتا ہی اچھا نہین ہوتا ہے الا شروع مین فائدہ ہوتا ہی **صفت طلا** کہ مجرب ہی تہوڑ کا دودہ کہ جسکی شاخین باریک ہوتی ہین سفید داغ پر ملین عضو سوج جاییگی سفیدی دور ہوجاییگی بہلانوہ کا شہد بہی یہی عمل کرتا ہی ہر روز ایکسو پتی نیب کی سائیدہ کر کی کہلاوین اور اوس موضع کو ساتہ پتی نیب کی دہووین باجی ڈیڑہ تولہ پیسکی کہلاوین مجیٹہ و چیتہ و سہاگہ باریک کر کی ساتہ سرکہ انگوری کی طلا کرین **دوائی** کہ سفید داغ اور داد اور خارشت کو مفید ہی ناریل کی چہال سخت سیر بہر جوار کی نیج اور گیہون ہر ایک چہ تولہ توتیا چیتہ و نوسادر ہر ایک تین تولہ سوای گیہون کی سبکو جو کوب کرین مٹی کی دیگ مین ڈالین ایک پیالہ چینی کا یا تانبے کا قلعی دار درمیان دوا مین رکہدوین ایک ہانڈی بقدر منہ دیگ کی رکہکر اندر ہانڈی کی پانی بہر دیوین اور منہ دیگ کو مٹی و گڑ و تیز

بند کر دیوین چولہہ پر چڑہا کر آنچ کرین عرق پیالہ مین جمع ہوگا فرون مذکور پر ملین دوسری بار یہی
اوس دوا سی عرق لیوین اول و دوم ہوگا دیگر سنوار کی بیج آنولہ کی پانی مین کوٹ کی رکہین
صبح کو پیسکی سفید داغ پر طلا کرین ہر مہینی مین سات روز لگاوین اگر روز ناغہ کرین دیگر
اجواین خراسانی بابون دونون دوا کو برابر لیکر بدون کوٹی ملاوین اول روز چار رتی ہمراہ دودہ
گای کی کہلاوین دوسری روز پانچ رتی اسی طرح چودہ روز تک ایک رتی بڑہاوین پہر چالیس روز
تک سترہ رتی ہر روز دیوین کہ چالیس روز مین تمام ہون چاول اوپر برنہ کی کہ دوای ہندی ہے
ہمراہ کالی تل کی پیسکی سفیدی پر ملین ہر روز تین بار فائدہ ہوگا دیگر چہپکلی ہمراہ گوشت بکری کے
پکاوین پہر اوس چہپکلی کو نکال ڈالین بکری کی گوشت مین ساتہ مصالح کی پکا کر مریض کو کہلاوین اور
اور بیمار آگاہ نہو بعضی کہچڑی مین پکا کر چہپکلی کو نکالکر کہچڑی کہلاتی ہین لغرض بہت آدمی فائدہ
اسکا بیان کرتی ہین اللہ تعالی ہر ایک شی پر قادر ہی دیگر ہرتال ورقی بغدادی ایک حصہ بابچی
دو حصہ ہر ایک جدا جدا سرمہ کی مانند پیسین دریا کی پانی مین چار پہر کہرل کرکی گولی بنا کر رکہین
وقت ضرورت پانی مین حل کرکی داغ پر اور داد پر طلا کرین دفع ہوجاوی دیگر سفید داغ اور بہت
چوتہیا اور کمی باہ کو مفید ہی بہناک بہوت آدمی کا دہتورہ سیاہ کی بیج کنیر سفید کی جڑ گانجہ کہ جس سے
نشہ ہوتا ہی زنگار جملہ چہ دوا ہین کوٹ پیسکی رکہین وقت ضرورت ساتہ پانی تازہ کی گولی
بقدر ماش باندہکی کہلاوین اور مہینون اور برسون کہلاوین کہ اکثر مرضون کہنہ کو مفید ہی سفید داغ
کہ مرض لا دوا ہی تین چار مہینی مین دفع کرتا ہی بہتر یہ ہی کہ زنگار کو گہر مین بنا لیوین اور طریقہ بنانے
زنگار کا یہ ہی تانبی کا برادہ پاو سیر سرکہ انگوری مین تر کرین اسطرح کہ سرکہ اوپر برادہ کی ایک انگل ہو
اور نوسادر تین تولہ باریک کرکی ملاوین چینی کی برتن مین اگر بناوین تو بہتر ہی ہر روز نیچی آفتاب
رکہین رات کو کسی جگہ گرم مین بلکہ چولہہ پر کہ نیچی اسکی تہوڑی آگ رہی بہتر ہی اسطرح خوب زنگار
بنتا ہی پہر زنگار کو داخل دوا کرین وزن دوا برابر لیکر دی سکتی ہین اگر گولی باندہکر رکہین یہ بہی
بہتر ہی مگر جلدی نفع یون ہوتا ہی کہ سفوف کرکی رکہین وقت حاجت ساتہ پانی کی گولی بنا کر کہلاوین

اگر زنگار گہر کا نہ بن سکی بازار کا ملا دیوین شہوت اور بہوک کو بہی مفید ہی **دوائی** کہ سفید داغ کو
مفید ہے جمال گوٹہ اور رائی ہر دو پیسکی طلا کرین **دیگر** کہ واسطی سفید داغ تمام بدن کی مفید ہی مرد معتبر
کہ اس مرض مین مبتلا ہوا تہا صحت ہوئی دوسرے کو بہی دیا فائدہ کیا بابت پارہ ساڑہی چار تولہ آملہ دو
ڈیڑہ تولہ تالمیس ۵ ماشہ عقرقرحا سنبلو جن ہر ایک تین تولہ سب دوا باریک کرین اول روز یکماشہ کہلاوین
اسیطرح آدہ ماشہ ہر روز زیادہ کرین کہ چار ماشہ تک پہونچی چار ماشہ ہر روز کہاتی رہین تا سب چالیس
روز دوا کہائی جاوی ترشی و بادی سی پرہیز کرین چہہ مہینی تک بعد اچہی ہونیکی نہ چاہی **دیگر** واسطے
سفید داغ کی مجرب ہی اسبند سوختنی تین تولہ سوہاگہ طوطیا مساوی زعفران آتولہ ہر یک ڈیڑہ
تولہ اول آتولہ اسبند کو پانی مین ترکرین جسکو پانی آملہ سی دونونکو خوب پیسین پہر سوہاگہ و زعفران
اسمین حل کرین اور طلا کرین **دیگر** چہال درخت گولرالہ کی بیج دونونکو کوٹ پیس کی ایک تہیلی صبحکو
پانی سرد کی ساتہ کہلاوین چالیس روز تک کولر ہر قدر کہ چاہین کہلاوین ساتہ بہت گہی کی رات کو
جو کچہ کہ میسر آوی سفید داغ برا نادور ہو جاوی **ادویہ** واسطی چہیپ کی اور وہ سیاہ و سفید اور سرخ و سفید
داغ ہوتا ہی بہت جلد تدارک اسکا کرین مولی کی بیج باریک کرکی دہی کہٹی مین ملا کر طلا کرین اور دہوپ
مین اوس جگہ کو رکہین **دیگر** سوہاگہ بہونا ہوا مولی کی بیج دونون برابر لیکر پانی لیمو مین پیسین اور ملین **دیگر**
بابچی مولی کے بیج ساتہ سرکہ کی پیسکی لگاوین **دیگر** شبنم کہ اوپر گہاس وغیرہ کے ہوتی ہے
ملین اور اگر چنی کے ساگ پر سے لیکر لگاوین بہت فائدہ کرتی ہے

باب کریون مین

کہ ہندی داد کہتی ہین اصل علاج تنقیہ مادہ سوداہی صندل سرخ سہاگہ افیون تینون برابر ساتہ
عرق لیمون گہسکر داد پر طلا کرین اول مقام داد کو جنگلی اپلی سے یا اور کسی چیز کہر کہری سی کہجلا کر بعد اسکی
دوا لگاوین آفتاب مین بیٹہین دو مرتبہ سی زیادہ احتیاج نہوگی یہ دوا اینی جہوتی جب تک اچہا
نہولی **دیگر** ہر جگہ کہ داد ہو نفع دیوی آنولہ مذاہر کے پہول تخم پنوار کہٹا دہی ملا کر پیسین اور لگاوین

الاخصیه پر استعمال نکرین اگر مدار کے پہول نہ ہوتی ہے اسکی ہی کافی ہین اگر دہی نہو مضایقہ نہین دیگر
گندہک طوطیا آملہ نیوار کی بیج ایک تہوڑے کہ جسمین جیسے ہوتے ہین سب برابر لے کر
کپڑے مین چہانکر پانی مین ملاکر داد اور جیب پر طلا کرین ہر روز تین بار جیب پر ملکر آفتاب مین بیٹہین
دیگر دوا کہ داد کو بخوبی دفع کرے سپند کا مغز کوٹ کی تہوڑین باریک کر کی ملاکر تین روز تک بیہین
کہ جوش آوی پس داد کو چہیل کر یہ دوا ملین آفتاب مین بیٹہین اگر داد بہت غلیظ اور موٹا ہو پہلی پہنے
لگا کر خون کہینچ ڈالین دیگر نیواڑ کے بیج دہی جاے مین ملاکر طلا کرین پہلی داد کو کسی چیز سی کہجلاوین
پہنیل باریک کر کی طلا کرین ساتہ پانی سرد کی دو تین بار دیگر سرشیں ملین اور نہ اوتارین جب تک
کہ داد دفع نہ ہو دیگر نیلہ تہوتہہ ساتہ عرق لیمون کی پیسین اور طلا کرین لیکین اس دوا سے ورم ظاہر ہوگا
دیگر واسطی داد دوا کوتہ کی مفید ہی ارنہ کوٹہہ یعنی جنگلی اپلہ ایک سیر ہرتال ساڑہی سات تولہ تلی کا
تیل ایک سیر ہرتال کو روغن مین حل کرین ایک برتن مین تہ بتہ رکہکی گل حکمت کر کی بطریق چوپہ تیل ابتر
کہینچین دو تین مرتبہ سی زیادہ حاجت نہوگی دیگر اشق ساتہ سرکہ انگوری کی ملاکی طلا کرین
دیگر کہجلی تارہ گندہک مین ہل زیرہ انبا ہلدی ہرتال ایلوہ مرچ چار پہر کہرل کرین اسکو ماہر کہرت
کہتے ہین دیگر واسطی کہر کہری ہونی جلد اور فساد ظاہر جلد کو مفید ہی ایک گہڑا مٹی کا لیکے جنگلی اپلے
اس مین بہرین کہ چار انگل خالی رہی ایک تہالی پہول کی اسکی اوپر بند کر کی ایک گڈہا کہود کر
جنگلی اوپلہ بہر کر نیچے پیالی رکہکر دیگ یعنی گہڑے کو رکہین گرد اسکی اوپلی بہر کر شب کو آگ دیوین صبحکو
جو عرق کہ پیالی مین ساتہ جمع ہو جاوی علیحدہ کر لیوین وہ گاڑہا ہوگا تہوڑا داد پر ملین بعد کہجلانی داد کے
اگر گہڑا اندر کو رایلی سی بہرا ہو چولہ پر چڑہا کر بیچ اسکی پیالی رکہکر عرق لیوین دیگر واسطی داد کی مجرب ہے
انولہ گندہک کتہہ نیواڑ کی بیج سہاگہ برابر لیکر پانی مین پیسکی ضماد کرین املی کی بیج پانی مین بلکہ عرق
لیمون مین پیسکی طلا کرین ہول کہ دو مشہور ہی ساتہ سرکہ تیز کے لاکی داد کو کہجلا کر لگاوین دیگر
چربی مرغ کی بارہ تولہ اسپند ورجو دہ تولہ چربی کو پگہلا کر اسپند ور اسمین ملادین کہرل مین دستہ دار
نیب سی سات روز کہرل کرین نگاہ رکہین اوپر داد کی استعمال کرین ادویہ دافعہ درتمام

منتشر ہو کسی علاج سی نفع نہو مجرب ہی دو تین دست بہی آتی ہین تہوڑ خار زہر پانچ سیر کی
گول کاٹین اور چاول کہ پانی مین ہوتی ہین کہ جسکو وہان کہتی ہین مٹکا ڈالیکر پہلی ایک
تہ تہوڑ کی بچہاوین اوپر اسکی چاول یعنی دہان بچہاوین پہر تہوڑ بچہاوین اور اوسپر دہان بچہاوین
اسیطرح تہ بتہ رکہین پہر پانی اسقدر ڈالین کہ سب چہپ جاوین منہ بند کرکی تین یا پانچ روز
رکہہ چہوڑین بعد اسکی وہان نکالکر جڑ وی اسکی بناوین ہر روز دو تولہ اٹہا تین تولہ کہلاوین جب تین مہینی
دیوین کہ مادہ کو توڑے ساتہ مدد خدا کے جذام و سفید داغ کو بہی فائدہ کرے

باب اندر دوائی مسہ کی

چوک عرق لیمون مین پیسکی طلا کرین **دیگر** پتی پان کنکریکی اسکی رگون پر چونہ ملکی بتی کی مانند
بناکر مسہ پر ملین پہلے ناخن سی کہجلالیوی تہوڑی مدت مین سب رفع ہوجاوین اگر بڑی ہون
دو تین روز مین سب قطع ہوجاوین **فصل** اندر مہاسہ نرکچور پانی مین پیسکی طلا کرین صبحکو دہووین
فالی نمک بہی مفید ہی انزروت رومی عرق لیمو مین ملاکر لگاوین صبحکو پانی سی دہووین ایک ہفتہ
مین اثر مہاسہ کلیہ نہ رہیگا

باب پہٹ جانی اور کہرہ ہوجانی جلد مین

دودہ بڑ کی درخت کا واسطی پہٹ جانی ہتہیلی کی مفید ہی ملین اور موم روغن لگاوین **دیگر**
چہاجن کو دور کرتی یہ مرض ایسا ہی کہ ہتہیلی ہاتہ مین یا پیر مین درشتی ہوتی ہی کہال اوسکی نکلتی
ہی دودہ بکری یا گای کا آدہ سیر لیکر تین جوش دیوین بقدر نو ماشہ سرکہ انگوری ڈالین سب دودہ
پہٹ جائیگا کپڑے مین پانی صاف اسکا چہانکر شیشہ مین بہر رکہین اسکو ملین **دیگر** مدار کا
دودہ مٹی کی برتن مین رکہین قدری کالی مرچ پیسکی ملاوین اور ملین چہاجن دور ہوجاوے
دیگر واسطی خشونت جلد کی کہ اسکو چرم کہتی ہین مغز نیلہ تہوتہہ یا برنگ رال سنبل کنیر ہرتال

لودہ کمیلہ گندہک املہ سار کبیر چہال کنیر سفید پارہ وگندہک ہلدی سب تیرہ دوا برابر لیکر کوٹ پیسکے
پارہ وگندہک کجلی کر کی سہ چند یعنی تگنی تلی تیل مین ملادین خارشت کسی قسم کی ہو اور داد و
اکو ہیلنی اسکی ہی دور ہوئی **داروی** کہ واسطے ہیٹنے جلد کی سفیدی مہندی پانی مین حل کر کے
ضماد کرین بعد تین چار گہڑیکی دور کر کی رینڈی کا تیل ملین عضو کو قوت ہو گی اور پہٹنی سی باز رہیگا

باب اندر بیماری ناخون کے

جسوقت کہ سختی اور کجی ناخون مین ظاہر ہو پہلی تنقیہ بدن کا کرنا چاہیی اور یہ دوا لگانا چاہیے
ہرتال ہویز منقی دونونکو باریک پیسکی ملاکرین **دیگر** روغن گل پارہ کو ملاکر ملین وقتیکہ پارہ
خاکستر ہو کر روغن مین ملجاوے اگر پارہ کو پہلی مار لیوین تو بہتر ہی اور طریقہ مارنی پارہ کا یہ ہی
عرق برگ پان مین حل کرین **دیگر** مسکہ بہیڑ یکا ناخون پر ضماد کرین بعد اسکی لکڑی مدار کی جلاوین
اور دہوان اوسکا ناخون مین پہونچاوین

باب اندر دوائی خارشت کی

گندہک آنولہ سار ۶ ماشہ صاف کرکے گڑ سیاہ تین تولہ پاؤ سیر تلی تیل مین جلوا دین اور کپڑہ مین لیکر
نچوڑین روغن بدن پر ملین اور حلوا نوش کرین تین روز مین خارشت بڑی جاتی رہی بہتر یہ ہے کہ
گوشت نہ کہاوین **دیگر** طریقہ درست کرنی پارہ کا کہ دوائی کہجلی مین کام آتا ہی پارہ کو مہندی کی
پتی مین خشک ہو یا تر بہت تہوڑا پانی ڈالکی پیسین یا عرق لیموں مین پیسین اسقدر کہ پارہ شکل خاکستر
کے ہو جاوے **دیگر** شنگرف سرخ ۲ سیر شاہی روغن گاو دو سیر شاہی چوک ڈیڑہ سیر شاہی چوک کو پیسکے
کپڑہ مین چہانین سب دوا کو ملاکی گولی تین باندہین اگر گولی نہ بندہ سکی قدری پانی ملاکر گولی بنا وین
بطور آنہ بدون پانی کی بدن پر ملین یا نیچے آفتاب کی بیٹہین جسقدر کہ طبیعت مین آوی پہر ٹہنڈہی
پانی سی نہلاوین دوسری روز اگر ضرورت ہو دوسری گولی کام مین لاوین جیسا کہ لکہا گیا دو تین روز مین

خارشت دفع ہوجاوی گی **دیگر** شورہ قلمی کڑوی تیل مین ملاوین اور خارشت پر ملین پارہ کو
روغن گل مین ملاکر ملین الا پارہ کو پہلی برگ پان مین کہرل کرلیوین **دیگر** مہدی کوگای کے
گہی مین ملاکر طلا کرین درخت بڑ کی پتی خشک لکڑی تہوہر کہ جو خشک ہوکر زمین پر گری ہو و پوست
تینونکو برابر لیکر جلاوین خاک انکی سرسون کی تیل مین ملاوین اور ملین ایکساعت بیچ آفتاب
کے بیٹھین بعدہ غسل کرین **دیگر** رسوت پانیمین گہسکر ملین **دیگر** صابون پانیمین گہسکر ملین اور غسل کرین
دیگر گندہک پانچ ماشہ انڈا مرغی کا ایک روغن تین تولہ کسی ظرف مین ڈالین اور زردی اور سفیدی
انڈے کی اوس مین ڈالکی اوپر اوسکی گندہک باریک کرکی ملاوین اور پکاوین تاکہ خاگینہ ہوجاے اسکو
کو کہلاوین اور روغن کو بدن پر ملین اول روز خارش زور کریگی اور دوسری روز خشک ہوتی ہے
اور تیسری روز خشک ریشہ لاتی ہی تین روز تک کہلاوین موافق وزن اور ترکیب لکہی ہوی کے
اور عورت کو ایک روز کہلاوی سات روز مین خارش پرانی نرہی گی **دیگر** گندہک کو آٹی خمیر کیے ہو
مین ملاکی روٹی پکاکی ہمراہ بہت گہی کی کہلاوین تین روز مین خارش دور ہو اور وزن گندہک
کا موافق آدمی کی ہی مرد بڑی کو چہ ماشہ چاہیی دینا اور یہ دوا سوای مرد قوی کی اور دہقانی کے
بچلے ہیے دینا **دیگر** اجواین برابر لیکر کوٹ پیسکی گڑ مین ملاکر نو ماشہ سات روز تک کہلاوین
خارش دور ہو **دیگر** سہاگہ بہونکی چنبیلی کی تیل مین ملاکر خارش پر ملین **دیگر** تیل چنبیلی مین عرق لیمو
ڈالکر ہتہیلی سی ملاوین یہان تک کہ کف لاوی ملین بعد ایکساعت کی غسل کرین **دیگر** سیندور
مرچ کوٹ پیسکی روغن مین ملاکر خارش آبلہ دار پر کبہی ملین **دیگر** پارہ یکتولہ روغن پانچ تولہ دونو
کانسی کی برتن مین ڈالکی گہسین تو خوب ملجای پس ملین **دیگر** اجواین دو حصہ ہلدی یک حصہ
دونونکو پیسکر پانی ملاکر بدن پر ملین اور سایہ مین خشک کرین اور پانی گرم سی غسل کرین تین روز
دفع و دور ہو مجرب ہی **دیگر** گندہک سادہ تین تولہ پارہ ساڑہی سات تولہ نیلہ تہوتہہ بریان نو ماشہ
سبکو دوپہر کہرل کرین اور ساڑہے بائیس تولہ گائی کی گہی مین ملاکر رکہین تہوڑا اوس ہی ملین
خارش دور کریگی اور داد کو فائدہ دی اور چاہیے کہ بعد ملنے سے دو گہڑی گذرین سرد پانی

غسل کرین چند روز مین دور ہو دیگر تیل چنبیلی ساڑہی سات تولہ دودہ مدار کا تین تولہ
آنبہ ہلدی نو ماشہ پہلی تیل کو خفیف جوش دیکر دودہ مدار اور آنبہ ہلدی باریک کر کے
تیل مین ملا کر آگ سی اوتار کی رکہین اور کام مین لاوین تین چار روز تک بعدہ پانی گرم
سے غسل کرین اور اگر دودہ مدار کا میسر نہووی تو مدار کی تیل مذکور مین جلا کر پتی کو دور کرین
صاف کر کے آنبہ ہلدی کوٹ کی اوس مین ملاوین تین روز تک آفتاب مین رکہکر بدن پر ملین
چار روز سی زیادہ نگذریگا کہ دور ہوگی مجرب ہی دیگر گندہک تخم پنواڑ آنبہ ہلدی اجواین ہر ایک
نو ماشہ لیکر جو کوب کر کی تین حصہ کرین ایک حصہ تہوڑی پانی مین بہگو کر صبح کو پانی اوسکا
پلاوین اور دوائی کو پیسکر تلی کا تیل یا سوای اوسکی ملا کر خارش پر ملین اور نیچی آفتاب کی بیٹہین
بعد ایک گہڑی کی پانی گرم سی غسل کرین اور بعد غسل کی دہی چہکہ اور چاول پیٹ بہر کر کہلاوین
اور اسیطرح دو روز دو حصہ دوا مذکور سی کام مین لاوین جسطرح کہ کہا گیا فائدہ پانچی وغیرہ دانے
بعضے آدمیون کی بدن مین آبلہ پیدا ہوتی ہین اس دوا سی پرہیز کرین دیگر گندہک آنبہ ہلدی
پانچی ہر یک ڈیڑہ تولہ کوٹ کی تین حصہ کرین جسطرح کہ کہا گیا تین روز تک عمل مین لاوین یعنی پانی
اوسکا پلاوین اور دوائی کو پیسکی گہی مین ملا کی بدن مین ملین اور دہوپ مین بیٹہین اور دہی
اور چاول کہلاوین دیگر افیون روغن گل یا تل کی تیل مین ملا کی ملین دیگر روغن گل یا
تیل چنبیلی جو کہ بہم پہونچے اوسی قدر سرکہ انگوری اور اوسی قدر گلاب سبکو ملاوین اول خارش
کو پانی گرم سی دہووین اگر خارش خشک ہو بعدہ دوا خوب ملین دیگر کالہ دانہ کوٹ پیسکی چہہ ماشہ
یا زیادہ ساتہ شکر ہمراہ پانی گرم تین روز تک دیوین خارشت ہر قسم کی کہ ہو جاتی رہی دست آتی
ہین بعضی کو قی آتی ہی دیگر پتی سرکہ کی ساتہ روغن گل مین پکاوین اور بدن کی ملین بعد تین گہڑی
کے پانی گرم سی دہووین ایک نسخہ مین جوا کہار بہی داخل ہی نوسادر پارہ یکحصہ گندہک نیلا تہوتہ
دو حصہ جوا کہار چار حصہ گای کا گہی جوچند نوسادر کی اسمین ملا کی ملین دیگر خارشت کہنہ کو
مجرب ہی پارہ گندہک ہر ایک تین ماشہ توتیا چہ ماشہ نوسادر ایکتولہ روغن گاو چار تولہ گہی کو

ساتھ پانی انگیسو آٹھ پانی سی دھووین دوا کوٹ کی منھ کچلی گھی مین ملاوین ایک پہر کہرل کرین تھوڑا
بدن پر ملین لمحہ توقف کر کی پانی سرد سی نہلاوین اور دوا اس دوا سی بہی جو تمام رہتا ہی بادرنگ کو
بہی مفید ہی کچلی یہ ہی کہ پارہ و گندہک کو ایک جا پیسکی خوب پیسین کم ایک پہر یہی کچلی نہین ہوتا ہی
کہ سیاہ ہو **فائدہ** بہترین دوا واسطی خارشت کی نہانا پانی گرم سی ہی و حمام مین جلد جلد جانا
اور دوا کہ بعد حمام کی ملتی ہین فائدہ بہت ہوتا ہی **دیگر** دھتورہ کا پہل لیکر اسکا کہول کی دبی
شنگرف اندر اسکی کرین گل حکمت کر کی آگ مین رکہین یا تنور مین رکہین کہ پک جاوی بعد اسکی باہر
لا کی پیسین اور ساتھ تلی کی تیل کی بدن پر ملین دفع ہو **دیگر** ترپہلہ باچی باریک کر کی ہر روز سات
ماشہ کہلاوین **دیگر** ہرتال ڈیڑہ تولہ چینی کا کہار ڈیڑہ تولہ بیضہ مرغ ایک عدد سوراخ کر کی ہرتال و کہار
اسمین ڈالین بعد اسکی تانبی کا برادہ مصطگی ملا کی سوراخ بیضہ بند کرین اور بیضہ کی تین لیپ کر کر
تین روز تک رکہین بعد اسکی مٹی کی برتن مین سوراخ کر کی لولہ بیضہ کو سوراخ سی باہر لا کی اوپر اسکے
ایک برتن مٹی کا چھوٹا اولٹا کرکے بیضہ کو چھپا لیوے اس چھوٹے برتن کو بڑے
برتن مین ریگ بہر کے اس طرح بناوین کہ چار انگل اوپر
برتن کے ہو پس اس بڑی برتن مٹی کو بنگنی سی بہر کر کی آگ دیوین اور نیچی لولہ کی برتن
چینی کا رکہین تا کہ روغن ٹپک کر جمع ہو مقدار دو چاول ہمراہ پان کہلاوین خارشت دور ہو اسطور
بنانی کو تیال خنتر کہتی ہین **دیگر** نیلہ تہوتہ چار ماشہ پارہ ساڑہی تین ماشہ مسکہ گائی کا تین تولہ توتیا کو
ساتھ پارہ کی کہرل کرین مسکہ مین ملاوین اکیسو سات پانی سی دہو کر ملین مجرب ہی **دیگر** کہ خارشت
کو مفید ہی اور بدن کو نرم کرتی سوار کی بیج چھ تولہ انولہ تین برنج ساٹھی ڈیڑہ تولہ تینو کو کوٹ پیسکی پانی
مین ملا کی ملین بعد تین گھڑی کی غسل کرین **دیگر** کہ خارشت کو مفید ہی چنبیلی کا تیل تین پیسہ بہر کافور
چھٹانک ڈیڑہ ماشہ کافور کو پیسکی ساتھ روغن کی خوب ملین وقت سونیکی مالش کرین بعد تین روز کی غسل کرین
مفید ہی **دیگر** کہ اقسام خارش کو ساتھ دانوں کی اور بغیر دانہ عجیب الاثر ہی آنولہ غیر گٹھلی نکالا ہوا تیز زرد
ہو گٹھلی تین تولہ نوسادر دس ماشہ پارہ ٹھارا ہوا دس ماشہ شب کو تلی کی تیل مین جوش کرین منہ تیل کا سیکی اندر

اور نزدیک آگ کی عضو کو رکھین جسقدر کہ متحمل ہوون اور مکرر طلا کرین اس دوا سی ایک رات مین خارشت
جاتی رہتی ہی **دیگر** واسطی سب اقسام خارشت کی مفید ہی فوراً نفع ہوتا ہی گندہک آملہ سار بابچی
مردار سنگ ہر ... گٹہ ہندی سیل کہڑی کہ دوا معروف ہی مشابہ سنگجراحت کی ہر ایک تین تولہ تو تیا سوختہ
ڈیڑھ تولہ کوٹ پیسکی رکھین پھر گاہکہ چاہین تھوڑی اس دوا کی موافق موضع خارشت کی لیکر پارہ
ملاکر روغن کڑوی مین حل کرین کھرل مین اور ملین سفوف دوا کا اگرچہ ماشہ ہو دو ماشہ پارہ چاہیے
اور تین تولہ تیل ہو اسی وزن سی استعمال کرتی رہین **ادویہ خضاب** چونہ وگل ملتانی و مردار سنگ
تینون برابر لیوین ساتھ پانی کی پیسین اوپر بال کی طلا کرین انجیر کی پتی اوپر اسکی باندہین ایک پہر کی
بعد دور کرین پانی سی دہووین اور روغن ملین مجرب ہی چاہیے کہ یہ دوا دیر تک نہ رہی کہ بال کو
مونڈ ڈالتی ہی کہ اس مین چونہ شریک ہی **دیگر** خاکستر لوہارون کی گہر کی وصابون پانی مین حل
کرکی سیسہ کی دستہ سی چار گہڑی تہر کہرل کرین پھر خضاب کرین **دیگر** مازو بہونی ہوئی کہ قریب جلنی
کو پہونچی تین تولہ سنگ دانج تین ماشہ نوسادر دو ماشہ تینونکو کوٹ کی چہان کی لوہی کی برتن مین یا
پتہر کی دستہ سی خوب حل کرین اور بالون پر ملین وبعد چار گہڑی پانی سی دہو دین کہ زنگ جلد سی
دور ہووی **دیگر** مازو چار حصہ سنگ رانج دو حصہ نوسادر یکحصہ سینگڑی آدہ حصہ مازو کو بہوبل پر بہونجہ
مین جلاوین کہ خوب بہونی کہ شکل کوئلہ کی ہو جاوی پس سب دواکو جدا جدا پیسکی برتن لوہی مین رکہین
اور آملہ کو لوہی کی برتن مین دو تین جوش دیوین اور پانی لیکر دوا مین ملاوین لوہی کی دستہ سی خوب
کہرل کرین اول بال کو پانی اجلی سی دہو کر دوا ملین بعد دو تین گہڑی کی پانی آملہ سی دہو دین گرم کرکی
علاج بال خورہ پہلی پانی آملہ سی اوس جاکو دہووین پہر نوسادر باریک کرکی سرکہ مین ملاکی
ملین ایک ہفتہ مین دفع ہوگا **ترکیب خضاب** گل ملتانی مردار سنگ چونہ تینونکو برتن لوہی
مین دستہ لوہی سی ساتھ پانی آملہ کی خوب باریک کرین واسطی تیزی چونہ ایک دو روز رکھا رہنی دیوین
بعد اسکی استعمال کرین **دیگر** خوب سیاہ ہونگی مجرب ہی ایک فقیر سی مازو پندرہ ماشہ طوطیا گیارہ رتی
نمک لاہوری سات رتی مازو کو بہونین بعد سب دواکو برتن لوہی مین دستہ لوہی سی خوب باریک کرکی

اور

اوپر بال سفید کی ملین تین چار گھڑی مین رنگ سیاہ ہوگا بعد اسکی آملہ کی پانی سی دہووین دیگر
نسخہ خضاب باتہ شاہ نظیر گل لالہ کی پتی تازہ پاؤ سیر لوہ چون آدہ پاؤ تلی کا تیل آدہ سیر لوہی کی
برتن مین ڈالکی نیچی چولہی کی کہ جو ہمیشہ گرم رہتا ہی کہود کر دفن کرین اکیس روز تک بعدہ نکالکر
صاف کرکی شیشہ مین نگاہ رکہین وقت ضرورت بال کو پانی آملہ سی دہو کر روغن مذکور طلا کرین
دیگر واسطی داڑہی کی بال کی کہ جلد نکل آوی داڑہی کی جگہ پر جونک لگا کر خون کہینچین دیگر انڈے
کا تیل چودہ روز جس جگہ کہ ملین بال نکل آوین اور طریقہ روغن نکالنی کا قرابادینون مین لکہا ہی
دیگر تلی کا تیل زردی بیضہ مرغ دونونکو ایکجا کر کی ملین بال نکل آوین گی دیگر ہاتہی کی دانت
کا برادہ جلا کر خاکستر کرین تہوڑا بکری کی دودہ مین ملا کر تمام سر مین یا جس جا کہ چاہین بال نکالنی
ملین دیگر خاکستر لوما بر الگ روغن زیتون مین ملا کی اوپر داڑہی کی ملین دیگر سیاہ بہنی کا دانہ
جلاوین پانی مین پیسکی لگاوین دیگر وہ دوا کہ بال کو سیاہ کری گل گڑہل سبزی و سفیدی اسکی
دور کر کی خشک کرین سنگرہ سیاہ کہ جسکی پتی اور لکڑی سیاہ ہوتی ہی جڑ سی کہود کر خشک کر کی
باریک کرین کیوڑی کی جڑ پسی ہوئی کیلی کی جڑ پسی ہوئی ہر ایک چہہ تولہ تلی کی تیل مین کہ وزن
سیر بہر ہو ملاوین اور لوہی کی دیگ مین رکہکر سرپوش لوہی کا بند کر کی ایک گڈہا کمر برابر کہود کر
دو تین روز گوڑا وغیرہ بہر کر جلا دیا کرین کہ رطوبت اسکی خشک ہو جاوی بعد اسکی آدہا گڈہا لید گہوڑی
کی خشک بہرین اور دیگ کو اس مین رکہکر آدہا گڈہا جو باقی ہی اور لید سی پر کرین ایک بالشت
کنارہ گڈہی کا خالی ہو خاک سی بہر دیوین کہ گڈہا یکسان ہو جاوی چہہ مہینی تک اوسمین رکہین بعد
اسکی نکالکی روغن کو بالون پر ملین وقت ملنی کی ہاتہ اور پانون مین روغن لگا ولین تا کہ موضع سیاہ نہو
دیگر گری انبہ پاؤ سیر گل سیاہ کہ میان کاواک انبہ مین ہوتی ہی پاؤ سیر مالکنگنی ڈیڑہ تولہ
گوکہار ڈیڑہ تولہ چارون دوا کو باریک کر کی بقدر چہہ ماشہ کی گولی باندہین ہمراہ تلی کی تیل کے
مل کرکے طلا کرین واسطی بکسال کی کافی ہی **فصل** دوائیکہ جلا دینی والی بدن کی اور بڑہانیوالی
بالونکی **دوائی** کہ بدن کو جلا دیوی اور نرم کری بوی عرق بدن کی دور کری صندل زعفران

اگر دہو وہ خس اسگند بالا اسکو باریک کرکی ابٹن کرین دیگر کہ بالون کو دراز کرین کثرت سی
پیدا ہو دانت ہاتھی کی جلای ہوی رسوت برابر لیوین ساتھ پانی کی گولی باندہکر رکہین اوپر بالونکے
طلا کرین **دیگر** پتہ گای کا جڑ بالون مین لگاوین بعد تین گہڑی کی ساتہ پانی آملہ کی دہووین
بال دراز ہونگی **دیگر** جس موضع مین کہ تین روز ملین اگر بال نہ ہون نکل آوین کرم کہ ایک گہنا سا ہی
گرہ دار مانند نی کی ہوتی ہی اسکی بڑی پہول اوسکا جس ہنگام کہ پیدا ہوتا ہی مانند جوشنہ کے
ہوتا ہی اور وہ نیچی درخت کریل کی اور جنگل مین ہوتا ہی ہندوستان مین مشہور ہی پتی اسکی کوٹ
کی شیرہ نکالین اور خاکستر ہاتھی دانت ساتھ اسکی ملاوین ایک رات دن رکہین پہر استعمال
کرین **دیگر** شیرہ بہنگرہ کا تلی کی تیل مین باہم ملا کی جوش دیوین تاکہ روغن رہی شیشہ مین
رکہین و ہر رات کو سر پر ملین بال بڑی ہونگے **دیگر** لیمون کا عرق و آملہ باہم پیسکی رات کو
سر پر ملین صبحکو روغن سر پر ملکی پانی سی دہووین متواتر ایسا کرین بال کثرت سی زیادہ
ہون **دیگر** جو عورتین استعمال کرین بدن اور رگوں سی انکی بوی خوش آوی ڈہاک کی کلی کہ
جو منہ بند ہو سایہ مین خشک کرکی کوٹ کی کپڑی مین چہانکر جسقدر کہ سفوف ہو آدہا اسکا
قند یا مصری ملاکر کہلاوین **دیگر** مورانبہ دو حصہ جاوتری ایک حصہ ملاکر باریک کرکی صبح و
شام ہتہیلی بہر یا کم و زیادہ کہلاوین اعضا و عرق عورتون ہی بوی خوش آتی ہی اگرچہ دہ روز کہاوین
اگرچہ اثر خوشبو کا جلد ظاہر آوی الا چندروز زیادہ کہلاوین **دیگر** جو بالونکو کہو دین اور اوس جا ملیں
بال سیاہ نکلین جڑ چرچرہ کی پانی مین گہسکی بالونکو کہو دکی طلا کرین **دیگر** سنگ راسنج مازو لونگ
زنگی ہڑ چار دن کو برابر لیوین پہلی ہڑ کو پانی مین تر کرین ایک رات دن باقی دوا کو ہڑ کی پانی مین
پتہر پر گہسین یعنی گہسین جسقدر کہ گہسا جاوی گولی باندہین و سایہ مین خشک کرین و عند الحاجت بال سفید
کو کہو دکر اس گولی کو گہسکر بالون پر طلا کرین بحکم خداتعالی سیاہ ہونگی **دیگر** کہ بالونکو جمنی سے
منع کری اقلیمیا سفید آب رصاص ہر یک ایک جز پہٹکری اسرکہ مین گہسکر بال کو کہو دکر طلا کرین
منع رکنے کو کرتا ہی **فصل** در مرہم وجہ یہ کہ مرہم ہی مناسبت رکہتا ہی مرہم کہ زخم کہا بہر لاوے

تلی کاتیل چهه توله موم سفید نو ماشه کتهه سفید چار ماشه طوطیا دو ماشه خاکستر سیپی کی گیاره ماشه مرهم بنا کر
سوله مرتبه پانی سی دهو دین **مرهم** که برابر کرتا هی زخم کو باڑ رنگ کریخ نیب کی پتی شب کو کوٹ نسکی پانی
مین قرص بنا کی تیل مین بهونین روغن صاف کر کی استعمال کرین **مرهم** که واسطی برابر کرنی زخم
آدمی اور گهوڑی کی نهایت مفید هی گوگل سفیده صابون رال پائین خود دیکامالی موم سفید تلی کا تیل
هر ایک ایک مقدار لیکر مرهم کرین **مرهم** که زخم کو جلد اچها کرے اور درد کو پهٹائی مسور آمله پیاز کی چهالیه
دو پوست هر ایک ڈیڑه توله جلاوین پانچ دانه مرچ سیاه کی طوطیا یکماشه اسمین ملاوین اور باریک کرین
گهی مین ملاوین کام مین لیجاوین **مرهم** که واسطی زخم سانپ اور ناسور کی هو دو رکری تهبیلیه کهپاره تیار
عورت پر هوتی هی اور واسطی گنجه کی بهی مفید هی آمله سهاگه پهٹکری نیله تهوتهه سیندور کمیله مهندی
سنگ جراحت مردار سنگ کتهه پاتره هر ایک ڈیڑه توله مرچ یکدانه هلدی یکماشه پایک گره مین دوا
کو پهلی جلاوین اور سکو باریک پیسین لوهی کی برتن مین تیل مین ملاکی سانپ نیب کی لکڑی کی ملاکی
کام مین لاوین اگر بسبب دیر رهنی مرهم کی سخت هو جاوی تهوڑا روغن اور ملاوین **تیزاب** که
ناسور و بگنده رواد و سفید داغ کو مفید هی اور سب مرض که گوشت مین مواد رها هن که اسکو فانی کرکر
کام مین آوی گندهک آمله سار شوره قلمی پهٹکری سفید هیرا کسیس چارون برابر لیکر دو شیشه چهوٹی مین یا
قرانبیق مین تیزاب ٹپکاوین جس جا چاهین لگاوین اگر سفید داغ پر لگانا منظور هو روئی بقدر داغ کی
تیزاب مین تر کر کی رکهین که خشک هو جاوی تمام تیزاب اوس جا جذب هو جاوی اگر جابجا پڑ جاوی
دوسری بار لگاوین اگر زخم بڑی سانپ مرهم کی تدارک کرین اور یه مرهم اس جگه نفع دیتا هی نیله تهوتهه
جلا هوا مصطگی رومی سنگرف موم سفید چارون برابر تمام دوا کو گهی مین ملاکی مرهم کرین و بکار لیجاوین
دیگر که ناسور کو فائده کری پهٹکری ششه مین ملاکی استعمال کرین **دیگر** مرهم زنگی واسطی اچها کرنی
زخم کی سریع الاثر هی مردار سنگ یکحصه رال دو حصه روغن بقدر حاجت پهلی مردار سنگ کو باریک
کر کی تیل مین بهونین اسقدر که رنگ اسکا سیاه هو جاوی رال ملا کر لگاوین که یه بهی سیاه هو جاوی
کام مین لیجاوین **مرهم** که زخم پرانا اور ناسور پرانی کو فائده دیوی اور زخم تازه کو بهی برابر کری

تلی

اگر اوس ورم کی قبل منفجر ہونیکی رکہین تحلیل کرنی یا پکا دیوی جیسی جلالکی خاکستر کرین سہاگہ بہی بہونین
دونونکو گائی کی گہی مین ملاکی لگاوین حکم آب حیات کا رکہتا ہی در باب بہر جانیکی روغن کہ واسطی دفع ورم
سوداوی اور سرطان وغیرہ کی معروف ہی یا ورنگ زیی پہٹکری ساڑہی چار تولہ نیلہ تہوتہ
نو ماشہ سنکہیا ڈیڑہ تولہ عمدہ ہو یا سفید تیل تلی کا آدہ سیر تیل کو کڑاہی مین گرم کرین پہٹکری وغیرہ
ہر ایک کو جدا جدا باریک کرین پہلی ڈیڑہ تولہ پہٹکری اوسکی اوپر چہڑکین تہوڑا تہوڑا تاکہ ٹکڑی سرخ ہو کے
پہر اسکی متصل بعد اسکی چہکی پہٹکری کی اور چہکی سنکہیا کی ڈالین اسی دستور سی ٹکڑی سرخ ہوتے جاوین اوتار لیوے
نیلہ تہوتہ پسا ہوا ملاوین اور دو گہڑی اور حل کرین پہر شیشہ مین نگاہ رکہین بوقت ضرورت بر قرحہ سے
طلا کرین دستور یہ ہی کہ پہلی سوزش ہوتی ہی اکثر دوسری تیسری روز جوش ہوگا تین روز مین
دفع ہوجائیگا تین روز مین مہلت دیکی پہر استعمال کری الغرض جب تک جوش نہ آوی نفع نکریے
بعد جوش کرنیکی حاجت پہر نہوگی ورم کہنہ دفع ہوجائیگا یہ دوا نہایت تحفہ ہی اکثر دیکہا گیا کہ بعضون
ناک آدمیونکی ساتہ ورم سخت کی مبتلا ہوتی ہی کسی دوا سی صحت نہین ہوتی ہی اس روغن سی نفع
ہوتا ہی شفا دینی والا اللہ تعالی ہی **دوائی** کہ زخم کو جلد برابر کری اور پہٹ جانیکو بہی مفید ہے
سہاگہ بہونا ہوا گہی مین ملاکی لگاوین **مرہم** کہ بہرنی زخم مین بہت مفید ہی موم کافوری
سیندور بغدادی مردار سنگ ہر یک ڈیڑہ تولہ رال چار ماشہ طوطیا ایکماشہ گہی ساڑہی چار تولہ اول
گہی کو داغ کرین اور موم کو اسمین چہوڑین و مردار سنگ پسا ہوا ملاوین اوتار کی خوب لت کرین پہر
گرم کرکے طوطیا ملاوین اور لت کرین پہر گرم کرکے سیندور ملاوین خوب ملا دین پہر اوتار کے
پانی ڈالین کہ سرد ہوجاوی وقت ضرورت کام مین لیجاوین اور چاہیے کہ برتن لوہی کا ہو واسطے
لگانے مرہم کی **مرہم** کہ سریع العمل ہی اسپغول فلفل رال ہر ایک چہہ ماشہ طوطیا تین ماشہ بہون
کی سیندور ہر ایک چہہ ماشہ گہی آدہ پاؤ دوا کوٹ پیسکی گہی کہ پگہلایا ہو ملا دین بڑی برتن مین رکہکی
پانی سی اکیس بار دہوؤین ہر مرتبہ خوب لت مال کرین مجرب ہی **دیگر** جا بجا جس کو جلاکی زخم
پڑ گئین برابر ہوجاتا ہی **دیگر** اندراین کی جڑ گہیکوار کاٹی کی زخم پہ باندہین کانسی تبری کہ گہسی ہو گل اوس

دیگر ماہی جھینگہ پیسکی زخم کی منہ پر باندہین گانسی نکل جاوی گی دیگر پتہ گاؤ کی نکاکر روغن مین پکاکے
زخم پر پٹکاوین ٹبرو وکانٹہ وہڈی کہ ٹوٹی ہوئی ہو باہر لاوی واسطی زخم چہری وتلوار کی کوئی چیز
مجرب تر برادہ آبنوس ہی نہین ہی دیگر زخم کہنہ کو فائدہ دیوی کاغذ جلا ہوا اندراین کی جڑ جلی ہوی
نوسادر گل سرخ جلایا ہوا کمیلا ایلوا برگ نیب و مازو زیرہ خراسانی لکڑی جہاؤ کی جلائی ہوی سیندور
برگ کیکر جلایا ہوا برابر لیکر شہد مین ملاوین اور محل زخم کی طلا کرین یا اوپر کاغذ یا اوپر پٹی کی رکہکی
ضماد کرین دیگر پتی باجرہ کی میٹھی تیل مین گہسکی اوپر زخم کی باندہین علاج واسطی دفع ہونی درد
زخم کی اگر اگر زخم پر باندہین درد رفع ہو جاوی اگر زخم بند ہو کہل جاوی اور پیپ باہر آوی اگر زخم
پرانا ہو تین روز کی باندہنی مین فائدہ ہو دیگر لہسن کو گوشت کی قدری شوک ملاکی زخم پر رکہین
درد رفع ہو جاوی دیگر پتی تورئی کی تر ہون یا خشک پانی مین پیسکی زخم پر باندہین درد جاتا رہے
و زخم جلد بہر جاوی دیگر ہر طرحکی زخم کو فائدہ دیوی نیلا تہوتہ دو جز کتہہ سفید تین جز
طوطیا کو ہون کی کہاکستر ہو کتہہ کو باریک کرکی دونونکو باہم ملاکی ہاون دستہ مین ساتہ میٹھی تیل
کے یا گروی کی ملاکی خوب پیسین اور گولیان باندہین وقت حاجت عرق لیموں مین یا پانی
مین پیسکی ملین فائدہ دیوی دیگر واسطی زخم بندوق کی و ناسور ہر طرحکا کہ زخم ہو و قرحہ خبیثہ کو مفید ہی
کتہہ سرخ پانچ تولہ تلی کا تیل پانچ تولہ پانی کنوئین کا پانچ تولہ پہٹکری ایکتولہ و تین ماشہ و طوطیا ایک تولہ تین ماشہ
رال پانچ تولہ اول پانی اور تیل کو ایکجا کرکی کانسہ کی برتن مین ایک پہر کامل ہاتہ سی مالش دیوین
کہ مثل دہی کی ہو جاوی بعد اسکی اور دوا کوٹ پیسکی ہر ایک کا وزن کرکی روغن مین ڈالکے
ایک پہر بلکہ دو پہر اوسی برتن مین ہتہیلی سے مالش دیوین کہ سب دوا یکجا جمع ہووین بعد اسکی
برتن چینی یا چاندی مین نکالکر رکہین اوپر زخم کی استعمال کرین بعد تین چار روز کی پٹی کو باندہین
و جو کچہ پیپ وغیرہ ہو پاک کری پہر اوسی پٹی کو باندہ دیوین یا دوسری پٹی مرہم سی آلودہ کرکی
اوپر اسکی رکہین رات کو نمک سی گرد زخم سینک کرین نفع عظیم ہوگا ساتہ حکم خدا کی شیخ محی الدین
سے لکہا گیا دیگر مرہم حیات سہاگہ فرنگی سنگ بصری سفیدہ کاشغری گل مختوم مل امنی مردار سنگ

ہر ایک ڈیڑہ تولہ پختہ موم کافوری نیم پاؤ روغن گل آدہ پاؤ سب دوا کو باریک کرکی موم کو
روغن مین کہ گرم کیا ہو ڈالین اور دوا اوس مین ڈالکی خوب ہتہیلی سی ملین سب زخمونکو نفع دیتا ہے
ایک پٹی دو روزتک کافی ہی **فصل** مرہمون مین اور جو کچہ کہ ساتہ زخم کی تعلق رکہی مرہم سفیداہ
کہ زخم کو صلاح دیوی سفیدہ ور گجراتی چہ تولہ کمیلہ ساڑہی سات تولہ مرچ سیاہ ڈیڑہ تولہ نیلہ تہوتہ
آٹہ تولہ چار ماشہ موم تین تولہ روغن پاؤ بہر سب ادویہ باریک کرکی روغن مین ملاکر لوہیکی برتن مین
جلاوین کہ سب جلجاوی زخم پر رکہین مرہم کہ زخم اور ناسور اور قرحہ کو نہایت مفید ہی روغن زرد
سیر بہر شاہی شنگرف چار سیر شاہی مردار سنج دو سیر شاہی نیلہ تہوتہ ایک سیر شاہی ہونا ہوا اور وزن
سیر شاہی کا ایک تولہ نو ماشہ ہوتا ہی اور بعضی چودہ ماشہ کہتی ہین ہر ایک جدا جدا پیسین اور گہی کو
تانبی کی برتن قلعی دار مین سو پانی سی دہووین پہلی نیلہ تہوتہ ملاوین بعدہ مردار سنگ بعدہ شنگرف
اور اس مرہم کو چینی کی برتن مین رکہین یا لکڑی کی **مرہم** کہ واسطی دور کرنی ناسور اور زخم
پرانی اور بہرلانی اوسکی کی نافع اور مجرب ہی شنگرف ایکجز موم زرد تین جز گہی چہ جز نیلہ تہوتہ
پریان چوتہائی جز پہلی گہی کو گرم کرکی موم کو گہی مین پگہلاکی شنگرف اور نیلہ تہوتہ باریک کرکے
اوس مین ڈالین اور خوب ملاوین بقدر حاجت کی لیکر کام مین لاوین اور گرمی مین بجای شنگرف کے
مردار سنگ استعمال کرین مرہم کہ سوزش اور جلی ہوی اور ہاتہ پیر ٹوٹی ہوی کو فائدہ دیوی رال
باریک کرکی تل کی تیل مین ملاکر سات پانی سی دہووین اور لگاوین مرہم کہ زخم کو جلد بہر لاوی
پتی درخت بڑہ کی لیکر جلاوین اور خاکستر اوسکی موم روغن مین ملاکر کام مین لاوین مرہم بول کہ
دواے ہندی ہی مشہور سرخ و سیاہ زنگار ہر ایک دو ماشہ بہروزہ خراسانی چار ماشہ موم سفید
ڈیڑہ تولہ گہی تین تولہ و تین ماشہ پیاز دو سیر شاہی کہ جسکا ساڑہی تین تولہ ہوا پہلی پیاز کو باریک
کاٹ کی گہی مین بہونین پیاز نکالکر پہینک دیوین اور گہی لیکر اوس مین موم چہوڑین بعدہ ادویہ
پسی ہوئی اوس مین ملاکر لگاوین زخم کو بہر لاوی اور قرحہ کو پاک کری اور گوشت زیادہ نکہلاوین
مرہم کہ سب زخم اور قرحہ اور ناسور کو دور کری گا ایکا کہی بول سرخ مردار سنج کتیرا یک

مرہم بناوین جیساکہ مشہور ہی مرہم کہ جلی ہوئی آگ کو اور جلن زخم کو ظفرہ دیوی موم کافوری
مردال ہر ایک ڈیڑہ تولہ نیلہ تھوتھہ بقدر نخود گھی ساڑہی چار تولہ قرص برگ نیم مقدار ایک سیر کے
جلا کے مرہم بنا کی کام مین لاوین **دوائی** کہ خون جراحت اور زخم کو بند کری اگرچہ
زیادہ ہو سقرلاط کہ قسم کپڑی سی ہی اسکو جلا کی ساتھ خاکستر اپلی جنگلی کی ملاکر زخم پر چھڑکین اور باندہین
دیگر پہیپہڑا کسی حیوان کا کہ ہو خشک کر کی جلاوین اور خاکستر اوسکی زخم پر رکہین خون بند کری
فائدہ جسوقت کہ زخم شریان مین پہونچی اور شریان قلب سی آگی ہی اور بند کوئی ہی اور خون
کسی دوا سی بند نہو شریان کو داغ دوین کہ داغ اس مقدمہ مین مجرب ہی اور داغ احتیاط سی دینا چاہیے
کہ سوا ہی زخم شریان کی اور کوئی عضو داغ نکہاوی اور نشان خون شریان کا یہ ہی کہ رکا ہوا
نکلتا ہی اور سرخ خالص ہوتا ہی اور رقیق **دیگر** مرغ کا پر باریک اور نازک لین اور مصطگی برودے
برابر اوسکی لیکر دونو ملاکر زخم پر باندہین **دیگر** گرد زخم کی موم سی حلقہ باندہین ایک ٹہیکری کوری
کہ جسمین پانی نہ لگا ہو آگ مین گرم کر کی سامنی زخم کی لاکر اوپر اوسکی گھی ڈالین کہ قطرہ روغن زرد
کا زخم پر گرین کہ اس عمل سی خون بند ہو جاتا ہی **دیگر** نیلہ تھوتھہ باریک کر کی زخم مین بہرین اور
باندہین اگر خون کسی طرح سی بند نہو حکم داغ کا دیوین **دیگر** بانس جلا کی خاکستر اوسکی باریک چہان
کی زخم پر باندہین فوراً خون بند کری **دیگر** کپڑا جلا ہوا اور چمڑا باریک کاٹ کی جلا کی اور دریائی
جلا کی رکہین **دیگر** چونا پہٹکری دم الاخوین ایلوا چینی سرمہ کی مانند پیسین خون بند کری
دیگر گہوڑی کی لید تازہ گرما گرم اوپر زخم کی باندہین اگر خون بند نہوتا ہو اوسیوقت ٹہر جاوے
اور جسوقت کہ خون زخم کا شکم مین پونہچی سات روز تک ایک قدح پانی بہیڑہ کا لین ڈیڑہ تولہ جوا کہار
اوس مین ملا کے پلاوین **فصل** دواؤن پسینہ لانی والی مین روغن بابونہ تنہا اوپر بدن کے
ملین اور کوئی چیز اوڑہین پسینہ بہت آویگا **دیگر** عاقرقرحا تیل مین پکا کی اوپر بدن کی ملین
اور کوئی چیز اوڑہین پسینہ بہت آویگا **دیگر** رس ادرکہ کا اوپر بدن کی ملین اور کچہ اوڑہین
دیگر بابونہ تخم شبت گرم کرنا اور بخار اوسکی بدن پر پونہچانا عرق لاتا ہی مجرب ہی **دیگر** شیرہ عصفت المجیب ا.

اور پہ ہاتہ پیر کی مثانہ پسینہ لاتا ہی خصوصاً لڑکونکو بخار مین **فصل** دواون سیت مین یعنے
کثرت عرق کی کہ ہاتہ اور پیر بہی ہوتی ہین منگین کو سیاہ تہوڑی پوستہ کی پانی مین جوش کرین
اور اوسکی پانی مین ہاتہ اور پیر ترکرین **دیگر** مونگ سبز کو اور پہٹکری کی بہونین اور اسکو
دونو ہاتہ سی ملین **دیگر** اوٹنٹ کٹارہ کی جڑ سایہ مین خشک کرین مسکی ہمراہ شہد کے
چہ ماشہ سات روز کہلاوین **دیگر** پانی بچونکا کہ جو ٹہنڈی ہوتی ہین نکلنے پسینہ کو منع کرتا ہی
کشنیز خشک چاول سفید دو مرتبہ دہوی ہوی سماق پاک کیا ہوا ہر ایک بائیس ماشہ سات
تین گونہ پانی کی جوش کرین جسوقت تہائی حصہ باقی رہی صاف کر کی ایک روز پچیس مثقال کہلاو
پسینا بند ہو جائیگا بدن پر ہڈی ٹوٹنی کی بیان مین پہلی دیکہنا چاہیی کہ ہڈی ٹوٹی ہی یا جوڑ سی ہٹ گئی ہی اگر
ہوا اپنی جگہ پر بٹہاوین فی الفور روغن ملین اول روز پٹی روغن مین ترکر کی اوس عضو پر لپیٹین
اور جس جانب کہ عضو مٹی ہو گدی رکہکر باندہین تا عضو کو مضبوط کری پس موافق جگہ کی لکڑ یا تین
باندہین جیسا کہ متعارف ہی اور دو تین روز نکہولین تیسری روز آہستہ آہستہ کہولین بعدہ لکڑی
باریک سکہ کی سفیدی بیضہ مرغ مین حل کر کی کپڑی باریک پر طلا کر کی عضو پر باندہین اوسپر پٹی و
تختی وغیرہ باندہ دیوین اسیطرح تیسری روز کہولین نئی دوا باندہین کہ نرم ہو جاوی پہر تہوڑا تہوڑا
حرکت دیوین **ادویہ** ضربہ و سقطہ یعنی چوٹ کسی عضو پر یا کسی عضو کو پانی نی پکڑا ہو یا دبلا ہو گیا ہو
یا ٹوٹ گئی ہو یا اپنی جگہ سی ہٹ گئی ہو واسطی درد کی دوا جو لکہی جاتی ہی لگاوین مدار کا دودہ
نو ماشہ رینڈی کا تیل کرنجوہ کا تیل تین تولہ نو ماشہ چہتیہ بچھناگ نمک سنگ ہر ایک آٹہ ماشہ
سب کو باہم مسکی ملاوین آگ پر رکہین آہستہ آہستہ پکاوین یہان تک کہ دودہ جل جاوی
تیل رہ جاوی جہانتک احتیاط سی رکہین اوس عضو پر کہ چوٹ لگی ہو مارنی لکڑی ہی یا گرنی سی
ملین اسکو سیم شنبہ کی تیل کہتی ہین بہت مفید ہی **دیگر** سہجنہ کی پتی کالی تل دونون برابر
باریک پیسین اور طلا کرین نیچی آفتاب کی بیٹہین **دوا** آنی کہ چوٹ کو اور عضو خشک کو مفید ہی
مغز رینڈی اور تل سیاہ ہر ایک عدد احد اپسین تلی کی تیل ملا کی لگاوین **دیگر** جس عضو کو کہ
پانی

پائی تی پکڑا ہو ورگ سنبہالو کی تہی نرس کی تہی برابر لیکر گای کی دودہ مین یا پانی مین
جوش کرین پہلی عضو پر روغن ملین بعد اسکی دوا کا پہارہ دیوین اگر ہڈی سنبہالو ٹہیک
ہوئی فائدہ زیادہ از حد کرتا ہے بعد پہارہ دواکو نکال کی عضو پہ باندہ دیوین اس عرصہ مین
ہوا سے پرہیز رکہین **دیگر** موچ اور تشنج ہوجانا عضو کا اگرچہ عرصہ ہی ہو نفع دیوی کہلی کی
نرم کوٹین پانی گرم مین ڈالین کہ کہل جاوی مثل قوام شہد کی آدہی گہڑی پہ لگا کر باندہین **دیگر**
درد چوٹ کو دفع کری اگرچہ گوشت اور ہڈی مین ہو صابون کو پانی مین خوب گہسکر طلا کرین
دیگر زردچوب و صابون پانی مین گہسکی نیم گرم طلا کرین **دیگر** موچ کو ایک روز مین اصلاح
دیوی پانی گرم اوپر عضو کی ڈالین گل ارمنی ساتہ سفیدی بیضہ مرغ کی ملا کر لیپ کرین آگ پر
عضو گرم کرین تا کہ دوا میل خشکی لاوی **دیگر** وہ چوٹ کہ بسبب گرنی کسی شخص کی یا گرنی
دیوار کے لاحق ہوتی ہو یا کوئی میخ یا سلاح گہس گئی ہو اور خون بند ہوگیا ہو ہڈی اندر سخت ہوگئی
بعد عرصہ کی چاہین کہ اسکو نرم کرکے اپنی جگہ پر بٹہالین فائدہ دیوی ہلدی آدہ پاؤ میدہ لکڑی
آدہ پاؤ گوندہ ببحی ڈیڑہ تولہ میدہ گیہونکا آدہ پاؤ روغن تلی کا پاؤ سیر اول روغن کو گرم کرین بعد اسکے
میدہ کو بہونین پہر دوا علیحدہ علیحدہ باریک کرکی اول ببحی بعد اسکی میدہ پہر ہلدی ڈالکے
پانی مین پکاوین کہ پانی جل جاوی تیل رہ جاوی گرم گرم سینک دیوین اسکو لیری کہتی ہین
جاننا چاہیے کہ بہتر غذا واسطی چوٹ کہای ہوی کی شوربا کبوتر کا ہی اور مومیائی ساتہ گای کی
گہی کی کہانا بہت مفید ہی **دیگر** ورم گرم کہ چوٹ سی لاحق ہوتا ہی اسکو مفید ہی کہ مثل
غدود کی ہوجاتا ہی مغز ناریل پرانہ کہ تین چار سال کا ہو بلکہ کڑوا ہوگیا ہو لیکر کوٹین چہارم حصہ
اسکا ہلدی لیکر کوٹ کی ملاوین پوٹلی باندہ کی آگ پر گرم کرکی دو تین گہڑی سینک دیوین
پہر اسیکو ورم پر رکہکر باندہ دیوین صبحکو کہولین دو تین روز مین صحت کلی ہو **دیگر** دوا کہ چوٹ
اور گرفتگی عضو کو مفید ہی منگین کچا کوٹ کی گڑ ملا کی جسقدر کہا سکین کہاوین نہایت اسکی
آدہ پاؤ تک ہی ادویہ واسطی ٹانگی وغیرہ کی مفید ہی چوک ڈیڑہ تولہ گڑ پرانا تین تولہ چوک کو

خوب گھسکی گڑ مین ملاوین گولی باندہ کی پانی سی ہوتارین دست خوب آوین گی اگر ایک ہی
گولی کفایت کری بہتر ہی ورنہ اگر قوت ہو تین روز ہر روز ایک گولی کھلاوین کہ مرض کو اکھار دالے

فصل دوائی باد فرنگ مین زنگی ہڑ گیارہ تولہ نیلہ تھوتھہ نو ماشہ کوٹ کی عرق لیموں مین کہرل
کرین جسقدر زیادہ کہرل ہو بہتر ہی ہر مقدار جہر بیری کی گولی باندہ کی نگاہ رکھین ایک صبحکو
ایک شام کو کھلاوین غذا روٹی چنی کی بغیر نمک دیوین اگر عرق سو لیموں کا خرچ ہو تو نہایت
بہتر ہوگا **دیگر** سنکہیا سفید گندھک آملہ سار ہر یک آٹھ ماشہ کتھہ پتڑیا نو ماشہ سمندر پھل سار پہی
چار ماشہ ہر ایک کو جدا جدا پیسین اور پکا وین کہ مانند سرمہ کی ہو پس ساتہ عرق لیموں کی مقدار
کالی مرچ گولی بناوین صبحکو دو گولی اور شام کو ایک گولی پہلی روز دوسری روز صبح کو پانچ گولی
اور رات کو چار گولی اسیطرح پانچ روز تک کھلاوین نمک سی اور بادی چیزینی پرہیز کرین
اگر جوشش کری یا گرمی کری ترشی بہت دیوین کھچڑی یا روٹی غذا دینا چاہیی اور مٹھائی
ہرگز نکھلاوین اور اس دوا سی بعضی آدمیونکو دست آتی ہین اور بعضی کو ورم بدن مین ہوتا ہے
خوف نکرین بعد تیسری روز کی ترشی بہت کھلانا چاہیے مثل آلو اور املی کی اور دہی کے
کہ مصلح اس دوا کی ہی **دیگر** واسطی فرخ بیگ کی دوا طیار ہوئی تہی کلونجی ایکتولہ مردار سنگ
ایکتولہ دونونکو پیسکی سات پڑیان باندہین ایک فی سبیل اللہ پہینک دی چہہ پڑیونکو ایک صبح
اور ایک شام ساتہ پانی سرد کی کھلاوین اور کچلہ کو لوہی پر ساتہ عرق لیموں کی گھسین بقدر
نکھی کے سر کے طوطیا ملا کر طلا کرین **ادویہ** واسطی آتشک کی بہت مجرب ہی بہلانوہ
ساڑہی سات تولہ کالی تل بارہ تولہ گڑ اٹھارہ تولہ پارہ ایک من طبی کہ از روی حساب کے
چہیاتی آٹہ ماشہ ہوتا ہی پہلی بہلانوہ کو پیسین بعدہ تل ڈالکی پیسین پہر گڑ ملا کی کہرل کرین پہر پارہ
خوب ملاکی نو گولی بناوین دو گولی نذر خدا کرین ایک گولی دہی مین ملا کر قبلہ کی رو دہنے کے
کہلاوین کسی چیز سی پرہیز نہین ہی مگر مونگ سی **دیگر** مالکنگنی اجواین خراسانی احمود کچلہ گرد کلونجی
ہر ایک ساڑہی سات تولہ تخم دہتورہ نو ماشہ سوای گیرو کی سب دوا کو مٹی کی برتن مین اسطرح بہونین

کہ جلنی بناوین پس باریک کرکی بنگاوین تو ماشہ افیون خالص پانی مین حل کرکی دوا مذکور کو
پانی مین ملاوین اور بمقدار بیر جنگلی کی گولی بناوین موافق قوت کی ایک گولی یا دو گولی
کہلاوین صبح اور شام اور غذا روٹی اور گھی یا گوشت اور گھی سوای اس غذا کی اور
کوئی غذا نکہلاوین اور یہ دوا نہ قی لاتی ہی اور نہ دست اور نہ منہ جوش کرتا ہی دیگر اندراین
کی جڑ مردار سنگ ہر ایک دو تولہ گڑ پرانا چہ تولہ گڑ کو آگ پر رکہین تا کہ نرم ہو اوس مین یہ
مردار سنگ پیسکی ملاوین اور اوتار لین پہر اندراین کی جڑ پیسکی ملاوین سات گولی بناوین
اور ایک گولی کہلاوین بعد اوسکی گرم پانی پلاوین بعضی کو دست لاتا ہی اور بعضی کو قلق شدید
پیدا کرتا ہی غذا روٹی چنی کی ساتہ گھی بہت سی کہلاوین اور افراط گھی کی فقط واسطی سمیت
مردار سنگ کی ہی اگر اور کسی دوا سی فائدہ ہو تو حتی الامکان اس دوا کو نہ دیوین خصوصاً
نازک طبع کو دیگر شنگرف سہاگہ عاقرقرحا مازو چارو کو باریک کرین اور اوپر چلم کی تمباکو
رکہین اوسکی اوپر یہ دوا رکہین اور پہر اسکی اوپر تہوڑی تمباکو رکہکر آگ رکہین اور پیوین ایک
ہفتہ تک اسیطرح کرین یقین ہی کہ تین روز مین فائدہ کریگا اور اگر مرض سخت ہی اور
کسی دوا سی دور نہین ہوتا ہی اس دوا کو دیوین اور غذا سوای دال اور خشکہ اور روٹی
پر روغن کی نہ دیوین اور بعد کہانی اس دوا سی ایک مہینی اور دس روز تک چیز بادی نہی اور
وہ چیز کہ جو خون زیادہ کرتی ہی پرہیز کرین دیگر دوای آتشک کی سبکو کوٹ پیسکی تین
پڑیان بناوین ایک پڑیا کی دو حصہ کرین ایک حصہ چلم مین رکہکی مثل تمباکو کی پیوین اور
ایک حصہ کو گدہی مین ڈالکی جلاوین اور دہوان لیوین اسیطرح تین روز تک کرین اور
غذا شیر اور چاول ہمراہ دال مونگ کی بعنایت الٰہی صحت کلی ہوتی ہی شنگرف مردار سنگ
سوہاگہ کہی زرنیخ تخم ہلیلہ عاقرقرحا برابر وزن لیوین دیگر باد فرنگ اور ریزش و دفع کرے
ترپہلہ موتہہ دار ہلد اندراین کی جڑ ہر ایک ڈیڑہ تولہ سبکو جو کوب کرین اور تین حصہ کرین ایک حصہ
کو سیر بہر پانی مین رات کو بہگوکے صبح کو جوش کرسکے جس وقت کہ آدہ پاو پانی باقی رہے

چهان کی پلاوین دیگر اجواین خراسانی نو ماشه سنگه پاره چار ماشه اجواین یعنی نانخواه آدهه پاو بهلاوه
پاو بهر سرانا گر یک پاو اول اجواین خراسانی اور پاره کو ایک جگه کهرل کرین دو پهر تک
بعده نانخواه ملا کی ایک پهر اور کهرل کرین بعد اوسکی دو دو پاتین تین بهلانوه ملا کی چار گهری
تک کوٹین بعده گڑ ملا کی چار گهڑی اور کوٹین سیکی پندره گولی بناوین ایک گولی کی چار ٹکڑی
کرکے چارو طرف پهینک دیوین اور ایک گولی صبح اور ایک شام ایک پیاله بهر دہی ترش
مین حل کرکے دیوین اور بعد پینی کی وہی ترش اور بهی ملاوین اور جس قسم کی ترشی اور بادی
چاہے کهاوی مگر دوده اور ٹهنائی نه دیوین اور اس دوا سی بعد تین روز کی منه آتا ہی دوا موقوف
کردین تاکه آلایش سب نکلجاوی بعد ازان جڑ درخت بیر جنگلی یا جهنبیلی کی پتی جوش کر کی غرغره کرین منه
صاف ہوجائیگا سات روز مین اور اس دوا سی اگرچه باد فرنگ ہوی دور ہوتا ہی اور چاہیے
که بهلانوه ایک پاو بهی اوسکا ور کر کی دوا مین داخل کرین دیگر واسطی اوس بائی کی که بهت
دنون سے ہی فائده کرتا ہی پاره خام یکماشه قند سیاه مین ڈالکی گولی بناکر کهلاوین اسیطرح تین روز
تک دیوین اور غذا روٹی چنی کی بی نمک همراه گهی بهت کی کهلاوین دیگر که ہر قسم کی بائی کو
دستون سے دور کرتی ہی مردار سنگ یکدام عالمگیری یعنی ڈیڑه توله چماگوٹه چهلکه اور سبزی ہی پاک کیا ہوا
سات ہی تین دانه دو تونکو پیسکی تین حصه کرین واسطی تین روز کی گولیان بناکی کهلاوین ایک حصه
مین دست بهت آوینگی اور گرمی بهی معلوم ہوگی لیکن باد کو دور کر دیگا اور روٹی بی نمک همراه روغن
بهت کی کهلاوین اور اگر گرمی ہوی دہی دیوین اور کبهی ہوی که اس دوا سی قی مین خون
آوی اس حال مین چاہیے که زیره سفید بریان همراه دہی کی دیوین قی بند ہوجاوی مجرب ہے
دیگر واسطی گرمی آتشک کی مجرب ہی اور اذیت نہین دیتی ہی کنٹول کوٹ پیسکی روز اول یکماشه
اور دوسری روز دو ماشه اسیطرح سات روز تک سات ماشه کهاوین پهر چهوڑ دین ایک ہفته
مین ایک مرتبه قی اور دست ہوویگا خواه شروع یعنی ابتدا ہفته مین خواه درمیان مین خواه درمیان
خواه اخیر مین اور اس مین سوای ترشی کی اور کچه پرہیز نہین ہی باد کهنه یعنی بائی اس دوا سے

دور ہوتی ہے دیگر نہایت مفید ہی اور بغیر بہت اور قی نفع تمام ہوتا ہی کلونجی کنول گٹہ تارہ کہ چہلا ہوا ہو
گرڑ ہر ایک ڈیڑہ تولہ مرداسنگ تو ماشہ پختہ سبکو کوٹ کی ہمراہ گڑ کی گولی باندہین اور یہ کامل سب
چودہ روز کی خوراک ہی اور غذا روٹی ہمراہ روغن زرد کی کہلاوین اور گولیان ہون لینا چاہیے
فایدہ ہوتا ہی ساتہ کسی چیز رطوبت ناک کی ضرر متصور ہی جہان تک کہ ہوسکی اشیای خشک کہلاوین مگر
اتنا چاہیے کہ گہی دیتے جاوین کہ یہ مصلح ہی مرداسنگ کا دیگر علاج آتشک کہ بہت مجرب ہے
سم الفار عاقرقرحا کات سفید مہندی بہنگرا کلی سپاری برابر کوٹ پیسکی برابر چنی کی گولی باندہین
ایک صبح ایک شام دیوین ترشی اور نمک اور گوشت سی پرہیز کرین مجرب ہی ایک ہفتہ مین بالکل
زائل ہوتا ہی اگر حاجت ہو چند روز اور کہلاوین حب جیوہ کہ عمل حکما فرنگ کا ہی واسطے
آتشک کی نافع ہی جیوہ یعنی سیماب ۹ ماشہ سنبل یعنی سنکہیا چار رتی ہاونہ ستہ مین ساتہ عرق لیموین
کی پیسین کہ پارہ مرجاوی پس عقرقرحا مصطگی ہر ایک ایکماشہ کوٹ پیسکی اسمین ملاوین بقدر
کالی مرچ گولی بناوین جس شخص کو کہ آتشک ہو بال اسکی گرگئی ہون کثرت اس مرض سے
ہاتہ وپیر وگمر کام سے گئی ہون یا تالو وقضیب مین سوراخ پڑی ہون اسکو پانچ گولی صبح و
تین شام کو دیوین اور چاہیی کہ پہلی قیمہ شوربا گوشت کا ساتہ دوایون گرم کی کہلاوین بعد اسکے
دوا دیوین ترشی سی پرہیز کرین سر نوسی جوان ہوگا درد بالکل جاتا رہیگا دیگر واسطی باد فرنگ
پارہ ساڑہی دس ماشہ افیون خالص سات ماشہ گڑ پرانا اکیس ماشہ تینونکو ساتہ عرق لیمون کے
تین مرتبہ کہرل کرکے ساڑہی تین ماشہ شنگرف ملاکی پیسین کہ سب ایک ہوجاوی سبکی مسی گولیان
بناوین صبح وشام کو ایک ایک گولی کہلاوین مچھلی وترشی سی پرہیز کرین دیگر گولی پارہ کی دی
ہوی مجرب واسطے آتشک وجذام وزخم کہنہ وناسور کے پارہ مغز پستہ مغز بادام برگ مہندی
تازہ ہر ایک ساڑہی دس ماشہ گوگل کتیرا ببول کا گوند ازروت یوند چینی توت ہر ایک سات ماشہ
سات تولہ غاریقون نشاستہ زعفران مصطگی ہر ایک سات ماشہ کافور چہدوار سمو نیا ہر ایک
ساڑہی تین ماشہ چاہیی کہ پارہ کو عرق لیمو اور مہندی مین ماریں اور دوا کوٹ پیسکی باہم ملاکے

عرق لیموں مین گولی برابر چنی کی بناوین خوراک چار رتی دیگر زخمہای آتشک کو سفید ہی کمی سخت
جلایا ہوا اسپلہ سوختہ کوڑی جلائی ہوئی سب برابر کوٹ پیسکی زخم پر چھڑکین دیگر واسطی آتشک
و زخم و ناسور و بگہندر کو فائدہ دیوی جمال گوٹہ مغز کرنجوہ برابر مرچ سیاہ سوختہ برابر کوٹ پیسکی پانی
مین بقدر مرچ گولی باندہین ایک گولی یا دو گولی تین ہفتہ تک کہلاوین ایک بہت و زمرہ
آتا ہی کچہ پرہیز نہین ہی **فصل** واسطے دور کرنی بد بوی پسینے کی و صفائی و روشنی چشم
کی صندل سفید زعفران اگر تگر بودہ بالا یعنی خس سبکو باریک کرکی بدن پر ملین بدن کو جلا دیوی
اور نرم کرین **دیگر** کہ بوی بغل دفع ہو مشک سچہ دو ماشہ صندل سفید دو تولہ چار ماشہ پوست نغز ک
پاک و خشک کیا ہوا جو کا آٹا ہر ایک چار تولہ آٹہ ماشہ سبکو کوٹ پیسکی پانی مین ملا کی سات رات
دن ملین گرم پانی سی بغل دہووین **دیگر** مردار سنگ سرکہ پرانی مین گہسکی بغل مین ملین گرم پانی
سی دہووین لگانا مردار سنگ کا ہمراہ سرکہ کی بغل پر شرط ہی الا گلاب یا روغن گل ملا لیوین
کیونکہ تنہا مردار سنگ مین خوف ہی کہ مواد جانب بغل رجوع کری **دیگر** برگ شفتالو کوٹ کی
بغل مین ملین پانی گرم سی دہووین **دیگر** جب عرق چین کہ بوی بد بغل اور بخارات فاسدہ کو
زائل کری مردار سنگ چار تولہ مشک ایک تولہ عنبر اشہب ڈیڑہ تولہ صندل سفید گہسا ہوا عبیر ہر ایک
تین ماشہ کوٹ پیسکی گلاب مین ملا کی برابر فندق کی گولی باندہکی وقت ضرورت ساتہ پانی خالص یا
گلاب کی گہسکی بغل مین طلا کرین بہت نادر ہی **فصل** دواؤن چھائیون مین فصد و جلاب اسمین
بہتر علاج اور یہ دوا مفید ہی کنجارہ سرسون یعنی کہلی پاؤ سیر نوسادر ڈیڑہ تولہ چوک ترش تین تولہ
سہاگہ سات ماشہ تیل سرسون کا بقدر حاجت سب دوا کو کوٹ کی سرسون کی تیل مین چرب کرکی
ساتہ شیرہ گسم کی یا بیج کی گولی بناوین وقت ضرورت شیرہ گسم کے بیج مین خواہ گسم مین ملا کے
چھائیون پر ملین بعد عرصہ کی سرسون کا تیل ادسی جا پر لگا کر صاف کرین اگہ ہفتہ اسی طرح عمل مین
لاوین چھائین دور ہو جاوی **دیگر** بکرا ہلدی کا تین ورتک پتہ بکری مین گہسین تین تین غذا اور
پتون مین کہمین دسوین روز چہا پتہ لاکر پانی اسکا دور کرکے سرکہ انگوری اسمین بعد مین

اور

اور نگڑا ہلدی مذکور کا اس مین رکھین جبکہ چار روز گذر جاوین نکالی لیوین وقت ضرورت
اور سرکہ مین گھسکی ملین **دیگر** بکلیجن یعنی جڑیان کی پانی مین گھسکی تین مرتبہ ایک دن مین
لگاوین پانی سے احتیاط رکھین تیسری روز چاول ساٹھی پیسکی طلا کرین کہ پوست سیاہ جدا
ہو **دیگر** سہاگہ ہلدی نیواڑ کی بیج تینونکو تلی کے تیل مین موافق قاعدہ کی پکا کر چہائین پر
طلا کرین نمک سنگ باریک پیسکی ہمراہ پانی وقت رات کی منہ پر ملین صبحکو گرم پانی سے
دہووین یا تربوز مین سوراخ کر کی چاول اسمین بہر کی سات روز تک رکھین بعد اسکی چاول
خشک کر کے پیسین چہائین پر طلا کرین **دیگر** پھٹکری بہونی ہوئی حرام مغز نکر یکا ہر ایک ڈیڑہ تولہ
چونہ سفید نو ماشہ تینونکو عرق لیمون مین پیسین کہ شکل مرہم کی ہو اور چہائین کی ملین ایکہفتہ
مین خواہ چودہ روز مین دور ہوجای گی جسوقت کہ عرق لیمو کا خشک ہوجاوی اور عرق ملاوین
دیگر انزروت سفید کتیرا آدہا وزن انزروت کا کوٹ پیسکی دودہ تازہ مین ملا کی ایک دان
چند مرتبہ چہائین پر ملین مجرب ہی **فصل** دوائون زہر کہائی ہوئی اور کاٹنے جانورون
زہر دار مین **دوائی** کہ زہر کہای ہوی کو اور اوس شخص کو کہ جسکو جانور زہردار نی کاٹا ہو
مفید ہے سوہاگہ بہونا ہوا گای کی گہی یا اور کسی کی گہی مین ملا کر پلاوین تہوڑی قے
آویگی پہر دوا کو دیوین یہان تک کہ پاو سیر سوہاگہ کہلایا جاوی چند مرتبہ **دیگر** زہر سانپ کو
مفید ہی وقت کاٹنے سانپ کی جگہ ڈنگ پر پیشاب کری زہر اثر نکریگا **دیگر** مدار کی جڑ بروقتی
کی جڑ پانی مین گہسکی کاٹی ہوئی سانپ کو پلاوین **دیگر** مرچ سفید کو خوب گہسین اور پکیس مرتبہ
شیرہ تیتی سرس ہی اول زخم کو دہولیوین پہر مرچ کو آنکہ مین لگاوین یا ناک مین ناس دیوین یا
پلاوین کاٹا ہوا سانپ کا کہ بیہوش ہو فرصت دیوی **دیگر** کاغذ سفید ایک تختہ پانی مین حل
کر کے پلاوین زہر سانپ کو دور کری **دیگر** گنج باد آورد مین مجربات سی لکہا ہی سوہاگہ پانو سار
خالص برابر اسکی چونہ گلی یا چونہ کہ جسمین پانی نہ لگا ہو سب کو نرم کوٹ کی دونون ہاتہون سے
ملین کہ دونون ہتہیلی گرم ہون وہ ہر ساعت ایسا کرین اور سونگہاوین دو تین مرتبہ مین زہر بچہو کا

اوتر جایگا دیگر پتے روئی کے گاے کے گھی مین مسکی ڈنک بچھو پر ملین اور طلا کرین دیگر
دودہ مدار کا یا تھوہر کا ڈنک کی جگہ پر ملین زہر دور ہو دیگر تخم عرق لیمون کا ڈنک کی جگہ پر ٹپکاوین
فی الفور زہر دور ہوجاتا ہی بعضی چونہ بھی ملاتی ہین دیگر جڑ کٹھائی تربی کی کھلاوین اور گھسکے
محل ڈنک بچھو مین ملین دیگر بیہ کو نچوڑین زہر کھای ہوئی کو دیوین عرق اسکا اگر بیہوش ہو
حلق مین ٹپکاوین قی ہوکی جلد صحت ہوگی دیگر بیج لیمون بڑی کی کہ جسکو ترنج کہتی ہین کھانا
واسطے دفع زہر کے بہت مفید ہی دیگر سمندر پھل پانی مین پیسین اور اوپر زخم بچھو کی لگاوین یا
اگر آنکھہ مین لگادیوین بہی فائدہ ہو دیگر گھونگچی کی لکڑی پانی مین گھسین آنکھہ مین لگاوین و
جس جاکہ سانپ نی کاٹا ہو لگاوین زہر سانپ کا دفع ہوجاوی دیگر ہینگ کی بیج موم
مین ملاوین اور جلاوین دہوان اسکا ڈنک کی جگہ پر پہونچاوین دیگر نیلا تھوتھا نو ماشہ باریک
پیسین اور لیمون کو کاٹ کی طوطیا بہرین منہ سی چوسی حلق مین اوتارین فوراً قی ہوگی زہر سانپ
کا دفع ہوجائیگا دیگر چونہ و نوسادر دونون ہاتھون مین ملین اور مریض کو سنگھلاوین اور
مریض سی کہین کہ دم اوپر کو کھینچین کہ بو اسکی دماغ کو جاوی اور دماغ سی اثر زہر بچھو کا دور کرے تب
دیگر مغز نولہ آدہ پاؤ کوٹکی تھوڑی پانی مین ڈالکی ہاتھ سی ملین بعجہ ہینگ چھانین اور پلاوین سانپ
کاٹا ہوا یا زہر کھایا ہوا اگر بیہوش ہو فائدہ کری اگر پیاس بہت ہو بجای پانی کی پانی بنولا کا پلاوین قی
فائدہ نشان یعنی پہچان ڈنک سانپ کا یہ ہی کہ اگر عرق لیمون کا اوسپر ٹپکاوین آبلہ
پڑجاوی دیگر اگر سانپ کاٹی پر آبلہ پڑجاوی اور مریض بیہوش ہو مریض کو سیدہا لٹھاوین
اور زیر ناف کی استرہ سی بال مونڈین کہ کہال نہ چھلے الا خون اوس جگہ سے نکل آوی بعدہ
جمال گوٹہ پانی مین مسکی طلا کرین اگر گھسین اور ملین یہان تک کہ قی جاری ہو جبکہ قی بہت
آوی گی افاقہ ہوگا اور چاول وہی پکا کی انکہ پر باندہین تا کہ آنکہ آفت قی سے محفوظ رہی دیگر
کنٹول کو ٹپکی پانی مین ڈالکی پلاوین قی آوی گی اور زہر سانپ کا دور ہوگا دیگر پوست
درخت نیم کا و پوست چندن کا و پوست درخت گوکہر کا جوش کرین اور ملین زہر جملہ جیوانات کا

دفع کری دیگر تخم کریلہ پیسکر طلا کرین زہر بچہو کا اثر جای دیگر کہ زہر دہتورہ کو دور کری مینگین لو
ٹکڑے کرکے پانیمین پیسکر دہتورہ کہای ہوئی کو پلاوین فوراً ہوش مین آویگا دیگر زہر افیون کے
دور کرنیمین مجرب ہی اگرچہ ساتہ تلی کے تیل گہی کہائی ہو تیج بل کہ دوا ہی مشہور ہی مسکی پلاوین دیگر
پیشاب آدمی نہار منہ پلانا زہر سانپ کو دور کرتا ہی دیگر اگر اوپر جگہ کاٹی ہوئی بچہو کے کمہار کی
ملین درد کو موقوف کری دیگر نانخواہ کو جوش کرین پانی اوسکا اوپر کاٹی ہوئی بچہو کے
ڈالین فوراً درد موقوف کرے دیگر برگ مہندی کوٹ کی اوپر زخم کاٹی ہوی بچہو کی رکہین
فائدہ دیوے دیگر مدار کی جڑ کا چہلکہ اور پہول مدار کی و برگ کسوندی اور سم وبیٹ ہلدی س
تازہ ہلدی آنولہ برگ مہندی سب برابر لیکر کوٹ کی بڑی گولی مثل شافہ کی بناوین و بسایہ مین خشک
کرکے رکہین جس کسیکو کہ بچہو کاٹی گولی مذکور ایکطرف سی پانیمین ترکر کی دوسری طرف سے
ہاتہ مین پکڑکر جس جگہ کہ بچہو کاٹی رکہین تہوڑی دیر رکہی رہین تاکہ درد کو جذب کرے اور گولی کو
جسوقت کہ ترکرین تو احتیاط رکہین کہ ہاتہ اپنا جسطرف تر ہی نہ لگی دیگر جمال گوٹہ پانی مین گہسکے
آنکہہ مین جسکو کہ سانپ کاٹی لگاوین زہر سانپ کو دور کرے اور آنکہہ کو آفت سی محفوظ رکہے
پر طاوس کا چلم پر رکہکی بغیر پانی کی حقہ مین بطریق تنباکو کے کہینچنا زہر بچہو کا دور کرتا ہی دیگر
پتی انگور کی کوٹ کے اوپر کاٹی ہوی بچہو کی رکہین درد موقوف کری چونہ ساتہ زردی انڈے
مرغ کی ملکے اوپر کاٹی ہوی بچہو کی رکہین درد دور کری دیگر بچہو گہی مین جوش کرین جہانتک
اوپر زخم کے ملین درد کو فائدہ کرے اور اگر اس گہی مین شہد ملاوین اوپر تالو لڑکی کے
نو ماشہ ملین تمام عمر اگر اوسکو بچہو کاٹے درد نکرے دیگر بیٹ خرگوش کی اوپر زخم بچہو کی ملین
درد کو دور کرے اور اگر اوس بچہو نے کسیکو کاٹا پکڑین اور نمک گہسا ہوا روغن چراغ مین گرم کرکے
زخم بچہو پر ملین درد دور کرے دیگر مغز جوز و انجیر و لہسن کوٹ پیسکی ہمراہ سرکہ کی ملا کے
کہلاوین فوراً درد کو زائل کرے دیگر جو نشہ بہنگ کو دور کرے ادرک اور چند دانہ اسپند
ملا کر کوٹین اور سرکہ مین ملا کی کہلاوین درد کو دور کری اور پلانا دودہ کا اخیر نشہ افیون اور

بہنگ مین فایدہ رکہتا ہی اور علاج کلی اول مین قے کرانا ہی پہلی دہی یا گوشت وخشکہ کہلاوین
بعدہ بیج مولی کی یا بوٹ کی عرق اوسکا تین تولہ لیکر ساتہ دو تولہ سرکہ کی ملاکر پلاوین اور انگلی
منہ مین ڈالکر قے کراوین اور بعد قے کے شیرہ ادرک کہلاوین دیگر اگر کسیکو آدمی کاٹے
یا ناخن آدمی کا کسیکے لگے گوبہی پانی مین پیسکر شہد ملاکر طلا کرین دیگر نمک وابسین اوپر
زخم کے رکہین زہر دانت اور ناخن آدمی کو دفع کرے دیگر ایک مٹھی ریٹھہ کو ساتہ
بہت پانی کے اسقدر ملین کہ ایک پیالہ ہو دو قطرہ اوپر زخم کے ملین باقی پلادیوین زہر
سانپ وغیرہ کو دفع کرے اگر سانپ کی کاٹی ہوی کو درد سر زیادہ ہو تخم درخت نیم کے
پانی مین پیسکر پلاوین اور پیشانی پر طلا کرین اور اگر ناف مین درد ہو تخم نیلوفر پانی مین
پیسکر پلاوین اور پیشانی پر طلا کرین اور اگر ناف درد ہو تخم نیلوفر پانی مین پیسکر پلاوین اور
اگر آنکہہ بند نکر سکی فلفل گرد پانی مین پیسکر آنکہہ اوسکی مین لگاوین اور اگر منہ اوسکی سی کف
آوی صندل پانی مین گہسکر پلاوین دیگر اگر اوپر زخم بچہو کے عصارہ لہسن کو طلا کرین
فوراً درد زائل کرے دیگر چرچرہ ہمراہ پانی کی زہر بچہو مین اثر بہت رکہتا ہی اور بیخ
یعنے جڑ پاتی اوسکی مریض چباوی بعد چبانی کی شفا ہو صاحب گنج باد آورد نی اس باب
مین حکایت بڑی لکہی ہی کہ چرچرہ دو قسم پر ہی ایک وہ کہ چہال اور شاخ اسکی سرخی مائل
ہوتی ہی اس جگہہ بہی نفع دیتی ہے دیگر واسطے دفع اذیت بال شیر کے کہ کسیکو بال
شیر کا کہلاوین نشانی اسکی یہ ہی کہ وقت ہگنی کی پیٹ درد کری و اگر رینڈی سے
پتی پر پیشاب کری تیا ٹکری ٹکری ہوتا ہی جگر کچا حلوان کا پارہ کر کی کہلاوین جو ایک پہر گذر
گئی ساتہ ماشہ مسکی ساتہ پانی گرم کی کہ بقدر ایک کاسہ ہو کہلاوین کہ قی کری اگر جلد قے
نہ آوی ککڑی رند کی حلق مین ڈالکی قے کرین بال سر کا جگر حلوان مین لپیٹ کی نکل آویگا
دیگر بیج گسونڈی کو ٹکی شیرہ اسکا جام بہر تین روز تک پلاوین بال گہل کر پانی ہو جائیگا دیگر
جہینگا مچہلی تین چار عدد کہلادیوین بال معدہ مین بانرنت مین کہ ہو گا دوسری روز یا تیسری روز

مچہلی سے پیٹ کی نکل آوی کیا پاخانہ کی سا تہ ہو وا ئکی کہ زہر کہای ہوی کہ ہو وی تریاق فاروق
چہار رتی مرسہ پیاہ نیم بہوبی بعنسہ تو ماشہ عرق لیمو یا دو سیر اول تریاق کہاوی پہر تہوری دیر کے
پیچہ کو کہاوین و پہر اسکی عرق لیمو دین دیگر کہ زہر افیون کو سفید ہی رہندی کی جڑ پانی مین پیسکے
ایک پیالہ تہوہ خوری پلاوین دیگر زہر دہتورہ کو دفع کری اگر بیج دہتورہ کی یا پہول دہتورہ کے
پانچ اوسکی کہای ہون مطابق اسکی جڑ بنولہ کی یا پہول بنولہ کی پانچ بنولہ کی کہلاوین کہ درخت
روئی کا یعنی بنولہ کا فاد زہر دہتورہ کا ہے دیگر کہ غشی و زیادتی نشہ بہنگ کو سفید ہے
ادرک و نمک و سنک عرق لیمو پلاوین فوراً نفع دیوی اور کہتے ہین کہ بینگن کچا کہلانا بہی نفع
دیتا ہے بہتر دوا اسکی قی کرنا ہی ساتہ گہی اور نمک کی پانی مین ملاکی ایضا قدر پانی
پوستہ کا دیتا ہی مفید ہوتا ہی نشہ بہنگ کو دور کرتا ہی دوای غشی و تہلی و قی شراب کو
دفع کرہی تریاق فاروق حل کر کے دیوین و آب شور کہٹی اور شربت کہٹی بہت مفید ہین
دیگر بال سر کی موند کر پانی سرد سر پر ڈالین صندل و گلاب کافور کو گہسنا پیشانی پر طلا کرنا اور
کپڑا گلاب و کیوڑی مین تر کر کی سرد کرین تالو پر رکہین مفید ہی فصل موٹا ہونیمین جسوجہ سے
کہ آدمی دبلا ہوتا ہی اسکو چہوڑ دیوی غذا مین یا دتی کرین یہ دوا موٹا کرنیوالی ہی صفت مغز
رینڈی چہلی ہوی ساتہ دودہ گای کی پیسین ساتہ آٹہ سمنہ کی جسقدر کہ ضرورت ہو نان پکاوین
اکو وقت کہلاوین ساتہ دودہ و شکر کے دیگر مغز بادام مغز فندق مغز ناریل خشخاش تل سپید چہلی ہوے
ہر ایک چہہ تولہ کسیلا تین تولہ شکر برابر سب دواکی کوٹ پیسکے باہم ملالی چہہ تولہ تناول کرین
دیگر بچہ کبوتر ساتہ نان ہلکی میدہ کی کہلاوین دیگر اسگند کا تل بقشر یعنی چہلکا اوترا ہوا ہر دوا
نرم کوٹین و شکر سرخ برابر سبکی ملاوین و قدری ادرک بہی اضافہ کرین بوزن تین تولہ کی غلولہ باندہین
ایک غلولہ کہلاوین نہایت فربہی ہوگی دیگر جس عضو پر ورم ہو تی ہووی کیچوی ایک من یعنی بیتالیس
تولہ آٹہ ماشہ انجیر کی درخت کی لکڑی آدہی کوٹی ہوئی پانچ سیر گندک ایک سیر زفت مین سیر گندہی کا دودہ
آدہا من چہلکہ نکالکر کام جوش کرین کہ ایک من رہی صاف کر کی چہانین اور تین سیر پہلانوہ کا گہ ساتہ سیر

تلی کی تیل مین ملتی اور اس مین ملاوین و نرم تر جوش دیوین کہ پانی جل جاوی روغن رہ جاوی جس عضو پر کہ
ملین موٹی ہو دیگر موصلی اسگند ناگوری سایہ مین خشک کرکے کوٹ پیسکی برابر سب دوا کے
شکر سرخ ملاکی ہر روز ڈہائی تولہ ساتہ گای کی دودہ کی کہلاوین **فصل** آدمی کی دبلا کرنی مین
چیزین کڑوی و کہٹی و نان خشک و ساگ پات وغیرہ کہلاوین بہوک پر صبر کرین و جامہ کہر کہرہ
پہنانا و بستر سخت پر سولانا رات دن مین ایکوقت کہانا و پینا بدن کو دبلا کرتا ہی دیگر کہ بدنکو
بہت جلد دبلا کرتا ہی زیرہ کرمانی ایک رات دن سرکہ مین خمیر کرین یعنی بہگووین اور تین
تولہ تخم کرفس و دونا مروا و بورہ سرخ ہر ایک ساڑہی دس ماشہ تیتلی کی بیج نو ماشہ اجواین ڈیڑہ تولہ
سبکو بنگ پیسکی ہر روز ساڑہی چار ماشہ کہلاوین دیگر بیٹہنا نیچے درخت جابیہل کی نہایت دبلا
کرتا ہے **فصل** واسطے خوش آواز ہونی کے اور کہوے گئے آواز پڑی ہوئی کی مغز ہڑ و بڑی پیپل
نمک سنگ برابر کوٹ پیسکی ساتہ شہد کی ملاوین چودہ روز تک پلاوین آواز صاف ہوگی کدورت
و بہرائی آواز کی جاتی رہی گی اگر یہ دوا گای کی دودہ مین جوش کرکی پلاوین وہی فائدہ دیوی دیگر
ادرک تین درم گڑ پرانا سترہ ماشہ ہر روز کہلاوین آواز بستہ کہل جاوی دیگر میتہی سترہ ماشہ انجیر بیس عدد
خرما دس عدد تین پاو پانی مین پکاوین پانی صاف اسکا لیوین ساتہ شہد کی یا قند کی قوام کرین اور
کہلاوین آواز صاف کری بلغم غلیظ دور کری دیگر روغن بنفشہ و روغن بادام یکجا کرکے غرغرہ کرین فساد آواز
کا کہ جو سبب خشکی کی ہو دور کرے دیگر پانی اسپند سی غرغرہ کرنا صاف کرنیوالا حلق کا ہے
فصل رنگ طرح طرح کی بنانی مین رنگ سیاہ لہچون پاؤ سیر تر پہلہ ڈیڑہ پاؤ چہلکا انار کا آدہ پاؤ
پتر کہنہ دونون طرف سی قدرے قدرے چرب کرین لہچون کو پارچہ پر برابر بچہاوین الا پارچہ کو تہ بتہ
کر لیا ہو کہ داغ نہ پڑی اور دوا کو پانی مین جوش کرین کہ رنگ دوا کا نکل آوی تب پارچہ لپیٹی ہوی کو
اس پانی مین ڈالین اور جوش کرین کہ پارچہ سیاہ ہو جاوی درمیان جوش مین لکڑی سی پہیرین اور
آگ سے اوتار کے تمام رات رکہین صبح کو پارچہ کو نکال کر پانی سی دہووین کہ رنگ صاف
ہو جاوی اگر چہلکا انار کا نہ ہو سخت نہین رنگ طوسی مجیٹہ آدہ پاو بہلی بہڑ کی آدہ پاو کسیس نو ماشہ

جوش کی رنگ بناوین تدبیر کہ ہتیار زنگ نہ پکڑے پتہ مرغیکا ساتہ تیل تل کے ملین

باب دور کرنے خطکے ورق سے اور سوا اس کے

کہنہ بانوسادر کہرنی کے بیچ مغز رینڈیکا مغز ہو کہ کا اجزا برابر لیکر کتاب پر لگاوین دور ہوجائیگا
خط دوسرا اوس جا قائم کرین **نوع دوسری** قلعی انڈے کے چھلکے کی بنا کر ساتہ عرق لیمون
کے پیسین یہان تک کہ سب ملجاوی اور باریک ہوجاوی کتاب پر لگاوین تہوڑی دیر چہوڑ دیوین
کہ خشک ہوجاوے خط محو ہوجائیگا نشان اسکا نہ رہیگا **دیگر** پہٹکری مازو گندہک سفید اجزا
برابر لیکر سرکہ مین پیسین کہ مثل مرہم کی ہووی خط پر لگاوین کہ خط کو زائل کردیگا **دیگر** کہلی ہوئے
خط کو چھپا دیوی ہیس رانگہ گوند ببول برابر لیکر پانی مین مسکی گولی بنا کی سایہ مین خشک کر کی رکہہ چہوڑین
جسوقت ارادہ ہو ایک گولی پانی مین ملا کے موضع کتاب پر طلا کرین و توقف کرین کہ خشک ہو
خط چھپا ہوا ظاہر مین اگر پانی نوسادر سے اوپر کاغذ سفید کے لکہین ظاہر معلوم نہ ہو مگر
جسوقت کہ آگ پر رکہین سرخ ظاہر ہوا اور عرق پیاز سی اور مدار کی دودہ سی اسیطرح لکہا ہی اثر کرے
پیدا کرتا ہی پتہور پہلی کے **طریقہ نقش پتہر پر کرنا اور سوا پتہر کی** موم کو
تلی کے تیل مین پگہلاوین پتہر پر جو کچہ کہ چاہین لکہین تین روز تک رہنی دیوین بعد اسکی سرکہ ترش
سے دہووین **دیگر** بوہ صحیحی قسم اول سپید عرق لیمون مین کہرل کرین پتہر پینی وغیرہ مین لکہہ کے
آگ پر دوری گرم کرین تمام نقش جگر مین اسکی ہوجاوینگے **تدبیر شکار کرنی چڑیون**
ہر قسم کی اگر چاہین کہ بدون جال کی چڑیونکو پکڑین گیہون گندہک مین جوش کرین
جو چڑیا کہ کہاوی بیہوش ہوجاگی جب چاہین کہ ہوش مین آوی سر چڑیا کا اپنی دہن مین رکہین
ہوش مین آجاوی **شکار کرنا کبوتر کا** چاول یا چنی یا سم کی بیج مدار کی دودہ مین
ایک رات دن تر کرکے خشک کرین جو کبوتر کہ کہاویگا بیہوش ہوگا **شکار کرنا کوی کا**
کچلہ باریک کرکے ساتہ آٹی کے خمیر کرین ہوتان پکاوین نان کو ریزہ ریزہ کرکی ڈالین جو مرغ

باکو اگر کہاویگا جب تب ہوش ہوگا اوڑنے سے باز رہیگا **طریقہ شکار کرنی کلنگ**
کا یہ لفظ فارسی ہے ہندی مین گونج کہتے ہین گیہون جو کہ برسات مین ہوتی ہی اسکا نسخہ
گیہون کے ٹکے کرکے کسی برتن مین رکھین پس عرصہ تک گُھن لگ جاتا مین گیہون مین باقی نہ رہین
اور بو دہو جاوین پہر جبکہ موسم کلنگ کا آوے جنگل مین گیہون کو چہڑک دیوین بعد کہانے کے
سُست ہوجاوینگے طاقت اُڑنے کی باقی نہ رہیگی اور اللہ جانتا ہے حقیقت سب چیزون
کی اور وہی اوپر ہر ایک چیز کی قادر ہے

خاتمۃ الطبع

شکر خدا کا اور احسان کہ نسخہ بزرگ مجربات اکبری کو کہ کہا ہوا جالینوس ثانی حکیم **محمد اکبر** ارزانی
علیہ الرحمۃ کا تہا زبان فارسی سے ترجمہ زبان اردو مین کرکے مطبع منشی صاحب دریادل
کریم و باذل والا ہمت ستودہ خصلت جناب منشی **نول کشور** صاحب ادام اقبالہ
مین چھاپا گیا

تم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و ثنا اوس حکیم بیریا کو سزاوار ہے کہ جس نے اپنی قدرت کاملہ سے ریزگان خاکسار کو
مسیحائی عطا فرمائی و شکر و سپاس اوس قادر علی الاطلاق کو ہزارون ہزار ہے کہ جس نے
اپنی رحمت عامہ سے ہر مرض کی دوا بنائی حکماء عظام نے جو بقوت مدرکہ ہزارون
کتابین علم حکمت مین تصنیف کین سب اوسکے مجموعہ حکمت کی آگے اوراق سادہ ہین
اور اطباء کرام نے جو بزور عقول عشرہ سیکڑون نسخہ فن طبابت مین اخراج کئے اوس کے
ازاء تجربہ کے روبرو قلم زدہ ہین ایسا رحیم کہ جسکی رحمت مس گناہ کو اکسیر بناتی ہے اور
ایسا کریم کہ جسکی عنایت انتہا ہے مصائب مین تاثیر دکہاتی ہے الحق کار بعنایت اوست بانی بہانہ
ہر مریض کو شفا دینا اوسیکا کام ہے شافی مطلق اوسیکا نام ہے درود و سلام بعبد
تکریم و اکرام اوسکے حبیب کو زیبا ہے کہ جس نے مریضان ضلالت کو شربت اسلام پلا کر
صحت بخشی و افضل نعت اوس رسول مقبول کو روا ہے کہ جس نے مدقوقان عصیان کو
داروے بے درمان ہدایت دیگر شفاے کامل عطا کی محبت اوسکی ہر بشر کو نوشدارو
ہے نجات ہے عنایت اوسکی انسان ضعیف النسیان کو معجون عمدہ حیات ہے صلی اللہ علیہ
و آلہ و اصحابہ اجمعین اما بعد ہیچمدان خادم الاطباء واحد علی الہاشمی ساکن قصبہ سوہان فن
طبابت کو اپنے والد بزرگوار جناب مستطاب حکیم مولوی وارث علی صاحب نور اللہ مرقدہ
سے کہ جو فخر علما و حکماے تہے نہایت محنت و جانفشانی سے حاصل کیا بعد اسکے بمقتضاے
وقت و دانہ سرکار دولتمدار الاقتدار رئیسہ بہوپال تال و مہاراجہ گوالیار میں بسلسلہ عرق نبری کا بیان

مجمع بتو سلان ہمہ چشمہ عنایت واحسان جناب منشی نولکشور صاحب سے خوا[illegible]

ہمدمی ادام اللہ فیضہم علی رؤس المتوسلین شہرون مین مشہور عالی ہمت وباوقار ہین جنکی [illegible]

ہوئیہ ہے کہ مستثنائے روزگار ہین ہماری قدرت نہین کہ انکی توصیف مین قلم اوٹھاوین

لسان کو طاقت نہین کہ اوصاف حمیدہ زبان پر لاوین بموجب اینکہ ✤ از ذرہ بمہر التماسے

وز خاک بکیمیا سپاسے ✤ تصور کرنا چاہیے غرض کہ منشی صاحب ممدوح نے خادم

کو اپنے اخلاق و محبت سے مرہون کیا اور یہ فرمایا کہ مجربات اکبری تصنیف

محمد اکبر صاحب غفر لہ ولوالدیہم وستر عیوبہم کہ جامع فوائد ومانع زوائد ہے ترجمہ اسکا زبان اردو

مین ہو جاوے تا عامۂ خلائق اسکے طبع سے نفع کثیر پاوے اتباعاً للامر اس کتاب

کے ترجمہ کرنے پر کمر ہمت باندہی وبتوفیق خدائے عزوجل واقبال منشی صاحب

ترجمہ اسکا بصحت تمام عرصۂ قلیل مین ہوگیا وچند نسخہ مجرب کہ بعد خاک بیزی جمع کیے

وہ بہی درج کر دیے اور یہ ترجمہ ماہ محرم الحرام سنہ ۱۲۸۴ ہجری مین اتمام کو پہونچکر مطبوع [illegible]

طالبان اس فن سے یہ امید ہے کہ ہنگام ملاحظہ اپنے نفع پر نظر رکہیں

خوردہ گیری سے معاف فرماوین

آمین یا رب آمین